معمولاتِ جمیل
مرتبہ
رئیس الاطباء حکیم محمد عبدالرحیم جمیلؒ
کتب خانہ
طبیب
ادارہ طبیب حاذق
شاہدولہ روڈ
گجرات
Hakeem Shoukat Ali

ملک کے عظیم دواساز ادارہ کی کامیابی کا راز

معمولاتِ جمیل

مرتبہ

زبدۃ الحکماء حکیم محمد عبدالرحیم جمیلؒ افتخار الاطباء

ادارہ طبیبِ حاذق شاہدولہ روڈ گجرات

نام کتاب	معمولاتِ جمیل (کامل)
مرتبہ	زبدۃ الحکماء حکیم محمد عبدالرحیم جمیل
ناشر	نعیم اختر ضیاء (ایم اے)
ترتیب و پیشکش	عثمان نعیم
اشاعت اوّل	۱۹۴۰ء
اشاعت دوم	۱۹۴۸ء
اشاعت سوم	۱۹۵۸ء
اشاعت چهارم	۱۹۸۴ء
اشاعت پنجم	۱۹۸۸ء
اشاعت ششم	۱۹۹۸ء
اشاعت هفتم	
قیمت :	-/300 روپے

تقسیم کار

ہیڈ آفس
رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
: 042-7232788, 042-8414546
E-mail: idarasulemani@yahoo.com

ادارہ مطبوعات سلیمانی

چوبرجی برانچ : ۳۔بی نیاز ویو سکیم عقب خان بابا ریسٹورنٹ
چوک چوبرجی لاہور۔
: 042-7312648,8401105

راولپنڈی : دکان نمبر 12، اعظم مارکیٹ، کمیٹی چوک
اقبال روڈ، راولپنڈی 0321-4031148:

اداره طبیب حاذق شاهدوله روڈ گجرات

Hakeem Shoukat Ali

اللھم

انی اسئلك صحته فی ایمان

و ایمانا فی حسن خلق و

عافیه و مغفره

عنك

اس

خلوص محبت اور پیار

کے نام

جو لوگوں نے زندگی بھر دیا اور

دے رہے ہیں

یہی میرا سرمایہ آخرت بھی ہے

جمیل

فہرست

معمولات جمیل (حصہ اول ودوم)

دیباچہ ۱۵
فہمینا ۱۹
صلایہ صدف مروارید ۱۹
مغزینہ ۱۹
صرع ۲۰
حب صرع ۲۰
حب تریاق ۲۰
حب جند ۲۱
زیبی ۲۱
اکسیر نقرئی ۲۱
تریاق چشم ۲۳
اکسیر قلاع ۲۳
طلسم صرع ۲۴
موتی منجن ۲۵
کھانسولی ۲۵
کشتہ نمک ۲۶
کشتہ بارہ سنگھا ۲۶
کشتہ گاؤدنتی ۲۶
کشتہ نوشادر ۲۶
حب اعجاز ۲۷
جوہر اعظم ۲۸
معجون مفرح ۲۹
مشتہی ۳۰
اکسیر فولادی ۳۱
محلول کاسنی نسخہ جدید دوالاثانی ۳۳
تسکین ۳۴
ملین ۳۵
بال اکسیر ۳۶
مسکین نواز ۳۷
خنازیری ۴۳
مرہم خنازیر ۴۴
اکسیر نایاب ۴۴
حب اعجاز ۴۵
مصفی ۴۶
طلاء حنائی ۴۶
اکسیر نسواں ۴۷
نوری ۴۸
منجن لاثانی ۴۹
اکسیر جگر ۴۹
باسوری ۵۰
سنہری قطرہ ۵۱
راحت ۵۲
خمیرہ تارپین ۵۲
طلاء جادو ۵۳
صحت ۵۳
کندن ۵۴

عیش ۵۵
فقیری........................ ۵۶
محافظ ۵۷
ثمر........................ ۵۸
اکسیرالبدن ۵۸
الفت ۵۹
اکسیرعجیب ۶۰
دواءالشفاء........................ ۶۱
اکسیرالنساء ۶۲
مسیحائی ۶۲
مرواریدی........................ ۶۳
طلسم........................ ۶۴
محلول لفاح........................ ۶۵
طلاءاعظم ۶۶
اکسیرعشرت ۶۷
صندولی ۶۸
تاخیر........................ ۶۹
پائیورین ۶۹
سرمہ نورانی ۷۰
اکسیراوجاع ۷۰
روح جیون بوٹی........................ ۷۱
روغن جیون بوٹی ۷۲
گولڈن سیرپ ۷۲
عرق لقمانی........................ ۷۳
طاقت ۷۳
شربت فولاد ۷۴
پتھری توڑ........................ ۷۵
کشتہ مرجان ۷۶
شاہ پسند ۷۶
محافظ ۷۷
روغن اکسیراعظم ۷۸
جگری........................ ۷۹
اسرار........................ ۸۰
کرشمہ ۸۱
سلطانی ۸۴
صندل پوڈر ۸۵
نشاط........................ ۸۶
ترکیب روغن بھنگ ۸۶
کیمیائے عشرت ۸۷
کشتہ قلعی ۸۷
سنہری گولیاں........................ ۸۸
محلل اعظم ۸۹
دوائے مسکن (درددانت) ۸۹
حسن........................ ۹۰
طلا برقی ۹۱
خمیرہ بادام عنبری ۹۱
دوشیزہ........................ ۹۲
بجلی ۹۲
نسیانی........................ ۹۳
کحل شفا ۹۳
سمعی ۹۴
پتھرتوڑ ۹۴
نزلہ بند ۹۵
کشتہ شنگرف ۹۵
کبدی ۹۷
طحالی ۹۷

پیغام حیات ۹۸
کڈنولی ۹۸
ذکاوتی ۹۸
طاقت ین ۹۹
طلاء شاہی ۹۹
سیلانی ۱۰۰
ہاضومی ۱۰۰
اکسیری (جلاب لاجواب) ۱۰۱
اکسیر اعلیٰ ۱۰۱
اسہالی ۱۰۲
سعالی ۱۰۳
کشتہ سونا مکھی (بوگ حناوالا) ۱۰۳
سنون خاص ۱۰۴
مسہی ۱۰۴
روشنی ۱۰۵
انقلابی ۱۰۶
کشتہ سونا مکھی (عرق حرمل والا) ۱۰۶
فولادی منجن ۱۰۷
اکسیر جواہر والا ۱۰۸
کشتہ نقرہ ۱۰۸
کافوری ۱۰۹
تریاق معدہ ۱۱۰
مقوی ۱۱۰
اکسیر جریان ۱۱۱
کشتہ سونا مکھی ۱۱۱
تریاق نزلہ ۱۱۲
شادمانی ۱۱۳
شباب ۱۱۴
کشتہ فولاد (نوشادر اور گندھک والا) ۱۱۴
کشتہ ابرک سیاہ ۱۱۵
کشتہ فولاد شنگرفی (خاص الخاص) ۱۱۷
اکسیر نسوانی ۱۱۹
سیلی ۱۱۹
تریاق نسواں ۱۲۰
کشتہ طوطیا ۱۲۱
حب مروارید ۱۲۲
روح اکسیر ۱۲۳
اکسیر کشتہ فولاد ۱۲۳
طلاء اکسیر ۱۲۴
طلاء نادر ۱۲۵
اکسیر دماغ ۱۲۶
طلاء اسراری ۱۲۶
معجون شباب آور ۱۲۷
معجون اکسیر ۱۲۹
دوائے ذیابیطس ۱۳۰
نشاطین ۱۳۱
تریاق چشم ۱۳۱
پائیورین ۱۳۲
جریانول ۱۳۳
تریاق ۱۳۳
جادو ۱۳۴
گونورول ۱۳۵
شفاء ۱۳۶
طلسمین ۱۳۶
تریاقی ۱۳۷
احمرین ۱۳۸

بواسیری ۱۳۹
تریاق ذات الجنب ۱۳۹
نکرین ۱۴۰
روغن شنگرف ۱۴۱
دوائے رحمانی ۱۴۱
نسخہ لال شربت ۱۴۲
ہاضوم ۱۴۳
اعجازی ۱۴۳
گندھک مومیہ ۱۴۴
اکسیری قطرہ ۱۴۴
دلکشا ۱۴۵
عشرین ۱۴۶
روغن کافوری ۱۴۷
حافظین ۱۴۸
شاہ زور ۱۴۸
سحریون ۱۴۹
اخراجی ۱۵۰
چراغ چشم ۱۵۰
نشاط افزاء ۱۵۱
نزلین ۱۵۲
اکسیری آئیل ۱۵۲
ذکاوتین ۱۵۳
اکسیری پاؤڈر ۱۵۳
کشتہ ناقوس ۱۵۴
پیغام شباب ۱۵۴
کشتہ ہڑتال (تپ شکن) ۱۵۵
کشتہ نقرہ ۱۵۶
کشتہ فولاد ۱۵۷
کف سول ۱۵۸
مرہم مسیحائی ۱۵۹
سلاجیت سیرپ ۱۵۹
برہمی سیرپ ۱۶۰
دوائے حملانی یا محافظ حمل ۱۶۱
قوت ۱۶۱
سر سبز ۱۶۲
مثلث نقرئی ۱۶۳
حبوب اکسیر باہ ۱۶۳
مرہم سیاہ ۱۶۴
انٹی فیور دیسی ۱۶۴
تارک افیون ۱۶۵
معجون بادام مسک ۱۶۶
کشتہ شنگرف ۱۶۶
چندرا ودے رس ۱۶۷
کشتہ سکہ ۱۶۸
کشتہ صدف مروارید ۱۶۹
بھیرو رس ۱۶۹
کف کیتو رس ۱۷۰
کشتہ خرمہرہ ۱۷۰
حب کرامات ۱۷۱
دوائے رحمت ۱۷۲
دیدانی ۱۷۲
اعجاز مسیحا ۱۷۳
تریاق بخار ۱۷۳
شافی ۱۷۴
اکسیر شاہی ۱۷۴
رتی پڑیہ ۱۷۵

امیدی گولی ۱۷۵
اکسیر ضیق النفس (دمہ) ۱۷۶
کرشمہ قدرت ۱۷۷
ھوالرحمٰن الرحیم ۱۷۸
ھدیہ ۱۷۸
تحفہ درویش ۱۷۸
وہ اکسیر کیا ہے ۱۷۸
اسرار السیاحین (صنعت الٰہی) ۱۷۹
صدری راز ۱۸۰
ملذذ ۱۸۱
دیر ۱۸۱
روغن سم الفار ۱۸۲
روغن مسیحا ۱۸۳
کشتہ تانبہ فولادی ۱۸۴
روغن مسکن اوجاع ۱۸۶

جلد دوم

ھست کلید درگنج حکیم ۱۸۸
روغن سم الفار ۱۹۰
طلا شاہی ۱۹۰
کشتہ شنگرف ۱۹۱
ملح اسراری ۱۹۱
ثلاثی ۱۹۳
کشتہ مرجان ۱۹۳
کشتہ عقیق ۱۹۴
کشتہ قلعی ۱۹۴
کشتہ سہ دھاتہ ۱۹۵
کشتہ نقرہ ۱۹۵
کشتہ طلاء ۱۹۶
کشتہ فولاد ۱۹۸
غواص بنانا ۱۹۸
کشتہ طلاء مرواریدی ۱۹۸
عمل اکسیر شنگرفی ۲۰۰
نمک مروارید ۲۰۰
کشتہ طلاء ۲۰۱
کشتہ نقرہ ۲۰۱
حب صحت افزا ۲۰۲
کشتہ قلمی شورہ ۲۰۳
کشتہ سنکھ ۲۰۳
کشتہ طوطیا ۲۰۳
مغلظ ۲۰۴
امیدگاہ یعنی اولاد نرینہ ۲۰۵
طلسماتی ۲۰۶
کشتہ چاندی ۲۰۶
روح افزا ۲۰۷
قطرہ شفا ۲۰۸
شربت گلو ۲۰۹
طاقتین ۲۰۹
شربت حیات ۲۱۰
افلاطونی ۲۱۱
تریاقی ۲۱۲
جوہر فطرت ۲۱۲
روح نایاب ۲۱۳
ھاگورین ۲۱۴
امرت ۲۱۵

جوہرشفا ۲۱۶
شربت اکسیری ۲۱۶
پھنسول آئیل ۲۱۷
زنجفرین ۲۱۸
اکسیربے مثل ۲۱۹
شنگرفی ۲۲۰
جوہرین ۲۲۲
کشتہ چاندی ۲۲۲
کشتہ شنگرف ۲۲۳
کشتہ ہڑتال ورقی سفید ۲۲۴
اکسیرناصور ۲۲۴
کراماتی ۲۲۵
برصول ۲۲۶
تپ لرزہ ۲۲۶
طوطیائی ۲۲۷
عودشباب ۲۲۸
جگی پوڈر ۲۲۸
جگی ٹانک ۲۲۹
چاند ۲۳۰
بیضائی ۲۳۰
عنبرپلو ۲۳۱
مشکی ۲۳۲
جمالی ۲۳۲
جریان ۲۳۲
ثنائی ۲۳۳
شماسی ۲۳۳
رباعی ۲۳۳
ہستورین ۲۳۴
نسچولون ۲۳۵
معدی ۲۳۵
تاپول ۲۳۶
فیض فولادی ۲۳۸
ہمرلین نمبر(۱) ۲۳۸
ہمرلین نمبر(۲) ۲۳۹
چشمی ۲۴۰
حب راحت ۲۴۰
سیلانی ۲۴۱
قطرہ آب حیات ۲۴۲
سوزاکی ۲۴۶
تحفہ زمستانی ۲۴۷
شفاء ۲۴۸
سنیاسی پڑیہ ۲۴۸
فالجین ۲۵۰
چنبلین ۲۵۱
احتلامی ۲۵۱
مراد ۲۵۲
پریم انجن ۲۵۳
بواسیری ۲۵۳
علاج البواسیر ۲۵۴
بواسیری ۲۵۴
سوتی ۲۵۴
ٹھنڈی مرہم ۲۵۵
بواسیرخونی ۲۵۶
رسانجن ۲۵۶
برائے سنگ گردہ ومثانہ ۲۵۶
آب شفاء ۲۵۷

آتشی ۲۵۸
مرہم آتشی ۲۵۹
حب دائمی قبض ۲۵۹
خارشی ۲۶۰
جریانی ۲۶۰
بخار ینون ۲۶۱
شفاء العین ۲۶۲
بخار شکن ۲۶۲
نور چراغ ۲۶۳
بخار دل ۲۶۳
خون بند ۲۶۴
عطیہ نواز ۲۶۵
سیمابی ۲۶۶
موم نایاب ۲۶۶
برق ۲۶۷
کایا پلٹ ۲۶۸
مسہ جھاڑ ۲۶۹
طلاء عنین ۲۷۰
حب اٹھراہ ۲۷۰
اکسیر گردہ ۲۷۱
معجزہ ۲۷۲
ضندلی ۲۷۲
اسودی ۲۷۳
شربت ہندبا ۲۷۳
جامدی ۲۷۴
بادامی ۲۷۵
مرہم حیات ۲۷۵
شربت دل بہار ۲۷۶
نجات ۲۷۷
مثلث ۲۷۷
مانعی ۲۷۸
نقرئی ۲۷۸
زحیرین ۲۷۹
خون صفا پوڈر ۲۸۰
چائیلڈ رکیور ۲۸۱
پائلزون ۲۸۱
قناعتی ۲۸۲
پرزور ۲۸۲
لولوی ۲۸۳
خماسی ۲۸۴
بندش ۲۸۵
امید ۲۸۵
معجون طلائی ۲۸۶
نسخہ اکسیر طلائی ۲۸۷
برش عنبری ۲۸۷
ٹانک سیرپ ۲۸۸
اعلیٰ ۲۸۹
اکسیر جاوید ۲۹۰
--- ۲۹۰
قدرت ۲۹۱
روح نایاب ۲۹۲
تازگی ۲۹۳
لال شربت ۲۹۴
سرمہ اکسیر ۲۹۴
نرالی گولی ۲۹۵
شربت مفرح ۲۹۶

مونس ۲۹۶
ماہتابی ۲۹۷
اکسیر خاص ۲۹۸
ملیریل ۲۹۸
کڑوی اکسیر ۲۹۹
عصائے پیری ۳۰۰
نوبہار ۳۰۲
مفرح شباب ۳۰۲
عشرت ۳۰۴
اکسیر عنبری ۳۰۴
صفائی ۳۰۵
رئیسی ۳۰۶
کراماتی حلوہ ۳۰۶
حلوہ خاص ۳۰۸
نوبتی ۳۰۹
روغن گندھک آتشی اکسیری ۳۰۹
پائیوریا کیور ۳۱۰
معجون عشرت افزاء ۳۱۱
جوانی ۳۱۱
اکسیر ہاضم ۳۱۲
شجاعت ۳۱۳
تذویب ۳۱۴
زہری ۳۱۵
تحفہ سنیاس ۳۱۵
کلید عشرت ۳۱۶
شربت ملین جدید ۳۱۷
تریاق الاطفال ۳۱۷
آفتابی ۳۱۸
راز شباب ۳۱۹
سرخ گولی ۳۲۰
زرد گولی ۳۲۰
نروین ۳۲۱
اذنی ۳۲۲
فناسٹین طبیہ ۳۲۳
کیف ۳۲۳
خوشحال ۳۲۴
الاحمر ۳۲۵
سکونی ۳۲۵
اکسیر الاثر ۳۲۵
سفوف شفا ۳۲۶
شعبدہ ۳۲۶
اکسیر بے نظیر ۳۲۷
لیکسٹول ۳۲۷
سفوف برش ۳۲۸
طوطیا غواص ۳۳۱
لیورول ۳۳۱
زوداثر ۳۳۲
حب طحال ۳۳۳
ذیابیب ۳۳۴
کافوری ۳۳۴
شربت مفرح ۳۳۵
اکسیر راحت ۳۳۶
اذنول ۳۳۶
موتی سرمہ ۳۳۷
حملان شمسی ۳۳۸
کارآمد ۳۳۸

دلفریب ۳۳۹
اکسیر حیات ۳۳۹
عصائے پیری ۳۴۰
منجن مرواریدی ۳۴۱
دیرپا ۳۴۲
اکسیر ریگ ۳۴۳
حبوب کبریت ۳۴۴
بھاسکر چورن ۳۴۴
اکسیری گولی ۳۴۵
حب کچلہ عنبری ۳۴۵
حبوب اقتدار ۳۴۶
شاہ پسند ۳۴۶
طلاء الفت ۳۴۷
فرحت افزاء ۳۴۷
کیف ۳۴۸
مشروب الصالحین ۳۴۹
حافظ صحت ۳۴۹
دوائی عجیب ۳۵۰
سرخرو ۳۵۱
رمز حیات ۳۵۱
فرشتہ رحمت ۳۵۲
قطرہ رحمت ۳۵۳
حب عجیبہ ۳۵۴
تسلی ۳۵۴
ضعف جگر ۳۵۵
محبت ۳۵۵
ماء اللحم ۳۵۶
طلاء بلوان ۳۵۶
حب کمال ۳۵۷
لیکورین ۳۵۸
جامدی ۳۵۹
حب شاہانہ ۳۶۰
شہنشاہی ۳۶۰
حب مسیحی ۳۶۱
اکسیر اعظم ۳۶۲
ماء اللحم انگوری وعنبری ۳۶۳
اکسیر شاہانہ ۳۶۴
مختار ۳۶۵
تریاق خنازیر ۳۶۵
طب یونانی کے ممتاز نورتن ۳۶۶
علاج بواسیر ۳۶۶
ضمادی ۳۶۶
علاج صرع ۳۶۷
نفوخی ۳۶۷
نامردی سستی کا مکمل علاج ۳۶۷
مکمل علاج قابل اولاد ۳۶۸
معجون مغلظ منی ۳۶۸
مکمل علاج مرض شکم ۳۶۸
حب انگوزہ ۳۶۸
علاج امراض چشم ۳۶۸
رفیق چشم ۳۶۸
نوشادر کا تیل ۳۶۹
جست قائم النار مجرب ۳۶۹
حیرت ۳۶۹
ارسٹول ۳۷۰
رموز مطب ۳۷۲

اکسیر دماغ ۳۷۳
معجون مقوی دماغ ۳۷۳
معجون نجاح ۳۷۴
اطریفل اسطخودوس ۳۷۴
اطریفل کشنیزی ۳۷۵
اطریفل مقوی دماغ ۳۷۵
کحل صدفی ۳۷۵
کحل کنجد ۳۷۶
روغن وجع الاسنان ۳۷۶
سنون مجرب (موتی منجن) ۳۷۷
شفائی ۳۷۷
روغن شفاٗ ۳۷۷
حب کبد نوشادری ۳۷۸
حب حلتیت ۳۷۸
جوارش جالینوس ۳۷۹
جوارش معدی ۳۷۹
سفوف شیریں ۳۸۰
طحالی ۳۸۰
اکسیر الکبد ۳۸۰
کشتہ خبث الحدید ۳۸۱
اکسیر جگر ۳۸۱
کشتہ فولاد ۳۸۱
دوائے منڈور ۳۸۲
سفوف مغلظ ۳۸۲
سفوف مؤلف ۳۸۳
معجون جریانی ۳۸۳
طلائے مشک والا ۳۸۳
اکسیر البدن جمیلی ۳۸۴
جوارش مفرح ۳۸۴
معجون مقوی باہ ۳۸۵
معجون خاص جمیلی ۳۸۵
روغن سم الفار ۳۸۶
طلائے سہل ۳۸۶
طلائے لوبان ۳۸۶
طلائے نفیس ۳۸۷
حب خاص جمیلی ۳۸۷
حب محرک ۳۸۷
حب فولادی عنبری ۳۸۸
حب اذراقی خاص ۳۸۸
سپاری پاک ۳۸۹
لیکوریئہ ۳۸۹
حب نسوانی ۳۹۰
برائے سیلان الرحم ۳۹۰
حبوب معین حمل ۳۹۰
حب اسگند ۳۹۱
دوائے دمہ ۳۹۱
دوائے سورنجان ۳۹۲
دوائے سوزاک ۳۹۲

دیباچہ

طب علوم الہیہ میں سے ایک ایسا علم ہے جس سے اشرف المخلوقات کی زائل شدہ قوت کو واپس لایا اور موجودہ صحت کو بحال رکھا جا سکتا ہے اس فن شریف کے دو پہلو علمی و عملی جو آپس میں لازم و ملزوم ہیں جن کا جاننا احیاء و بقا فن کے لیے نہایت ضروری ہے۔

جہاں تک تاریخ سے پتہ چلتا ہے علمی۔(تشریح و اسباب الامراض) اسے بھی پہلے عملی حصہ مرض وجود میں آیا۔ جب کہ حضرت انسان کو اس کی ضروریات نے مجبور کیا اور اس نے ٹونے ٹوٹکوں اور مجربات کی تلاش شروع کی اور اپنے گرد و پیش کی چیزوں سے اپنے دکھ درد بیماری کو دور کرنے کی سعی کی حتیٰ کہ چند ٹوٹکے دو چار نسخے دو چار بوٹیوں کا استعمال جاننے والا دانا طبیب مشہور ہوا اور دور کے ملکوں میں اس کی شہرت ہوئی۔ ایک زمانہ اسی حالت میں گزر گیا۔ اور یونان میں علوم الہیہ کا دور شروع ہوا۔ تو اس میں علم طب کے متعلق بھی تحقیق شروع ہوئی اور مدبرین یونان نے تشریح و اسباب الامراض پر بھی غور و تحقیق کے بعد اس کے اصول مرتب کئے اس سے پیشتر کسی شخص کے پاس چند مجربات کا ہونا چند ٹوٹکے جاننا ہی اس علم کی انتہا قرار دی جا چکی تھی اس زمانہ میں لوگ اپنے مجرب نسخہ جات دیوتاؤں کے گلوں میں بطور تبرک چڑھاوا ڈال دیا کرتے تھے۔ حتیٰ کہ وہ جمع ہوتے گئے اور کسی نے ہمت کر کے انہیں یکجا کر دیا۔ تو وہ ایک متبرک صحیفہ سمجھا جاتا تھا۔

اور طب کی یہی عملی شاخ ہی اس زمانہ میں بھی احیاء و بقا کا باعث ہے عوام الناس کی توجہ صرف اسی وجہ سے علم یونانی کی طرف مرکوز ہے اس میں مجربات صحیح کا ایک لازوال خزانہ موجود ہے۔ جس سے عسر العلاج امراض کا نہایت آسانی سے علاج کیا جا

سکتا ہے ہزاروں حکائتیں آپ نے بھی سنی ہو گی کہ فلاں جگہ ایک نسخہ باوجود انتہائی کوشش کے اس طرح ضائع ہوا ایک نسخہ کے لیے کئی جانیں ضائع ہوئیں مگر نہ ملا ایک شخص صرف ایک نسخہ کی خاطر اپنا تمام سرمایہ خرچ کر کے منزل پر پہنچا مگر نسخہ نہ ملا۔

علی ہذا القیاس کئی سچی حکایات آپ سن چکے ہوں گے۔ مگر زمانہ حاضرہ میں بھی جب کہ تمام علوم اپنے انتہائی معراج ترقی کو پہنچ چکے ہیں۔ صحیح مجربات کا حصول ہی اطباء کی خواہش کا مرکز بنا ہوا ہے۔ اور ہے بھی یہ فی الواقع ایک حقیقت کہ علم طب کی تعلیم کے بعد صحیح مجربات کا حصول ہی کسی طبیب کی کامیابی کا ذریعہ ہو سکتا ہے مگر بدقسمتی سے ہمارے ملک میں بخل کا مرض بری طرح مسلط ہو چکا ہے جس کی وجہ سے ہزاروں بیش قیمت مجربات زیر زمین چلے گئے اور آج تک لوگوں میں اس طبیب کے متعلق حکایات مشہور ہیں زمانہ حاضرہ میں جب کہ طب یونانی بے سروسامان اور لاوارث ہے۔ صرف صحیح مجربات ہی اس کی شہرت مقبولیت کا باعث ہیں اور یہی ایک کشش ہے جو لوگوں کو اس کی طرف متوجہ کر رہی ہے ورنہ حکومت کی سرپرستی طب جدید کے بہترین ساز و سامان اور نفیس ترین ادویات قلیل الخوراک خوش ذائقہ ادویات خوش پوش نوجوان ڈاکٹر غرضیکہ تمام ظاہری شان وشوکت کو ساتھ لے کر بھی طب جدید ہماری توجہ کو اپنی طرف کھینچنے میں ناکام رہی ہے اور اس وقت بھی عوام کی کثیر تعداد طب یونانی کے معجزات کی قائل ہے۔ اور اسی طریق علاج کو اپنے لیے ذریعہ شفا سمجھتے ہیں یہ صرف مجربات کی برکت ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ طب جدید کے عاملین کے پاس مجربات کا فقدان ہے اس کا ثبوت آپ کو اس بات سے ملتا ہے کہ ایک ڈاکٹر چھ سال تعلیم حاصل کرنے کے بعد صرف ایجنسی ہولڈر ہی بن سکتا ہے۔

مرض کی تشخیص پر چھ مہینے صرف کرنے کے بعد بڑی بڑی کمپنیوں کی ساختہ ادویات اور سیرپ تجویز کر دینا کوئی طبابت نہیں بلکہ صرف ایجنٹ کی حیثیت سے ولایتی ادویات کی

فروختگی ہے۔ یہ شرف صرف طب یونانی کے حاملین کو حاصل ہے کہ آپ کے چہرہ کو دیکھا نبض پر ہاتھ رکھا نسخہ لکھا اور آپ کو دیا۔ آپ نے جوشایا گھوٹا چھانا۔ سفوف۔ عرق بنایا۔ یا شربت اور مریض کو استعمال کرایا اور مریض کو صحت ہوئی یہ شرف صرف طب یونانی کو حاصل ہے اس کا سہرا مجربات کے سر پر ہے۔

برصغیر پاک و ہند میں طب یونانی کے عروج کے وقت سے ہی مجربات کو ایک خاص درجہ حاصل ہے مگر جوں جوں بخل کی وجہ سے یہ در نایاب کم ہوتے گئے۔ لوگوں کو ان کے حصول کے لیے زیادہ خواہش پیدا ہوئی۔ بہت سے اہل حضرات نے اپنے سینے کے راز کھول کر اپنی طبی برادری کے سامنے رکھے مگر ھل من مزید کا نعرہ برابر بلند ہوتا رہا۔

طبیب حاذق ہی ملک میں پہلا طبی ادارہ ہے جس نے بخل کے خلاف جہاد شروع کیا۔ اطباء کی ایک جماعت کو اپنا ہم خیال بنایا۔ اپنے مجربات کو بلا بخل پیش کیا اور دوسرے اطباء کو اس کی تلقین کی بفضل خدا اس کا کافی اثر ہوا اور اطباء کی ایک جماعت نے بخل کے خلاف جہاد شروع کر کے ایک نئی جماعت کا قیام کیا جو بحمد للہ روز بروز ترقی پر ہے۔ ادارہ نے اس سلسلہ میں مالی بدنی غرضیکہ ہر قسم کی قربانی کی اور مزید کرنے کو تیار ہے۔ لہٰذا یہ سب کچھ ادارہ طبیب حاذق کی سعی کا نتیجہ ہے جس نے بخل کے خلاف جہاد کر کے طبی تالیفات کے ذریعہ بلا بخل ان جواہرات کو اطباء کے سامنے پیش کیا۔

اس بات سے متاثر ہو کر اطباء کی ایک جماعت نے میری ناچیز آواز پر خاص کر میرے مطب کے لیے یا مجھے تحفتًا نسخہ جات عطا فرمائے ان پر بھی میری طبی برادری کو حق حاصل ہے چونکہ میں ان نسخہ جات کو ذریعہ روزگار نہیں بنانا چاہتا۔ نہ ہی تجارت کے خیال سے ان کو پیش کرنا چاہتا ہوں۔ ان مجربات کے متعلق کچھ کہنے کی ضرورت نہیں صرف اتنا عرض کر دیتا ہوں کہ میرا دعویٰ ہے اور بفضل خدا صحیح ہے کہ آج تک ہندوستان میں کسی طبیب نے اپنی تصنیف میں ایسے بے مثال مجربات پیش نہیں کیے۔

میں خدا سے دعا کرتا ہوں کہ وہ میری اس قربانی کو قبول فرمائے اور ان نسخہ جات میں

تاثیر عطا فرمائے جو مایوس مریضوں کے لیے صحت وتندرستی کا موجب ہوں۔ یہ فیصلہ ناظرین کرام پر چھوڑتا ہوں کہ وہ میری عدیم المثال قربانی اور بخل شکنی کی مثال کی قدر کریں اس کی اشاعت اور ادارہ کی امداد کی طرف توجہ فرمائیں۔ مجھے اس بات کا بجا طور پر فخر ہے کہ بخل کے بت کو توڑ کر آج میں اپنے فرض سے سبکدوش ہو رہا ہوں اور معمولات جمیل تمام برادران فن کی خدمت بطور تحفہ پیش کرتا ہوں۔

خاکسار
جمیل

❀❀❀

فہمینا

ضعف دماغ کے بے شمار نسخہ جات نظر سے گذرے جن میں سے بعض تجربات میں آئے لیکن درج ذیل نسخہ اپنی افادیت و اثرات کے پیش نظر انشاء اللہ اعلیٰ ترین خواص کا حامل ثابت ہوگا۔ ضعف دماغ کی ہر حالت میں اکسیر ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ شاخ مرجان (مکھن والا) تین تولہ۔ کشتہ چاندی چھ ماشہ۔ صلایہ صدف مروارید دو تولہ۔ نمک برہمی تین تولہ۔ نمک ترپھلہ تین تولہ۔ جملہ ادویہ کو اتنا کھرل کریں کہ مثل غبار ہو جائے۔

مقدار خوراک: دو رتی ہمراہ مسکہ گاؤ۔ خمیرہ گاؤزبان۔ خمیرہ بادام یا خمیرہ خشخاش۔

فوائد: جملہ امراض دماغ۔ نسیان۔ سر درد کہنہ۔ ضعف بصارت و ضعف دماغ سے پیدا شدہ عوارضات میں بمثل اکسیر اور معمول مطب ہے۔

صلایہ صدف مروارید

صدف مروارید دو تولہ۔ شیر گاؤ۔ عرق گلاب حسب ضرورت۔

صدف مروارید کو ململ کی پوٹلی میں باندھ کر رات بھر دودھ میں بھگو دیں صبح پانی سے دھو کر کوٹ لیں اور عمدہ کھرل میں تھوڑا تھوڑا عرق گلاب ملا کر پانچ چھ روز تک خوب رگڑیں تاکہ مثل غبار ہو جائے یہ عمدہ صلایہ صدف مروارید ہے۔

مغزینہ

اجزاء و ترکیب ساخت: پوست ہلیلہ سبز۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست ہلیلہ

سیاہ۔ آملہ مقشر ہر ایک دو تولہ۔ کشنیز خشک تین تولہ۔ گل گاؤ زبان نیم تولہ۔ گل بنفشہ نیم تولہ۔ خشخاش دو تولہ جملہ ادویہ سفوف بنالیں اور مغزیات کو الگ پیس لیں۔ مغز کدو۔ مغز بادام۔ مغز خیارین۔ مغز تربوز ہر ایک دو دو تولہ۔ چینی ایک سیر قوام بنا کر ادویہ شامل کر کے معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک تولہ بوقت شب ہمراہ شیر نیم گرم۔

فوائد: عرصہ دراز سے ضعف دماغ کے مریضوں کو استعمال کروا رہا ہوں۔ پرانے سر درد۔ ضعف دماغ۔ آدھے سر کا درد۔ نزلہ و زکام کے لیے از حد مفید ہے۔

صرع

ان نسخہ جات کا استعمال نوعیت و کیفیت مرض اور صرع کی ہر حالت کے مطابق عرصہ دراز سے میرا معمول ہے اور بفضلہٖ تعالیٰ خاطر خواہ نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

حب صرع

اجزاء و ترکیب ساخت: کندر پانچ تولہ۔ ریٹھہ پانچ تولہ۔ جند بیدستر ڈھائی تولہ۔ سفوف بنا کر حبوب نخودی تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: دو گولی ہمراہ آب بوقت شام۔ بچوں کو آدھی گولی یا عمر کی مناسبت سے ہمراہ شیر۔

حب تریاق

اجزاء و ترکیب ساخت: کافور۔ ہینگ۔ جند بیدستر۔ افیون جملہ ادویہ ہموزن سفوف بنا کر حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح دوپہر شام ہمراہ عرق بادیان۔

فوائد: صرع عصبی و دیگر امراض اعصاب میں مفید ہیں۔

حب جند

اجزاء و ترکیب ساخت: عود صلیب۔ جو زبوا۔ دار چینی۔ جدوار۔ جند بیدستر۔ عنبر۔ جملہ ادویہ سفوف بنا کر ہمراہ عرق بادیان حبوب بقدر فلفل سیاہ تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔ بچوں کو بلحاظ عمر آدھی گولی تک۔

فوائد: امراض بلغمیہ و عصبیہ میں مفید ہے۔ نیز صرع بلغمی۔ فالج ولقوہ کے لیے زود اثر ہے۔

زبیبی

اجزاء و ترکیب ساخت: پوست ہلیلہ زرد دس تولہ۔ اسطخو دوس۔ آملہ مقشر۔ پوست ہلیلہ ہر ایک پانچ تولہ۔ عقر قرحا ڈھائی تولہ۔ عود صلیب ڈھائی تولہ۔ موید منقی ڈھائی تولہ۔ چینی ایک سیر۔ قوام بنا کر حسب دستور معجون تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ روزانہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

اکسیر نقرئی

یہ دوا قوت دماغ کے لئے اپنی نظیر آپ ہے۔ مقوی دل اور مقوی دماغ ادویات کی سرتاج ہے۔ دماغ کو روشن، دل کو طاقت دیتی ہے۔ سر چکرانا۔ آنکھوں کے آگے اندھیرا آجانا۔ دل کی گھبراہٹ۔ بے چینی۔ دل بیٹھ جانا۔ اختلاج القلب۔ قلق۔ اضطراب وغیرہ کے لئے نہایت اکسیر ہے۔ نفث الدم۔ سیلان الدم کسی وجہ سے اور کسی عضو سے ہو اس کے لئے نہایت اکسیر ہے۔ دل کا متلانا۔ قے۔ پیاس کو دور کر کے اندرونی اعضاء میں تقویت آرام اور تسکین دیتی ہے۔ غرض یہ کہ تمام خوبیوں کی جامع اکسیر ہے۔

بچوں کے اسہال۔ پیچش۔ قے۔ بے چینی وغیرہ امراض کے لے تریاق ہے غرض یہ کہ مطب میں اس دوا کا ہونا ایک مکمل دواخانہ ہے جہاں استعمال کی گئی مفید ثابت ہوئی ملک کے طول وعرض سے خراج تحسین حاصل کر چکی ہے۔ آپ اسے ایک مرتبہ تیار فرمائیں گے تو اس کی تعریف میں رطب اللسان ہوں گے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: طباشیر ایک تولہ۔ دانہ الائچی خورد ایک تولہ۔ زہر مہرہ خطائی ایک تولہ۔ کہربا ایک تولہ۔ کشتہ عقیق تین ماشہ۔ کشتہ مرجان تین ماشہ۔ صندل سفید ایک تولہ۔ کشنیز ایک تولہ۔ ورق نقرہ ایک ماشہ۔ ورق طلاء چار رتی۔ یاقوت تین ماشہ۔ روح کیوڑہ دس تولہ۔ روح بید مشک دس تولہ۔ اول یاقوت کو کیکر کے کوئلوں کی آگ پر گرم کریں اور روح کیوڑہ میں بجھاؤ دیں۔ حتی کہ تمام یاقوت سفید ہو کر تہ نشین ہو جائے اب اس روح کیوڑہ میں کشتہ عقیق و مرجان ڈال کر کھرل کریں بعد تمام ادویہ جو پہلے سے علیحدہ علیحدہ باریک کر کے رکھی ہوئی ہوں ڈال کر کھرل کریں خشک ہونے پر محفوظ کر لیں۔ یہی اکسیر ہے۔ جو اکسیر نقرئی کے نام سے کافی شہرت حاصل کر چکی ہے۔

فوائد: اعلیٰ درجہ کی مقوی قلب۔ مقوی دماغ۔ مفرح خوش ذائقہ اور ایک جامع النفع اکسیری دوائی ہے۔

ترکیب استعمال: تقویت قلب۔ خفقان۔ دھڑکہ۔ ایک ماشہ اکسیر مذکور کو ہمراہ رب سیب چھ ماشہ روزانہ صبح استعمال کریں۔

مقوی دماغ: ایک ماشہ روزانہ ہمراہ مکھن دو تولہ استعمال کریں۔

ضعف جگر: ایک ماشہ روزانہ ہمراہ رب انار شیریں دو تولہ۔

نسیان: ایک ماشہ روزانہ ہمراہ بادام سات عدد الائچی سبز تین عدد۔ مرچ سیاہ ایک عدد سب کو گھوٹ استعمال کریں۔

متلی، قے، ابکائی: چار رتی ہر دو گھنٹہ بعد ہمراہ پانی یا عرق سونف دیں۔

نفث الدم: ایک ماشہ ہمراہ شربت انجبار دیں۔

نکسیر: ایک ماشہ ہمراہ پانی دیں۔
کثرت حیض: ایک ماشہ ہمراہ پانی دیں۔
اسہال و پیچش مروڑ خونی: ایک ماشہ ہمراہ شربت انار دیں۔ غرض یہ کہ بچوں کی تمام امراض میں سریع الاثر ہے بچوں کو ایک سے دو رتی تک ہمراہ شیر مادر دیں۔

تریاق چشم

یہ سرمہ جملہ امراض چشم کے لئے نہایت اکسیر ہے۔ آشوب چشم۔ ککرے۔ دھند۔ جالا غبار کے لئے ایک لاثانی اور عجیب الاثر دوا ہے۔ مشہور عام نسخہ جو سیروں کی مقدار میں ملک کے گوشہ گوشہ میں پہنچ کر خراج تحسین حاصل کر چکا ہے اس نسخہ کی بدولت کئی مایوس مریض آنکھوں جیسی نعمت کی روشنی سے مالا مال ہو گئے۔ خارش۔ دھند۔ ککرے اس کے استعمال سے قطع طور پر رفع ہو جاتے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ جست پانچ تولہ۔ شورہ قلمی دو تولہ۔ نوشادر ایک تولہ۔ سرمہ سیاہ ایک تولہ۔ زنگار تین ماشہ۔ افیون تین ماشہ۔ سفیدہ کاشغری ایک تولہ۔ سمندر جھاگ ایک تولہ۔ زعفران تین ماشہ۔ عرق بادیان دو تولہ۔ عرق گلاب دس تولہ میں کھرل کریں خشک ہونے پر اکسیر صفت ''تریاق چشم'' تیار ہے۔

فوائد:۔ جملہ امراض چشم کا اکسیری علاج ہے۔ دھند۔ جالا۔ ناخونہ۔ پھولا کا تریاق ہے۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت دو دو سلائی لگائیں۔

اکسیر قلاع

ایک فوری اثر رکھنے والی بہترین دوا ہے۔ منہ کیسا ہی پکا ہوا ہو آبلے کی وجہ سے منہ سے رال ٹپک رہی ہو ایسی صورت میں اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ مریض کھانے پینے سے عاری

ہوتا ہے ایک ہی دن میں نامراد مرض کا ازالہ کر دینے والی اکسیر ہے۔ جن اصحاب نے اس لاجواب تحفہ کو آزمایا انھوں نے نہایت شاندار الفاظ میں اس کی تعریف کی۔

اجزاء و ترکیب ساخت : طوطیا سبز بریاں دو ماشہ۔ شورہ قلمی ایک تولہ۔ دانہ الائچی خورد ایک تولہ۔ کتھ سفید ایک تولہ۔ گل سرخ ایک تولہ۔ کافور چھ ماشہ۔ سب کو ملا کر خوب باریک سفوف بنائیں۔

فوائد: قلاع (منہ پکنے) کے لئے نہایت سریع الاثر دوا ہے۔

ترکیب استعمال : منہ میں چھڑک کر رال ٹپکائیں فوری آرام ہوگا۔

طلسم صرع

صرع یعنی مرگی کے لئے فی الواقع اکسیر پر تاثیر ہے۔ سہل الحصول سینکڑوں مایوس مریضوں پر آزمائش کی گئی نہایت اکسیر ثابت ہوئی دس دس سال کے مایوس مریضوں نے اس دوا کی بدولت دوبارہ زندگی حاصل کی اور اس کی تعریف کی اور اس کے حیرت انگیز فوائد کے گرویدہ ہو گئے یہ اکسیر نسخہ ہی لاکھوں روپیہ خرچ کرنے پر بھی ملنا محال ہے یہ نسخہ میرے ایک کرم فرما اور خاص دوست کا عطیہ ہے جسے میں ساٹھ سال سے سینکڑوں مایوسوں پر استعمال کرا چکا ہوں۔ ناظرین کے سامنے اپنا صدری راز بیان کرتا ہوں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کرم بنی شتر چار عدد۔ ٹڈا مدار (آک کا کیڑا) دو عدد (یہ سبز رنگ کا اڑنے والا جانور موسم گرما میں پودوں پر ملتا ہے) عقرقرحا چھ ماشہ۔ زعفران چھ ماشہ۔ ہزار پایہ (کنکھجورا خشک کردہ) ایک عدد۔ بچھو خشک کردہ چار عدد۔ ناخن کاؤلیش سوختہ چھ ماشہ۔ سرگس چھ عدد۔ سبزی آب ایک تولہ (جس کو بور کہتے ہیں) تمام ادویہ کو یکجا کر کے باریک پیس لیں۔

فوائد : مرگی کے لئے ایک جادو اثر دوا ہے۔ مایوس مریضوں کے لئے اکسیر سے کم نہیں۔

ترکیب استعمال : بطور نسوار ایک چٹکی ہر روز مرگی کے مریض استعمال کریں

ایک کا استعمال کافی ہے۔

موتی منجن

دانتوں کے تمام آزاد اور تکالیف کے لئے ایک لاجواب منجن ہے۔ دانتوں کی میل کچیل کو رفع کر کے ان کو مانند موتی چمکاتا ہے ہلتے دانتوں کو مضبوط اور مسوڑھوں کے ورم دور اور زخموں کو درست کرتا ہے اپنے فوائد کے لحاظ سے ایک بہترین چیز ہے۔ علاوہ ازیں منہ کی بدبو کو دور کرتا ہے۔ دانتوں کا ہلنا درد کرنا خون آنا غرض یہ کہ دانتوں کے جملہ امراض کے لئے ایک حکمی تریاق ہے۔ بے نظیر فوائد کا حامل مشہور نسخہ ہے جو ہزاروں مرتبہ کا آزمودہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مازو سبز دو تولہ۔ کتھ سفید ایک تولہ۔ طوطیا سبز بریاں ایک تولہ۔ کشتہ سنگجراحت ایک تولہ۔ گل سرخ ایک تولہ۔ دانہ الائچی خورد ایک تولہ۔ مرچ سیاہ نو ماشہ۔ کافور نو ماشہ۔ نوشادر نو ماشہ۔ عقرقرحا ایک تولہ۔ نمک لاہوری نو ماشہ۔ کوڑی زرد سوختہ ایک تولہ۔ سپاری (سوختہ)۔ روغن دار چینی چھ ماشہ۔ روغن لونگ چھ ماشہ۔ کاربالک ایسڈ تین ماشہ سب کو یکجان کر لیں۔

فوائد: دانتوں کے جملہ امراض کا تریاق ہلتے دانتوں کو مضبوط کرنے والا بہترین منجن ہے۔ اور بطور منجن استعمال کریں۔

کھانسولی

کھانسی جیسی شدید مرض کے لئے حکمی علاج۔ دمہ جیسی خطرناک مرض کا تریاق۔ جب اطباء یا ڈاکٹر اس مرض کے علاج سے عاجز آ گئے ہوں ایسی حالت میں یہ دوا اکسیر ثابت ہوئی ہے۔ پرانی بلغمی کھانسی۔ دمہ کو اس دوا سے بفضل خدا بہت جلد فائدہ ہوتا ہے ایک سنیاسی اکسیر ہے۔ اور مشہور دوا ہے جس نے تھوڑے عرصہ میں ہزاروں مایوس مریضوں کو بفضلہٖ تعالیٰ اس نامراد مرض سے نجات دلائی آج ناظرین کی خاطر کھانسولی کا نسخہ

حاضر ہے۔آزما کر دعائے خیر سے یادفرمائیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ نمک در شیر مدار دوتولہ۔کشتہ بارہ سنگھا۔ در شیر مدار ایک تولہ۔ آرد ملٹھی تین تولہ۔ اڑوسہ کھار ایک تولہ۔ چرچٹہ کھار ایک تولہ۔ آک کھار ایک تولہ۔ ست لوبان ایک تولہ۔ کشتہ گودنتی ایک تولہ۔ شورہ قلمی چار تولہ۔ کشتہ نوشادر دوتولہ۔تمام ادویہ باریک پیس کر محفوظ رکھیں اکسیر تیار ہے۔

کشتہ نمک

نمک تین تولہ۔ شیر مدار پانچ تولہ کھرل کر کے خشک کریں اور گل حکمت کر کے چار سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ بعد نکال کر دوبارہ شیر مدار میں کھرل کر کے دس سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ بعد برگ بھنگ دس تولہ۔ برگ نیم دس تولہ کے نغدہ میں آگ دیں۔ آگ آٹھ سیر کی دیں تیار ہے۔

کشتہ بارہ سنگھا

شورہ قلمی تین تولہ۔ اجوائن دیسی تین تولہ۔ شیر مدار دس تولہ۔ کھرل کر کے بارہ سنگھا پر لیپ کر کے تیز کوئلوں کی آگ میں جلا لیں بعد نکال کر شیر مدار پانچ تولہ میں کھرل کر کے کوزہ میں بند کر کے دس سیر کی آگ دیں۔ کشتہ بارہ سنگھا تیار ہے۔

کشتہ گاؤدنتی

گوؤدنتی پانچ تولہ لے کر کنوار گندل آدھ سیر کے درمیان دے کر کوزہ گلی میں بند کر کے پندرہ سیر کی آگ دیں تیار ہے۔

کشتہ نوشادر

نمک لاہوری ایک پاؤ۔ نوشادر دو تولہ۔ ایک برتن میں پہلے نصف نمک اس کے اوپر نوشادر کی ٹکیہ اور اوپر پھر نمک کا دابو دے کر گل حکمت کر کے دس سیر اوپلہ کی آگ

دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں نوشادر پھولا ہوا نکلے گا۔ داخل ترکیب کریں۔

نوٹ: زیادہ تیز آنچ سے نوشادر آڑ جاتا ہے اگر ایک دفعہ نہ بنے تو دوبارہ احتیاط سے بنائیں ضرور بن جائے گا۔

حب اعجاز

نزلہ۔ زکام۔ ذات الجنب۔ ذات الریہ۔ ذات الصدر۔ کھانسی۔ کے لئے نایاب چیز ہے۔ ہر قسم کے دردوں کے لئے خواہ نزلہ سے ہوں یا ریحی تریاق اعظم کا کام دینے والی اکسیر ہے نیز بخاروں کے لئے مفید ذات الجنب نمونیا کو فائدہ دینے والی لاجواب اکسیر ہے۔ ہر مطب میں ہر وقت تیار رہنے کے لائق ہے سینہ کو رطوبت سے صاف کر کے جملہ شکایات کا ازالہ کر دیتا ہے۔ اپنے فوائد کے لحاظ سے بے مثل ہے پہلی خوراک سے فائدہ معلوم ہونے لگتا ہے تین چار خوراک میں قطعی آرام آ جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: میٹھا تیلیہ مدبر چھ ماشہ۔ مرچ سیاہ چھ ماشہ۔ قرنفل چھ ماشہ۔ پوست بیخ مدار ایک تولہ۔ جوہر نوشادر ایک تولہ۔ کشتہ بارہ سنگھا ایک تولہ۔ راکھ چرس چھ ماشہ۔ افیون ایک تولہ۔ شنگرف مدبر چھ ماشہ۔ روغن بیضہ مرغ چھ ماشہ۔ زعفران چھ ماشہ۔ زنجبیل چھ ماشہ۔ سب کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے یکجان کریں اور شہد حسب ضرورت ملا کر گولیاں نخودی بنائیں۔

فوائد: کھانسی۔ نزلہ زکام۔ ذات الجنب۔ ذات الریہ۔ وجع المفاصل۔ نمونیہ۔ وغیرہ اور ان کے متعلقہ عوارضات کے لئے نہایت مفید اکسیری دوا ہے۔ پہلی خوراک اپنا اثر دکھاتی ہے۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ہمراہ بدرقہ مناسبہ دیں۔ یعنی مناسب اشربہ عرق شربت جوشاندہ سے دیں فوراً فائدہ کرے گی۔

جوہر نوشادر: نوشادر پانچ تولہ۔ صبر زرد پانچ تولہ۔ آب پیاز دس تولہ۔ کھرل کر کے خشک کریں اور حسب دستور دو پیالوں میں جوہر حاصل کریں۔

جوہر اعظم

یہ ایک عظیم النفع دوا ہے۔ جو بے شمار فوائد کی حامل اکسیر ہے یہ دوا اعلیٰ درجہ کی مدر ہے۔ جہاں اعضاء بول کی صفائی کی ضرورت ہو یہ دوا اکسیر کا کام دیتی ہے۔ پتھری سنگ گردہ مثانہ۔ سوزش بول۔ رکاوٹ پیشاب کے لئے تریاق ہے۔ ہاضم طعام۔ مشتہی۔ قبض کشا۔ دافع نفخ۔ عظم طحال۔ عظم جگر اور صلابت جگر کو نافع ہے۔ سوزاک کے شروع میں یہ دوا خود بخود ہی ادرار کر کے زخموں کو بھی درست کر دیتی ہے سرمہ کی طرح آنکھوں میں لگانے سے دھند۔ جالا۔ غبار۔ کو نافع ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : نوشادر بیس تولہ۔ قلمی شورہ بیس تولہ۔ جوا کھار بیس تولہ۔ برادہ صندل سفید دس تولہ۔ گوکھرو خورد دس تولہ۔ ریوند چینی پانچ تولہ۔ زیرہ سفید پانچ تولہ۔ الائچی سبز پانچ تولہ۔ مغز کدو دس تولہ۔ کاسنی دس تولہ۔ خرفہ دس تولہ۔ کاہو دس تولہ۔ کشنیز دس تولہ۔ مغزیات و کاسنی کو ایک سیر آب کیلا میں گھوٹ کر شیرہ حاصل کریں اور باقی تمام ادویات کو خوب باریک کر کے مٹی کے ایک کورے برتن میں ڈال دیں یہ شیرہ اس میں داخل کریں اور چھ سیر آب ترب ڈال کر برتن مذکور کو کسی درخت وغیرہ سے لٹکائیں چند دن کے بعد اس برتن کے باہر جوہر نکلنے شروع ہو جائیں گے۔ یہ اکسیری جوہر شیشی میں سنبھال کر رکھیں۔

فوائد : اعلیٰ درجہ کی مدر بول۔ دافع ریگ گردہ و مثانہ۔ پتھری۔ مصفی۔ مجری بول۔ ہاضم۔ دافع نفخ۔ مشتہی۔ دافع اورام اعضاء اندرونی۔ عظم الطحال کے لئے سریع الاثر ہے۔

ترکیب استعمال : چار رتی سے ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیں۔ ایک حصہ جوہر مذکور میں دس حصہ سرمہ سیاہ ملا کر کام میں لائیں آنکھ کی جملہ امراض کا حکمی علاج ہے۔

معجون مفرح

امراؤ روٗسا کے لئے نایاب تحفہ۔ضعف قلب۔خفقان۔دھڑکا۔غشی کے لئے اس سے بڑھ کرکسی دوا کا ملنا محال ہے۔دل کومضبوط اور طبیعت میں ایک بشاشت پیدا کرتی ہے بڑی بڑی قیمتی یاقوتیاں جواہر مہرے اس کے سامنے ہیچ ہیں حیرت انگیز طور پر پہلی خوراک سے دل کی گھبراہٹ بے چینی رفع ہوکر طبیعت میں چستی چالاکی بشاشت آجاتی ہے ضعف و نکاہت اس سے کوسوں بھاگتی ہے اگر کسی فوری حادثہ کی وجہ سے دماغی طاقتیں ضعیف ہو جائیں یا دماغی وقلبی طاقتوں میں نقص واقع ہو جائے یہ دوا ایسی حالتوں میں اکسیر کا حکم رکھتی ہے علاوہ ازیں مقوی معدہ۔مقوی قلب۔مقوی دماغ اور ہاضم دل دماغ کو روشن کرنے والی دماغی کام کرنے والوں کے لئے ایک نایاب تحفہ ہے اس کی ایک خوراک گھنٹوں بشاشت وقوی حوصلہ بڑھائی ہے۔کام سے جی نہیں اکتاتا۔ کرملک کے گوشہ گوشہ سے خراج تحسین حاصل کر چکی ہے۔

وحشت۔مالیخولیا۔جنون۔مرا۔وسواس کے لئے اس سے بڑھ کر دوا کا ملنا محال ہے۔ سینکڑوں مراقی مریضوں پر آزمائی گئی نہایت مفید ثابت ہوئی غرض یہ کہ ایک ہمہ صفت موصوف مرد عورت بچہ بوڑھا جواں سب کے لئے یکساں مفید اور ہر موسم میں قابل استعمال دوا ہے صرف اپنے ناظرین کے لئے یہ نسخہ پیش خدمت کیا جا رہا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : زہر مہرہ ایک تولہ۔بسد ایک تولہ۔یاقوت ایک تولہ۔سنگ یشب ایک تولہ۔عقیق ایک تولہ۔ان تمام ادویات کو روح بید مشک ایک پاؤ روح گلاب ایک پاؤ روح کیوڑہ ایک پاؤ میں ملا کر کھرل کریں۔

① ۔اول مذکور بالا ادویات کو باری باری ہر ایک کو آگ پر سرخ کر کے روح مذکور میں بجھاؤ دیتے رہیں کہ سفید ہو جائیں بعد ازاں تمام یک جا کر کے کھرل کریں اور تھوڑا تھوڑا روح مذکورہ ملاتے اور کھرل کرتے جائیں ورق نقرہ چھ ماشہ۔ورق طلا تین ماشہ ملا کر خوب کھرل کریں اور خشک ہونے پر محفوظ رکھیں۔

②۔ جدوار خطائی ایک تولہ۔ زنجبیل دو تولہ۔ خولنجاں ایک تولہ۔ درونج عقربی چار تولہ۔ جوز بوزا ایک تولہ۔ گل سرخ ایک تولہ۔ زعفران ایک تولہ۔ سنبل الطیب ایک تولہ۔ گل گاؤ زبان ایک تولہ۔ دارچینی تولہ۔ قرنفل دو تولہ۔ ساذج ہندی ایک تولہ۔ سعد کوفی دو تولہ۔ مشک خالص تین ماشہ۔ تمام ادویات کو علیحدہ علیحدہ باریک کر لیں اور سابقہ ادویات کے ہمراہ شامل کریں۔

③۔ آب انار۔ آب انگور۔ آب سیب۔ آب بہی۔ آب آملہ تازہ ہر ایک پندرہ تولہ۔ چینی تین پاؤ۔ میں قوام بنا کر ادویات مذکور بالا شامل کر کے معجون بنائیں معجون مفرح تیار ہے۔

فوائد : یہی وہ اکسیر بے نظیر ہے جس کی ثانی مقوی دل دماغ مقوی معدہ دوا ملنی محال ہے مقوی اعضائے رئیسہ پرانی امراض کی وجہ سے بدنی دماغی اور اعصابی کمزوری وہم غم۔ مراق۔ خفقان۔ مالیخولیا کو دور کرتا ہے۔ دماغی محنت کرنے والوں کے لئے نعمت غیر مترقبہ ہے۔ غرض یہ کہ ایک ایسی دواء اکسیر ہے جو دل و دماغ کی ہر مرض کے لئے مفید ہے۔

مشتہی

نہایت خوش ذائقہ بھوک پیدا کرنے والی مفید و مجرب دوا ہے۔ غذا کو ہضم۔ غلیظ ریاح کو خارج کرتی ہے۔ قراقر۔ نفخ شکم۔ درد معدہ۔ بھوک نہ لگنا۔ اردغ ترش۔ غرض یہ کہ معدہ کی اکثر امراض کو دور کر کے معدہ کو طاقت ور بناتی ہے۔ آپ نے ہزار ہا نسخے اس قسم کے ملاحظہ فرمائے ہوں گے مگر اس نسخہ کے متعلق ہمارا دعوی ہے کہ امراض معدہ کے لئے اس کا ثانی نسخہ ملنا محال ہے یہ وہ نسخہ ہے جس کے لئے ایک ریاست کے طبیب خاص کو پانچ صد روپیہ معہ خلعت انعام دیا گیا تھا۔

ہمارے ایک کرم فرما نے ہمیں یہ نسخہ بطور تحفہ عطا فرمایا۔ اکسیر مشتہی کے نام سے ہمارے دواخانہ میں استعمال کرایا جا رہا ہے۔ اس نسخہ میں خاص تعریف یہ ہے کہ قبض کشا ہے۔

طویل بیماری کے بعد معدہ کی کمزوری کو زائل کر کے بھوک خوب پیدا کرنے والی اور غذا کو ہضم کر کے بدن میں طاقت پیدا کرتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: پوست ہلیلہ زرد چھ ماشہ۔ پوست بلیلہ چھ ماشہ۔ پوست آملہ چھ ماشہ۔ فلفل سیاہ چھ ماشہ۔ فلفل دراز چھ ماشہ۔ زنجبیل چھ ماشہ۔ سہاگہ خام۔ نوشادر۔ نمک سیاہ ہر ایک چھ ماشہ۔ پوست بیخ مدار آدھا تولہ۔ گندھک آملہ سار۔ ہینگ بریاں۔ ایک تولہ۔ تمام کو نصف سیر آب لیموں میں کھرل کر کے خشک کریں بعد اس میں سوڈا بائیکارب دو تولہ۔ پودینہ کھار ایک ماشہ۔ نک چھکنی کھار ایک ماشہ۔ ست اجوائن چھ ماشہ۔ روغن دارچینی چھ ماشہ۔ روغن لونگ چھ ماشہ۔ سب کو یک جان کر لیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال: چار رتی سے دو ماشہ تک ہمراہ پانی دیں۔

فوائد: ہاضم۔ خوش ذائقہ۔ مخرج ریاح۔ قبض کشا۔ درد معدہ۔ نفخ۔ اروغ ترش۔ معدہ کی جلن۔ کمی اشتہاء۔ غرض یہ کہ معدہ کی جملہ امراض کو دور کرنے کے لئے اکسیر ہے ہیضہ تخمہ کی آخری حالتوں میں یہ دوا اعجاز مسیحائی دکھاتی ہے۔

اکسیر فولادی

مایہ ناز دوا سینکڑوں آزمائشوں اور ردو بدل کے بعد ہزار ہا روپیہ خرچ کر کے اس لا جواب نسخہ کو اس حالت میں مکمل کیا گیا جگر کے امراض کے لیے مفید ہے چند ہی یوم میں ضعف جگر کے مارے ہوئے زرد رو انسان کو سرخ و سفید طاقت ور۔ تنومند بناتی ہے۔ گرمی دھڑکا کو دور کر کے جوانی کی امنگیں برپا کرنے والی اکسیر ہے۔ ہزار ہا مریض اس دوا کو استعمال کر کے صحت و جوانی کا لطف اٹھا رہے ہیں۔

بخار کے بعد جگر کی خرابی۔ عظم جگر۔ ورم طحال۔ کمی خون وغیرہ پر فوری اثر کرنے والی نہایت سریع الاثر دوائی ہے بدن میں طاقت چستی چالا کی پیدا کرتی ہے سیروں دودھ گھی ہضم کرنے کے علاوہ ضعف اعضاء رئیسہ کو دور کرتی مقوی بدن مولد خون کمی اشتہار

ضعف اعضاب کو دور کرتی اور اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ اور رنگ کو سرخ کرنے والی اکسیر ہے ایک دفعہ کا استعمال آپ کو اس دوا کا گرویدہ بنا دے گا۔

اجزاء و ترکیب ساخت : پوست ہلیلہ زرد پانچ تولہ۔ پوست آملہ پانچ تولہ۔ پوست بلیلہ پانچ تولہ۔ نوشادر پانچ تولہ۔ الائچی خورد۔ ریوند خطائی۔ سنبل الطیب۔ ساذج ہندی۔ شورہ قلمی ہر ایک پانچ تولہ۔ برادہ فولاد دس تولے تمام ادویات باریک پیس کر ایک بڑے تربوز وزنی دس بارہ سیر میں سوراخ کر کے تمام ادویہ ڈال کر سوراخ بند کر دیں اور بحفاظت دھوپ میں خشک کر لیں بعد کسی کھلے منہ کے برتن میں رکھ کر اس پر دوسرا برتن رکھ کر بھوسہ یا روڑی میں دبا دیں۔ بیس یوم کے بعد نکال لیں اور کسی کھلے برتن میں ڈال کر ہاتھ سے مل کر باریک کر لیں چھ دن اسی طرح پڑا رہنے دیں تا کہ اس سے بو ساند یا تعفن ختم ہو جائے پھر مزید ہاتھ چلا کر کپڑ چھان کرنے کے بعد اس کو نہایت گاڑھے کپڑے سے تین چار دفعہ چھان لیں کہ کوئی آلائش باقی نہ رہے اب اس کے وزن سے دگنی کھانڈ ملا کر رب تیار کریں رب فولادی تیار ہے اس میں بہمن سرخ۔ دار چینی۔ خولنجاں۔ موچرس۔ شاہدانہ۔ زنجبیل۔ عقرقرحا۔ اقاقیا۔ جائفل۔ جلوتری۔ ثعلب مصری۔ اجوائن دیسی۔ کشتہ فولاد ہر ایک دو تولہ۔ کشتہ عقیق۔ کشتہ قلعی۔ سلاجیت۔ زعفران ہر ایک ایک تولہ۔ ورق نقرہ چھ ماشہ۔ تمام ادویات کو کوٹ پیس کر اور کشتہ جات وغیرہ ملا کر ان ادویہ سے سہ گنا رب فولادی مذکور ملا کر معجون تیار کریں۔

''یہی اکسیر فولادی ہے جس کی دھوم پاک و ہند یکساں ہے اس کے استعمال کرنے والے قابل رشک طاقت اور صحت کے مالک بن گئے۔

فوائد : عام جسمانی کمزوری۔ کمی خون۔ کمزوری باہ۔ مردانہ کمزوری جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال۔ ضعف دماغ۔ مراق بدہضمی۔ سلسل البول۔ رقت منی جریانی۔ ضعف گردہ و مثانہ۔ نسیان۔ قبض درد کمر وغیرہ امراض کو دور کر کے شیر نر کی طاقت اور جوان مرد کی طرح قوت باہ پیدا کرتی ہے زرد چہرہ کا رنگ مثل انار سرخ بناتی ہے۔

پرھیز: ترشی تیل آچار سے پرہیز ہے۔

ترکیب استعمال: چار سے چھ ماشہ روزانہ ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

محلول کاسنی نسخہ جدید دوالاثانی

یہ اکسری دوا جگر وطحال کے جملہ امراض کے لئے اکسیر الاثر ثابت ہو چکی ہے۔ ورم جگر دردجگر۔ ضعف جگر۔ عظم جگر وورم طحال۔ کمی خون۔ پرانے بخاروں کے لئے تریاق کامل اور ان بخاروں کے لئے جو جگر و ورم طحال کی خرابی سے واقع ہوں نہایت مفید دوا ہے جہاں استعمال کرایا گیا اکسیر سے بڑھ کر پایا وجع المعدہ کھانسی جو بوجہ عظم جگر ہو پرانے بخار ملیریا کیلئے تریقا اعظم ہے ضعف جگر کو دور کر کے خون پیدا کرتی ہے۔ نسخہ گو انگریزی ادویہ کا ہے مگر بیحد مفید اور کار آمد ہے متذکرہ امراض کے لئے تیر بہدف ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: ایکسٹریکٹ ٹرلے سائی (ست کاسنی) تین تولہ۔ ٹنکچر نکس وامیکا چھ ماشہ۔ ٹنکچر جنشن تین تولے۔ ٹنکچر کارڈیمیم (ست الائچی) اڑہائی تولہ۔ ایسڈ نائیٹرک ہائیڈروکلورائڈ ڈائیلوٹ ایک تولہ۔۔ فرائی ایٹ ایمونیا سائیٹراس چھ ماشہ سب کو باہم ملائیں۔

ترکیب استعمال: پانچ ماشہ صبح وشام بعد از غذا ہمراہ عرق سونف اڑھائی تولہ۔

فوائد: متذکرہ بالا امراض کے لئے تریاق ہے۔

رحمانی

شہنشاہ طب حضرت قبلہ حکیم مولوی عبدالرحمٰن صاحب خلیل نظام آبادی کا عطیہ ہے جو آپ کے مطب کا خاص الخاص نسخہ ہے جو ہزاروں مایوس مریضوں کو صحت جیسی دولت سے مالا مال کر چکا ہے جگر وطحال کی اکثر امراض کی حکمی دوا ہے قولنج سوا القینہ بلغمی۔ استسقاء۔ کرم امعاء۔ عظم طحال۔ ورم جگر۔ ضعف جگر۔ یرقان کے لئے عجیب الاثر ہے پرانے بخاروں قبض کے لئے نافع ہے۔ نزلہ وبائی۔ کھانسی ذات الجنب کو نافع ہے دق

بلغمی بخار۔ ملیریا کے لئے اکسیر الاثر ہے۔ غرض یہ کہ سمجھدار طبیب اس کو تمام امراض پر استعمال کر کے فائدہ حاصل کرسکتا ہے۔ مستورات کے احتباس طمث بے قاعدگی ایام۔ اختناق الرحم۔ درد پرسوت کے لئے ایک کامیاب دوا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : پوست بیخ کاسنی ایک پاؤ۔ تخم کثوث دس تولہ۔ سنا مکی آدھ سیر۔ کشنیز خشک دس تولہ۔ انجیر ولائیتی دس تولہ۔ تمر ہندی (املی) پچیس تولہ۔ سنبل الطیب۔ اجوائن دیسی۔ تخم کرفس۔ الائچی سبز ہر ایک پانچ تولہ۔ سب سے پہلے سنا مکی تین سیر پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح جوش دیں پانی تیسرا حصہ رہنے پر چھان لیں پتوں کو دوبارہ تین سیر پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور پھر تیسری بار بھی اسی طرح کریں اس مطبوخ کو ایک جگہ جمع کر کے تمام ادویہ کو جوکوب کر کے ڈال دیں۔ تخم کثوث کی ایک ڈھیلی سی پوٹلی بنا کر ڈالیں اس کا کوٹنا زہر ہے ایک دن رات اور یہ بھگو رکھنے کے بعد جوش دیں۔ نصف رہ جانے پر اتار لیں اور مل چھان کر اس میں سرکہ انگوری دیسی ایک سیر۔ قند۔ سفید تین سیر شامل کر کے شربت تیار کریں سرد ہونے پر ریوند چینی سرمہ کی مانند پسی ہوئی دس تولہ۔ فرائی ایٹ کونین سائٹراس اڑہائی تولہ عرق کاسنی عرق اجوائن پانچ تولہ حل کر کے ملالیں بوتلوں میں بھر لیں۔

فوائد : ضعف جگر۔ عظم جگر۔ ورم جگر۔ ورم طحال۔ نفخ شکم۔ قبض دائمی۔ بدہضمی۔ مراق۔ ملیریا بخار پرانا۔ دق۔ کمزوری۔ کھانسی۔ ذات الجنب۔ قولنج۔ کرم شکم۔ استسقاء۔ کمی تولید صفراء۔ سوء القینہ۔ امراض مستورات۔ احتباس حیض۔ پرسوت۔ اختناق الرحم کے لئے اکسیر اعظم ہے بچوں کی مٹی کھانے کی عادت قبض کے لئے نہایت مفید ہے۔

ترکیب استعمال : ایک تولہ سے چار تولہ پانی دس تولہ میں ملا کر دیں۔

تسکین

یہ نسخہ اپنے کثیر الفوائد اور عظیم النفع اثرات کی وجہ سے بے حد مقبول ہو چکا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : پوٹاشیم برومائیڈ ایک تولہ۔ صندل سفید چھ ماشہ۔ گیرو ایک تولہ۔ فنسٹین چھ ماشہ۔ جوہر لوبان تین ماشہ۔ سوڈا سیلی سلاس تین ماشہ۔ کشتہ مرجان ایک تولہ۔ کشنیز ایک تولہ۔ دارچینی ایک تولہ سب ادویہ کو الگ الگ کھرل کر کے باہم ملالیں آج پہلی بار یہ دوا ناظرین کی خاطر درج کی جاتی ہے۔

فوائد : مخدر۔ منوم۔ قابض۔ حابس اورفوری اثر کرنے والی اکسیر ہے۔

ترکیب استعمال : درد اعصاب۔ وجع المفاصل۔ ایک ماشہ ہمراہ آب۔ درد معدہ۔ ورم معدہ۔ ورم امعاء۔ خراش امعاء۔ زحیر سدی۔ قے کے لئے چار رتی صبح و شام ہمراہ آب یا مناسب بدرقہ سے دیں۔ قروح معدہ۔ سرطان معدہ۔ پیچش۔ اسہال۔ درد گردہ۔ وجع الورک چار رتی چار گھنٹہ کے بعد عرق النسأ وجع الرحم چار رتی صبح و شام۔ صداع شقیقہ چار رتی بوقت ضرورت۔ وجع الکبد۔ درد مثانہ۔ ذیابیطس۔ سلسل البول۔ بول فی الفراش۔ اسقاط حمل ابتدائی حالت۔ ملیریا۔ وبائی تپ۔ دو رتی ہمراہ آب۔ محرقہ اسہال ایک رتی ہمراہ آب ہر تین گھنٹہ بعد۔

نوٹ :۔ بچوں اور ضعف قلب کے مریضوں کو احتیاط سے دیں۔

ملین

نہایت عجیب الاثر مسہل کھانے میں آسان مقدار میں کم بلا بو اکثر امراض کے رفع کرنے کے لئے یہ گولیاں عدیم النظیر ہیں ان کے کھانے سے کسی قسم کی پیچش مروڑ۔ بے چینی پیدا نہیں ہوتی بلکہ نہایت آسانی سے بسہولت پاخانہ آتا ہے۔

امراض دماغی میں تنقیہ کے لئے استعمال کرانا نہایت مفید ہے۔ امراض عصبی و اورام اوجاع۔ امراض مستورات کے لئے نہایت عمدہ علاج ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : گودہ حنظل تازہ۔ آب کنوار گندل ہر ایک دس تولہ۔ شورہ قلمی پانچ تولہ۔ کڑاہی میں ڈال کر آگ پر خشک کرلیں شورہ کو محفوظ رکھیں۔ شورہ مذکور تین تولہ۔ جلاپہ سقمونیا۔ اجوائن خراسانی ہر ایک دو تولہ۔ کیلومل چھ ماشہ۔ مصطگی

روی۔ ریوند عصارہ ہر ایک ایک تولہ۔ روغن بادام تین ماشہ پانی کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں۔

فوائد و ترکیب ساخت : قبض کے لیے ایک گولی ہمراہ آب رات کو سوتے وقت امراض دماغی۔ فالج۔ لقوہ ایک گولی صبح و شام دیں۔ صرع۔ مالیخولیا ایک گولی صبح و شام دیں۔ ریاح و ثقل معدہ ایک گولی ہمراہ عرق سونف۔ کرم امعاء ایک گولی روزانہ رات کو سوتے وقت عظم جگر۔ ورم جگر۔ عظم طحال ایک گولی روزانہ دیں۔ استسقاء ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر شتر۔ درد اعصاب۔ عرق النساء۔ وجع المفاصل ایک گولی روزانہ ہمراہ وجع المفاصل میں صبح شام دیں۔ اختناق الرحم۔ مراق دو گولی صبح و شام ہمراہ عرق گاؤ زبان۔ احتباس یا کمی حیض ایک گولی صبح و شام ہمراہ عرق گلاب تین تولہ۔ قراقر معدہ۔ بدہضمی۔ خرابی ثبورات۔ برص۔ خنازیر۔ ایک گولی صبح و شام پانی یا ہمراہ عرق سونف زیادہ مناسب ہے۔ جہاں قبض کشا کی ضرورت ہو ایک عمدہ دوا ہے۔

بال اکسیر

بچوں کی تمام امراض میں اکسیر بے نظیر ہے۔ ڈبہ اطفال۔ ام الصبیان۔ سوکھا مسان۔ اور اٹھرا وغیرہ کی وجہ سے اگر بچے پیدا ہو کر مختلف یا ایک ہی قسم یا طرح طرح کی تکلیف میں مبتلا ہوتے رہتے ہیں۔ مختلف رنگ کے دست آتے ہوں کھالی کھانسی۔ کرم شکم۔ دودھ کا ہضم نہ ہونا۔ قے آجانا بچے کا ہر وقت روتے رہنا۔ آنکھیں دکھنا۔ قبض کا ہو جانا وغیرہ تمام امراض دور کرنے میں بے مثل و بے نظیر ہے ایک ماہ سے دس سال تک کے بچے کو یکساں مفید ہے تندرستی کی حالت میں دوسرے تیسرے دن اس دوا کا استعمال کرتے رہنے سے بچہ تمام امراض سے محفوظ رہتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ایکوا انیی سائی ایک پونڈ۔ ایکوا ینی تھائی ایک پونڈ۔ سپرٹ کلوروفارم آدھ پاؤنڈ۔ گلیسرین دو پونڈ۔ کھانڈ دس پونڈ۔ ایکوا کیروآئی آدھ پونڈ۔ سوڈا انبٹر دیٹ چار اونس۔ پوٹاسیم کاربونیٹ آدھ پونڈ۔ لائم واٹر پانچ پونڈ

ترکیب استعمال : ایک چمچہ چائے والا دن میں دو دفعہ۔
فوائد :۔ بچوں کی تمام امراض کے لئے بال اکسیر بے حد مفید ہے۔

مسکین نواز

یہ مشہور و معروف گولیاں ہیں۔ طب کی کتابوں میں ان کے بے شمار فوائد ہیں اور ایک سو سے زائد امراض پر مختلف بدرقوں کے ساتھ استعمال کی جاتی ہیں۔ اکثر حکیم و وید صرف انہی گولیوں سے ہر مرض کا علاج کرتے ہیں بعض طبیبوں کے مطب کا دارومدار ہی ان گولیوں پر ہے فی الحقیقت یہ عجیب الاثر گولیاں ہیں جس مرض پر استعمال کیا جائے ہمیشہ مفید ہی پڑتی ہیں۔ یہ نسخہ مختلف ناموں سے مشہور ہے اور حضرت سید گیسو دراز رحمۃ اللہ علیہ کا ایجاد اور ترتیب دیا ہوا نسخہ ہے بعض اسے حب اسود اور حب گھوڑ چڑھی بھی کہتے ہیں گو اس کا نسخہ عام ہے اور بہت کم فرق کے ساتھ اکثر لوگ اس نسخہ کو جانتے ہیں مگر اس کو بنا لینا ہر شخص کا کام نہیں۔ یہ بڑی محنت اور احتیاط کے ساتھ تیار کیا جاتا ہے اور اسے جس قدر زیادہ کھرل کیا جائے اسی قدر سریع التاثیر گولیاں تیار ہوتی ہیں یہی وہ گولیاں ہیں جنہیں اشتہاری حکیم مختلف نام دے کر سینکڑوں مرض کی ایک ہی دوا بتا کر معقول قیمت پر فروخت کرتے ہیں اور خود موجد ہونے کے دعوی دار بنتے ہیں خداوند کریم نے ان گولیوں میں کچھ ایسی تاثیر پیدا کر دی ہے کہ جس مرض میں اسے کھلا دیا جائے مریض کو خاطر خواہ فائدہ ہوتا ہے نقصان کا رتی بھر احتمال نہیں بچے بوڑھے عورت مرد ہر مزاج اور موسم میں مفید ہے اس کا نسخہ اور پرچہ ترکیب استعمال بلا بخل درج کر دیا گیا ہے ان گولیوں کا ہر گھر میں موجود رہنا ایک کامل حکیم اور لائق ڈاکٹر کی ضرورت سے بے نیاز کر دیتا ہے لاہور میں ایک طبیب صرف انہی گولیوں کی وجہ سے اس قدر مشہور ہو گیا کہ لوگ میلوں سفر کر کے اس کے پاس آتے اور مریضوں کا اس کے مطب میں دن بھر ایک میلہ سا لگا رہتا ہے۔ نسخہ کے مندرجہ ذیل فوائد ملاحظہ ہوں۔

سنگرہنی۔ اسہال کہنہ۔ درد شکم۔ حبس بول۔ بدہضمی۔ حیات کرم شکم۔ کدو دانہ۔ کثرت دم

گزیدہ۔کہنہ تپ۔ باری کا بخار۔ وجع المفاصل۔ گرمی پیچش۔ پرمیو (جریان) وسوزاک کی ایک قسم ہے سنپات۔ بدبوے دہن۔ تخمیہ درد اندام۔ دردسر۔ شقیقہ۔ جلودھر۔ باہ و امساک۔ دوار۔ صرع۔ سفید داغ۔ بادسول۔ ناسور۔ بالوں کا گرنا۔ ناخونہ۔ اسہال خونی۔ درد گوش۔ دنداں۔ شب کوری۔ حب القرع۔ بندش حیض۔ درد چشم۔ بادفرنگ قے۔ سنگ مثانہ۔ سرخ بادہ۔ چھاجن۔ زکام۔ درد گردہ۔ درد ناف۔ پینس۔ زحیر۔ درد مقعد۔ کمزوری مثانہ۔ عقیمہ۔ بواسیر۔ بستگی بول۔ زہر ہر قسم۔ سرخی چشم۔ پنڈروگ۔ مارگزیدہ۔ آگ سے جلنا۔ کایا کلپ۔ شدت تشنگی۔ برائے دفعہ سستی وحصول رجولیت۔ تپ لرزہ۔ ہضم۔ مجنون۔ رفع قبض۔ ڈبہ اطفال وغیرہ وغیرہ امراض کا تریاق کامل ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سیماب مصفی۔ کبریت مصفی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ بلیلہ۔ آملہ۔ مرچ سیاہ۔ فلفل دراز۔ زنجبیل۔ شیطرج۔ ہڑتال ورقیہ۔ بیش مدبر۔ ریوند چینی ہر ایک ایک تولہ۔ حب الملوک مدبر آٹھ تولہ۔ مید مہامید ایک تولہ۔ (اس سے مراد جومختلف درختوں کی نازک ٹہنیوں سے گرہ سی چمٹی ہوتی ہے غالبًا یہ کیڑے کا گھر ہے) عربی میں اسے اید ا میر کہتے ہیں) شرح رباعیات میں اس کی بجائے بہمنین (بہمن سرخ وسفید) لکھا ہے بعض اسے نسخہ سے ہی خارج کر دیتے ہیں۔

اول پارہ اور گندھک مصفی کو باہم کھرل کریں جب سرمہ کی مانند ہو جائے تو ہڑتال طبقی مدبر میٹھا تیلیا مدبر جمال گھوٹا مدبر کو الگ الگ پیس کر اس سفوف میں ملا لیں پھر بقیہ ادویہ کا سفوف شامل کر کے کپڑ چھان کر لیں اور اس سفوف کو آب بھنگرا دو تولہ میں ایک دن کھرل کر کے آدھی رتی کی گولیاں بنالیں۔

بیش مدبر کرنے کا طریق یہ ھے :۔ کہ بیش کو پوٹلی میں باندھ کر دودھ دو سیر میں جوش دے کر نکال کر خشک کر لیں۔

بیش مدبر کرنے کا طریقہ: کہ بیش کو پوٹلی میں باندھ کر دودھ دو سیر میں جوش دے کر نکال کر خشک کر لیں۔

Hakeem Shoukat Ali

حب الملوک کے مدبر کرنے کا طریقہ یہ ہے : کہ اس کو سرگیں گاؤ بیش میں جوش دے کر دھولیں پھر مقشر کر کے پردہ اندرونی نکال ڈالیں اور دودھ میں جوش دے کر داخل ترکیب کریں۔

فوائد : ان گولیوں کا نام مسکین نواز یا گھوڑ چڑھی کہلاتی ہے بیماری کی اذیت سے بے بس اور عاجز کو اس حالت میں اپنے مفید اثر سے مہربانی کرتی ہے دوسرے سے مراد یہ ہے جیسا کہ گھوڑے کا سوار جلدی جاتا ہے مختلف قسم کی بیماریوں کے لئے مناسب بدرقہ سے مستعمل ہے۔ اس گولی کی قوت پچیس سال تک باقی رہتی ہے اس کے فوائد حسب ذیل ہیں تپ کے لئے ہمراہ کشنیز۔ دردمعدہ۔ قولنج۔ کے واسطے تخم کڑ ایک تولہ۔ بادیان چھ ماشہ۔ کا شیرہ نکال کر دو تولہ شکر سرخ ملا کر اس کے ساتھ لیں۔ وجع مفاصل احتباس بول۔ سنگ گردہ و مثانہ کے واسطے تخم خیارین ایک تولہ۔ تخم خربزہ چھ ماشہ۔ کاسنی پانچ ماشہ۔ بادیان چار ماشہ کا شیرہ نکال کر دو تولہ شربت بنفشہ ملا کر اس کے ہمراہ لیں معمولی حالت میں پانی کے ساتھ نگل جائیں گرم پانی پینے سے اسہال زیادہ ہوتے ہیں۔

خوراک : ایک سے چار گولی تک۔

حب مسکین نواز کے مفصل فائدے

۱۔ **سنگرھنی** آہن تاب دہی کے ساتھ۔

۲۔ **درد شکم** عرق کتائی یا برگ تنبول کے ساتھ۔

۳۔ **ضعف ھضم** تین تولہ زنجبیل یا برگ پان کے ساتھ۔

۴۔ **کرم شکم۔** شیرہ اورک یا تین ماشہ تخم خربزہ کے ساتھ نہار منہ کھا کر برگ پان چبالیں۔

۵۔ **کژدم گزیدہ۔** آب ادرک کے ساتھ مقام ڈنگ پر ملیں۔

۶۔ **تپ کھنه۔** روغن کتاں تین ماشہ کے ساتھ تین روز۔

۷۔ **تپ ربع۔** دو ماشہ زیرہ سفید سات ماشہ شکر کے ساتھ تین روز کھلائیں یا سات

عدد فلفل اور برگ پان کے ہمراہ دیں۔

۸۔ **وجع المفاصل اور تپش دل** چار ماشہ شیرہ بھنگرہ کے ساتھ تین روز کھائیں یا دس عدد مرچ سیاہ۔ پانچ عدد فلفل دراز تین ماشہ دارچینی کے ساتھ تین روز نہار منہ کھلائیں ان کے ساتھ بھی ہو تو بہتر ہے۔

۹۔ **جریان منی۔** ڈھائی تولہ شیر گوسفند یا ایک تولہ شیرہ برگ سنبھالو کے ساتھ چند روز دیں۔

۱۰۔ **تپ سنپات۔** فلفل دراز کے ساتھ پانی میں ڈالیں مریض ہوش میں آ جائے گا۔

۱۱۔ **بوئے دھان** ایک تولہ قند سیاہ کے ساتھ کھا کر آب ادرک پی لیں یا برگ پان چبا لیں سات روز تک۔

۱۲۔ **بدھضمی درد اعضاء** شیرہ برگ پنواڑ کے ساتھ دیں۔

۱۳۔ **درد سر نیم سر (شقیقه)** ایک گولی چھ ماشہ ترپھلہ کے ساتھ کھالیں اور ایک گولی روغن تلخ میں حل کر کے ضماد کریں۔

۱۴۔ **استسقاء** ایک گولی چھ ماشہ منڈی کے ساتھ کھلائیں۔

۱۵۔ **باہ امساک** تین ماشہ شہد کے ساتھ یا برگ پان کے ہمراہ ایک گولی کھائیں مفید ہے اور ایک گولی سفیدی بیضہ مرغ میں حل کر کے عضو پر طلاء کریں۔

۱۶۔ **دوار سر** ایک گولی سات ماشہ۔ تج کے ساتھ کھلائیں اور ایک پانی میں حل کر کے سر پر ضماد کریں۔

۱۷۔ **صرع** ایک گولی ڈیڑھ ماشہ مرچ سیاہ کے ہمراہ رگڑ کر مریض کی ناک میں پھونکیں۔

۱۸۔ **بائو گولہ** ایک تولہ روغن خشخاس یا شیرہ ادرک کے ساتھ کھلائیں۔

۱۹۔ **داغ سفید** تخم کونچ کشنیز ہم وزن سفوف بنالیں ایک گولی تین ماشہ سفوف کے ساتھ انتالیس روز بمعہ پرہیز ترشی ونمک بادی کھائیں۔

۲۰۔ **ناسور** استخوان گریہ سائیدہ کے ساتھ لگائیں۔

۲۱۔ **موئے ریختہ** تین ماشہ گھونگچی کے ہمراہ آب آملہ کے ساتھ لگائیں ایک ہفتہ تک بال پھر پیدا ہوں گے۔

۲۲۔ **ناخنہ** پہلے ناخنہ کو دو ہفتہ شورہ کی سلائی سے کھجلا کر گولی کو زیرہ سفید میں حل کر کے لگائیں انشاء اللہ چند دنوں کے استعمال سے آرام ہوگا۔

۲۳۔ **اسہال** ڈیڑھ ماشہ اجوائن کے ساتھ کھائیں اسہال بند ہوں گے۔

۲۴۔ **اسہال خونی** سات ماشہ قند ڈیڑھ ماشہ موچرس کے ساتھ روز تک کھلائیں۔

۲۵۔ **درد گوش**۔ ڈیڑھ ماشہ زنجبیل کے ساتھ شیر عورت میں حل کر کے ٹپکائیں۔

۲۶۔ **درد دنداں** ڈیڑھ ماشہ کتائی کے ساتھ چبائیں اور دانتوں پر مل کر سو جائیں۔

۲۷۔ **شبکوری** لعاب دہن سے حل کر کے آنکھ میں لگائیں تین روز تک۔

۲۸۔ **حیض بستہ** ایک عدد بیضہ مرغ کے ساتھ نہار چالیس روز کھائیں اور آب گرم سے غسل کریں۔

۲۹۔ **درد چشم**۔ زیرہ سفید کے ساتھ آب آملہ میں حل کر کے رات کو آنکھ پر طلا کریں انشاء اللہ درد چشم رفع ہوگا۔

۳۰۔ **آتشک**۔ ڈھائی تولہ برگ نیم کے ساتھ چالیس روز مع پرہیز ترشی بادی اور جماع استعمال کریں۔

۳۱۔ **قے** سہ چند انگوزہ کے ساتھ گرم کر کے کھائیں۔

۳۲۔ **سرخبادہ** ڈیڑھ ماشہ زیرہ سائیدہ کے ساتھ۔

۳۳۔ **سنگ مثانہ** چھ ماشہ کلتھی کے ساتھ چالیس روز کھائیں۔

۳۴۔ **چھاجن** دس گولیاں آدھ سیر روغن میش میں حل کر کے ڈھائی تولہ سیندور ملائیں اور طلا کریں۔

۳۵۔**زکام** تین ماشہ زنجبیل کے ساتھ سات روز کھائیں۔
۳۶۔**درد کمر**۔ پانچ عدد قرنفل سات ماشہ ادرک کے ساتھ کھائیں۔
۳۷۔**درد ناف**۔ پانچ عدد قرنفل کے ساتھ باریک کر کے ناک میں ٹپکائیں۔
۳۸۔**پینس**۔ چار عدد فلفل دراز کے ساتھ کھلائیں۔
۳۹۔**زخیر بلغمی**۔ تین ماشہ زنجبیل اور سوا تولہ شیرہ مادہ گاؤ گرم گرم کے ساتھ کھلائیں۔
۴۰۔**سرعت بول** تین ماشہ کشنیز کے ساتھ سات روز۔
۴۱۔**درد مقعد**۔ تین ماشہ بھنگ کے ساتھ ایک ہفتہ کھائیں۔
۴۲۔**عقیمہ** چار حصہ کافور کے ساتھ کھائیں۔
۴۳۔**بواسیر**۔ تین ماشہ اکاس بیل کے شیرہ یا سات ماشہ کشنیز کے ساتھ اکیس روز کھائیں۔
۴۴۔**بندش بول**۔ ایک تولہ زیرہ سفید کے شیرہ کے ساتھ۔
۴۵۔**دافع زھر**۔ ایک گولی صبح وشام کھائیں زہر اثر نہ کرے گا۔
۴۶۔**سرخی چشم**۔ آب کنجد یا گل کنجد کے ساتھ آنکھ میں ڈالیں۔
۴۷۔**پنڈروگ**۔ سات ماشہ میتھی کے ساتھ سات روز کھائیں۔
۴۸۔**مارگزیدہ**۔ مقام ڈنگ پر چند پچھنے لگا کر ایک گولی پانی میں گھس کر لگائیں۔
۴۹۔**سوختگی آتش**۔ آب آملہ میں گھس کر لگائیں۔
۵۰۔**کایا کلپ**۔ فلفل دراز نصف دانہ۔ دار چینی چار ماشہ کے ساتھ شہد ملا کر کھائیں۔
۵۱۔**رفع تشنگی**۔ ڈیڑھ ماشہ زیرہ سیاہ کے ساتھ کھائیں۔
۵۲۔**تپ لرزہ** شیرہ بھنگرہ کے ساتھ کھائیں۔
۵۳۔**ھضم طعام**۔ ایک ماشہ اجوائن کے ساتھ کھائیں۔

۵۴۔**جنون بلغمی** ایک تولہ شیرہ گھیکوار کے ساتھ چالیس روز۔

۵۵۔**ڈبہ اطفال** نصف گولی شیر مادر میں حل کر کے پلائیں۔

۵۶۔**رفع قبض** تین روز کھچڑی کھلا کر بچے کو ایک یا دو گولیاں اور جوان کو چار گولیاں دیں اور آب گرم اس کے بعد بہت پئیں اسہال بخوبی ہوں گے مذکورہ بالا تمام امراض میں خوراک صرف ایک گولی ہے۔اسہال لانے کے لئے چار تک استعمال کریں۔

نوٹ :۔ اس قسم کی گولیوں کے مختلف نسخے ہیں اس کے اصلی اجزاء اس ہندی بیت میں درج ہیں۔

رس بس گندھک اور ہر تار

ترپھلہ ترکٹہ ٹنکن کھار

اجی پال بھنگرہ رس باندھے گولی

چونسٹھ روگ ہرے گھوڑا چولی

بس (بیش) ہر تار (ہڑتال)۔ترپھلہ۔(پوست ہلیلہ بلیلہ آملہ) ترکٹہ (فلفل دارز فلفل۔زنجبیل) ٹنکن کھار (سوہاگہ) اجی پال) حب الملوک باقی ترکیب بدستور۔

خنازیری

خنازیر (ہجیر اں) کا اندرونی و بیرونی علاج ہے سخت سے سخت اور پرانی سے پرانی خنازیر کا اس اندرونی و بیرونی علاج ہے شرطیہ چند روز میں مرض کا قلع قمع ہو جاتا ہے سینکڑوں مرتبہ تجربہ میں آچکی ہے اور بہت ہی مفید ثابت ہو چکی ہے چند روزہ استعمال موجودہ گلٹیوں کو بلا تکلیف خشک کر دیتا ہے اور آئندہ پھر دوسری دوا دو ماہ تک کھاتے رہنے سے آئندہ گلٹیاں موقوف ہو جاتی ہیں اور مواد کا ہمیشہ قلع قمع ہو جاتا ہے مریض دامی تکلیف سے بالکل بچ جاتا ہے جس سے سینکڑوں مایوس صحت یاب ہو چکے ہیں ایک کامیاب کہنہ مشق سنیاسی کا عطیہ جو اس مرض کا ماہر معالج مشہور ہے۔

۱۔ ترکیب ساخت : شنگرف رومی ایک تولہ۔ سم الفار ایک تولہ۔ رس کپور

ایک تولہ۔ دار چکنا ایک تولہ۔ جنگلی چوہا سفید ایک عدد۔ ادویات کو باریک کر کے چوہا کا دم اور منہ کاٹ کر پیٹ چاک کر کے صاف کر کے ادویات اس میں بھر دیں۔ اور سی کر روغن زرد میں تل کر سیاہ کر لیں بعد ادویات کو نکال کر آب ادرک ایک سیر میں کھرل کر کے محفوظ رکھیں یہ اکسیر تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ایک چاول روزانہ ہمراہ مکھن یا بالائی دیں۔

مرہم خنازیر

بیرونی استعمال کے لئے یہ مرہم نہایت اکسیر الاثر ثابت ہو چکی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: روغن تارا میرا دس تولہ۔ بھلاوہ آٹھ عدد۔ پوست مرچ سرخ ڈیڑھ تولہ۔ کینچلی سانپ تین ماشہ۔ موسر بھنگن تین ماشہ۔ ناخن خر ایک تولہ۔ پہلے ادویہ کو تیل میں جلا کر سیاہ کریں اور تیل چھان کر اس میں ادویہ شامل کریں۔ موم دو تولہ۔ گندھک دو تولہ۔ بیروزہ ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا بریاں تین ماشہ ملا کر آگ پر رکھیں مرہم تیار ہونے پر اتار لیں اور ریوند چینی ایک تولہ سرمہ کی مانند پسی ہوئی شامل کر کے خوب گھوٹ لیں مرہم تیار ہے زخموں پر بطریق معروف لگائیں۔

اکسیر نایاب

پیشاب بار بار آئے اور پیاس زیادہ لگے۔ کم خوابی۔ منہ کا ذائقہ خراب۔ اعضاء شکنی۔ لاغری جسم۔ ضعف مثانہ۔ چلنے پھرنے سے چکر آئے۔ سر میں درد طبیعت میں بدمزگی۔ ہاتھ میں خشکی۔ جلن اور خشونت جلد۔ معدے میں جلن۔ بے وقت بڑھاپے کا نزول۔ اعضائے رئیسہ کمزور۔ رقت۔ سرعت۔ کمی باہ کی شکایت کا دن بدن زیادہ ہونا پیشاب میں شکر آئے تو اس دوا کا استعمال ان کے لئے بے حد مفید ہے۔

ذیابیطس کے مایوس مریض اس کے استعمال سے بفضل خدا صحت یاب ہو گئے جن لوگوں نے ہزار ہا روپیہ اس کے علاج پر ولائتی ادویہ پر خرچ کیا لیکن فائدہ نہ ہوا وہ اس دوا سے

صحت یاب ہو گئے ذیابیطس کے مریض کے لئے ایک لاثانی تحفہ ہے۔

اجزاء وترکیب ساخت :۔ شنگرف رومی مدبر چھ ماشہ۔ زرنیخ ورقی چھ ماشہ۔ مِٹھا تیلیہ مدبر چھ ماشہ۔ ورق طلاء دو ماشہ۔ کشتہ فولاد تین ماشہ۔ رب افیون چھ ماشہ۔ زنجبیل ایک تولہ۔ کشتہ سکہ تین ماشہ۔ کشتہ قلعی تین ماشہ۔ مغز خستہ جامن چھ ماشہ۔ کشتہ مرجان تین ماشہ آب ادرک تازہ دو بوتل میں کھرل کر کے خشک ہونے پر گولیاں بمقدر دانہ نخود بنائیں۔

فوائد : ذیابیطس جملہ اقسام کا مکمل علاج ہے۔

ترکیب استعمال : ایک گولی روزانہ ہمراہ پانی استعمال کریں۔

حب اعجاز

ہر مطب میں رہنے کے قابل لاجواب اکسیر جو سینکڑوں امراض کی واحد دوا ہے میرے خاص مجربات ہر وقت مطب میں تیار رہنے والی اکسیر ہے جہاں بھی اسے استعمال کیا اکسیر سے کم نہ پایا مطب کی رونق بڑھانے والی اکسیرات میں اس کا خاص درجہ ہے۔ متواتر تجربہ نے اس بات کو ثابت کر دیا ہے کہ دوا واقعی ہر مطب کی زینت ہے بڑے بڑے قیمتی نسخوں کو مات کر جاتی ہے جو صاحب اس کو بنا کر ایک دفعہ تجربہ کریں گے اس کے گرویدہ ہو جائیں گے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : گندھک آملہ سار ایک تولہ۔ پارہ ایک تولہ۔ شنگرف ایک تولہ۔ ہڑتال ورقی ایک تولہ۔ میٹھا تیلیہ مدبر ایک تولہ۔ افیون ایک تولہ۔ فلفل دراز ایک تولہ۔ سہاگہ ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ قرنفل ایک تولہ۔ جوز بوا ایک تولہ۔ زعفران ایک تولہ۔ تمام ادویہ کو کوٹ کر ایک ہفتہ آب ادرک میں کھرل کر کے حبوب نخودی تیار کریں۔

فوائد : تمام امراض باردہ۔ فالج۔ لقوہ۔ تشنج۔ کزاز۔ وجع المفاصل۔ عرق النساء۔ گنٹھیا۔ سنپات۔ پرسوت کے لئے اکسیر ہے۔ ضیق النفس پرانی کھانسی۔ اسہال معدی۔ صرع۔ سکتہ۔ زکام۔ پیچش۔ ضعف اشتہاء۔ دوران سر۔ دافع انقلاب معدہ دافع ریاح۔

تپ ہر قسم۔ ممسک۔ مقوی۔ دافع جریان۔ سرعت۔ کثرت بول وغیرہ۔

ترکیب استعمال : ایک گولی کسی مناسب عرق یا شربت سے دیں چوبیس گھنٹہ میں دو گولی سے زیادہ نہ دیں۔

مصفی

ہر قسم کے پھوڑے پھنسی خارش دھپڑ وغیرہ کے لئے رام بان ہے اور لطف یہ کہ مصفی خون ہونے کے علاوہ قبض کشا بھی اعلیٰ درجہ کا ہے یہ تمام مصفی خون ادویات کی سرتاج امراض فساد خون کی ایک نہایت بہتر اور مجرب دوا ہے ہم بلا خوف تردید دعوی کر سکتے ہیں کہ مصفی جدید تصفیہ خون کی وہ بے نظیر دوا ہے جس کے مقابلہ کی دوا یورپ بھی نہیں پیش کردہ مصفی جدید دیسی جڑی بوٹیوں کا خلاصہ ہے جو سائنسی اصول سے تیار کیا گیا ہے۔ استعمال سے بالعموم خارش پھوڑے۔ پھنسی آتشک۔ اور جذام وغیرہ کا زہریلا مادہ زائل ہو جاتا ہے۔ تمام سوداوی و جذامی بیماریوں کی بے مثل دوا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : پوست ہلیلہ زرد تین تولہ۔ پوست ہلیلہ کابلی تین تولہ۔ پوست بلیلہ (بھیڑہ) تین تولہ۔ آملہ ایک تولہ۔ ہلیلہ سیاہ دو تولہ۔ سناء ایک تولہ۔ شاہترہ ایک تولہ۔ پھول گلاب دو تولہ۔ ریوند چینی ایک تولہ۔ چوب چینی چار تولہ۔ عشبہ دو تولہ سب کو کوٹ کر باریک سفوف تیار کریں۔

ترکیب استعمال : ایک تولہ صبح ایک تولہ شام عرق سونف سے استعمال کریں اگر عرق نہ ملے تو تازہ پانی سے لیں درران استعمال نمک مرچ تیل کی چیزیں اور کھٹی چیزوں نمک کھانا ہو تو بہت ہی کم کھائیں اور گھی کا زیادہ استعمال رکھیں بیسنی روٹی گھی کے ساتھ دیں۔

فوائد : ہر قسم کی خرابی خون کے لئے اکسیر ہے۔

طلاء حنائی

یہ عجیب و غریب طلا اپنی نظیر آپ ہے۔ ممسک۔ ملذذ۔ مقوی باہ۔ ہونے کے علاوہ بوقت

خاص فربہی اور درازی بڑھ جاتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : تخم دھتورہ سیاہ۔ مالکنگنی مساوی الوزن لے کر تیل نکالیں تیل مذکور ایک تولہ۔ افیون خالص پختہ شدہ تین ماشہ۔ عطر فتنہ درجہ اول تین ماشہ بذریعہ کھرل ملالیں اور عقرقرحا تین ماشہ۔ اندری ریچھ تین ماشہ۔ عطر درجہ اول تینوں کو اندری کو عطر میں گھس کر عقرقرحا ملا کر ایک جان کر لیں اور بعد میں دارچینی۔ زہرہ زاغ سیاہ۔ کافور ہر ایک تین ماشہ ملا کر چینی یا شیشے کی ڈبیہ میں رکھ لیں۔

ترکیب استعمال : وقت خاص سے آدھا گھنٹہ قبل حشفہ چھوڑ کر طلاء کریں اس سے بے حد لذت آئے گی۔

فوائد:۔ امساک بڑھے گا قوت باہ زیادہ ہو گی۔

اکسیر نسواں

خون حیض اور اس کی بدنظمی سے عورت کو ایسی تکالیف اٹھانی پڑتی ہیں جو اس کی زندگی کو وبال بنا دیتی ہیں۔ جسمانی کمزوری۔ رنگت کی زردی۔ بدہضمی۔ قبض۔ بدن کی لاغری۔ اٹھتے بیٹھتے چکر آنا۔ کام سے نفرت۔ سر اور کمر میں درد۔ بدن کا ڈھیلا ہو جانا۔ چڑ چڑا پن بخاروں اور کھانسی طبیعت کی بدمزگی وغیرہ سب اسی سبب کے باعث ہیں۔

اختناق الرحم جسے جن بھوت اور آسیب وغیرہ کا نام دے دیا کرتے ہیں اس نامراد مرض کا پیش خیمہ ماہواری خون کی بدنظمی کی وجہ سے اس کی وجہ سے عورت بدصورت اور قبل از وقت بوڑھی ہو جاتی ہے جسم ڈھیلا ہو کر حمل نہیں ہونے دیتا یہی وہ شکایت ہے جس کی آئے دن مختلف شکلوں میں ظاہر ہونے سے انتظام خانہ داری میں فرق اور عورت مرد اور تمام گھر کے لوگوں کو بیزار کر دیتی ہے۔

اکسیر نسواں مدت کے تجربے سے عورتوں کی ان تمام شکایتوں کے لئے اکسیر ثابت ہو چکی ہے جن کا تعلق رحم اور خون حیض کے ساتھ ہو ایک ماہ متواتر استعمال پرانی سے پرانی شکایت کو دور کر دیتا ہے اور خون کا کم یا زیادہ ہونا یا وقت پر نہ آنا اور تکلیف سے آنا

وغیرہ ان تمام متعلقہ امراض میں استعمال جادو کا اثر رکھتا ہے آزمائش پر لاثانی چیز ثابت ہوئی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کچلہ مدبر چھ ماشہ۔ رسوت ایک تولہ۔ ست صبر زرد ایک تولہ۔ کشتہ فولاد چھ ماشہ۔ زعفران چھ ماشہ۔ حلتیت چھ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ایک تولہ۔ ایکسٹریکٹ بیلا ڈونا تین ماشہ۔ ارگوٹین ایک ماشہ۔ پوٹاشیم برومائیڈ ایک تولہ۔ کونین تین ماشہ سب کو شہد کی مدد سے گولیاں بقدر نخودی بنائیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی روزانہ رات کو سوتے وقت کھلائیں۔

نوری

بیاض یعنی سفیدی چشم کے لئے بہترین دوا ہے اگرچہ اس دوا کو لکھا تو گیا ہے صرف پھولا کے لئے مگر یہ دوا نہ صرف پھولا کو دور کرتی ہے بلکہ وہ تمام شکائتیں اس سے رفع ہو جاتی ہیں جن کو کسی قدر تیزابی ادویہ کی ضرورت ہوتی ہے دھند جالا ناخنہ اس سے سب دور ہو جاتے ہیں اور اکثر بلغم وغلاظت روح موجب ضعف بصر ہو تو یقیناً دور ہو جاتا ہے۔
کئی صد تصادیق اس کی موصول ہو چکی ہیں پرانا سے پرانا پھولا اس دوا نوری سے رفع ہو گیا دارلعلاج میں کثرت سے تیار ہوتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : گندھک آملہ سار ایک تولہ۔ نوشادر ایک تولہ۔ برادہ تانبہ چھ ماشہ۔ رس لیموں سات تولہ۔ سب کو شیشہ یا چینی کے برتن میں ڈال کر گرد وغبار سے محفوظ کر کے رکھ دیں جب خشک ہو جائے باریک کر لیں اس کے ہم وزن کیلو مل اور دگنا وزن کف دریا ملا کر محفوظ رکھیں۔

فوائد : بیاض چشم (پھولا) کا حکمی علاج ہے۔

ترکیب استعمال : صبح وشام سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔

منجن لاثانی

غذا کا ہضم اول منہ ہی زے شروع ہو جاتا ہے دانتوں کی جڑیں مسوڑھے مضبوط ہوں تو غذا کافی چبائی جاتی ہے اور معدہ کو ہضم کرنے میں بہت مدد ملتی ہے مقوی سے مقوی غذا اچھی طرح جزو بدن نہ ہو تو محض بے فائدہ ہے اس لئے ہمیں دانتوں کی بہت زیادہ حفاظت کرتی چاہئے تا کہ قبل از وقت ہمارے دانت ہمیں جواب نہ دیں۔ یاد رہے کہ یہ سچی مثل ہے دانت گئے سواد گیا اس منجن کے استعمال سے دانت مضبوط مسوڑھوں کا گوشت درست ہو جاتا ہے خون کا جانا بند بدبو میلا پن دور ہو جاتا ہے دانت موتیوں کی طرح صاف اور چمکدار ہو جاتے ہیں اور گرنے سے محفوظ رہتے ہیں کیڑا لگنے نہیں پاتا۔

اجزاء و ترکیب ساخت : طباشیر۔ دانہ الائچی خورد۔ کتھہ سفید ہر واحد تولہ تولہ۔ پھٹکڑی بریاں چھ ماشہ۔ مازو تولہ۔ خون سیاؤشاں۔ سنگ جراحت ایک تولہ۔ مرچ سیاہ تین ماشہ۔ کافور ایک ماشہ۔ ست اجوائن ایک ماشہ۔ ست پودینہ ایک ماشہ۔ چاکسو اٹھارہ تولہ سب کو باریک پیس کر منجن بنائیں۔

ترکیب استعمال : دانتوں پر روزانہ ملا کریں۔

فوائد : دانت خراب ہوں میل جمی ہوئی ہو یا کیڑا لگنے کا احتمال ہو مسوڑھے کمزور اور ان سے خون جاری رہتا ہے بدبو آتی ہو ان کے لئے مندرجہ بالا منجن نہایت مفید ہے اور مسوڑھوں کا ورم اور درد خون آنا اور صفائی دندان کے لئے عمدہ منجن ہے۔

اکسیر جگر

اس کی تعریف میں اگر یہی لکھ دوں کہ یہ تمام جگر کی امراض کے لئے اکسیر ہے تو مبالغہ نہیں اور کافی تعریف ہے۔ مگر تاہم اتنا ضرور لکھوں گا کہ جگر کی ہر ایک شکایت میں اور ہر حال میں مفید ہے۔ ضعف جگر۔ سواء القینہ۔ استسقائے لحمی طبلی۔ ہاتھ پاؤں کی تمام سوجن۔ بواسیر بادی کے واسطے سینکڑوں بار تجربہ ہو چکی ہے امعاء اور معدہ کو بھی طاقت

دیتی ہے چہرہ کی زردی سرخی سے بدل جاتی ہے اور بدن میں کافی مقدار میں خون پیدا کرتی ہے نایاب چیز ہے۔

خوراک : نصف ماشہ ہمراہ عرق کاسنی یا سونف زیادہ سے زیادہ دو ماشہ تک کھلائی جا سکتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ریوند چینی تین تولہ۔ نوشادر ایک تولہ۔ قلمی شورہ ایک تولہ۔ گندھک آملہ سار ایک تولہ۔ ہیرا کسیس ایک تولہ۔ کشتہ قلعی پارہ شورہ والا۔ سوڈا بائیکارب چار تولہ۔ کونین فولادی (فیری ایٹ کونین سائیٹراس) ایک تولہ سب کو باریک کرلیں تیار کرلیں۔

باسوری

برسوں کے تجربے سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ یہ دوائی ہر قسم کی بواسیر کے لئے حکمی علاج ہے بواسیر خونی ہو یا بادی ریاحی یا ساوی مسے کتنے ہی تکلیف دیتے ہیں خون کتنا بھی جاتا ہو انشاء اللہ یہ سب شکایات رفع ہو جاتی ہیں غرض یہ کہ میری شہرت کا راز اور باعث جو خاص الخاص ادویہ ہیں ان میں سے ایک یہ بھی ہے یہ دوا خصوصا ان اصحاب کے لئے مفید ہے جو کافی عرصہ سے اس مرض سے تکلیف اٹھا رہے ہوں اور علاج کرنے کے باوجود صحت نہیں ہوئی اس دوا کا استعمال کریں اور قدرت خدا کا تماشہ دیکھیں۔ لیکن شرط یہ ہے کہ طبیعت میں استقلال ہو اور دیر تک دوا کا استعمال کریں۔ اگر مرض بہت دنوں کی ہے تو کم از کم چھ ماہ تک دوا کا استعمال کریں گو آرام دنوں میں ہی ہو جائے اور خون کے دورے رک جائیں مسے گر جائیں اور تمام تکلیف سے چھٹکارا ہو جائے تو پھر استعمال نہ کریں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : رسوت خالص دو تولہ۔ مغز تخم نیم دو تولہ۔ مغز تخم سرس دو تولہ۔ کشتہ سونا مکھی (حنا والا) چھ ماشہ۔ اوپلہ کھار ایک تولہ۔ کشتہ مردار سنگ چھ ماشہ۔ (لہسن والا) سب کو یک جان کر کے ایکسٹریکٹ ہیے میلس لیکویڈ شامل کر کے

گولیاں بمقدار دانہ نخود بنائیں۔

فوائد: بواسیر کے لیے انتہائی مؤثر ہے۔

ترکیب استعمال: ایک گوی سے دو گولی تک استعمال کرائیں۔

سنہری قطرہ

بوڑھوں کو جوان اور جوانوں کو قوی بنانے والی اکسیر۔ دواخانہ کا ایک راز تھا جو افشا کر دیا گیا۔ اسے تمام مقوی باہ ادویہ کا بادشاہ قرار دیا گیا ہے اس قدر سریع الاثر ہے کہ اس کی چند ہی خوراکیں جسم انسان میں ایک حیرت انگیز تغیر پیدا کر دیتی ہے قوت رجولیت پر اس کا خاص طور پر اثر ہوتا ہے اس کی مداومت باہ کو کمزور نہیں ہونے دیتی لطف یہ کہ ہر مزاج کے موافق ہے یہ وہ جادو اثر اکسیری قطرہ ہے جو از کار رفتہ اشخاص کو قابل فخر اور ممتاز بنانے اور دنوں میں پہلے سے زیادہ طاقت پیدا کرنے اور انسان کو سرخ و سفید مضبوط بنانے میں اپنی نظیر آپ ہے۔ نامردی اور اس کے تمام اسباب دنوں میں دور ہو جاتے ہیں تندرست اس کے استعمال سے ایک عجیب قوت اور کیف محسوس کرتے ہیں غرض یہ کہ ایک لاجواب تحفہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار ایک تولہ۔ کچلہ سوہان کردہ ایک تولہ۔ ہڑتال ورقی ایک تولہ۔ میٹھا تیلیہ ایک تولہ۔ شنگرف ایک تولہ۔ جائفل دو تولہ۔ جلوتری دو تولہ۔ لونگ دو تولہ۔ نوشادر دو تولہ۔ زرد کاہی دو تولہ۔ تخم دھتورہ دو تولہ۔ لوبان دو تولہ سب کو آب کنوار گندل پچیس تولہ میں کھرل کر کے حبوب نخودی بنا کر بذریعہ پتال جنتر تیل کشید کریں سرخ رنگ کا تیل برآمد ہوگا۔ اس میں سے ایک تولہ تیل لے کر شراب برانڈی دو تولہ۔ مشک خالص دو ماشہ۔ عنبر دو ماشہ۔ زعفران دو ماشہ۔ افیون دو ماشہ۔ باہم مخلوط کر لیں بس سنہری قطرہ تیار ہے۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت ایک قطرہ مکھن یا بالائی میں بعد از غذا کھائیں۔

فوائد :۔ حلق سے اترتے ہی اثر دکھانے والی خون میں جلد تحلیل ہو جانے والی مقوی اکسیر صفت دوا ہے۔

راحت

سوزاک ایک زندہ درگور کر دینے والا مرض ہے کیونکہ اس کے پرانا ہو جانے سے تمام عوارضات آتشک نمودار ہو جاتے ہیں مریض کو پیشاب کرتے وقت اس قدر تکلیف ہوتی ہے کہ پیشاب نہ کرنے ہی کو ترجیح دیتا ہے مگر یہ کب تک آخر پیشاب کرتے وقت سخت تکلیف اور ٹیس کے سبب مریض بے چارہ نڈھال ہو جاتا ہے اگر اس حالت کا فوری علاج کر لیا جائے تو خیر ورنہ یہ مادہ بڑھ کر مثانہ تک جا پہنچتا ہے جہاں قرحہ بن جاتا ہے اور خون میں اس کے جراثیم مل کر کئی قسم کے مہلک امراض پیدا کر دیتے ہیں۔ ہماری دوائی راحت گویا مریض سوزاک کے لئے راحت ہے پہلی خوراک سے درد اور جلن رفع ہو جاتی ہے اور سات دن کے استعمال سے مریض بالکل بھلا چنگا ہو جائے گا۔

اجزاء و ترکیب استعمال : دانہ الائچی چھ ماشہ۔ کتھہ سفید چھ ماشہ۔ پھٹکڑی چھ ماشہ۔ طباشیر چھ ماشہ۔ ست بیروزہ چھ ماشہ۔ مصری کوزہ دو تولہ۔ قلمی شورہ چھ ماشہ۔ روغن صندل ایک تولہ۔ روغن بلسان ایک تولہ۔ روغن سرد چینی ایک تولہ۔ خمیرہ تارپین ایک تولہ سب کو ملا کر رکھیں۔

فوائد : سوزاک کی حکمی دوا ہے۔

ترکیب استعمال : دو ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری۔

خمیرہ تارپین

صمغ عربی دس تولہ۔ روغن تارپین پندرہ تولہ۔ کیسڑ آئیل پندرہ تولہ۔ عرق سونف ایک پاؤ۔ اول عرق میں گوند کر خوب اچھی طرح کھرل کر کے یک جان کریں پھر ہر دو روغن قطرہ قطرہ ملا کر خوب حل کریں تیار ہے مذکورہ نسخہ میں شامل کر لیں۔

طلاء جادو

عضو مخصوص کی جملہ امراض کی واحد دوا ہے یہ طلاء کیا ہے ایک جادو یا طبی کرامت ہے رگوں پٹھوں کی تمام زائد رطوبات کو خشک کر کے ان کو طاقتور کرتا ہے عضو کی ہر ایک بیرونی خرابی مختصراً یہ کہ بچپن کی بداعتدالیوں اور بدکاریوں کا کفارہ بن کر ایک مایوس اور ناکارہ مریض کو قابل فخر مرد بناتا ہے۔ جادو واقعی کمزور مریضوں کے لئے جادو کا کام دیتا ہے اور صحیح معنوں میں مرد کہلانے کے لائق بناتا ہے استعمال کرنے والے شاندار الفاظ میں اس کی تعریف کر رہے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سم الفار دو تولہ۔ پارہ دو تولہ۔ لونگ دو تولہ۔ بیر بہوٹی دو تولہ۔ خراطین دو تولہ۔ جونک دو تولہ۔ ذراریح (تیلنی مکھی سبز) ایک تولہ۔ زعفران تین تولہ۔ روغن کنجد دس تولہ سب کو کھرل کر کے بذریعہ پتال جنتر (آتشی شیشی میں) تیل نکالیں۔

فوائد : عضو مخصوص کی جملہ شکایات کو دور کرتا ہے مجلوق کے لئے نہایت مفید ہے۔ ضعف وسستی کجی اور لاغری کے لئے بہترین چیز ہے۔

ترکیب استعمال : دو رتی حشفہ سیون چھوڑ کر مالش کریں اور پھنسیاں نکل آنے پر بند کر دیں اور روغن زرد یا روغن چنبیلی لگائیں۔

صحت

یہ دوا آتشک کے لئے تریاق کامل ہے صحت نامی دوا کمال مفید ثابت ہو چکی ہے۔ فی الواقعہ قدر کے قابل ہے اس کے استعمال سے منہ نہیں آتا کہنہ آتشک اس سے دور ہو جاتے ہیں۔ بدھی نکل رہی ہوں تپ شدید ہو۔ بدن پر بدنما دھبے پڑ گئے ہوں۔ خارش ہوتی ہو۔ عضو خاص پر سخت سے سخت زخم ہوں یہ دوا ہر حالت میں بلا مبالغہ نہایت مفید ثابت ہو چکی ہے تمام معالجین کا متفقہ فیصلہ ہے کہ مرکبات پارہ کے سوا آتشک رفع نہیں

ہوسکتا مگر ہماری اس دوا نے اس دعویٰ کو غلط قرار دیا ہے کہ اس کے استعمال سے زخم خود بخود خشک ہو جاتے ہیں حقیقی اور غیر حقیقی دونوں کے لئے یکساں مفید ہے ایک دفعہ ضرور آزما کر فائدہ اٹھائیں بیسیوں بیمار شفایاب ہو چکے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : رس کپور مدبر ایک تولہ۔ دار چکنا ایک تولہ۔ لونگ ایک تولہ۔ دودھ بز دو سیر۔ سب کو لوہے کی کڑاہی میں ہاون دستے سے یہاں تک کھرل کریں کہ خشک ہو کر گولی بنانے کے قابل ہو جائے تو گولیاں مقدار کو کنار بنالیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح و شام حلوے میں لپیٹ کر کھائیں۔

فوائد : آتشک کا بیعدیل نسخہ ہے راجوں۔ مہاراجوں اور نوابوں کے لائق ہے نہ منہ آتا ہے نہ قے اور نہ دست ایک ہفتہ استعمال مرض آتشک کو جڑ سے نابود کرتا ہے۔

کندن

اعلیٰ درجہ کی مصفی خون اور امراض جلد کی مجرب دوا ہے۔ فساد خون سے بے شمار امراض کے پیدا ہونے کا خطرہ ہے پھوڑے پھنسیوں کا لامتناہی سلسلہ مریض کا ناک میں دم کر دیتا ہے ایک اچھا ہوا تو دوسرا نکل آیا دو اچھے ہوئے تو چار نکل آئے فساد خون کے مریض کی زندگی اس کے لئے ایک عذاب بن جاتی ہے اور کئی ایک مزمنہ امراض مثلاً برص (پھلبہری) داد۔ چنبل۔ ناصور۔ خنازیر۔ دھدر۔ غرض یہ کہ جذام اور آتشک بھی اسی فساد خون کے درخت کے ثمر ہیں۔ اگر آپ کے جسم پر پھوڑے پھنسیاں بکثرت نکلتے ہیں یا سفید داغ معلوم ہو رہے ہوں یا دھوپ میں کھڑے ہونے سے بدن پھٹتا معلوم ہوتا ہو منہ پر چھائیوں یا مہاسے ہیں۔ یا دل دھڑکتا ہے تو فورا ہماری دوا کندن کا استعمال کریں۔ یہ دوا خون کو صاف کر کے جسم کو واقعی کندن بنا دیتی ہے۔ خون خواہ کیسا ہی خراب کیوں نہ ہو تمام امراض دور کر کے جسم کو کندن بنا دیتی ہے فساد خون کی انگریزی دوا سارسپریلا وغیرہ سے بدرجہا بہتر اور مفید ہے اور فوری اثر دکھاتی ہے آپ آزمائش کر

کے خود تصدیق کریں گے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : گندھک آملہ سار چھ ماشہ۔ روغن گاؤ آٹھ تولہ۔ اول گندھک کو آب افتیمون سے دھولیں بعدہ کڑچھ میں ڈال کر گرم کریں پگھل جانے پر ہر دو اشیاء کو شیر گاؤ نصف سیر میں ڈالیں گندھک تہ نشین ہو جائے گی یہی گندھک شدہ (مصفی) پانچ تولہ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ الائچی خورد ایک تولہ۔ مصطگی رومی ایک تولہ۔ برگ نیم دو تولہ۔ نگند بابری دو تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ایک تولہ۔ مصری ایک تولہ۔ سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال : ایک ماشہ روزانہ صبح ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد : اعلیٰ درجہ کی مصفا خون دوا ہے جس کے مقابلہ تمام مصفا خون دوائیں ہیچ ہیں اس دوا کا ایک بار کا استعمال ہمیشہ کے لئے مداح خواں بنا دے گی۔

عیش

یہ گویاں حد درجہ کی مقوی باہ اور ممسک ہیں۔ سرعت انزال۔ جریان۔ احتلام کو دور کرتی ہیں۔ اور مقوی دماغ مفرح بدرجہ کمال ہیں امساک پیدا کر کے جنسی فعل میں لذت و انبساط بڑھاتی ہیں۔ بعد میں ایک گولی کھانے سے کمزوری اور تھکان کو دور کر کے پھر سے طبیعت میں تازگی پیدا کر دیتی ہے۔ زائل شدہ قوت لوٹ آتی ہے۔ اصل قوت کی حفاظت طبیعت میں چستی پیدا کرنا اس کا خاصہ ہے۔ خون صالح پیدا کر کے جسم کو مضبوط بناتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : دارچینی ایک تولہ۔ جوز بوا ایک تولہ۔ جلوتری ایک تولہ۔ شنگرف ایک تولہ۔ مشک چھ ماشہ۔ مومیائی چھ ماشہ۔ کشتہ فولاد چھ ماشہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ زعفران ایک تولہ۔ کچلہ مدبر ایک تولہ۔ ورق طلاء حسب ضرورت۔ ورق نقرہ چھ ماشہ سب کو باریک پیس کر شہد کی مدد سے گولیاں نخودی تیار کریں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی ہمراہ دودھ روزانہ استعمال کریں۔

فوائد : مقوی باہ۔ ممسک۔ جریان۔ احتلام کو دور کرنے والی سرعت انزال کا حکمی علاج ہے بدن میں چستی اور مردانہ قوت میں بے پناہ اضافہ کرتی ہے۔

فقیری

احتلام کو روکنے کے لئے تریاق کامل ہے۔ مرض احتلام میں بحالت خواب کپڑے ناپاک ہو جاتے ہیں جوان اور مجرد (غیر شادی) شخص کو مہینے میں ایک دو بار یہ شکایت پیدا ہو تو اسے مرض میں شمار نہیں کیا جاتا۔ البتہ جب یہ کیفیت حد سے تجاوز کر جائے تو فوراً اس کی طرف توجہ کرنی چاہئے بے توجہی کی صورت میں یہ مرض بڑھ کر جریان کی صورت اختیار کر لیتا ہے ایسی صورت میں دن بدن کمزوری جسم۔ ضعف باہ۔ دماغ اور حافظہ کمزور ہو جاتے ہیں اور نسیان کا غلبہ ہو جاتا ہے ہر وقت طبیعت مغموم و پژمردہ اور جسم کاہل اور اندوہناک رہنے لگتا ہے بعض وقت مرض ایسی جڑ پکڑ لیتا ہے کہ جانے کا نام نہیں لیتا بہت سے علاج کئے جاتے ہیں لیکن کوئی کارگر نہیں ہوتا اس مرض کی بھی کامیاب دوا ایجاد کی ہے جو صحیح معنوں میں اکسیر احتلام ہے اس دوا کے چند روز کے استعمال سے احتلام ہی دور نہیں بلکہ جریان بھی دور ہو کر مادہ تولید کی اصلاح ہو جاتی ہے، کثرت جلق سے بھی متذکرہ مرض پیدا ہو جاتا ہے اب تک بے شمار مریض اس سے فائدہ حاصل کر چکے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سلاجیت چھ ماشہ۔ افیون چھ ماشہ۔ کافور مدبر چھ ماشہ۔ کشتہ قلعی پارہ (شورہ والا) چھ ماشہ۔ طباشیر تین ماشہ۔ الائچی تین ماشہ۔ بریاں پھٹکڑی دو ماشہ۔ ایکسٹریکٹ بیلے ڈونا دو ماشہ۔ بیش مدبر ایک ماشہ ملا کر سفوف تیار کریں۔

ترکیب استعمال : دو سے چار رتی ہمراہ مکھن یا بالائی استعمال کریں۔

فوائد : احتلام کے لئے حکمی دوا ہے۔

محافظ

اٹھرا کی بہترین مشہور دوا ہے نسبتاً وہ گھر بے برکت اور والدین بدقسمت ہیں جس گھر میں والدین کے سامنے اپنے پیارے بچے کھیلتے کودتے نظر نہ آتے ہوں موجودہ وقت نے جس قدر ترقی کی ہے اس قدر امراض بھی ترقی پر ہیں اور ہزاروں ایسی عورتیں ہیں جن کی شادی ہو جانے کے کافی عرصہ کے بعد بھی ان کی گود اولاد سے خالی ہے یا پیدا ہو کر ہنستے کھیلتے بچے مر جاتے ہوں اور ہزاروں ایسی ہیں جن کے حمل ضائع ہو گئے مگر ہمارا پچاس سالہ تجربہ ہے یہ گولیاں ہزار ہا ایسی مریضہ عورتوں پر آزمائی جا چکی ہیں کہیں بھی بیکار ثابت نہیں ہوئیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مروارید ناسفتہ دو ماشہ۔ تخم کرفس ایک تولہ۔ شیطرج ایک تولہ۔ خرفہ چار ماشہ۔ زنجبیل ڈیڑھ تولہ۔ مصطگی رومی ایک تولہ۔ دار چینی۔ ابریشم مقرض۔ کہربا۔ سنبل الطیب۔ الائچی کلاں۔ عود خام۔ مرجان۔ زعفران۔ قرنفل۔ کچور ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ فلفل دراز ہر ایک ایک تولہ۔ جند بید ستر دو تولہ۔ اشنہ دس ماشہ۔ سب کو باریک کوٹ پیس کر شکر سفید سہ چند۔ شہد دو چند ملا کر حسب دستور معجون بنالیں۔

ترکیب استعمال : ایام حمل میں تین ماشہ صبح ہمراہ دودھ اور وضع حمل کے بعد ماں بچہ دونوں کو کھلائی جاتی ہے غرض یہ کہ پونے تین سال تک متواتر استعمال کرائی جاتی ہے۔

فوائد : بانجھ پن اور اسقاط حمل کی ایک لاثانی دوا ہے عورتیں جو بوجہ مختلف امراض کا شکار ہونے کی وجہ سے حمل کی حفاظت نہیں کرسکتیں اس دوا کے استعمال سے حمل قبول کر کے پورے دنوں تک حفاظت کرنے کی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے اور بچہ تندرست اور موٹا تازہ پیدا ہو کر اپنی طبعی عمر تک پہنچتا ہے۔

ثمر

اس دوا کا استعمال ان عورتوں کے لئے مفید ہے جو اولاد سے محروم ہیں گود ہری بھری ہو جاتی ہے جو اولاد جیسی نعمت غیر مترقبہ سے مالا مال ہونا چاہیں وہ ہماری اس اکسیر صفت دوائی کا استعمال کریں تو آپ ضرور اس کے فوائد اور طب یونانی کے جواہر کی قدر افزائی کریں گے یہ معجون نطفہ کو قابل انعقاد بناتی ہے جو نقائص رحم میں مانع حمل ہوتے ہیں ان کو دور کرتی ہے غرض یہ کہ ایک بے نظیر تحفہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : برگ قنب چار ماشہ۔ مشک خالص چار رتی۔ زعفران دو ماشہ۔ لونگ آٹھ عدد۔ جائفل دو عدد ۔سپاری دکنی ساٹھ عدد۔ قند سیاہ چھ ماشہ۔ افیون دو ماشہ سب کو پیس کر حبوب نخودی تیار کریں۔

ترکیب استعمال : نر بچہ رکھنے والی گائے کے دودھ کے ہمراہ ایک گولی روزانہ انشاء اللہ غنچہ آرزو شگفتہ ہو گا۔

فوائد : رحم میں مستحکم حمل قبول کرنے کی قوت پیدا ہو جاتی ہے اور حمل سے انشاء اللہ لڑکا پیدا ہو گا۔

اکسیر البدن

جس کے استعمال سے نامردی۔ سستی۔ درد کمر۔ رقت منی۔ سرعت انزال۔ کثرت احتلام۔ جریان منی (دھات کا گرنا)۔ کھانسی۔ نزلہ۔ زکام۔ بے رونقی چہرہ۔ کم خوابی دور ہو جاتی ہے۔ ہر قسم کی ناطاقتی ضعف۔ دماغ جگر اور معدہ و اختلاج قلب۔ تاریکی چشم۔ نسیان۔ بار بار پیشاب کا آنا۔ ذیابیطس۔ رعشہ۔ ریاح۔ فالج کا تریاق ہے۔ نامردوں مجلوق از کار رفتہ مایوسوں کے لئے اکسیر ہے اور دماغی محنت کرنے والوں کے لئے بے نظیر مقوی ہے اس سے اعصاب سخت بدن مضبوط اور چست چہرہ چمکیلا سرخ دل میں سرور دماغ میں قوت حفظ فکر و تردد شائستگی خیالات اور آنکھوں میں روشنی و نور میں

اضافہ ہو جاتا ہے بوڑھوں کو جوان اور جوانوں کو مضبوط بنانا اسی کا کام ہے صبح کھاؤ اور شام کو فائدہ اٹھاؤ۔ سستی کمزوری مفقود چستی و شہ زوری پیدا کرتی ہے اس کی بے نظیر تاثیر کا طبی کتابیں اور حکماء اور وہ اصحاب جنھوں نے اس کو استعمال کیا ہے شاہد صادق ہیں یہی وجہ ہے کہ اس کی دھوم اور شہرت ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : بہمن سرخ دو تولہ۔ بہمن سفید دو تولہ۔ ثعلب مصری دو تولہ۔ موصلی سفید دو تولہ۔ موصلی سیاہ دو تولہ۔ شاہدانہ دو تولہ۔ مایہ شتر اعرابی دو تولہ۔ اقاقیا دو تولہ۔ جوز بوا ایک تولہ۔ شحم شبت ایک تولہ۔ خولنجاں ایک تولہ۔ کچلہ مدبر ایک تولہ۔ سلاجیت ایک تولہ۔ جدوار ایک تولہ۔ عقرقرحا ایک تولہ۔ زعفران چھ ماشہ۔ ورق نقرہ چھ ماشہ۔ ورق طلاء دو ماشہ۔ کشتہ قلعی چھ ماشہ۔ کشتہ فولاد شنگرف والا چھ ماشہ۔ کشتہ عقیق چھ ماشہ۔ افیون چھ ماشہ۔ روغن سم الفارتین ماشہ۔ روغن بھنگ پانچ تولہ۔ کشتہ سہ دہاتہ چھ ماشہ۔ تمام ادویات کو باریک سفوف بنائیں اور شہد سہ گنا شامل کر کے معجون تیار کریں۔

فوائد : نامردی۔ سستی۔ درد کمر۔ رقت منی۔ سرعت۔ رقت۔ کھانسی۔ نزلہ۔ زکام۔ کمزوری اعصاب۔ دماغی۔ کمزوری۔ ضعف جگر۔ تاریکی کمزوری چشم۔ سلسل بول۔ رعشہ۔ ریاح۔ مقوی اعضاء رئیسہ۔ مولد خون۔ مغلظ منی۔ غرض یہ کہ اپنے صفات کے لحاظ سے بہترین ادویات میں شمار ہوتی ہے۔

ترکیب استعمال : چھ ماشہ روزانہ ہمراہ دودھ صبح و شام۔

الفت

اس کی تعریف اس کے نام سے ظاہر ہے میاں بیوی میں محبت و الفت پیدا کرنے کا بے نظیر و کامیاب ذریعہ ہے مرد عورت میں سچی محبت پیدا کرنے والی لاجواب دوا ہے عورت کو مرد کا فریفتہ اور مرد کو عورت کا فریفتہ بنانے والی جادو اثر دوا ہے۔ دنیا بھر کی لذتیں اس دوا میں بھر دی گئی ہیں وہ تمام لذتیں جن کے پیچھے دنیا ماری ماری پھرتی ہے۔ سب

ایک شیشی میں بھر دی گئی ہیں ایک مرتبہ کے استعمال سے اپنا دیوانہ بنائے گا۔ فریقین آپ کو کسی دوسری دنیا میں سمجھتے ہیں الفت کے استعمال کے بعد نہ مرد ہی کسی غیر عورت کی طرف دیکھے گا نہ عورت ہی کسی غیر مرد کی طرف نگاہ کرے گی۔

اجزاء و ترکیب: پوستہ ریٹھہ تین ماشہ۔ کرم سیپ تین ماشہ۔ عقرقرحا تین ماشہ۔ پشک کنجشک تین ماشہ۔ زہرہ بز تین ماشہ۔ افیون تین ماشہ۔ زعفران تین ماشہ۔ کافور تین ماشہ۔ بیر بہوٹی تین ماشہ۔ سہاگہ تین ماشہ۔ مصری چھتہ بھڑ تین ماشہ۔ عطر گلاب چھ ماشہ۔ عطر حنا تین ماشہ۔ عطر موتیا چھ ماشہ۔ قضیب خرس چھ ماشہ۔ سب کو ملا کر ایک چاندی کی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔ دنیا بھر کی لذتیں یکجا جمع کر لیں۔

ترکیب استعمال: قبل ۔۔۔۔۔ نصف گھنٹہ ۔۔۔۔۔۔ پر مالش کریں اور بکار ہوں۔

فوائد: مرد عورت کے فطری فعل میں انتہائی لطف اور لذت پیدا ہوتی ہے۔

اکسیر عجیب

یہ اعلیٰ درجہ کی مایہ ناز مقوی باہ اور ممسک دوا ہے صرف یہی نہیں بلکہ یہ ایک جنرل ٹانک اور مقوی جسم بھی ہے۔ تمام جسمانی قوتوں کو بحال کرتی ہے ضعف دماغ کو دور کر کے جسم میں ایک برقی رو پیدا کر دیتی ہے دماغی کام کرنے والوں کے لئے اکسیر ہے مرض سرعت کے لئے لاثانی دوا ہے اس کے چند روز کے استعمال سے قدرتی امساک پیدا ہو جاتا ہے وقتی طور پر استعمال کرنے سے حیرت انگیز اثر دکھاتی ہے آج اپنا وزن کر لیجئے دو ہفتہ بعد یقینی طور پر وزن زیادہ ہو گا کئی سیر دودھ اس گولی نے اس طرح ہضم کیا جس طرح کچھ کھایا پیا ہی نہیں جو لوگ دودھ گھی ہضم نہیں کر سکتے ان کے لئے لاجواب تحفہ ہے پیری میں شباب کا لطف دکھاتی ہے بے مثل تحفہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف رومی ایک تولہ۔ حرمل ایک پاؤ۔ سفوف کر کے سفیدی بیضہ مرغ چھ عدد میں گوند کر اس میں شنگرف کی ڈلی دے کر کوزہ گلی میں گل

حکمت کر کے دس سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ پھر شنگرف آب شاہترہ میں کھرل کر کے خشک کریں۔ یہ شنگرف مدبر ہو گیا۔ شنگرف مدبر ایک تولہ چھ ماشہ۔ زعفران چھ ماشہ۔ جند بیدستر چھ ماشہ۔ افیون چھ ماشہ۔ مشک خالص تین ماشہ۔ نک چھکنی تین ماشہ۔ دار چینی چھ ماشہ۔ ورق نقرہ دو ماشہ۔ علیحدہ علیحدہ باریک کر کے چار گھنٹہ کھرل کر کے شہد کی مدد سے گولیاں نخودی تیار کر لیں اکسیر عجیب تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ایک گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ۔

فوائد: اعلیٰ درجہ کی ممسک۔ مقوی۔ مبہی۔ مقاربت کے بعد کمزوری نہیں ہونے دیتی دودھ گھی خوب ہضم کرتی ہیں کمزوری دور ہو جاتی ہے طبیعت بشاش رہتی ہے اپنے فوائد کے لحاظ سے نہایت عمدہ دوا ہے۔

دواء الشفاء

طبی دنیا کی حیرت انگیز ایجاد یہ دوا اجنون۔ مالیخولیا۔ مراق۔ سہر۔ اختناق الرحم۔ ہذیان۔ بدخوابی وغیرہ امراض دماغیہ کے لئے حیرت انگیز اثر کی حامل ہے ہم دعویٰ سے کہہ سکتے ہیں کہ یہ دوا طبی دنیا میں لاثانی ہے سینکڑوں جنون کے مریضوں کو استعمال کی جہاں استعمال کرائی سو فیصدی مفید ثابت ہوئی جس نے طبی دنیا میں ایک تہلکہ مچا دیا ہے۔

اجزاء و ترکیب: سوڈیم برومائیڈ دو تولہ۔ ایمونیم برومائیڈ دو تولہ۔ ابریشم مقرض دو تولہ۔ سونف دو تولہ۔ افیون نو ماشہ۔ صندل سفید تین تولہ۔ سوڈیم کاربونیٹ ڈیڑھ تولہ۔ تخم کاہو ایک تولہ۔ سب کو ملا کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: دو ماشے سے تین ماشے تک ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: ہر قسم کے جنون مالیخولیا کے واسطے مجرب اور بے خطا دوا ہے۔

اکسیر النساء

جملہ امراض کی بہترین دوا ہے عورتوں کی تمام پوشیدہ امراض مثلاً بیقاعدگی حیض (باؤ گولہ) اختناق الرحم۔ جریان الرحم۔ بدہضمی۔ بے رونقی چہرہ۔ نکاہت وسستی بدن۔ پژ مردگی طبیعت۔ سر اور کمر کا درد۔ اسقاط (حمل کا ضائع ہو جانا) اولاد میں صرف لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہونا وغیرہ امراض میں مفید ہے۔ عورت کو حقیقی معنوں میں زندہ بنانا اس کا کام ہے عورت تمام اعضاء کو حسین اور جسم سڈول بنا کر خوبصورتی میں اضافہ کرتی ہے موجودہ صحت اور خوبصورتی ضائع ہونے سے بچاتی ہے عورت کے چہرہ کو خوشرنگ اور شوخ پر کشش بناتی ہے خون کی پیدائش میں خاص معاون ہے۔ چند ہی روز میں زود اثر اور پژمردہ چہرہ سرخ اور بارونق نظر آنے لگتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مصبر بارہ تولہ۔ مرکی بارہ تولہ۔ ریوند خطائی پارچہ دو تولہ۔ حلتیت چھ تولہ۔ ہیرا کسیس بارہ تولہ۔ فیری ایٹ کونین سائیٹراس چھ تولہ۔
سب ادویہ کو باہم کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : دو سے چار رتی تک ہمراہ مکھن۔ بالائی۔ حلوا۔ مربہ۔ آملہ۔ بہی۔ دودھ وغیرہ۔

فوائد : جریان الرحم۔ سیلان الرحم۔ اختناق الرحم۔ سوزش۔ کثرت بول۔ خون ونفاس کی زیادتی۔ دل دھڑکنا وغیرہ امراض نسوانی کی ایک تیر بہدف دوا ہے۔

مسیحائی

پرانے بخار اور تپ دق کے لئے بہترین دوا ہے بشرطیکہ بخار تیز نہ ہو جاتا ہو جن مریضوں کو کھانا کھانے کے بعد خفیف حرارت ہو جاتی ہے خواہ یہ حرارت تبخیری ہو یعنی ہضم کی خرابی کے باعث ہو اور آنتوں کے غدود یعنی گلٹیوں پر ورم آجانے کے سبب سے اس کے لئے تجربے میں نہایت مفید دوا ثابت ہوئی ہے بہت مریض اس کو استعمال کر

کے شفایاب ہو چکے ہیں لیکن یہ یاد رکھنا چاہئے کہ دق کا علاج شروع میں ہو سکتا ہے لہٰذا اس کو بڑھنے نہ دیجئے جب بخار پرانا ہوتا ہوا محسوس ہو فوراً اس دوا کا استعمال شروع کرا دیجئے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ ہڑتال تین چاول۔ کشتہ سم الفار دو چاول۔ کشتہ سنکھ تین ماشہ۔ سوڈا بائیکارب چھ ماشہ۔ کشتہ فولاد ولائیتی تین ماشہ (فرائی فاس فاس) کیلشیم لیکٹیٹ چھ ماشہ باریک کریں۔

فوائد : ہر قسم کے بخاروں غرض یہ کہ دق تک کے لئے مفید ہے۔

ترکیب استعمال : ایک رتی صبح و شام ہمراہ شربت اعجاز۔ دق کے مریض کے لئے سرطان دورتی فی خوراک کا اضافہ کریں۔

مرواریدی

قوت مردانہ کی محافظ کمزوروں کے کام آنے والی دوا از کار رفتہ مریضوں کے لئے ہے جب کسی خلاف فطرت یا کثرت بڑھاپے یا پٹھوں کی کمزوری سے قوت بالکل کم ہو گئی ہو اور فعل طبعی پر اچھی طرح قدرت ہی نہ ہو سکتی ہو تو اس معجون کا ضرور استعمال کریں اس سے پٹھے قوی ہوتے ہیں اعضاء رئیسہ طاقتور ہوتے ہیں سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس کی ایک خوراک مقاربت کے بعد ہونے والی کمزوری کو فوری دور کر دیتی ہے اور مداومت کرنے والا ایسی کمزوری تک کا نام نہیں پاتا۔

کھانے میں نہایت لذیذ ہے مادہ تولید کو گاڑھا اور بہت مقدار میں پیدا کرتی ہے مقوی باہ حد درجہ کی ہے بڑی بڑی یاقوتیاں اس کے سامنے ہیچ ہیں تندرست اصحاب اس سے فائدہ حاصل کریں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ صدف مرواریدی ایک تولہ۔ رب خصیہ بکرا جوان ایک پاؤ باہم ملائیں۔

ترکیب استعمال : تین ماشہ سے چھ ماشہ تک۔

کشتہ صدف مرواریدی: صدف مرواریدی ایک تولہ۔ اندرونی حصہ لے کر آب لیموں پانچ تولہ کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے خشک کرے اٹھ سیر کی آگ دیں۔ اس کے بعد شہد پانچ تولہ۔ برانڈی شراب دس تولہ۔ گھی گائے دس تولہ۔ میں کھرل کریں مثل سابق بیس سیر کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر بقدر ضرورت استعمال کریں۔

رب خصیہ بکرا: خصیہ جوان بکرا ایک پاؤ جس نے ابھی تک جفتی نہ کی ہو۔ اس کا نرم گوشت نکال کر بغیر وزن کئے ایک پاؤ کوزہ مصری کے ساتھ ہاتھ سے باہم ملنا شروع کریں حتی کہ مانند شربت ہو جائے اس کو کسی کپڑے میں صاف کرلیں اور بھاپ سے خشک کرلیں جب گاڑھا ہونے لگے تو کشتہ صدف مذکور شامل کریں اور اتار کر کوٹ پیس لیں تیار ہے اس میں کشتہ مرجان ایک تولہ۔ ثعلب مصری چار تولہ باریک سفوف کر کے شامل کریں۔

طلسم

جریان احتلام و سرعت انزال کی حکمی دوا طلسم ایک بہترین ایجاد ہے۔ جو مادہ منویہ کو گاڑھا کر کے مانند قوام حقیقی بناتا ہے۔ بیس بیس سالہ پرانے جریان۔ احتلام کو دور کر کے قدرتی امساک پیدا کرتا ہے منی کی حدت اور رقت کو زائل کر کے اس کو قابل اولاد بناتا ہے جو جریان کو روکتا ہے مقوی جسم بدن کا رنگ سرخ کر کے موٹا تازہ کرتا ہے مقوی اعضائے رئیسہ ہے بھوک کو بڑھا کر قبض کو رفع کرتا ہے بدن میں چستی چالاکی آتی ہے مادہ تولید پیدا کرتا ہے اور اس کو بہترین بنانے کے لئے بے نظیر تحفہ ہے جملہ قوی کا معاون محافظ ہے غرض یہ کہ طلسم کا ایک ہفتہ کا استعمال جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال کے لئے ایک بہترین دوا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: ثعلب مصری ایک تولہ۔ شقاقل مصری ایک تولہ۔ جاوتری ایک تولہ۔ موصلین دو تولہ۔ کہربا ایک تولہ۔ گل گاؤ زبان ایک تولہ۔ ریگماہی

ایک تولہ چرونجی ایک تولہ۔ مغز سنگھاڑہ ایک تولہ۔ زنجبیل ایک تولہ۔ بہمنین دو تولہ۔ طباشیر ایک تولہ۔ پنیر مایہ شترا اعرابی ایک تولہ (بدل رب خصیہ)۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ فولاد۔ سنگ یشب ہر ایک چھ ماشہ۔ تیزپات۔ خولنجاں۔ کمرکس۔ موچرس۔ تخم کونچ۔ ہر ایک دو تولہ سب کا باریک سفوف بنا کر کشتہ جات ملا لیں۔

فوائد : طلسم ہر موسم اور ہر مزاج کے لئے یکساں مفید ہے جریان خواہ کتنا پرانا ہو منی پانی کی طرح پتلی ہو چکی ہو اس کے استعمال سے بہت جلد مانند قوام گاڑھی ہو جاتی ہے اس دوا کے استعمال کرنے والا کبھی کمزور نہیں ہوتا سرعت کا حکمی علاج ہے ضعف باہ ضعف اعضاء رئیسہ کو دور کرتی ہے غرض یہ کہ ایک لاجواب تحفہ ہے۔

ترکیب استعمال : چھ ماشہ روزانہ صبح ہمراہ دودھ استعمال فرمائیں۔

محلول لفاح

یہ دوا تریاق حیات ثابت ہوئی ہے دائمی قبض۔ بواسیر۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ ذکاوت حس کو دور کر کے مخلوق کی شکایات کا ازالہ کرتی ہے۔ عصبی دردوں۔ پرانی کھانسی۔ ضعف قلب۔ دائمی قبض اور ذکاوت حس کے مریضوں کو جہاں کوئی دوا کام نہ دے۔ اپنا خصوصی اثر دکھاتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سپرٹ ایمونیا ایرومیٹک دو اونس۔ ٹنکچر بیلا ڈونا دو اونس۔ ایکسٹریکٹ کا سکا سگریٹا لیکوئڈ دو اونس۔ ایکسٹریکٹ لیکورس لیکوئڈ تین اونس۔ گلیسرین چھ اونس سب کو باہم ملا لیں۔

فوائد : جریان احتلام سرعت کے لئے ایسا بے نظیر نسخہ ہے جس کی نظیر ملنی محال ہے۔ بواسیر دائمی قبض کے لئے مفید ہے۔

ترکیب استعمال : نو ماشہ رات کو سوتے وقت پانی ملا کر پلائیں۔

طلاء اعظم

آپ نے بے شمار طلاء کے نسخہ جات دیکھے ہوں گے کئی نسخہ جات کا تجربہ بھی کیا ہو گا لیکن یہ نسخہ اپنے فوائد کے لحاظ سے نہایت کامیاب اور بہترین اثرات کا حامل طلاء ہے مردہ رگوں میں زندگی پیدا کرتا ہے اس کے علاوہ عضو مخصوص کی جملہ شکایات مثلاً لاغری کجی۔ پتلا پن۔ رگوں کا پھولا ہونا اور سستی دور کرتا ہے۔ عضو میں تندہی فربہی اور درازی پیدا کرتا ہے استعمال کرنے والے مریضوں کا بیان ہے کہ عضو کی کوتاہی دور کر کے فی الواقعہ فربہی وطوالت پیدا کرتا ہے غرضیکہ یہ طلا اپنی نظیر آپ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : آب زنبق (پیاز نرگس) آب لہسن۔ آب چنبیلی ہر سہ ملالیں اور اس میں ادویہ ذیل باریک کر کے داخل کریں۔

عقرقرحا ڈیڑھ تولہ۔ فرفیون نو ماشہ۔ برگ سداب ایک تولہ۔ خولنجاں ایک تولہ۔ خشک جلوتری۔ لونگ۔ فلفل سفید ایک تولہ۔ ادویہ کو جوکوب کر کے پانی میں بھگو دیں۔

روغن مورچہ دس تولہ۔ روغن کنجد پانچ تولہ شامل کر کے جوش دیں۔ جب پانی جل جاوے۔ تیل کو چھان کر علیحدہ رکھیں۔ اس میں جند بیدستر تین ماشہ۔ عروسک ایک تولہ۔ خراطین۔ جونک ایک تولہ۔ باریک مانند میدہ کر کے شامل کریں۔

(بھنگو کتا) جوکدو۔ باجرہ اور ہر موسم میں ملتا ہے۔ روئی دار جسم نہایت ہوتا ہے جسم پر لگنے سے خارش محسوس ہوتی ہے۔ دس عدد لے کر شراب برانڈی میں کھرل کر کے اس میں شامل کر کے محفوظ رکھیں۔ یہ سنیاسی تحفہ تیار ہو گیا۔

ترکیب استعمال : عضو مخصوص کو صابن سے دھو کر کھردرے کپڑے سے صاف کریں کہ سرخ ہو جاوے۔ اس وقت حشفہ سیون چھوڑ کر مالش کریں۔ باندھنے کی ضرورت نہیں۔ طلاء جذب ہو جانے کے چار گھنٹہ بعد تک سرد پانی نہ لگے۔ اور قدرت الٰہی کا تماشہ دیکھیں۔

اکسیر عشرت

یہ اکسیر بڑی محنت سے تیار ہوتی ہے۔ اس کے استعمال سے جوانی اور بچپن کی تمام پیدا شدہ خرابیاں مایوس حالت سستی اور ہر قسم کی کمزوری اعصاب واسترخاء کی حالت دور ہو کر مادہ تولید بکثرت پیدا ہوتا ہے۔ مریض خواہ کیسا ہی گیا گزرا لاعلاج ہو بیس روز میں نہایت قوی مرد بن جاتا ہے۔ بلکہ موٹا تازہ اور اپنے اندر نوجوان کی سی قوت محسوس کرتا ہے اس اکسیر سے مستقل قوت مردمی پیدا ہو جاتی ہے اس کا اثر دوسری ادویات کی طرح عارضی نہیں ہوتا۔ ہمارا دعوی ہے کہ ایسی دوا ملک بھر کے کسی سنیاسی یا بڑے سے بڑے طبیب۔ وئید یا ڈاکٹر کے پاس بھی نہ ہوگی۔ اس اکسیر کو جس نے بنایا شہرت دوام حاصل کی۔

یہ اکسیر سچ مچ اکسیر الاجسام ہے۔ کیمیائے عشرت یا حیات جاوید ہے۔ عمر بھر کے لئے مردانہ قوت پیدا کرنے والی دواؤں کی ضرورت ہی ختم ہو جاتی ہے۔ خود بنا کر اس اکسیر کی قوت کا اندازہ اور قدرت خداوندی کا مشاہدہ کریں۔ طب یونانی میں کیسے کیسے گوہر گراں مایہ ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : شنگرف رومی دو تولہ۔ گھی آدھ سیر۔ شہد خالص آدھ سیر۔ بھلاوہ ڈیڑھ سیر۔ مالکنگنی آدھ سیر۔ زردی بیضہ مرغ پچیس عدد سے لت پت کر کے ایک لوہے کی کڑاہی ڈال کر درمیان میں شنگرف کی ڈلی رکھ کر آگ لگا دیں کہ تمام اشیاء جل جاویں ٹھنڈا ہونے پر نکالیں۔ شنگرف مدبر ہوگا۔

شنگرف مذکور ایک تولہ۔ میٹھا تیلیہ ایک تولہ۔ شراب برانڈی ایک بوتل باہم کھرل کر کے غلولہ بنا دیں۔ اور غلولہ مذکور کو ایک یا زیادہ چڑا نر کے پیٹ میں داخل کر کے سی دیں اور بھڑوں کے چھتہ کے قریب لٹکا دیں کہ وہ اس کو ڈنگ ماریں بعد اتار کر گھی میں تل دیں سرخ اور سیاہی مائل ہو جاوے غلولہ مذکور نکال لیں۔ شنگرف مدبر تیار ہے۔

شنگرف مدبر چھ ماشہ۔ کشتہ سم الفار دو تولہ۔ کشتہ چاندی تین ماشہ کشتہ فولاد تین ماشہ

ورق طلا ایک ماشہ۔ ورق نقرہ دو ماشہ۔ مشک خالص ایک ماشہ۔ ست کچلہ ایک ماشہ۔ افیون تین ماشہ۔ کشتہ یاقوت مروایدی دو ماشہ۔ جوہرلوبان چھ ماشہ۔ سلاجیت چھ ماشہ زعفران چھ ماشہ۔ تمام ادویہ کو عرق گلاب میں کھرل کر کے گولیاں بقدر دانہ موٹھ بنا دیں اوپر ورق طلا چڑھا دیں۔

کشتہ یاقوت مروایدی : یاقوت چھ ماشہ گرم کر کے عرق گلاب سہ آتشہ میں بجھا دیں تانکہ رنگ یاقوت سفید ہو جاوے پیسنے سے سیاہ ہو جائے۔ یاقوت مذکور میں مروارید چھ ماشہ کو آب لیموں میں کھرل کر کے سفوف بنا دیں اور یاقوت مذکور میں شامل کریں۔ اب اس مرکب میں ورق طلا تین ماشہ ایک ایک ملاتے جائیں۔ اور عرق گلاب سے کھرل کرتے جاویں۔ بعدازاں روح کیوڑہ دس تولہ میں کھرل کریں تیار ہے۔ شامل ترکیب کریں۔

کشتہ فولاد : فولاد برادہ ایک تولہ۔ اجوائن دیسی آدھ سیر باریک پیس کر تین یوم آب جامن سے کھرل کر کے اس کے درمیان فولاد دیکر آگ دیں۔ سرد ہونے پر آب پھلی کیکر دس تولہ۔ شنگرف چار تولہ۔ پارہ چار رتی۔ ہڑتال چار رتی ملا کر کھرل کر کے آگ چھ سیر کی دیں۔ اسی طرح دوبارہ برادہ فولاد کو آب پھلی کیکر میں آگ دیں۔ اس کے بعد تربوز دو سیر کے پانی میں دوبارہ اسی وزن کے برابر شنگرف پارہ ہڑتال ڈال کر کھرل کریں اور آگ دیں۔ سرد ہونے پر نسواری رنگ کا عمدہ کشتہ تیار ہو گا۔ شامل ترکیب کریں۔

صندولی

سوزاک کے لیے بے مثال دوا ہے۔ جسے بلا بخل ناظرین کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : روغن صندل دو تولہ۔ روغن کباب چینی ایک تولہ۔ روغن بلسان ایک تولہ۔ صمغ عربی سائیدہ ایک تولہ۔ کتھ سائیدہ ایک تولہ۔ رانیج دو تولہ

پہلے صمغ عربی۔ راتیج کو کھرل کر کے قطرہ قطرہ پانی کے ہمراہ محلوب بنائیں۔ بعدہ قطرہ قطرہ روغن ڈال کر کھرل کر کے مخلوط کریں تیار ہے۔

ترکیب استعمال : تین ماشہ روزانہ ہمراہ شربت بزوری دیں۔

فوائد : نئے اور پرانے سوزاک کے لیے ایک کامیاب اور کامل دوا ہے سوزاک کے جملہ عوارضات کو بھی دور کرتی ہے۔

تاخیر

تاخیر فی الواقعہ اسم باسمہ دوا ہے عیش و نشاط کے لمحات کو دیر پا رکھنے والی لاجواب دوا ہے۔ جو اپنے فوائد کے لحاظ سے نہایت کامیاب اور اکسیری دوا ہے۔ اس کی تعریف کرنا خلاف تہذیب ہے۔ آپ اس کو بنا کر آزمائش کرنے کے بعد اس کی تعریف اور قدر کریں گے۔

اجزا و ترکیب ساخت : شنگرف مدبر نو ماشہ۔ ایکسٹریکٹ بیلا ڈونا دو ماشہ۔ افیون چھ ماشہ۔ اجوائن خراسانی تین ماشہ۔ تخم دھتورہ سیاہ تین ماشہ۔ ریوند چینی تین ماشہ۔ زنجبیل تین ماشہ۔ ست کچلہ (سٹرکنیا) چار رتی۔ سم الفار ایک ماشہ۔ نک چھکنی پاپختولہ تمام ادویہ کو باریک کر کے مانند سرمہ بنائیں۔ شہد ڈال کر مسلسل کھرل کریں جب گولی بنانے کے قابل ہو تو نخودی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال : دو گولی تک ہمراہ دودھ قبل از جماع ایک گھنٹہ

فوائد : بے حد مسک دوا ہے۔

پائیورین

پائیوریا (ماسخورہ) ایک مشکل سے جانے والی بیماری ہے۔ اس سے مسوڑھے متاثر ہوتے ہیں۔ جس سے دانت مضبوط نہیں رہتے۔ لوگ اس مرض کے علاج کے لیے سینکڑوں روپے خرچ کرتے رہتے ہیں۔ مندرجہ ذیل اجزاء سے تیار کی ہوئی اکسیری دوا

تیار کر کے تجربہ کرنے کے بعد اسے بے حد مفید پایا گیا۔

اجزا و ترکیب ساخت : پوٹاشیم پرمگنیٹ چھ ماشہ۔ سنگ جراحت دو تولہ۔ سمندر جھگ دو تولہ۔ سوڈیم کاربونیٹ دو تولہ۔ کاہی سرخ ایک تولہ۔ نمک دیسی ایک تولہ۔ کاربالک ایسڈ چھ ماشہ۔ راکھ برگ مدار ایک تولہ باریک کریں۔

فوائد : تجربہ پر ماخورہ کے لیے اس سے بہتر علاج معلوم نہیں ہوا۔

ترکیب استعمال : بطور منجن استعمال کریں۔

سرمہ نورانی

استاد الحکماء حکیم نورالدین اعظم مرحوم قادیانی کا تجربہ شدہ ہے۔ جو اس وقت ہزار ہا اطباء کا معمول ہے میرے مطب میں یہ نسخہ ہر سال سیروں کی تعداد میں تیار ہو کر مفت تقسیم ہوتا ہے میرے تجربہ میں امراض چشم کے لیے اس سے بڑھ کر نسخہ ملنا محال ضرور ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : زعفران تین ماشہ۔ افیون تین ماشہ۔ زنگار چھ ماشہ۔ سرمہ سیاہ چھ ماشہ۔ سمندر جھاگ چھ ماشہ۔ لونگ چھ ماشہ۔ میل سونا چھ ماشہ۔ میل چاندی چھ ماشہ۔ سبز کانچ چھ ماشہ۔ کشتہ جست اٹھارہ تولہ سب کو باہم خوب باریک کرلیں۔

ترکیب استعمال : چاندی کی سلائی کے ساتھ ہر دو جانب ایک ایک یا دو دو سلائی رات کو سوتے وقت لگائیں۔

فوائد : جرب۔ ککرے۔ ناخنہ۔ جالا۔ پھولا کے لئے نافع ہے۔

اکسیر اوجاع

ہر قسم کے دردوں کے لیے یہ دوا اکسیر اعظم کا حکم رکھتی ہے۔ امرتسر کے مشہور و معروف طبیب عالی جناب حکیم مولوی علم الدین صاحب ایڈیٹر رسالہ المعالج کے صندوقچہ کا خاص مجرب المجرب نسخہ ہے جو ہر قسم کے بلغمی درد خصوصاً عرق النسا۔ وجع المفاصل وغیرہ

کے لیے تریاق کامل کا حکم رکھتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : میٹھا تیلیہ مدبر دو تولہ۔ کچلہ سولہ عدد۔ مقل ازرق چھ ماشہ۔ شنگرف ایک تولہ۔ مگھاں دو تولہ۔ چاکسو دو تولہ۔ اجوائن دو تولہ۔ رسوت دو تولہ۔ مرچ سیاہ دو تولہ سب کو باریک کرلیں۔ اور افیون اور رسوت کو پانی میں حل کر کے اس میں جملہ ادویہ شامل کر کے حسب ضرورت آکسن بوٹی کا پانی شامل کر کے ایک یوم متواتر کھرل کر کے حبوب نخودی بنا دیں۔

فوائد : بلغمی دردوں خصوصاً عرق النساء اور وجع المفاصل نیز درد کمر کے لیے بے حد مفید ثابت ہوا ہے۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح وشام ہمراہ روغن زرد دو تولہ۔

روح جیون بوٹی

افسر الاطباء حکیم محمد علی صاحب مرحوم طبیب خاص مہاراجہ کشمیر کا خاص نسخہ ہے اس نسخہ کی بدولت آپ نے بے شمار روپیہ حاصل کیا۔ ہندوستان کے علاوہ ممالک غیر میں بے حد مفید ثابت ہوا اور فی الواقعہ یہ ایک لاجواب اور عجیب الاثر نسخہ ہے اس کے حصول کے لیے اکثر اطباء کو سرگرداں پایا۔ ناظرین کی خاطر درج ذیل کرتا ہوں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سم الفار دو تولہ۔ شنگرف دو تولہ۔ زعفران ایک تولہ۔ پوست بیخ اونٹ کٹارا سب کو دس سیر دودھ میں جوش دے کر ضامن لگا کر حسب دستور مکھن نکالیں اور روغن بنالیں۔

ترکیب استعمال : حسب برداشت چار سے دس بوند تک پتاشہ میں ڈال کر کھلا دیں۔

فوائد : مقوی باہ۔ مولد خون صالح۔ کمزوری اعصاب میں خاص طور پر مفید ہے۔

روغن جیون بوٹی

یہ نسخہ بھی مذکور بالا نسخہ کی طرح بے حد مفید ہے۔ بلکہ بعض تصدیق کنندہ احباب نے اس کی بہت بڑھ چڑھ کر زور دار الفاظ میں تعریف کی ہے۔ یہ نسخہ میرے مطب کا بہترین اور قابل قدر نسخہ ہے۔ اب صرف ناظرین کی خاطر" کاغذ پہ رکھ دیا ہے کلیجہ نکال کر۔۔

اجزاء و ترکیب ساخت: مغز تخم کشنیز دس تولہ۔ مغز تخم مالکنگنی بیس تولہ۔ مغز تخم پنبہ دانہ آدھ سیر۔ کنجد سیاہ ایک پاؤ بطریق معروف پتال جنتر کے ذریعہ سے تیل نکالیں۔ دو ماشہ فی تولہ روغن سم الفار شامل کریں۔

فوائد: نہایت زبردست انتشار پیدا کرتا ہے۔ ایک ہفتہ کا با پرہیز استعمال قوت ضبط کرنا محال ہو جاتی ہے۔

ترکیب استعمال: چار سے دس بوند تک حسب برداشت طبیعت پتاشہ میں ڈال کر کھا دیں۔

گولڈن سیرپ

بعض احباب اس بات کے بے حد خواہش مند دیکھے گئے ہیں۔ کہ کوئی ایسا مقوی نسخہ ہاتھ آ جاوے جس کے سامنے بڑی بڑی یاقوتیاں۔ مفرحات۔ ممسکات۔ سب ہیچ ہیں۔ یہ ایک مزیدار شربت کی صورت میں ہے۔ یہ صدری نسخہ جو میرا خاص الخاص اور سینہ کا راز ہے۔ عرض کئے دیتا ہوں۔

اجزا و ترکیب ساخت: محلول طلا خالص دس تولہ۔ کھانڈ چالیس تولہ حسب دستور شربت بنالیں۔ شربت مذکور پچاس تولہ۔ ایسٹرن سیرپ دس تولہ۔ ایکسٹریکٹ ڈامیانہ لیکوئڈ پانچ تولہ۔ ایکسٹریکٹ کوکا لیکوئڈ پانچ تولہ۔ شربت سادہ ایک پاؤ ٹنکچر نکسوامیکا ایک تولہ تیار ہے۔

فوائد: ضعف جگر۔ ضعف اعضاء رئیسہ۔ کمی اشتہار۔ ضعف عامہ۔ ضعف اعصاب

قلت خون۔ ضعف دماغ۔ تمام دماغی و عصبی امراض کے لیے تریاق کامل کا حکم رکھتا ہے۔ بے حد مقوی باہ۔ مغلظ منی۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت کی حکمی دوا ہے۔

ترکیب استعمال: ایک چمچہ (چائے والا) دو وقت بعد از غذا۔

عرق لقمانی

اکثر انگریزی دوا خانوں کا ایک تجارتی نسخہ ہے جس سے اس وقت بھی لاکھوں روپے کمائے جا سکتے ہیں۔ خصوصاً ریاست حیدر آباد میں تو اس کی بے حد دھوم ہے۔ اپنے فوائد کے لحاظ سے ایک قیمتی نسخہ ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت: ٹنکچر لونڈر چھ اونس۔ سپرٹ ایمونیا ایرومیٹک چار اونس۔ پیپر منٹ آئیل چار ڈرام سولہ منم۔ آئیل لونڈر دو ڈرام آٹھ منم سب کو ملا کر حل کر کے محفوظ رکھیں۔ تیار ہے۔

ترکیب استعمال: آدھ سے ایک ڈرام (تیس سے ساٹھ قطرہ) دن میں دو دفعہ بعد از غذا ہمراہ پانی ایک اونس۔

فوائد: امراض معدہ و جگر کو نافع ہے مثلاً وجع المعدہ۔ درد معدہ۔ سول۔ ضعف ہاضمہ۔ کاسر الریاح۔ ہاضم۔ مشتہی۔ قے۔ عظم طحال۔ عظم جگر کو نافع ہے۔

طاقت

طاقت کی تمام مشہور و معروف اور مستعملہ ادویہ میں سے یہ دوا میرے تجربہ میں بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔ طاقت فی الواقع جسم میں قوت و طاقت کی لہر دوڑا دیتی ہے۔ اس کی پہلی خوراک کمزور سے کمزور انسان کے لیے آب حیات کا کام دینے والی جسم میں بجلی کی لہر جیسا اپنا اثر دکھاتی ہے۔ اس دوا کو سینکڑوں نہیں ہزاروں نہیں مریضوں پر آزمایا بے حد مفید پایا۔ اس کے علاوہ طاقت کی لہر دوڑاتی ہے۔ یہ نسخہ ایک سینہ کا راز تھا جو ناظرین کے لیے درج کر رہا ہوں۔

اجزا و ترکیب ساخت : ایکسٹریکٹ ڈمیانہ لیکویڈ آدھ اونس۔ آئیل فاسفورس ایک ڈرام۔ ٹنکچر کوکا چار ڈرام۔ ٹنکچر فرائی پر کلورائڈ دو اونس۔ شربت سادہ چار اونس۔ پانی بارہ اونس ملا کر خوب زور سے ہلائیں۔

ترکیب استعمال : ایک چمچہ چائے والا بعد از غذا ہر دو وقت استعمال کریں۔

فوائد : مقوی اعضاء رئیسہ۔ مقوی باہ و اعصاب۔ مولد خون۔ جریان۔ احتلام سرعت کو نافع ہے۔

شربت فولاد

جگر و طحال کی تمام خرابیوں کو دور کرتا۔ کمی خون کو نافع ہے۔ اور خون صالح پیدا کر کے جسم میں ایک خاص قوت پیدا کرتا ہے۔ اعصاب کو طاقت دیتا اور دماغ میں فرحت پیدا کرتا ہے۔ چند یوم کے استعمال سے رنگ کو مانند انار سرخ کر دیتا ہے۔ مقوی جگر۔ مقوی باہ۔ ممسک۔ مفرح۔ خون افزاء۔ دافع ورم طحال۔ دافع سرعت۔ جریان۔ احتلام۔ ضعف جگر۔ بھس۔ اعصاب کی سستی دور کر کے چستی پیدا کرتا ہے۔ بواسیر۔ یرقان۔ سوٗ القینہ۔ امراض معدہ۔ اسہال بواسیر کے لیے مجرب ہے۔ جسم کو سڈول اور اعصاب کو طاقت ور۔ ہڈیوں میں مضبوطی لاتا ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت : برادہ فولاد آدھ سیر۔ زنجبیل بیس تولہ۔ مرچ سیاہ بیس تولہ۔ مگھاں بیس تولہ۔ ہلیلہ سیاہ پچیس تولہ۔ آملہ پچیس تولہ۔ بلیلہ پچیس تولہ۔ اسطوخودوس پچیس تولہ۔ پوست درخت جامن پچیس تولہ۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ اجوائن۔ برگ جھاؤ۔ تخم کاسنی۔ ستاور۔ مجیٹھ۔ زیرہ سفید۔ ہر ایک دس تولہ۔ باؤ بڑنگ پانچ تولہ۔ بادیان پندرہ تولہ۔ پوست مغیل ایک پاؤ۔ آب برگ جامن ایک سیر۔ آب انار ترش ایک سیر۔ پانی سادہ دس سیر سب کو ملا کر ایک مٹکہ میں ڈال کر چالیس یوم روزانہ ایک دفعہ ہلا دیا کریں۔ بعدہ بطریق معروف دس بوتل عرق کشید کریں۔ عرق مذکور ایک بوتل۔ کھانڈ ڈیڑھ سیر۔ فرائی ایٹ ایمونیا سائیٹراس ایک تولہ۔ اول فرائی

ایٹ ایمونیا سائیٹر اس کو عرق میں حل کر کے کھانڈ شامل کریں۔ اور شربت تیار کریں۔

فوائد : جگر کے تمام امراض خصوصاً ضعف جگر کو اعجاز مسیحائی دکھاتا ہے۔ مقوی اعضاء رئیسہ۔ سوء القینہ۔ طحال۔ بھس۔ کمزوری۔ یرقان۔ ضعف مثانہ کے لیے اکسیر ہے۔ خون صالح پیدا کر کے رنگ کو مثل انار کے سرخ کرتا ہے۔

ترکیب استعمال : ایک تولہ صبح و شام ہمراہ عرق سونف پانچ تولہ یا صرف پانی تازہ کے ہمراہ دیں۔

پتھری توڑ

یہ نسخہ جناب حکیم فصیل احمد صاحب بدایونی کا خاص الخاص اور تجربہ شدہ ہے۔ آپ کا اس کے متعلق دعویٰ ہے۔ کہ پتھری خواہ مرغی کے انڈے کے برابر کیوں نہ ہو اس سے خود بخود ٹوٹ کر نکل جاتی ہے۔ یہ نسخہ آپ نے آل انڈیا دیدک یونانی کانفرنس کے تیسرے اجلاس میں نہایت دعویٰ کے ساتھ پیش کیا۔ بلکہ اس دوا سے قریباً تین سو خارج شدہ پتھریاں دکھانے کے لیے ہمراہ لائے تھے۔ اور وہ اسی دوا کا کرشمہ بیان فرماتے تھے۔ فی الواقع عجیب و غریب نسخہ ہے۔ جو میرا بھی تجربہ شدہ ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت : سنگ یہود پانچ تولہ۔ شورہ قلمی دس تولہ۔ آب مولی تین سیر۔ اول ایک کوزہ گلی میں پانچ تولہ شورہ نیچے اوپر سنگ پانچ تولہ رکھ کر اس کے اوپر پھر پانچ تولہ شورہ رکھ دیں اور آدھ سیر آب مولی ڈال کر پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ اسی طرح چھ آگ پوری کریں۔ اور محفوظ رکھیں۔

فوائد : گردہ مثانہ کی پتھری یا ریگ کو منٹوں میں نکال دینا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے

ترکیب استعمال : دوا مذکور ایک رتی۔ جوکھار ایک رتی۔ مولی کھار ایک رتی سب کو ملا کر ہمراہ شربت بزوری روزانہ دن میں تین دفعہ کھلائیں۔

کشتہ مرجان

اجزاوترکیب ساخت:۔ شاخ مرجان ایک تولہ۔ سنگترہ تازہ عمدہ ایک عدد۔ مصری ایک تولہ۔ آگ سات سیر اوپلہ کی ۔ سنگترہ کو درمیان سے چیر کر چھ ماشہ سفوف مصری داخل کریں اس کے اوپر ایک تولہ شاخ مرجان صاف شدہ رکھ کر اوپر بقایا چھ ماشہ مصری کا سفوف ڈال کر لب ملا دیں۔ اور اس سنگترہ کو اتنے بڑے کوزہ گلی میں رکھیں جس میں بخوبی آ سکے۔ اب اس کوزہ کا منہ بند کر کے خوب گل حکمت کریں خشک ہونے پر سات سیر اوپلہ کی آگ دیں۔

نوٹ : یادر ہے کہ سات سیر اوپلہ کی آگ میں تین چار کوزے رکھے جا سکتے ہیں۔ لیکن خیال رکھیئے کہ ہر کوزہ میں ایک ایک سنگترہ اور ہر ایک میں ایک تولہ مرجان اور ایک تولہ مصری مذکورہ طریقہ سے داخل کر کے تیار کریں اور آگ میں رکھ دیں۔ سرد ہونے پر سفید رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا۔ محفوظ رکھیں۔

فوائد : بوجہ خالص کیلشیم ہونے کے جگر و معدہ کو طاقت دے گا۔ مفرح قلب بھی ہے۔ مغلظ بھی ہے۔ بطور منجن استعمال کرنا دانتوں کو چمک دار بناتا ہے۔ اور وہ سب کے سب خواص اس کشتہ میں موجود ہیں۔ جو بہترین کشتہ مرجان میں ہونے چاہیں۔

ترکیب استعمال :۔ نصف رتی تا ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ دیں۔

شاہ پسند

عام کمزوری ہو یا خاص یا تقاضائے عمر یا شباب کی بے احتیاطی۔ پرانی سے پرانی کمزوری کے لیے ایک مژدہ صحت و نوید حیات ہے۔ ہر قسم کی کمزوری کا حکمی علاج ہے۔ کمر درد۔ جوڑوں کے درد کو آرام دینے والا سفر حضر میں کارآمد۔ سن و سال میں موافق دوا ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت : مغز بادام شیریں چھ تولہ۔ مغز فندق چار تولہ۔ مغز اخروٹ چار تولہ۔ مغز کدوئے شیریں چھ ماشہ۔ مغز خیارین دو تولہ۔ مغز تخم کاہو چھ ماشہ

شہدانج چار تولہ۔ بسباسہ چار تولہ۔ جوزبوا چار تولہ۔ افیون چھ ماشہ۔ مشک خالص ایک تولہ عنبراشہب چھ ماشہ۔ چرس چھ ماشہ۔ بھنگ چھ ماشہ۔ یاقوت احمر ایک تولہ۔ یاقوت اخضر ایک تولہ۔ زمرد اخضر۔ زعفران۔ ورق نقرہ۔ ورق طلا ہر ایک ایک تولہ۔ شہد خالص سب کے برابر وزن (چوالیس تولہ) ادویہ۔ قند سفید اٹھاسی تولہ۔ دو چند ادویہ عرق گلاب قسم اول کھرل کرواور بطریق معروف معجون بنائیں۔

ترکیب استعمال : صبح وشام چھ ماشہ۔ شیر گاؤ کے ساتھ استعمال کریں۔

محافظ

عالی جناب استاد دوران حکیم مفتی سلیم اللہ صاحب مرحوم نور اللہ مرقدہ کے مجربات خصوصی میں سے یہ بھی ایک تحفہ حاضر خدمت کیا جاتا ہے۔ مرحوم اس نسخہ کو اکثر فرمایا کرتے تھے۔ اور اس کی بے حد تعریف فرماتے تھے۔ اسقاط حمل کے لیے جو عورتوں کے لیے ایک سخت تکلیف دہ مرض ہے۔ آپ کے مطب کا ایک مشہور معروف نسخہ ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت : مروارید ناسفتہ چھ ماشہ۔ تخم کرفس ایک تولہ۔ شیطرج ایک تولہ۔ خرفہ چار ماشہ۔ زنجبیل ڈیڑھ تولہ۔ مصطگی رومی ایک تولہ۔ دار چینی ڈیڑھ تولہ۔ ابریشم مقرض ڈیڑھ تولہ۔ سنبل الطیب ڈیڑھ تولہ۔ الائچی کلاں ڈیڑھ تولہ۔ عودخام ڈیڑھ تولہ۔ کہربا ڈیڑھ تولہ۔ مرجان ڈیڑھ تولہ۔ زعفران ایک تولہ۔ بہمن سرخ ایک تولہ۔ بہمن سفید ایک تولہ۔ عقرقرحا دس ماشہ۔ فلفل دراز ایک تولہ۔ جند بیدستر دو تولہ۔ قرنفل ڈیڑھ تولہ۔ کچور ڈیڑھ تولہ۔ اشنہ دس ماشہ۔ شہد دو چند۔ شکر سفید سہ چند۔ حسب دستور معجون بنالیں۔

فوائد : اسقاط حمل کی لاثانی دوا ہے۔ وہ عورتیں جو بوجہ مختلف امراض کا شکار ہونے کے حمل کی حفاظت نہیں کرسکتیں۔ اس دوا کے استعمال سے بچہ تندرست اور موٹا تازہ پیدا ہوتا ہے۔

ترکیب استعمال : تین ماشہ صبح ہمراہ آب تازہ

روغن اکسیر اعظم

فی الواقع یہ نسخہ جواہرات سے تولنے کے قابل ہے اس نسخہ کو بے شمار مریضوں پر تجربہ کیا بے حد مفید پایا سینکڑوں بیماریوں کی ایک بے نظیر دوا ہے۔ اس کی جس قدر تعریف کی جائے کم ہے۔ یہ اکسیر پر تاثیر آزما کر نیاز مند کو دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔ یہ میرا معمول مطب ہے ہر وقت دوا خانہ میں موجود اور زیر استعمال رہتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : گندھک آملہ سار دو تولہ۔ ہڑتال دو تولہ۔ شنگرف دو تولہ۔ برادہ دندان فیل ایک تولہ۔ لوبان کوڑیہ ایک تولہ۔ سم الفار سفید ایک تولہ۔ سم الفار سرخ ایک تولہ۔ گوگل بھینسیہ ایک تولہ۔ زعفران چھ ماشہ۔ سلاجیت چھ ماشہ۔ جند بید ستر تین ماشہ۔ مغز تخم پستہ ایک تولہ۔ مغز تخم نیم ایک تولہ۔ برادہ بارہ سنگھا ایک تولہ۔ شب یمانی ایک تولہ۔ کافور ایک تولہ۔ سب ادویہ کو شیر مدار میں کھرل کر کے خشک کریں۔ پھر آب برگ سہانجنہ ایک پاؤ۔ پھر آب برگ ہرن کھری ایک پاؤ میں بعد ازاں آب کچلہ ایک پاؤ میں کھرل کر کے خشک کریں۔ جب خشک ہو جاوے تو گولیاں بنا کر بذریعہ پتال جنتر تیل نکال لیں۔ فوائد اس کے بے شمار ہیں۔ مگر مختصراً عرض خدمت ہیں۔

۱۔ **قوت باہ:** کے لیے ایک بوند ہمراہ بالائی شیر دیں۔ تین خوراک میں نامرد مرد کامل ہو جائے گا۔ مگر وقفہ سے دینا بہتر ہے۔

۲۔ **مولد خون۔** اس کے استعمال سے رنگ چہرہ مثل انار ہو جاتا ہے۔

۳۔ **بواسیر خونی و بادی۔** ایک بوند ہمراہ مسکہ گاؤ دیں۔ ایک دم نابود ہو جاتی ہے اور پھر کبھی ظاہر نہیں ہوتی۔ قطعی طور پر ختم ہو جاتی ہے۔

٤۔ **سنگرھنی پیچش۔** اسہال ایک بوند ہمراہ شکرتری دیں۔ ایک خوراک سے آرام ہو جاتا ہے۔

۵۔ **بلغمی بخار** کے لیے ایک بوند پتاشہ میں دیں۔ ایک دفعہ دینے سے بخار کافور ہو جائے

٦۔ **جلق زدہ** کوصرف تین مرتبہ مالش کرنے سے درست ہو جائے۔

۷۔ **مریض**۔ لقوہ۔ ادھرنگ۔ فالج۔ تشنج۔ کزاز۔ تمام بلغمی امراض میں ایک بوند شکرتری کے ہمراہ دیں۔

۸۔ **جریان**۔ احتلام اور سرعت انزال کے لیے ایک بوند ہمراہ کھیرا سپغول ہیں۔

۹۔ امساک کے لیے ایک بوند بتاشہ میں ڈال کر کھلا دیں۔ اور اوپر سے دودھ پی لیں۔ خاطر خواہ اس کے فوائد ظاہر ہوں گے۔

۱۰۔ اگر نامرد مجلوق استعمال کرے تو اکیس روز جماع سے پرہیز کرے ورنہ نقصان ہو گا۔

۱۱۔ **مریض دمہ** کو ایک بوند ہمراہ سفوف زنجبیل استعمال کرائیں۔ دو روز کے بعد ناغہ کر کے اسی طرح ایک ہفتہ متواتر استعمال کرائیں۔ برسوں کا دمہ جاتا رہتا ہے۔

جگری

یہ نسخہ ارسطو ثانی جناب حکیم مہتاب دین صاحب مرحوم وزیر آبادی کا ہے جو اپنے وقت میں استاد اکمل مانے جاتے تھے۔ کئی مہاراجگان درؤسا کے طبیب خاص تھے ان کا یہ خاص راز کا نسخہ ہے۔ جس کے حصول کی داستان بھی ہدیہ ناظرین ہے۔ میرے عم محترم مولانا مولوی محی الدین صاحب مرحوم نظام آبادی ایک نہایت ہی مایوس العلاج مریض کے علاج سے تنگ آ کر مشورہ لینے کے لیے حکیم صاحب موصوف کے پاس تشریف لے گئے۔ مریض کا رنگ زرد۔ پیٹ پھولا ہوا۔ متورم چہرہ۔ غرضیکہ بظاہر مریض کی امید زیست باقی نہ تھی حکیم صاحب نے ایک سیاہ سی دوا لے کر کوکن بیر کے برابر گولیاں بنا دیں۔ اور فرمایا کہ اس کو جا کر لسی کے ساتھ کھلانا شروع کر دو۔ آج دوا شروع کی کل مریض کی حالت اچھی ہونی شروع ہو گئی۔ دس یوم متواتر دوا کھانے سے مریض کامل صحت یاب ہو گیا۔ بعدہ حکیم صاحب موصوف سے اس نسخہ کے حصول کے لیے جدوجہد شروع کر دی کیوں کہ اس قدر زود اثر نسخہ کسی ڈاکٹر کے پاس بھی نہیں تھا۔ اور پھر ایسا

کامیاب نسخہ پرانے طبیب کب بتادیں۔ مگر وہ بھی صاحب غرض تھے۔ کب پیچھا چھوڑیں۔ دوستی حد درجہ کی تھی۔ مگر اخفا تھا تو اس سے بھی زیادہ۔ بالاخران کے ایک نوکر جو اس وقت دوائیں بنایا کرتا تھا۔ پوچھنا شروع کیا۔ اس نے پانچ روپے طلب کئے۔ جو خوشی سے ادا کر دیئے گئے دوسرے دن حکیم صاحب کے رو برو تصدیق کے لیے نسخہ پیش ہوا۔ تو حکیم صاحب نے قسم اٹھا کر اس کی تصدیق فرمائی۔

حضرت موصوف اسے کئی بار بنا کر اپنی زندگی میں استعمال کراتے رہے۔ آج نصف صدی کا عرصہ گزر رہا ہے۔ آج صرف خلق خدا کی بھلائی کے لیے بال بجل ناظرین کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت : ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ مجیٹھ۔ لوہے چون عمدہ ہر ایک پانچ تولہ۔ فلفل دراز ایک تولہ۔ کوزہ مصری دس تولہ۔ دہی ایک سیر۔ تمام اشیاء کو باریک کوٹ پیس کر دہی میں ملا کر لوہے کی کڑاہی میں کھرل کریں۔ جب خشک ہو دوبارہ ایک سیر دہی ڈال کر کھرل کر کے خشک کریں اسی طرح تیسری بار کریں۔ جب گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے تو گولیاں کو کن بیر کے برابر تیار کر لیں۔

فوائد : ضعف جگر۔ بھس۔ کمی خون۔ عظم طحال۔ ورم جگر وغیرہ امراض کے لیے ایک تحفہ ہے۔ زرد اور کمزور جسم سرخ اور توانا بنانے والی اکسیر ہے۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح ہمراہ دہی کی لسی سے دینی شروع کر دیں۔

اسرار

آج کل جریان احتلام اور ضعفِ باہ کے مریض کثرت سے نظر آ رہے ہیں مریض دیوانہ وار پھر رہے ہیں۔ اور ہزاروں روپیہ ڈاکٹروں حکیموں اور اشتہاری دوا فروشوں کی نذر کر رہے ہیں۔ پس ان حالات کو دیکھتے ہوئے ہم نے ایسی دوا کی جستجو شروع کی ہے۔ جو اس مرض کا یقینی علاج ہو اور مردہ دلوں کو از سر نو زندگی بخشے۔ چنانچہ سال ہا سال کی مسلسل کوشش تگ و دو صرف زر کثیر اور تلاش کے بعد مراد برائی۔ اور فی الحقیقت

مردانہ امراض کے لیے یقینی اور حکمی دوا اسرار کی ایجاد میں شاندار کامیابی حاصل کی۔
اسرار حلق سے اترتے ہی سیدھا اعصابی مرکز پر اثر انداز ہو کر اندرونی تمام مردہ قوتوں کو از سر نو دوبارہ زندہ کرتی ہے صرف ایک ہفتہ کا استعمال ناکارہ سے ناکارہ اور کمزور سے کمزور ترین مریض میں کئی جوان مردوں سی قوت پیدا کرتی ہے۔
نامردی پیدا کرنے والی تمام امراض مثلاً جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال اور عام کمزوری کو بے حد نافع ہے۔ یہ دوا تمام کھوئی ہوئی قوتوں کو واپس لا کر قوت مردمی کا بے حد اضافہ کرتی ہے۔ مایوس مریضوں کو مسرت اور توانائی سے ہمکنار بناتی ہے۔ تندرست اسے استعمال کر کے اپنے جسم اور اندرونی قوتوں کو عرصہ تک محفوظ کر لیتے ہیں۔
اسرار جسم کو مضبوط ہی نہیں بناتی بلکہ ناقابل ضبط قوت پیدا کرتی ہے۔ اسرار قوت مردمی اور امساک کے لیے ایک بہترین دوا ہے۔ اسرار تمام مقوی ادویات کا سرتاج ہے۔ جو ناظرین کی خاطر پیش کی جا رہی ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت : کشتہ طلاء تین ماشہ۔ کشتہ نقرہ تین ماشہ۔ کشتہ فولاد تین ماشہ کشتہ۔ بیضہ مرغ چھ ماشہ۔ کشتہ شنگرف چھ ماشہ۔ جواہر مہرہ تین ماشہ۔ سفوف جواہر تین ماشہ۔ جوہر کچلہ ایک ماشہ۔ جوہر سم الفار ڈیڑھ ماشہ۔ مومیائی چھ۔ عنبر اشہب دو ماشہ۔ مایہ شتر اعرابی تین ماشہ (بدل رب خصیہ)۔ مصطگی رومی اصلی چھ ماشہ۔ ایکسٹریکٹ ڈمیانہ سب کو ملا کر شہد کی مدد سے گولیاں نخودی تیار کریں۔ اور ورق طلا چڑھائیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی بعد از غذا ہمراہ شیر گاؤ۔

کرشمہ

پاک و ہند میں ایک لازوال شہرت حاصل کر چکا ہے۔ نئی۔ پرانی۔ اور اچانک پیدا ہونے والی امراض کے لیے کرشمہ ایک فوری اثر کرنے والی اکسیری دوائی ہے۔ سخت سے سخت اور کہنہ امراض کے دفعیہ کے لیے جو طاقت اس دوائی میں موجود ہے شاید و بائد

کسی ایسی دوائی میں موجود ہو۔ یہ دوا اپنے خواص وفوائد کے لحاظ سے تیر بہدف ہے۔
اگر آپ ہمیشہ تندرست اور وقت بیوقت بیماری کے حملہ سے بچنا چاہتے ہیں۔تو کرشمہ کی شیشی ہر وقت اپنے گھر اور جیب میں رکھیے کیونکہ سفر حضر اور بے وقت۔ جب طبیب کا ملنا مشکل ہے۔ وہاں ''کرشمہ۔۔ کا ایک قطرہ کرشمہ قدرت کا مظہر ثابت ہوتا ہے۔ایسے وقت میں ایک ڈاکٹر اور طبیب کا کام دیتا ہے۔
طاعون۔ ہیضہ اور دیگر وبائی امراض کے ہزاروں مرضا کی تندرستی کا سہرا اگر کسی دوا کے سر ہے تو وہ ہمارا کرشمہ ہے۔ یہ دوا بڑی مہلک سے مہلک امراض کو جڑھ سے اکھیڑ کر جسم کو مثل کندن بناتی ہے۔ بواسیر خونی۔لقوہ۔ جالا۔ پھولا۔ موتیا ہر قسم کے بخار۔ دمہ۔ تپ دق۔ ہیضہ۔ گنٹھیا۔ آتشک۔تلی۔ خنازیر۔ برص۔ دھڑکہ۔ خفقان۔ جملہ امراض نسوانی اور بچگان۔ ہر قسم زخم۔ دھدر۔ پھوڑے۔ پھنسیاں۔ چھپاکی۔ قبض۔ زہر کھا جانا۔نسیان۔گلا بیٹھ جانا۔ڈنگ زہر دار جانور ہر قسم۔امراض دانت۔دردگلو۔سرسام۔ نزلہ زکام۔کھانسی۔باؤ گولہ۔تبخیر۔چنبل۔پیچش اسہال۔۔ذات الجنب۔جل جانا وغیرہ غرضیکہ سر سے لے کر پاؤں تک کی جملہ امراض کے لیے اکسیر اور تیر بہدف ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت : روغن کافور دو تولہ۔ نوشادر محلول ایک تولہ۔ ست اجوائن ایک تولہ۔ ست پودینہ دو تولہ۔ ٹنکچر کلورافارم دو تولہ۔ کاربالک ایسڈ چار تولہ۔ جوہر لوبان ایک تولہ۔ گندہک آملہ سار ایک تولہ۔ پارہ مصفے ایک تولہ ان کی کجلی بنا کر سب کو باہم ملا کر چار یوم متواتر دھوپ میں رکھیں۔تمام اشیاء حل ہو کر ایک خوب صورت مرکب بن جائے گا۔

ترکیب استعمال : ہر قسم کے دردسر کے لیے پیشانی پر مالش کریں۔اگر دس منٹ تک آرام نہ ہوتو دوبارہ لگائیں۔شدید حالتوں میں دو بوند پتاشہ میں ڈال کر ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔

(۲) کھانسی بلغمی کے لیے دو بوند ہمراہ سفوف فلفل دراز تین ماشہ عرق گاؤ زبان بوقت

صبح۔

(۳) کھانسی خشک میں لعاب بہیدانہ کے ہمراہ تین بوند

(۴) ضیق النفس اور دمہ میں فلفل درازکوفتہ کے ہمراہ تین بوند عرق سونف میں ملا کر دیں۔

(۶) منہ سے پیپ خون اور مسوڑھوں سے بدبو آنے کے واسطے دو بوند ہمراہ عرق پودینہ

(۷) نزلہ زکام ہونے کی صورت میں اسے بطور نسوار لیں۔

(۸) بدہضمی۔ دردشکم۔ بھوک نہ لگنا۔ چار بوند ہمراہ عرق بادیان

(۹) قبض کے لیے شربت بنفشہ کے ہمراہ عرق گلاب پانچ تولہ میں پانچ بوند ملا کر دیں۔

(۱۰) نفخ شکم میں دو بوند ہمراہ عرق بادیان۔

(۱۱) اسہال۔پیچش کے لیے دو بوند آب انار دانہ میں ملا کر دیں۔

(۱۲) صرع میں دو بوند عرق گلاب ایک تولہ میں ملا کر چند یوم ناک میں ٹپکائیں۔

(۱۳) قے وغثیان میں تین بوند ہمراہ مصطگی۔

(۱۴) درددنداں کے لیے روئی کے پھاہے سے دانتوں پر ملیں۔

(۱۵) دانتوں کے ہلنے کے واسطے ایک ماشہ پھٹکڑی کے سفوف میں چار بوند شامل کر کے دانتوں پر ملیں۔

(۱۶) دردگوش وقرحہ گوش کے لیے ایک بوند روغن گل میں ملا کر کان میں ڈالیں۔

(۱۷) خارش کان کے واسطے روغن بادام دس بوند اور سرکہ دس بوند میں صرف ایک بوند کرشمہ ملا کر ڈالیں۔

(۱۸) بواسیر الانف کے لیے ایک بوند کرشمہ دو بوند روغن گل میں ملا کر لگائیں۔

(۱۹) ناک کی پھنسیوں کیواسطے ایک بوند کرشمہ دو بوند روغن گل میں ملا کر لگائیں۔

(۲۰) ناک سے بدبو آنے کے لیے شیرہ صندل سفید دس بوند میں ایک بوند کرشمہ ملا کر ٹپکائیں۔

(۲۱) دردِ چشم کے لیے ستاور چھ ماشہ کے جوشاندہ میں ایک بوند کرشمہ ملا کر سلائی سے لگائیں۔

(۲۲) داد چنبل۔ ثبور۔ پھوڑا۔ پھنسی۔ اور خارش کے لیے تیل سرسوں دو تولہ میں ملا کر لگائیں۔

(۲۳) جملہ اقسام کے لیے ست گلو ایک تولہ میں دس بوند ملا کر عرق گاؤزبان ایک ماشہ میں دیں۔

(۲۴) گلٹیاں۔ ورم اور چوٹ کی واسطے تیل سرسوں میں چند قطرے ڈال کر مالش کریں۔

(۲۵) تفریح طبع کے لیے ایک دو بوند بعد غسل پیشانی پر ملنے سے تمام دن طبیعت خوش رہتی ہے۔

(۲۶) ڈنگ جانور زہردار ہر قسم سانپ۔ بچھو۔ بھڑ وغیرہ کے لیے حسب برداشت روئی سے لگا دیں۔ علاوہ ازیں ایک لائق طبیب اس کو ہر مرض پر حسب موقعہ مناسب بدرقہ سے استعمال کرایا جا سکتا ہے۔

سلطانی

آج کل ننانوے فیصدی نوجوان مرض جریان کے شاکی دیکھتے جائے ہیں۔ اور یہ ایک ایسی مرض ہے جس سے سینکڑوں امراض پیدا ہو سکتی ہیں۔ مثلاً سر چکرانا آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا۔ کانوں میں شائیں شائیں اور ٹھک ٹھک کی آواز آنی یا ضعف جگر۔ کمی خون۔ دل کا گھبرانا۔ جوڑوں میں درد۔ چہرہ کا رنگ زرد ہو جانا۔ غرضیکہ کہاں تک گنا جاوے جریان کا مریض بیماریوں کا گھر بن جاتا ہے۔ کوئی کام دل لگا کر نہیں کر سکتا۔ ان تمام عوارض کے لیے سلطانی ایک بہترین دوا ہے۔ جو مادہ منویہ کو گاڑھا کر کے مانند قوام حقیقی بناتا ہے۔ بیس بیس سالہ پرانے جریان احتلام کو دور کر کے قدرتی امساک پیدا کرتا ہے۔ منی کی عدت اور رقت کو زائل کر کے قابل اولاد بناتا ہے۔ مقوی جسم۔

رنگ سرخ اور بدن موٹا تازہ کرتا ہے۔ مقوی اعضائے رئیسہ بھوک بڑھاتا اور قبض کو رفع کرتا ہے۔ سلطانی کا ایک ہفتہ کا استعمال جریان احتلام سرعت انزال کے لیے ایک لاجواب دوا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ست گلو۔ طباشیر۔ الائچی خورد۔ اندر جو شیریں۔ دانہ ہیل۔ پکھان بید۔ فوفل ہر ایک دو تولہ۔ تخم بھنگ ایک تولہ۔ سمندر سوکھ چھ ماشہ۔ ثعلب مصری چھ ماشہ۔ کشتہ مرگا نگ تین ماشہ۔ کشتہ مرجان تین ماشہ۔ کشتہ چاندی تین ماشہ۔ کشتہ فولاد چھ ماشہ۔ نشاستہ دس تولہ۔ کھانڈ ایک پاؤ۔ سفوف بنا کر باہم ملالیں۔

ترکیب استعمال : چھ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ علی الصباح۔

فوائد : جریان۔ احتلام و سرعت کی حکمی دوا ہے۔

صندل پوڈر

اکثر امراض کے لیے اکسیری دوا ہے۔ دودھ پلانے کی حالت میں اگر والدہ استعمال کرے تو کسی قسم کی کوئی شکایت مثلاً سرخبادہ۔ اسہال۔ پیچش۔ پھوڑا۔ پھنسی۔ وغیرہ قطعاً نہیں ہوتا۔ علاوہ ازیں مرض اٹھرا جس میں حمل ضائع ہو جاتا ہے۔ یا اگر بچہ پیدا ہو۔ تو چند دن کے اندر نیلا پیلا ہو کر مر جاتا ہے۔ یہ نسخہ حکیم مولوی نورالدین اعظم قادیانی کا خاص معمول مطب اور آزمودہ ہے۔

اجزاء و ترکیب : برگ نیم ٦ ماشہ۔ برگ حنا چھ ماشہ۔ ہر مچی چھ ماشہ۔ پکھان بید۔ رتن جوت۔ رسوت۔ ریوند خطائی۔ صندل سرخ۔ صندل سفید۔ دھمائیں۔ مرچ سیاہ۔ برگ سر پھوکہ۔ برگ سرس۔ برگ جنتر۔ کالی زیری۔ کشنیز مقشر۔ اجوائن دیسی۔ اجوائن خراسانی۔ تخم کرفس۔ افیون۔ گیرو۔ مغز نارجیل۔ کاسنی ہر ایک چھ ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر سفوف تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال : ایک رتی روزانہ صبح ہمراہ پانی۔

فوائد : اٹھرا۔ سرخبادہ۔ پھوڑا۔ پھنسی۔ بدہضمی۔ خرابی خون۔ وغیرہ کے لیے مفید

ہے۔

نشاط

عصبی امراض اور صحت کی عام خرابی کے لیے ایک مفید نسخہ ہے۔ دماغی اور عصبی قوتوں کی محافظ۔ مقوی باہ۔ مقوی معدہ۔ مصفی خون۔ بدنی قوتوں کی نگہبانی۔ جوڑوں کے درد۔ کمر درد۔ سر درد کے لیے بے حد مفید ہے۔ قوت حافظہ۔ بینائی کی نگہبان ہے۔ جو لوگ درد سر۔ گنٹھیا۔ بار بار نزلہ کے شکار ہوں۔ نسیان کا شکار اور کمزور رہتے ہوں۔ چند روز استعمال کے بعد ان امراض سے نجات پا جاتے ہیں۔

اجزا و ترکیب ساخت : مشک خالص تین ماشہ۔ ورق نقرہ چار ماشہ۔ بہمن سرخ چھ ماشہ۔ بہمن سفید چھ ماشہ۔ کبابہ چھ ماشہ۔ ثعلب مصری پانچ تولہ۔ دانہ الائچی خورد۔ دارچینی۔ جائفل۔ لونگ۔ گل سرخ۔ فرنجمشک۔ صندل سفید۔ جلوتری۔ زعفران ہر ایک ایک تولہ۔ مغز بادام شیریں مقشر۔ تخم خشخاش ہر ایک پاؤ سیر۔ روغن برگ بھنگ آدھ سیر۔ شہد۔ شکر سفید دونوں مساوی ڈیڑھ سیر کا قوام کر کے بدستور معجون مفرح تیار کریں۔ اگر تقویت باہ اور تقویت قلب کی رعایت زیادہ منظور ہو تو تخم ہلیون۔ تودری سرخ و زرد ایک تولہ کا اضافہ کر لیں۔ اگر مزاج میں گرمی ہو تو گرم اجزا کم کر دیں۔

ترکیب روغن بھنگ

ایک سیر برگ بھنگ کو دو سیر دودھ میں رات کو بھگو دیں۔ اور صبح جوش دیں تا کہ بھنگ کا اثر دودھ میں ظاہر ہو پس صاف کر کے ڈیڑھ پاؤ گھی دودھ میں ملا کر پھر نرم آگ پر پکاویں۔ یہاں تک کہ غلیظ ہونے لگے پس اس کو سرد جگہ میں رکھیں تا کہ گھی اوپر آ جاوے اس گھی کو کف دست سے علیحدہ کر لیں۔ اس کے علاوہ دودھ کی دہی جما کر بھی بدستور مکھن نکال کر اس کا روغن بنا کر استعمال کر سکتے ہیں۔

ترکیب استعمال : ایک ماشہ سے دو ماشہ تک۔

کیمیائے عشرت

یہ دوا بہترین اجزاء سے تیار شدہ تقویت باہ اور امساک کے لیے بے نظیر ثابت ہوئی ہے۔ صرف امراء روسا اور عیش پسند طبائع کے لیے بہترین تحفہ ہے اس پر دودھ کا زیادہ استعمال ہوتا ہے۔ ممسک بدرجہ کمال حرارت غریزی کو طاقت دے کر تقویت باہ پیدا کرتا ہے۔ جب گرمی خشکی محسوس ہو تو دودھ پی لیا جاوے حتی کہ بعض اوقات کئی تک نوبت پہنچ جاتی ہے۔ مگر بار نہیں ہوتا۔ امساک حد درجہ کا نا قابل بیان۔ تکان اور کمزوری کا نام تک نہیں آتا۔ ایک قابل قدر دوا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سم الفار زرد ایک تولہ۔ شنگرف ایک تولہ۔ عرق پیاز دس تولہ میں کھرل کریں۔ اس میں سے ایک تولہ لے کر بچھناک نغدہ چار تولہ میں خوب کپڑ چھان کر کے آدھ سیر روغن زرد میں تل لیں۔ دوا مذکور ایک ماشہ نک چھکنی دو ماشہ۔ کاپھل ایک تولہ۔ لونگ آٹھ ماشہ۔ زعفران دو ماشہ۔ شنگرف سرخ آٹھ ماشہ۔ دار چینی سولہ ماشہ۔ مازو پانچ تولہ۔ افیون ڈیڑھ ماشہ۔ ورق طلاء آٹھ ماشہ۔ ورق نقرہ ۱۵ ماشہ مشک خالص سولہ ماشہ۔ ریگ ماہی نر سولہ ماشہ۔ سب کو باریک کر لیں۔

فوائد : مقوی باہ۔ بے حد انتشار پیدا کرنے والی ممسک دوا ہے۔

ترکیب استعمال : دو ماشہ ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ اور پندرہ منٹ کے بعد مشغول ہوں۔ فراغت کے بعد نصف سیر دودھ پی لیں۔ فوراً کمزوری رفع ہوگی۔ اسی طرح طرح دودھ پیتے جاویں۔ اور پھر۔۔۔۔۔ ہوں۔ اسی طرح ایک رات میں کئی سیر دودھ ہضم کر دیتی ہے۔

کشتہ قلعی

اجزا و ترکیب ساخت : قشر سنگترہ خشک شدہ ایک پاؤ۔ قلعی عمدہ مصفیٰ پانچ تولہ۔ ایک ٹاٹ کا ٹکڑا لے کر سفوف قشر سنگترہ پانچ تولہ بچھا کر اوپر قلعی کے ریزہ بچھا کر

اور پھر قشر سنگترہ کا سفوف بچھا کر اس کے اوپر پھر قلعی کے ریزہ رکھ کر باقی سفوف ڈال دیں اسی طرح پھر قلعی بچھا کر اور سفوف سنگترہ رکھ کر ٹاٹ گول لپیٹ کر رسی سے خوب کس کر باندھیں اور اس پر ملتانی مٹی سے گل حکمت کر کے اسی حالت میں پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ تمام قلعی شگفتہ برآمد ہوگی۔ یاد رہے کہ قلعی کا کشتہ کرتے وقت آگ بہت تیز نہ ہو ورنہ نغدہ فوراً جل کر قلعی چرخ کھا کر بیٹھ جائے گی۔ اور کشتہ نہیں بن سکے گا۔

فوائد : حابس رطوبت ہے۔ حدت مثانہ کے لیے اکسیر ہے۔ حرقت البول۔ بول الدم۔ جریان منی۔ سیلان الرحم۔ جریان الدم ہر قسم بلکہ سل و دق ابتدائی کو بھی نہایت مفید ہے۔

ترکیب استعمال : ایک رتی ہمراہ مکھن یا بالائی۔

سنہری گولیاں

سنہری گولیاں زندہ در گور مایوس العلاج مریضوں کے لیے مسیحا ہیں۔ جو افعال خود کردہ سے موت کو زندگی پر ترجیح دیتے ہیں۔ یہ دوا بوڑھے اور مایوس نوجوانوں کو جوان بنانے والی اکسیر ہے۔ مکمل تعریف مانع تہذیب ہے۔ طاقت کو کئی گنا بڑھا دیتی ہے۔ یہ گولیاں اپنی تعریف آپ کرائیں گی۔ ضعف باہ۔ جریان۔ سرعت انزال کے لیے اکسیر اثر رکھنے والی گولیاں ہیں۔

اجزا و ترکیب ساخت : جائفل۔ عقرقرحا۔ تخم دھتورہ۔ جاوتری۔ افیون۔ کشتہ قلعی۔ شنگرف مدبر ہر ایک چھ ماشہ۔ کشتہ فولاد شنگرفی۔ سلاجیت۔ ورق نقرہ ہر ایک تین ماشہ۔ سم الفار۔ ورق طلاء مشک ہر ایک ایک ماشہ۔ سب کو ست خشخاش (افیون) کے جوشاندہ میں کھرل کر کے ایک رتی کی گولیاں بنا دیں۔ (جوشاندہ دس تولہ ہو)

فوائد : اعلیٰ درجہ کی محرک باہ۔ مقوی دماغ۔ مقوی اعصاب۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال وغیرہ کے لیے اکسیر جسم میں خون پیدا کرتی اور رنگ کو سرخ کرتی ہے۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح وشام بعداز غذا۔

محلل اعظم

یہ دوا تحلیل اورام ہر قسم میں اپنی نظیر آپ ہے۔ تمام یونانی ہندی و ڈاکٹری ادویہ سے سبقت لے گئی ہے۔ مرہم داخلیون وٹنکچر آئیوڈین اس کے سامنے ہیچ ہیں، ہر قسم کے دمامیل۔ سرطان۔ خنازیر۔ رسولی وغیرہ میں مفید ہے۔ اس کے علاوہ بہق۔ برص۔ کلف۔ گنج۔ اقسام ثبورات۔ اورام اندرونی مثلاً ورم طحال۔ ورم جگر۔ اورام صلبہ خواہ معدہ میں ہو یا امعا میں ذات الجنب۔ ورم رحم مثانہ اس کے کھانے اور لگانے سے تحلیل ہو جاتے ہیں۔ اکلاً وضماداً دونوں طریق سے مستعمل ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: تخم مولی چار تولہ۔ گوگل چار تولہ۔ زراوند مدحرج چار تولے۔ اشق چھ تولہ۔ بیخ کبر دس تولہ۔ رائی چار تولہ۔ سرکہ انگوری خالص حسب ضرورت سب کو کھرل کریں اور سرکہ ڈال کر خوب گھوٹیں کہ قوام حبوبی بن جائے اور اس قدر روغن مادہ گاؤ شامل کریں کہ کھرل کرتے کرتے اس کی دہنیت زائل ہو جائے بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: کھانے کے واسطے نصف سے ایک ماشہ تک کسی مناسب شربت سے مالش کے لیے روغن کنجد میں ملا کر پچکاری کے لیے صرف پانی میں حل کر کے ضماد کے لیے سرکہ میں حل کر کے بخور کے لیے کوئلوں کی آگ پر دھونی کے طور پر شیاف فرزجہ حمول وغیرہ کے لیے روغن زرد میں ڈال کر استعمال کریں۔

دوائے مسکن (درد دانت)

اجزا و ترکیب ساخت: کاربالک ایسڈ۔ کافور۔ کریازوٹ۔ کلورل ہائیڈریٹ۔ ست پودینہ۔ مصطگی باریک شدہ۔ ٹنکچر آئیوڈین (رکٹی فائیڈ) ہر ایک تین ماشہ۔ روغن لونگ دس ماشہ سب کو ملا کر شیشی میں بند کر کے مضبوط ڈاٹ لگا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: ضرورت کے وقت روئی کے پھایہ سے دانت کے سوراخ میں لگائیں اور دس منٹ لیٹ جائیں۔ اس دوا کے منہ اور زبان پر لگنے کی احتیاط کی جائے تو بہتر ہے اگر چہ نقصان نہیں دیتا۔

فوائد: دنیا بھر کے مسکنات کی سرتاج ہے دانت کے درد پر لگاتے ہی فوراً آرام ہو جاتا ہے اکسیری دوا ہے۔ روتا آئے اور ہنستا جائے کا مقولہ اس پر صادق آتا ہے۔

حسن

خوبصورتی ایک جادو ہے حسین چہرہ اور خوبصورت اپنی طرف متوجہ کر لیتا ہے۔ خوبصورت خواہ مرد ہو یا عورت عموماً خوش نصیب ہو جاتا ہے خوبصورتی خدا کی پیاری ہے خوبصورتی حاصل کرنے اور موجودہ خوبصورتی کو قائم رکھنے کے لیے ہمارا تیار کردہ "حسن" استعمال کیجئے جس کو استعمال کرنے سے کالا کملایا ہو بدنما مانند مخمل ملائم اور مانند گلاب کے پھول سرخ و سفید نکل آتا ہے۔ ہر قسم کے داغ دھبے۔ چھائیاں۔ مہاسے۔ سفید سیاہ نشان۔ جھریاں وغیرہ سب کو دور کر کے رنگ روکو مہتاب کی مانند چمکاتا ہے جسم سے خوشبو کی لپٹیں آتی ہیں۔ پندرہ روز میں جملہ نشانات چہرہ دور کر کے ایک محبوبانہ شان پیدا کرتا ہے۔ اس کے استعمال سے دماغ تروتازہ رہتا ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت: پوست ترنج دس تولہ۔ چاول ساٹھی پانچ۔ تولہ حسن یوسف۔ گل مصفعر۔ ہار سنگھار۔ مغز کدو۔ مغز بادام۔ برگ حنا۔ سوڈا بائی کارب۔ صندل سرخ۔ صندل سفید ہر ایک پانچ تولہ۔ زعفران ڈیڑھ تولہ۔ عطر ناگسیر چھ ماشہ۔ عطر گلاب۔ عطر موتیا ہر ایک چھ ماشہ۔ سب کو یک جان کر کے عطر شامل کریں۔

فوائد: چھائیں۔ داغ۔ پھوڑے۔ پھنسی وغیرہ دور کر کے چہرہ کو مانند گلاب کی پتی سرخ کرتا ہے۔

ترکیب استعمال: دودھ میں کھرل کر کے چہرہ پر لیپ کریں اور سوکھ جانے پر دھوئیں۔

طلا برقی

مایہ ناز اور بے نظیر۔ مشہور و معروف نسخہ ہے جس نے طبی دنیا میں ایک لازوال شہرت حاصل کی ہے۔ اس نسخہ کی اس قدر تصادیق موجود ہیں کہ ان کا شمار مشکل ہے یہی نسخہ طلاء فاسفورس کے نام سے فورخت ہو رہا ہے جس سے اشتہاری حکیم کافی سے زیادہ فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

اجزا و ترکیب ساخت : جمال گوٹہ۔ مغز پستہ۔ مغز بادام ہر ایک پانچ تولہ۔ سم الفار چھ ماشہ تمام ادویات بذریعہ پتال جنتر میں تیل نکالیں۔ روغن مذکور ایک تولہ۔ فاسفورس خشک آدھ رتی۔ زعفران تین رتی۔ مکھی سبز (جو بو چڑ خانوں میں ملتی ہے۔) پانچ عدد۔ تمام اجزا کو تین پہر متواتر کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

فوائد : جملہ امراض و شکایات متعلقہ عضو تناسل کا حکمی علاج ہے۔ اس کے استعمال کے بعد کسی اور طلا کے استعمال کی ہوس باقی نہیں رہتی۔

ترکیب استعمال : دو سے تین قطرہ کی مالش کر کے برگ پان باندھیں۔

خمیرہ بادام عنبری

اس کے استعمال سے شباب واپس آ جاتا ہے اور شباب کی مردہ امنگیں از سر نو زندہ ہو جاتی ہیں۔ زندگی میں ایک نئے دور کے آثار پیدا ہو جاتے ہیں۔ اعصاب مضبوط ہو جاتے ہیں اور ان میں طاقت کی لہر اچھی طرح دوڑ جاتی ہے جو لوگ جوانی کی روح پرور کیفیات سے محروم ہو چکے ہیں۔ ان کے واسطے اکسیر شباب ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت :۔ مغز بادام نصف سیر۔ طباشیر چھ ماشہ۔ الائچی خورد چھ ماشہ مروارید ناسفتہ ایک ماشہ۔ ورق طلا آدھ ماشہ۔ ورق نقرہ تین ماشہ۔ عنبر ڈیڑھ ماشہ۔ کیسر اصلی ڈیڑھ ماشہ۔ کستوری ایک ماشہ۔ کافور دو ماشہ۔ بیج سرس تین ماشہ۔ گلقند بیس تولہ۔ مصری دس تولہ۔ پہلے بادام کو چھیل کر پیس لیویں پھر گھی میں بھونیں۔ باقی

ادویات تین دن تک روح کیوڑہ میں کھرل کریں۔ مصری کی چاشنی بنا کر سب چیزیں اس میں ڈال کر معجون تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال : تولہ بھر روزانہ صبح کھاویں۔

فوائد : منی کو گاڑھا کرتی ہے۔ مرد کامل بناتی ہے۔ قوت باہ کو تیز کرتی ہے مرد کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ مقوی اعصاب۔ دافع احتلام۔ مقوی دماغ ہے۔

دوشیزہ

یہ دوا اپنے فوائد کے لحاظ سے عجیب الاثر ہے۔ بکارت پیدا کرنے کے لیے اس سے زود اثر دوا آپ دنیا بھر میں تلاش کر لیں۔ ہرگز نہ ملے گی۔ زیادہ تعریف خلاف تہذیب اور قانون ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت : مازو ایک تولہ۔ مائیں خورد چھ ماشہ۔ گل انار چھ ماشہ۔ جفت بلوط چھ ماشہ۔ خستہ جامن چھ ماشہ۔ اقاقیا چھ ماشہ۔ موچرس چھ ماشہ۔ گوند ڈھاک چھ ماشہ۔ پھٹکڑی چھ ماشہ سب کو مانند سرمہ کریں۔

فوائد : پردہ بکارت پیدا کرتی ہے۔ مگر زیادہ استعمال کرنا ایک شب میں دو دفعہ کرنا مانع ہے۔ تنگی کے سبب مرد قادر نہیں ہو سکتا۔

ترکیب استعمال : دس منٹ قبل از وقت اندرون پوشیدہ جسم ایک چٹکی لگائیں۔

بجلی

اجزا و ترکیب ساخت : کشنیز دو تولہ۔ صندل سفید ایک تولہ۔ دار چینی ایک تولہ۔ فینسٹین ایک تولہ۔ کیفین سائیٹراس چھ ماشہ۔ قند سفید دو تولہ تمام ادویات کو علیحدہ علیحدہ پیس کر ملا لیں۔ بوقت ضرورت کام میں لائیں۔

فوائد : دردسر ہر قسم کو نفع دیتا ہے۔ مقوی معدہ ہے۔ تبخیر معدہ کو نافع ہے بچوں کے ام الصبیان کو مفید ہے۔

ترکیب استعمال : چار رتی سے ایک ماشہ ہمراہ پانی ایک خوراک دیں۔ ایک خوراک نفع کرے گی۔ ورنہ ڈیڑھ گھنٹہ کے بعد دوسری خوراک دیں۔

نسیانی

اجزا و ترکیب ساخت : برہمی بوٹی پچیس تولہ کو ایک سیر پانی میں جوش دے کر نصف رہ جانے پر مل کر چھان لیں۔ اس پانی میں روغن گاؤ ایک سیر ملا کر خوب جوش دیں۔ کہ پانی خشک ہو جائے۔ اس میں ثعلب مصری پانچ تولہ۔ مغز بادام بیس تولہ۔ مالکنگنی دس تولہ۔ الائچی سفید چار تولہ۔ ستاور چار تولہ۔ مغز خیارین دو تولہ۔ مغز خربوزہ دو تولہ۔ مغز تربوز دو تولہ۔ مغز کدو دو تولہ۔ ست گلو دو تولہ۔ مصری کوزہ چالیس تولہ۔ مصری کا قوام بنا کر داخل کر لیں۔ کشتہ مرجان نو ماشہ۔ کشتہ چاندی چھ ماشہ اضافہ کر کے اچھی طرح شامل کریں۔ تیار ہے۔

مقدار خوراک :۔ چھ ماشہ صبح ہمراہ دودھ۔

فوائد : دماغ کو قوی کر کے نسیان کو دور کرتی ہے۔

کحل شفا

آنکھیں بڑی نعمت ہیں۔ آنکھوں کی قدر انسان کو اس وقت ہوتی ہے جب کسی قسم کی تکلیف پیدا ہوتی ہے۔ ورنہ کچھ قدر و حفاظت نہیں ہوتی۔ جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے۔ کہ تھوڑی عمر میں کمزور بصارت کی شکایت لاحق ہو جاتی ہے۔ یہاں تک کہ عینک کی ضرورت نہیں رہتی۔ یہ سرمہ ہم نے خاص طور پر بیش قیمت اجزا سے تیار کیا ہے۔ جو تمام امراض چشم میں نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ بینائی کو نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ بینائی کو نہایت طاقت بخشتا ہے۔ نیز جالا۔ پھولا۔ ناخونہ۔ خارش۔ دھند۔ نزول الماء (موتیا بند) وغیرہ کی شکائیتوں کو رفع کرتا ہے۔ اور خاص طور پر آنکھوں کو قوت بخشتا ہے۔ عجیب وغریب چیز ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت : سرمہ سیاہ دو تولہ لے کر آب سرس دس تولہ میں کھرل کر کے خشک کر لیں۔ سرد چینی مصفا آٹھ ماشہ ہر دو کو دو یوم کھرل کریں پھر شورہ تین ماشہ۔ کشتہ جست خانہ ساز چھ ماشہ۔ سمندر جھگ چھ ماشہ ملا کر دو یوم کھرل کریں۔ صدف مرواریدی کا چمک دار حصہ ایک تولہ عرق گلاب میں خوب کھرل کریں۔ بعدہ میراں چینی ایک تولہ ملا کر عرق گلاب میں اڑتالیس گھنٹے کھرل کریں۔ خشک ہونے پر کیلومل چھ ماشہ۔ ست پودینہ۔ ست الائچی دو۔ دو رتی۔ ملا کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : چاندی سلائی سے صبح و شام صرف ایک بار لگائیں۔

فوائد : مقوی بصر ہے چند روز کے استعمال سے عینک کی عادت نہیں رہتی۔

سمعی

اجزا و ترکیب ساخت : کافور چھ ماشہ۔ روغن کنجد چھ تولہ۔ ٹنکچر اوپیم چھ ماشہ۔ آب برگ دھتورہ پانچ تولہ۔ سرکہ انگوری پانچ تولہ۔ آب پیاز پانچ تولہ۔ آب برگ مدار پانچ تولہ۔ اول تمام باہم ملا کر ان میں تیل شامل کر کے آگ پر جلا لیں۔ کہ پانی جل کر صرف تیل باقی رہ جائے تو اس میں مشک کافور کو خوب کھرل کر کے یک جان کر لیں۔ بس تیار ہے۔

فوائد : درد گوش۔ پھنسی۔ بہرہ پن۔ ٹھیس۔ کان بہنا۔ غرضیکہ تمام امراض کان کو دو تین یوم میں اور درد کو فوری تسکین دیتا ہے۔

ترکیب استعمال : بقدر چار قطرہ روزانہ کان میں ڈالیں۔

پتھر توڑ

پتھری۔ ریگ۔ گردہ مثانہ کی لاثانی واکسیری دوا ہے پتھری کو بلا اپریشن خارج کرنے کے لیے لاجواب چیز آج تک نہیں دیکھی گئی۔ سینکڑوں دفعہ کے استعمال کرنے کے بعد آج آپ کی خدمت میں بلا بخل پیش کی جا رہی ہے۔ ریگ کو خارج اور پتھری کو توڑ کر

ریزہ ریزہ کر کے نکالنا اس کا ایک ادنی کرشمہ ہے۔ اس کے استعمال سے پیشاب خوب کھل کر آتا ہے ایک ہفتہ کے استعمال سے پتھری ریگ خواہ گردہ میں ہو یا مثانہ میں۔ صاف کر دیتی ہے۔ گویا یہ ایک اعجاز ہے۔ جو صرف معاونین طبیب حاذق کی خاطر سینہ سے نکال کر رکھ جاتا ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت : کشتہ بلور۔ کرمک شب تاب (جگنو)۔ عقرب (بچھو) خربوزوں کے چھلکوں کا نمک۔ نمک چرچٹہ۔ کشتہ سنگ یہود۔ نمک مولی۔ جوکھار۔ جملہ اشیاء ہموزن آمیختہ محفوظ رکھیں۔

نوٹ : کشتہ بلور بھوا بوٹی میں تیار کیا جاوے۔ اور کشتہ یہود پانچ تولہ۔ شورہ قلمی اور آب مولی میں تیار کیا گیا ہوا۔ کشتہ جات کی ترکیب علیحدہ ملاحظہ فرماویں۔

فوائد : پتھری خواہ کتنی بڑی کیوں نہ ہو۔ ریزہ ریزہ ہو کر نکل جاتی ہے

ترکیب استعمال : ایک ماشہ ہمراہ دوغ (چھاچھ) سہ مرتبہ دن میں دیں۔ زیادہ سے زیادہ تین دن تک استعمال کرنا پڑتا ہے۔

نزلہ بند

اجزا و ترکیب ساخت : طباشیر۔ زہر مہرہ۔ زعفران۔ الائچی خورد۔ کشنیز۔ ملٹھی۔ جائفل۔ دارچینی۔ جدوار ہر ایک چھ ماشہ۔ افیون ایک تولہ۔ سب ادویات کو پیس کر افیون کو عرق پان میں حل کر کے گولیاں بمقدار دانہ نخود بنائیں۔

فوائد : نزلہ۔ زکام۔ کھانسی کو پہلی خوراک ہی نفع بخشتی ہے۔ ہر قسم کے تریاقیات نزلہ سے مستغنی کر دیتی ہے۔

ترکیب استعمال : ایک سے دو گولی ہمراہ پانی رات کو سوتے وقت دیں۔

کشتہ شنگرف

اجزا و ترکیب ساخت: شنگرف دو تولہ۔ لہسن ایک پوتھیا چار سیر۔ بھلانوہ۔

مالکنگنی۔ تخم حرمل ہر ایک ایک پاؤ۔ شیر مدار بقدر ضرورت۔ بھلاوہ مالکنگنی اور تخم حرمل کو جوکوب کر کے ایک ہانڈی میں ڈال کر شیر مدار میں تر کریں۔ بعدہ ہانڈی کا منہ بند کر کے اور اس کے زیریں نصف کو بخوبی گل حکمت کر کے اس کے نیچے باریک باریک چار پانچ سوراخ کر لیں۔ اب زمین میں بڑا سا گڑھا کھود کر اس کے عین درمیان ایک اور چھوٹا سا گڑھا بنائیں جس میں چینی کا پیالہ پورا آ جائے۔ اب چھوٹے گڑھے میں چینی کا پیالہ رکھ کر اس کے منہ پر ہانڈی مذکور اس طرح سے رکھیں کہ پیالے کے لب اور ہانڈی کا سوراخ دار پینداآپس میں مل جائیں۔ اب ان کو اردگرد سے مٹی وغیرہ لگا کر بند کر دیں۔ تاکہ ہوا کا راستہ نہ رہے اب ہانڈی کے چاروں طرف چھ سیر مینگنیاں ڈال کر آگ لگا دیں۔ دو روز کے بعد جب سرد ہو جائے تو حفاظت سے نکال لیں چینی کے پیالے میں تیل نکلا ہوا ہو گا اس کو محفوظ رکھیں۔ اب لہسن کا عرق نکال کر اس میں شنگرف کو کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کریں۔ بعدہ روغن مذکور میں تر کر کے چار عدد برگ مدار میں لپیٹ کر اس کے اور چکنی مٹی کا جس میں روئی ملا کر خوب کوٹ لی گئی ہو۔ انگل بھر موٹا لیپ کریں اور کوئلوں کی آگ میں ڈال کر پکائیں تھوڑی تھوڑی دیر بعد غلولہ کو ہلاتے اور الٹتے پلٹتے رہیں تاکہ کسی ایک طرف سے زیادہ آگ نہ پہنچ جائے جب غلولہ سرخ ہو جائے تو فوراً باہر نکال کر قدرے سرد کریں۔ اور شنگرف کو نکال کر روح کیوڑہ دو تولہ میں کھرل کر کے شیشی میں محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال : دو چاول سے نصف رتی تک بالائی یا مکھن پانچ تولہ میں لپیٹ کر صبح نہار منہ کھلا دیا کریں۔ گھی دودھ کا کافی استعمال کریں۔

فوائد : مقوی بدن اور اعضائے رئیسہ ہے قوت باہ کو بہت زیادہ تقویت دیتا ہے بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ ایسے اشخاص کو جو مادرزاد نامرد ہوں بلکہ بچپن اور جوانی کی غلط کاریوں سے بالکل نامرد ہو گئے ہوں از سرنو مرد بنا دیتا ہے۔

قوت ہضم اور جذب کو اس قدر بڑھا دیتا ہے کہ کئی سیر تک دودھ اور مکھن روزانہ ہضم ہو

جاتا ہے نوجوانوں اور گرم مزاجوں میں اس کا استعمال احتیاط کے ساتھ کرنا چاہیئے۔ بلغمی۔عصبی امراض رعشہ۔ فالج۔لقوہ۔استرخاء۔ضعف اعصاب وغیرہ میں بھی نہایت مفید اور شافی ہے۔غرض یہ کہ عجیب وغریب کشتہ ہے۔

یاد رہے کہ جس قدر محنت سے نسخہ تیار ہوگا اسی قدر موثر ثابت ہوگا۔

کبدی

اجزاء و ترکیب ساخت : ریوند خطائی پانچ تولہ۔الائچی سبز تین تولہ۔گندھک مدبر دودھ دو تولہ۔ جوا کھار دو تولہ۔شورہ قلمی ایک تولہ۔ ہر پچی ایک تولہ۔ کچور ایک تولہ۔ ملٹھ ایک تولہ۔کشتہ فولاد۔مرچ سیاہ چھ ماشہ۔مجیٹھ نو ماشہ۔سب کو ملا کر سفوف بنائیں۔

فوائد : تمام امراض جگر خصوصا ضعف جگر اور عظم الطحال ورم طحال کو نافع ہے ان بخاروں میں جو جگر کی خرابی سے پیدا ہوں نہایت مفید ہے قلت الدم (کمی خون) جسم میں قوت اور رنگ کو سرخ کرتا ہے علاوہ ازیں یرقان واستسقاء کو نافع ہے۔

ترکیب استعمال : دو ماشہ سے تین ماشہ صبح وشام ہمراہ پانی دیں۔

طحالی

اجزاء و ترکیب ساخت : ریوند عصارہ دو تولہ۔ جوہر نوشادر چھ تولہ۔صبر زرد چھ تولہ۔ ہیرا کسیس ایک تولہ۔شحم حنظل دو تولہ۔فلفل سیاہ ڈیڑھ تولہ۔حلتیت ایک تولہ۔ گندھک آملہ سار ڈیڑھ تولہ۔ کشتہ فولاد ایک ۔ زعفران الحدید ایک تولہ۔کونین ایک تولہ۔ افسنتین چھ ماشہ۔ سب کو ملا کر لعاب گھیکوار کی مدد سے گولیاں بقدر چار رتی بنائیں۔

فوائد: عظم الطحال کا ایک لاثانی علاج ہے علاوہ ازیں ورم طحال۔عظم شکم۔عظم جگر کو بھی نافع ہے۔ہاضم طعام اور دافع نفخ ہے۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح وشام ہمراہ عراق سونف یا پانی سے دیں۔

پیغام حیات

اجزاء و ترکیب ساخت : مقل ارزاق ایک تولہ۔ رسوت ایک تولہ۔ کتھ سفید ایک تولہ۔ پوست بندق سوختہ ایک تولہ۔ کشتہ سونا مکھی (دربکن بوٹی) ایک تولہ۔ اوپلہ کھار ایک تولہ۔ مغز تخم نیم تین تولہ۔ مغز تخم بکائن ایک تولہ۔ سب کو آب ترب کی مدد سے گولیاں بمقدار دو رتی بنائیں ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب دیں۔

فوائد : ہر قسم کی بواسیر کے لئے لاثانی علاج ہے خون کو بند کر کے خارش کو روک دیتی ہے درد کو تسکین دیتی ہے غرض یہ کہ جملہ عوارضات بواسیر کا حکمی علاج ہے۔

کڈنولی

اجزاء و ترکیب ساخت : افیون تین ماشہ۔ قلمی شورہ دو تولہ۔ جوا کھار تین ماشہ۔ خارخسک چھ ماشہ۔ سرد چینی چھ ماشہ۔ بادیان چھ ماشہ۔ جدوار چھ ماشہ۔ ترب کھار ایک تولہ۔ کشتہ سنگ یہود چھ ماشہ۔ تمام ادویات کو ملا کر سفوف بنائیں۔

فوائد : درد گردہ کا حکمی و اسراری علاج ہے درد کو فوری طور پر فائدہ دیتا ہے۔

ترکیب استعمال : دو ماشہ ہر تین گھنٹہ کے بعد ہمراہ شربت بزوری دیں۔

ذکاوتی

اجزاء و ترکیب ساخت : قلعی ایک تولہ۔ پارہ چھ ماشہ۔ قلعی کو پگھلا کر پارہ اوپر ڈال دیں۔ جب ہر دو یک جان ہو جائیں کھرل کریں اور اس میں کشتہ بیضہ مرغ ایک تولہ۔ فلفل سفید ایک تولہ۔ نبات سفید دو تولہ۔ طباشیر ایک تولہ۔ الائچی سفید ایک تولہ۔ ملا کر خوب کھرل کریں کہ یک جان ہو جائیں اس میں کشتہ چاندی تین ماشہ۔ ایکسٹریکٹ بیلے ڈونا دو ماشہ۔ کافور تین ماشہ۔ شامل کر کے خوب کھرل کریں سفیدہ کاشغری ایک تولہ بھی ملائیں۔

فوائد : سرعت انزال۔ ذکاوت۔ جریان۔ احتلام۔ کو مفید ہے مقوی باہ دوا کے استعمال سے پہلے اس کو استعمال کرائیں۔

ترکیب استعمال : چار چاول سے ایک رتی روزانہ ہمراہ مکھن۔

طاقت ین

اجزاء و ترکیب ساخت : کچلہ مدبر چھ ماشہ۔ سم الفار ایک ماشہ۔ شنگرف مدبر تین ماشہ۔ جائفل چھ ماشہ۔ کونین۔ جلوتری۔ مومیائی۔ افیون۔ دار چینی۔ زعفران۔ جند بیدستر۔ ثعلب مصری ہر ایک چھ ماشہ۔ فاسفیٹ آف آئیرن نو ماشہ۔ بچھناک مدبر ایک ماشہ سب ادویہ کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر باہم ملا لیں اور شہد کی مدد سے حبوب نخودی بنائیں۔

فوائد : ایک اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ ممسک۔ مغلظ اور انتشار پیدا کرنے والی دوائی ہے۔ اس کی پہلی خوراک ہی اثر دکھاتی ہے مجلوق کے لئے آب حیات ہے زیادہ تعریف فضول ہے بنا کر فائدہ اٹھائیں اور تمام مردی کمزوریوں اور خرابیوں سے نجات حاصل کریں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی روزانہ صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

طلاء شاہی

اجزاء و ترکیب ساخت : سم الفار۔ ہڑتال۔ منچھل۔ شنگرف۔ سیماب۔ گندھک آملہ سار۔ چوک۔ میٹھا تیلیہ۔ بیر بہوٹی۔ ہیرا ہینگ۔ جونک۔ ریگ ماہی ہر ایک ایک تولہ۔ زعفران تخم۔ دھتورہ۔ تیلنی مکھی ہر ایک چھ ماشہ۔ خراطین نو ماشہ۔ زردی بیضہ مرغ پچیس عدد۔ شیر مدار پچیس تولہ۔ اول سیماب گندھک کی کجلی بنا لیں بعدہ تمام ادویہ کو شیر مدار میں کھرل کریں مابعد زردی بیضہ مرغ مین کھرل کر کے گولیوں بنا کر بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں فی تولہ چار رتی مشک خالص شامل کر کے مناسب کھرل

کریں۔

فوائد : مجلوق کے لئے تریاق کامل اور تمام طلاؤں کا سرتاج ہے اکسیر الاثر اور بہترین دوا ہے جو عضو مخصوص کی جملہ شکایات کجی۔ لاغری۔ کوتاہی۔ ٹیڑھا پن اور کمزوری وغیرہ عوارضات کو دور کر کے ایک برقی طاقت پیدا کرتا ہے۔

ترکیب استعمال : بقدر چار قطرہ عضو مخصوص پر مالش کر کے اوپر برگ پان باندھیں اور قدرت خدا کا کرشمہ ملاحظہ کریں۔

سیلانی

اجزاء و ترکیب ساخت : گل نیم۔ پھٹکڑی۔ صمغ عربی۔ موچرس۔ دم الاخوین۔ آرد سنگھاڑا۔ آرد نخود بریاں ہر پانچ تولہ۔ گل سپاری اڑہائی تولہ۔ کشتہ قلعی الائچی خورد۔ کشتہ صدف ہر ایک دو تولہ۔ کشتہ فولاد (ترپھلہ والا) تین تولہ سب ادویات کوٹ کر سفوف بنائیں۔

فوائد : عورتوں کے مرض سیلان الرحم کے لئے تریاق کامل کا حکم رکھنے والی اکسیر ہے اس کا ایک ہفتہ کا استعمال انشاء اللہ مرض کو جڑ سے دور کر دیتا ہے نہایت سریع الاثر نسخہ ہے علاوہ ازیں کثرت طمث کو نافع ہے۔

ترکیب استعمال : بقدر تین ماشہ ہر روز بوقت صبح ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔

ہاضومی

اجزاء و ترکیب ساخت : دارچینی۔ انار دانہ۔ اچور۔ فلفل گرد۔ فلفل دراز۔ زنجبیل۔ پودینہ۔ زیرہ سیاہ۔ اجوائن۔ بادیان۔ نوشادر۔ سہاگہ۔ نمک سونچل۔ ٹاٹری ہر ایک تولہ۔ نمک سانبھر چار تولہ۔ ست پودینہ۔ ست اجوائن ہر ایک چھ ماشہ سب ادویات کو لے کر سفوف بنالیں۔

فوائد : مقوی معدہ۔ ہاضم طعام۔ درد معدہ۔ نفخ شکم (اپھارہ) بدہضمی۔ اروغ ترش

(کھٹے ڈکار) غرض یہ کہ معدہ کی تمام امراض کی واحد دوا ہے جو آناً فاناً اثر انداز ہوتی ہے۔

ترکیب استعمال : دو ماشہ ہمراہ پانی بوقت ضرورت استعمال کرائیں۔

اکسیری (جلاب لاجواب)

اجزاء و ترکیب ساخت : شنگرف چھ ماشہ۔ سہاگہ چھ ماشہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ کافور تین ماشہ۔ کشنیز تین ماشہ۔ مغز بادام چار۔ کتھ سفید چھ ماشہ۔ تخم جمالگوٹہ مدبر ڈیڑھ تولہ۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر آب لیموں میں کھرل کر کے حبوب نخودی بنالیں سرخ رنگ کی نہایت عمدہ گولیاں ہوں گی۔

فوائد : یہ ایک ایسا نفیس مسہل ہے کہ جس کی نظیر ملنی محال ہے بلا تکلیف ایک گولی سے دو دست آجاتے ہیں اور لطف یہ کہ جس وقت چاہیں بند کرلیں اور جس قدر دست چاہیں آئیں کوئی خاص تکلیف محسوس نہیں ہوتی جہاں جلاب کی ضرورت ہو ان گولیوں سے کام لیں۔

ترکیب استعمال : ایک سے تین گولی تک ہمراہ آب حسب عمر دیں۔ پانی پلانے سے دست آتے رہتے ہیں۔ جب بند کرنا چاہئیں تو مونگ کی دال کی کھچڑی کھلائیں یا دودھ چاول دیں۔

اکسیر اعلیٰ

دنیا میں جس قدر نامور ہستیاں گزری ہیں وہ صرف اچھے دماغ کی وجہ سے نامور ہوئیں کامیابی اور فارغ البالی صرف اچھے اور صحت مند دماغ کا نتیجہ ہے۔ اگر دماغ میں ذرا بھی ضعف آ گیا سمجھو زندگی بھر کی ترقیوں میں روڑے اٹک گئے لہٰذا دماغ کی جتنی بھی حفاظت کی جائے کم ہے۔ اکسیر اعلیٰ صرف اس لئے بنائی گئی ہے کہ اس کے کھانے سے تمام دماغی کمزوریاں دور ہو جاتی ہیں اور اعصاب کو فولاد کی طرح مضبوط بنا دیتی ہے

ذہن اور حافظہ بڑھ جاتا ہے بھول (نسیان) دور ہو جاتا ہے۔ مالیخولیا اور صرع کو آرام دیتا ہے دن بھر کام کیجئے اکسیر اعلیٰ کے استعمال کے بعد کیا مجال کہ ذرا بھی تھکان محسوس ہو۔ نہ کبھی دردسر کی شکایت ہوگی نہ چکر آئے گا ساتھ ہی خوش ذائقہ اور خوشگوار ہے۔ ہر عمر اور ہر موسم میں اسے استعمال کر سکتا ہے واضح رہے کہ اکسیر اعلیٰ ایک صدری نسخہ ہے جو نہایت عرق ریزی اور جانفشانی سے حاصل کیا گیا ہے۔ نسخہ ایک عجوبہ روزگار ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : زعفران دو ماشہ۔ نمک برہمی چھ ماشہ۔ عنبر اشہب ایک ماشہ۔ مروارید ناسفتہ تین ماشہ۔ کشتہ مرجان تین ماشہ۔ ست لوبان دو ماشہ۔ ست سلاجیت چھ ماشہ۔ کچلہ مدبر دو ماشہ۔ کشتہ طلا ایک ماشہ۔ ورق نقرہ سو عدد۔ مشک خالص ایک ماشہ۔ روح کیوڑہ پانچ تولہ۔ روح گلاب پانچ تولہ۔ میں کھرل کر کے گولی دانہ مونگ کے برابر بنائیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد : یہ گولیاں ضعف دماغ۔ ضعف باہ۔ کمزوری اعصاب۔ دائمی نزلہ اور نسیان کے لئے آب حیات ہے۔ دماغی کام کرنے والوں کے لئے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے لفظی تعریف بے سود ہے جو آزمادے کثیر نفع پائے مقوی دماغ و باہ اعلیٰ درجہ کا ہے۔

اسہالی

اجزاء و ترکیب ساخت : کچلہ مدبر چھ ماشہ۔ شنگرف چھ ماشہ۔ موچرس ایک تولہ۔ بل کتھ۔ مغز خستہ آنبہ۔ افیون۔ گوند کیکر۔ ہلیلہ سیاہ۔ لودھ پٹھانی۔ گل دھاواہر ایک ایک تولہ۔ سب کو کوٹ پیس کر آب لیموں میں کھرل کر کے گولیاں بمقدار نخود بنالیں۔

فوائد : ہر قسم کے پیچش اسہال کے لئے نہایت اکسیر الاثر اور پہلی خوراک میں اثر دکھانے والی دوا ہے۔ یہ گولیاں تریاق کامل کا حکم رکھتی ہے۔

ترکیب استعمال : ایک گولی ہر تین گھنٹہ بعد ہمراہ شربت مصری دیں۔ اگر پیچش

میں سدہ ہو تو مسہل دے کر خارج کر لیں۔

سعالی

دمہ کے متعلق مشہور ہے کہ دمہ دم کے ساتھ ہے۔ اس میں شک نہیں کہ دمہ کے علاج کے لئے ایک مدت درکار ہے لیکن میرے تجربہ نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ یہ مرض بھی لا علاج نہیں کھانسی کی شدت سے بے ہوش تک ہو جاتا ہے لیکن اکسیر استعمال سے دمہ کا دورہ خواہ کتنا ہو رک جاتا ہے اور مداومت ہمیشہ کے لئے آرام کر دیتی ہے بلغمی کھانسی بالکل جاتی رہتی ہے پھیپھڑوں کا بلغم قطعی خارج ہو جاتا ہے غرض یہ کہ مریضان دمہ کے لئے آب حیات سے کم نہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : دھتورہ سیاہ۔ سونٹھ۔ زعفران ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ فولاد تین ماشہ۔ کچلہ مدبر دو ماشہ۔ مغز بادام دس تولہ۔ سب اجزاء کو مناسب طریقہ سے کوٹ پیس کر باہم یک جان کر کے گولیاں دانہ ماش کے برابر بنا لیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

فوائد : کھانسی نئی ہو یا پرانی سل۔ دمہ۔ نزلہ۔ دائمی غرض یہ کہ تمام امراض صدر کے لئے مستعمل ہے۔

کشتہ سونا مکھی (بوگ حنا والا)

بواسیر کے لئے اعلیٰ درجہ کا تریاق ہے خاص کر خونی بواسیر کے لئے اکسیر ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مصفی سونا مکھی کی ڈلی ایک تولہ۔ برگ حنا دو تولہ۔ اوپلہ صحرائی چار سیر۔ سونا مکھی کو برگ حنا کے نغدہ میں رکھ کر محفوظ الھوا جگہ میں چار سیر اوپلہ صحرائی کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں سرخ رنگت لئے ہوئے بہت اعلیٰ کشتہ تیار ہوگا۔

ترکیب استعمال : دو چاول تک ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

نوٹ : چونکہ یہ کشتہ بواسیر کے لئے اکسیر ہے اس لئے عام طور پر اس کشتہ میں رسونت ملا کر بقدر نخود گولیاں بنادی جاتی ہیں اور انہیں علی الصبح نہار منہ باسی پانی کے ساتھ استعمال کر لیا جاتا ہے۔۔۔ مندرجہ بالا کشتہ ایک تولہ کے لئے پانچ تولہ رسونت کافی ہے۔

فوائد : بواسیر خونی و بادی کے لئے بہت مفید کشتہ ہے خاص کر خونی بواسیر کے لئے تو اکسیر ہے بعض اطباء اسے بواسیر کا خون بند کرنے کے لئے بھی استعمال کراتے ہیں۔

سنون خاص

پائیوریا کی اکسیر اعظم اور داڑھ۔ دانت سے خون آنے۔ تحریک دندان۔ دانتوں کے میل کچیل کی جادو اثر۔ اگر طبی دنیا میں بڑی تلاش کے بعد ہاتھ آ سکتی ہے تو وہ یہی چیز ہوگی جس کا نام سنون خاص ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : عقرقرحا دو تولہ۔ زنجبیل دو تولہ۔ مرچ سیاہ۔ پھٹکڑی دو تولہ۔ نوشادر دو تولہ۔ راکھ درخت مدار دو تولہ۔ کشتہ سنگ جراحت دو تولہ۔ سہاگہ بریاں دو تولہ۔ قرنفل دو تولہ۔ کتھ سفید دو تولہ۔ دانہ الائچی خورد دو تولہ۔ زیرہ سفید دو تولہ۔ کشنیز دو تولہ۔ سپاری دو تولہ۔ پوست بادام سوختہ دو تولہ۔ طوطیا بریاں دو تولہ۔ مشک کافور ایک تولہ۔ کاربالک ایسڈ ایک تولہ۔ افیون چھ ماشہ سب ادویات کو کوٹ چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : صبح و شام برش سے دانتوں پر ملا کریں بعدازاں گرم پانی سے کلی کریں۔

فوائد : امراض دندان کے لئے اکسیر ہے معدہ کو بھی مفید ثابت ہو چکی ہے۔

مبہی

باہ کے متلاشیوں کے لئے یہ گولیاں ایک نعمت غیر مترقبہ ہیں حلق سے اترتے ہی اپنا اثر

دکھاتی ہیں۔ ست اور بیکار اعصاب میں برقی رو کی طرح اثر کرتی ہیں۔ عضو مخصوص کو سخت اور مضبوط کرتی ہیں۔ مضر صحت اجزاء سے پاک ہیں ان کا چند روزہ استعمال نامرد کو مرد اور مرد کو جوان مرد بنا دیتا ہے قوت میں حیرت انگیز اضافہ کرتی ہیں مباشرت کے بعد قوت میں کمی نہیں ہونے دیتی تجربہ شرط ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : جدوار خطائی چھ ماشہ۔ زعفران ایک تولہ۔ دانہ الائچی خورد ایک تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ایک تولہ۔ جوہر سم الفار تین ماشہ۔ مشک خالص تین ماشہ۔ عنبر اشہب تین ماشہ۔ ورق طلا ایک ماشہ۔ کشتہ شنگرف تین ماشہ۔ سلاجیت ایک تولہ۔ کچلہ مدبر دو ماشہ۔ ست پودینہ۔ ست دارچینی تین ماشہ۔ سب کو پیس کر شہد کی مدد سے گولایاں بقدر دانہ موٹھ تیار کریں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ کھلائیں۔

فوائد : جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ مقوی اعضائے رئیسہ۔ مولد منی۔ درد کمر انشاء اللہ چھ سات یوم تک تمام شکایات رفع ہو جائیں گی قوت باہ کے لئے بھی بے نظیر ہے۔

روشنی

امراض چشم کے لئے اکسیر اعظم ہے۔ ہزار ہا مایوس مریضوں کی صحت کا باعث بن چکا ہے۔ اپنے فوائد کے لحاظ سے جملہ تمام سرموں کا سرتاج مانا جا چکا ہے۔ آنکھوں کی تمام امراض دھند۔ جالا۔ غبار۔ رمد۔ خارش۔ ککرے۔ ناخونہ۔ پھولا۔ رتوند وغیرہ کو دور کر کے نظر کو تیز کرتا عینک کی عادت کو چھڑاتا اور اعلیٰ درجہ کا مقوی بصر ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سنگ بصری دو تولہ۔ تخم نیل ایک تولہ۔ مروارید ناسفتہ تین۔ کف دریا تین تولہ۔ سردچینی تین تولہ۔ تخم سرس ایک تولہ۔ کشتہ جست پانچ تولہ۔ افیون چھ ماشہ۔ پھٹکڑی سوختہ ایک تولہ۔ زنگار چھ ماشہ۔ نوشادر ایک تولہ۔ کافور تین ماشہ۔ سب پودنیہ دو ماشہ۔ تمام ادویہ کو باریک مثل سرمہ کریں تیار ہے۔

فوائد : جملہ امراض چشم کا حکمی علاج ہے۔

ترکیب استعمال: دوسلائی سوتے وقت استعمال کریں۔

انقلابی

اس نسخے کے استعمال سے طحال گھل جاتی ہے ایک خوراک جادو اثر رکھتی ہے مرض بالکل جاتا رہتا ہے انگریزی ادویہ کی مانند نہ کسی قسم کی گرمی خشکی کا اندیشہ ہے نہ بدمزہ ہوتی ہے بلکہ طبیعت نہایت بشاش اور پرسکون رہتی ہے نیز جگر اور انتڑیوں کو تقویت پہنچاتی ہے اور بدن میں تازہ خون پیدا ہوتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: حنظل (اندرائن) جسے تمہ بھی کہتے ہیں کا تازہ پھل دو سیر۔ لیموں ساڑھے پانچ سیر۔ جواکھار ایک پاؤ۔ اندر جو ایک پاؤ۔ سبز کاہی (ہیراکسیس) آدھ پاؤ۔ کوار گندل پانچ سیر۔ ان سب میں اٹھارہ سیر پانی ڈالیں کہ بیس بوتل عرق نکل آئے عرق مشہور طریقہ سے نکالیں۔

ترکیب استعمال: صبح اڑھائی تولہ سے پانچ تولہ تک ایک ہفتہ کا استعمال انسان کو شباب کا لطف دکھاتا ہے۔

فوائد: امراض جگر کو دور کر کے جگر اور تلی کو درست کرتا ہے صرف ایک ہفتہ کے استعمال سے چہرہ کا رنگ گلاب کی طرح نکھر آتا ہے خون اس قدر پیدا کرتا ہے کہ مریضان جگر و طحال کی ایک ہفتہ بعد کایا پلٹ جاتی ہے غرض یہ کہ بہت عمدہ دوا اور خاص تحفہ ہے۔

کشتہ سونا مکھی (عرق حرمل والا)

یہ کشتہ اپنے فواد کے لحاظ سے بڑے بڑے قیمتی نسخوں سے بڑھ کر ثابت ہوگا۔

اجزاء و ترکیب ساخت: سونا مکھی دو تولہ۔ حرمل سبز کا عرق مقطر آدھ سیر۔ اوپلہ صحرائی پانچ سیر۔ کوزہ گلی معہ سرپوش ایک عدد۔ سونا مکھی کو صاف کر کے عرق حرمل سبز میں کھرل کریں حتیٰ کہ تمام عرق جذب ہو جائے۔ تمام عرق جذب ہو جانے پر دوا

کی چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنالیں اور کوزہ میں بند کر کے اچھی طرح گل حکمت کر کے خشک ہو جانے پر کسی محفوظ الہوا جگہ میں پانچ سیر کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نہایت احتیاط سے نکال لیں شنگرف کی مانند سرخ اور شگفتہ تیار ہو جائے گا پیس کر محفوظ رکھیں۔ اگر پہلی آگ میں کچھ کمی رہ جائے تو دوبارہ اسی طرح آگ دیں۔ درست ہو جائے گا۔

ترکیب استعمال : دو چاول سے ایک رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

فوائد : حرارت غریزی کو بڑھاتا ہے بوڑھوں اور بلغمی مزاج والوں کے لئے خصوصیت سے موافق ہے۔ کھانسی دمہ اور جوڑوں کے درد کے لئے بہت مفید ہے جریان۔ احتلام سرعت انزال دور کر کے قدرتی امساک پیدا کرتا ہے جسم میں طاقت اور چستی و چالاکی پیدا کرتا ہے۔

فولادی منجن

کثیر المنفعت اور اکسیر الاثر ہے۔ ہلتے دانتوں کو ایسا مضبوط بناتا ہے کہ سخت سے سخت چیز چبایئے تو پرواہ تک نہ ہو بشرطیکہ ہلتے دانت اپنی نہ چھوڑ چکے ہوں دانتوں کی بدبو دور کر کے ان کی تمام شکائتیں رفع کرتا ہے اور دانت موتی کی طرح چمکنے لگتے ہیں جو لوگ بڑھاپے تک اپنے دانت قائم رکھنا چاہئیں وہ اسے استعمال کریں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : طوطیا بریاں تین ماشہ۔ شب یمانی بریاں تین ماشہ۔ مرچ سیاہ دو ماشہ۔ چھالیہ (خاکستر شدہ) ایک تولہ۔ سوڈا خوردنی ایک تولہ۔ کافور دیسی ایک ماشہ۔ ست پودینہ ایک ماشہ۔ ست اجوائن ایک ماشہ۔ ست الائچی ایک ماشہ۔ یوکلپٹس آئل ایک ماشہ۔ چاک پاؤڈر ایک تولہ۔ سب اجزاء کو کوٹ پیس کر ست وغیرہ بعد میں شامل کر کے منجن بنائیں۔

ترکیب استعمال : ہر صبح گرم پانی سے استعمال کریں۔

فوائد : گوشت خورہ (ماخورہ) جسے پائیوریا بھی کہتے ہیں کے علاوہ دیگر دانتوں کے امراض کے لئے نہایت مفید ہے۔

اکسیر جواہر والا

بے نظیر دوا ہے یہ دوا اعلیٰ درجہ کی مقوی دماغ ہے ان تمام کمزوریوں کو دور کرتی ہے جو دماغی کام کی زیادتی کی وجہ سے پیدا ہوگئی ہوں نیند خوب لاتی ہے بینائی بڑھاتی ہے نزلہ زکام کا قلع قمع کرتی ہے ضعف اعصاب کے لئے مفید ہے بھوک لگاتی دماغ کو ہر وقت تازہ رکھتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مروارید ناسفتہ۔ عقیق سرخ۔ یشب۔ شاخ مرجان۔ زہرمہرہ۔ بسد احمر ہر ایک ایک ماشہ۔ ان کو نہ گھسنے والے کھرل میں ڈال کر باریک کریں اس کے بعد اس میں زعفران ایک ماشہ۔ مشک خالص چار رتی ملائیں اور دو تولہ عرق کیوڑہ ڈال کر یہاں تک سحق کریں کہ مثل سرمہ باریک ہو کر خشک ہو جائے اس میں دو ماشہ دانہ الائچی خورد اور دو ماشہ طباشیر علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر ملائیں اور دونوں کو اچھی طرح سحق کرلیں۔

ترکیب استعمال : چار رتی صبح چار رتی شام۔ چھ چھ ماشہ شہد میں ملا کر کھلائیں۔

فوائد : یہ سفوف اعضائے رئیسہ یعنی دل و دماغ جگر کو قوت پہنچانے اور معدہ کو تقویت بخشنے کے لئے نہایت بے نظیر ہے اس کے چند روزہ استعمال سے بھوک زیادہ لگتی ہے اور جسم میں خون زیادہ پیدا ہوگا اور گمشدہ طاقتیں از سرنو عود کر آئیں گی۔

کشتہ نقرہ

یہ کشتہ نقرہ دیگر خواص کے علاوہ خصوصیت سے مقوی معدہ و جگر ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : برادہ نقرہ مصفی یا ورق عمدہ دو تولہ۔ عرق ادرک ساٹھ تولہ۔ کوزہ گلی بمعہ سرپوش ایک عدد اوپلہ صحرائی دس سیر۔ ادرک کا عرق تازہ مقطر شدہ برادہ نقرہ یا ورق باہم تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے جائیں حتیٰ کہ ٹکیہ بنا کر خشک کرلیں پھر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے دس سیر اوپلہ صحرائی کی محفوظ الہوا آگ دیں۔ کشتہ برآمد

ہو گا۔

ترکیب استعمال : ایک چاول سے چار چاول تک ہمراہ بدرقہ مناسبہ دیں۔

فوائد : جریان احتلام۔ سرعت انزال کو دور کرنے مادہ تولیدی کو گاڑھا کرنے کے لئے عام مستعمل ہے۔ دل و دماغ جگر و معدہ کو طاقت دیتا ہے جسم میں چستی پھرتی اور طاقت لاتا ہے مادہ تولید کو بڑھاتا اور اعضائے مخصوصہ میں نئی زندگی پیدا کرتا ہے پرانے بخاروں۔ مالیخولیا۔ خفقان۔ وسواس کو دور کرتا ہے۔

نوٹ : ادرک کو لوہے کی چھلنی رگڑ کر یا کوٹ کر پانی نکالیں اور ایک چینی کے برتن میں رکھ دیں۔ جب نیچے بیٹھ جائے تو احتیاط سے خالص نتھرا ہوا پانی حاصل کر کے استعمال کریں۔ گاد کو علیحدہ خشک کر کے رکھ لیں۔ یہی ست ادرک ہے۔ اس میں ادرک کے اجزائے موثرہ کافی مقدار میں موجود ہوتے ہیں اسے شہد میں ملا کر رکھ لیں بلغمی کھانسی میں بہت مفید ہے۔

کافوری

بینائی کو قائم رکھتا ہے فی زمانہ کثرت مطالعہ اور افکار و اشغال و دماغ کی کثرت یا حفظ بصارت سے بے پرواہ ہیں لیکن یہ سرمہ آنکھوں کی امراض کو دور کرتا ہے۔

اگر عینک کی محتاجی قدرتی عینک کو بیکار رکھتی ہے اور عینک کے سوا کام نہیں ہوتا ہے تو یہ سرمہ اس کو دور کرتا ہے تیار کر کے استعمال کیجئے اور عینک سے نجات پایئے اس کے علاوہ آنکھوں کو تمام عوارضات محفوظ رکھتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سرمہ سیاہ پانچ تولہ۔ چاکسو ایک ماشہ۔ سمندر جھگ ایک ماشہ۔ پھٹکڑی دو ماشہ۔ توتیا ایک ماشہ۔ قلمی شورہ تین ماشہ۔ سہاگہ ایک ماشہ۔ الائچی سفید ایک ماشہ۔ افیون تین ماشہ۔ سلفیٹ آف زنک نصف ڈرام۔ سرد چینی نصف ماشہ۔ مرچ سیاہ نصف ماشہ۔ کافور بھیم سینی ایک ماشہ۔ تمام چیزوں کو باریک کر کے عرق گلاب سہ آتشہ میں کھرل کر کے خشک کریں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک سلائی ہر دو آنکھوں میں سوتے وقت لگالیا کریں۔

تریاق معدہ

جو گردہ کے درد۔ فم معدہ۔ درد شکم۔ بواسیر وغیرہ کے لئے بھی لاثانی چیز ہے۔ غذا کو ہضم کرتا ہے ریاح کو تحلیل کرتا ہے بھوک لگاتا ہے قبض کو دور کرتا ہے متلی کو روکتا ہے منہ سے رطوبت آنے کو بند کرتا ہے قبض کو دور سستی اور کاہلی کو رفع کرتا ہے عجیب وغریب نسخہ ہے مزیدار اور نہایت مفید چورن ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: نوشادر تین تولہ۔ مرچ سیاہ تین تولہ۔ سونف تین تولہ۔ دار فلفل۔ بھنگ کھار۔ قلمی شورہ۔ گندھک آملہ سار مدبر۔ ٹاٹری۔ ہرچی مصفی۔ نمک سیاہ۔ نمک سانبھر۔ سوڈا بائیکارب ہر ایک تولہ۔ ست پودینہ۔ ست اجوائن۔ تین تین ماشہ۔ مولی کھار چھ ماشہ سب کو باریک پیس کر چورن کی مانند بنالیں۔

ترکیب استعمال: دو ماشہ بعد از غذا کھائیں۔

فوائد: نہایت ہی خوش ذائقہ زود اثر معدہ کی تمام امراض کا تریاق ہے۔

مقوی

اس دوا کے استعمال سے کئی مایوس اور بے مراد لوگوں کو کامیاب اور کامران بنا دیا ہے اس دوا کے خواص اس قدر یقینی ہیں کہ انسان کو دواؤں کی قوت کا اعتراف کرنا پڑتا ہے اگر آپ کو آج تک اس قسم کی سریع الاثر اور مفید دوا استعمال کرنے کا اتفاق نہیں ہوا اس کو بنا کر ضرور استعمال کریں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: جاوتری۔ زعفران۔ لونگ۔ دانہ الائچی۔ بہمن سرخ۔ دارچینی۔ خولنجاں۔ شقاقل ہر ایک چار ماشہ۔ مشک خالص۔ عنبر اشہب۔ کشتہ طلاء ہر ایک چار رتی۔ مصری دو تولہ۔ ست سلاجیت چار ماشہ۔ سب کو باریک کر کے کپڑے میں چھان لیں افیون خالص ایک تولہ کو بقدر ضرورت گھول کر ادویہ مذکور میں ملائیں اور

گولی بقدر ایک رتی تیار کریں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

فوائد : اعلیٰ درجہ قوت باہ اور امساک پیدا ہو جاتا ہے مقاربت سے ایک گھنٹہ پہلے استعمال کرنے سے اصلی جوانی سی قوت پیدا ہو گی۔

اکسیر جریان

جریان جیسے تباہ کن مرض کے لئے قرص جریان ایک عجیب دوا ہے۔ جریان کا سبب خواہ کچھ ہو ہر صورت میں اپنا معجزانہ اثر دکھاتے ہیں اعضائے تناسل کی بڑھی ہوئی حس کو اعتدال پر لاکر صحیح حالت میں لاتے ہیں اس دوا کی دو تین خوراکیں کثرت احتلام کو روک دیتی ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : اسگند ناگوری۔ زنجبیل۔ ثعلب دانہ۔ موچرس۔ مصطگی رومی۔ گوند ببول۔ تخم اوٹنگن۔ برہمی۔ طباشیر ہر ایک تین تولہ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ سہ دھاتہ۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ فولاد۔ ست سلاجیت ہر ایک تولہ تولہ۔ پہلی اشیاء کو الگ طور پر پیس کر چھان لیں اور کشتہ جات ملا کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : صبح و شام تین ماشہ ہمراہ شیر گاوء استعمال کریں مجرب ہے نمک۔ سرخ مرچ۔ گڑ تیل اور ترش اشیاء سے پرہیز لازمی ہے۔

فوائد : جریان اور احتلام کے لئے اکسیر ہے۔

کشتہ سونا مکھی

اجزاء و ترکیب ساخت : سونا مکھی تین تولہ۔ پارہ چھ ماشہ۔ گندھک چھ ماشہ۔ مغز جمالگوٹہ تین تولہ۔ بلادر (بھلاوہ) تین تولہ۔ افیون تین ماشہ۔ لہسن تین تولہ۔ شہد چھ چھ ماشہ۔ شیر مدار حسب ضرورت۔ اوپلہ صحرائی دس سیر۔ پارہ گندھک کی کجلی تیار کریں۔ افیون شہد اور کجلی کو ملا کر سون مکھی کی ڈلی پر موٹا لیپ کر دیں۔ جمالگوٹہ۔ بلادر اور لہسن کو

شیر مدار میں رگڑ کر نغدہ سا بنالیں اور ڈلی کو اس نغدہ کے بیچ رکھ کر گولہ سا بنالیں ڈیڑھ سیر پرانا کپڑا لے کر اس گولہ کو خوب لپیٹ دیں اور باقاعدہ کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے دس سیر اوپلہ صحرائی کی محفوظ الہوا جگہ پر آنچ دیں سرد ہونے پر نکالیں کشتہ شگفتہ برآمد ہو گا۔

ترکیب استعمال : ایک چاول سے ایک رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب مکھن یا بالائی وغیرہ سے استعمال کریں۔

فوائد : یہ کشتہ قوت باہ و امساک کے لئے اچھا کشتہ ہے نیز یہ کشتہ ان تمام خواص حامل ہے جو پہلے تحریک کئے جا چکے ہیں اگر چالیس روز با پرہیز جماع سے استعمال سے استعمال کریں اور خوراک مرغن استعمال کریں تو قوت باہ میں ایک نمایاں اضافہ ہو جائے گا اس مقصد کے لئے لاجواب نسخہ ہے۔

تریاق نزلہ

دماغی فضلات جب ناک سے خارج ہوتے ہیں تو زکام کہلاتے ہیں حلق اور سینہ میں گریں تو نزلہ کے نام سے پکارا جاتا ہے اگر ان کا فوری تدارک نہ کیا جائے تو بعض اوقات پیچیدگی کی نوبت آجاتی ہے آنکھ۔ ناک۔ کان۔ اور پھیپھڑے بھی اس کی وجہ سے تکلیف میں مبتلا ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے زندگی بے لطف ہو جاتی ہے تریاق نزلہ اس قسم کی تمام شکائیتوں کو دور کرتا ہے زکام و دیگر تمام دائمی سرد امراض دائی و اعصابی کے بیحد مفید ثابت ہوا حافظہ کو قوی کرتا ہے اور اختلاج و تبخیر کو روکتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مغز بادام ایک پاؤ۔ مغز کدو دس تولہ۔ مغز پیٹھہ۔ خشخاش۔ مغز فندق۔ برہمی بوٹی ہر ایک دس تولہ۔ عقرقرحا پانچ تولہ۔ ثعلب مصری پانچ تولہ۔ الائچی سبز تین تولہ۔ اجوائن خراسانی تین تولہ۔ کشتہ مرجان ایک تولہ۔ کشتہ فولاد ایک تولہ۔ ورق نقرہ ایک تولہ۔ سب اجزاء کو کوٹ کر چھان کر لعاب بیہدانہ میں گولیاں نخود کے برابر بنالیں۔

ترکیب استعمال : رات کے وقت سونے سے پہلے ایک گولی منہ میں رکھ کر سو جائیں۔

فوائد : پرانے سے پرانے نزلہ کو دور کرتی ہی دوبارہ نزلہ نہیں ہوتا نہایت اعلیٰ دوا ہے اور کئی بار کی آزمودہ ہے۔ علاوہ ازیں مقوی دماغ۔ دافع نسیان۔ مولد خون ہے۔ جگر باہ اور گردہ کو طاقت دینے والی اکسیر ہے۔

شادمانی

اسم با مسمیٰ طبیعت میں ایک خاص جوش اور طاقت کی برقی لہر پیدا کرنے والی اکسیر دوا جس کی پہلی خوراک سے جسم میں ایک برقی رو کی طرح طاقت آجاتی ہے۔ اندرونی خوابیوں کی اصلاح کر کے مادہ تولید کو بڑھاتی اور باہ کو بے حد قوت پہنچاتی ہے۔ خون صالح پیدا کرتی ہے چہرے رنگ سرخ اور چمکدار بناتی ہے۔ پیری میں جوانی کا لطف دکھاتی ہے اور امساک پیدا کرتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سم الفار سفید دو تولہ۔ کتھ سفید چار تولہ۔ ان دونوں کو کھرل میں ڈال کر دو بوتل عرق لیموں میں کھرل کر کے جذب کریں بعد ازاں دو تولہ کشتہ فولاد دو تولہ۔ زعفران اصلی۔ مشک خالص چار ماشہ۔ عنبر اشہب چار ماشہ۔ کشتہ شنگرف تین ماشہ۔ ورق نقرہ تین ماشہ۔ ورق طلاء ایک ماشہ۔ کشتہ یاقوت تین ماشہ۔ سلاجیت تین ماشہ ملا کر کھرل کریں اور دانہ ماش کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح پانچ تولہ مکھن میں دوسری رات کو سوتے وقت دودھ سے استعمال کریں۔

غذا : مرغن دوران استعمال میں اگر گرمی ہو تو دودھ گھی بکثرت استعمال کرائیں۔

فوائد : دودھ گھی ہضم کرنے میں اکسیر ہے حرارت عزیزی پیدا کرتی ہیں رگوں اور پٹھوں کو قوت دیتی ہے درد کمر کے لئے مجرب ہے باہ کے لئے لاثانی ہے۔

شباب

شباب قائم رکھنے والی گئے گزرے شباب کو واپس لانے والی قوت مردمی کو برانگیختہ کرنی والی صرف یہی ایک دوا ہے۔ جو برسوں کی محنت و کاوش کے بعد تیار کی گئی ہے اس کے فوائد استعمال کرنے پر ظاہر ہوں گے کہ اس کے اجزائیں کس قدر قوت پنہاں ہے اس کے چند روز کے استعمال سے ایک نا قابل برداشت قوت پیدا ہو گی جسم میں خون زیادہ پیدا کرنا اس کا کرشمہ ہے گمشدہ طاقتیں از سر عود کر آتی ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سفوف زنجبیل۔ سفوف قرنفل۔ سفوف دار فلفل۔ جوز بوا ہر ایک ایک تولہ۔ زعفران دو ماشہ۔ مشک دو رتی۔ رب کچلہ دو تولہ۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ نقرہ۔ کشتہ قلعی ہر ایک دس ماشہ۔ ورق طلاء تیس عدد۔ عرق ادرک پنتالیس تولہ میں حل کر کے گولیاں بقدر نخود بنالیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی ایک گھنٹہ بعد ہر دو طعام ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔

فوائد : مقوی اعصاب۔ دافع احتلام۔ سرعت۔ مقوی دماغ و قلب۔ ممسک مغلظ منی اور ہاضم ہے۔

پرھیز : تیل والی اور ترش اشیاء کے علاوہ۔ اچار۔ بڑا گوشت۔

غذا : روغنی اشیاء گھی دودھ۔ گوشت۔ مرغی۔ بکری۔ مچھلی وغیرہ کے علاوہ میٹھے پھل۔ کیلا۔ امرود۔ سیب۔ شیریں انگور۔ شیریں انار استعمال کریں۔

کشتہ فولاد (نوشادر اور گندھک والا)

اجزاء و ترکیب ساخت : برادہ فولاد جوہر دار عمدہ مصفی دس تولہ۔ گندھک آملہ سار مصفی پانچ تولہ۔ نوشادر پانچ تولہ۔ سرکہ جامن آدھ سیر۔ لعاب گھیکوار آدھ سیر۔ اوپلہ صحرائی بیس تولہ۔ کوزہ مع سر پوش ایک عدد۔ چکنی مٹی حسب ضرورت۔ سرکہ جامن

اعلیٰ قسم اور خالص ورنہ کشتہ تسلی بخش تیار نہیں ہوگا۔
مصفی برادہ فولاد جوہر دار اور گندھک اور نوشادر تینوں کو لوہے کی کڑاہی یا کھرل میں ڈال کر لوہے کے دستہ سے خوب زور دار ہاتھوں سے کھرل کیجئے اور تھوڑا تھوڑا سرکہ جامن بھی شامل کرتے جائیں حتیٰ کہ آدھ سیر سرکہ صرف ہو جائے پھر لعاب گھیکوار کی مدد سے کھرل کیجئے حتیٰ کہ آدھ سیر گودا گھیکوار صرف ہو جائے۔ اب فولاد کی چھوٹی ٹکیاں بنا لیجے اور مٹی کے کوزہ میں حسب دستور گل حکمت کر کے خشک ہونے کے بعد تین سیر اوپلہ صحرائی کی سرشام آنچ دیجئے صبح کشتہ تیار ملے گا کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔ لیکن کشتہ بننے میں کچھ کسر باقی ہو اسی طریقہ سے نوشادر گندھک سرکہ جامن۔ لعاب گھیکوار کی مدد سے ایک آنچ اور دے دیجئے لیکن تیسری آنچ کی ضرورت نہیں رہتی عموماً ایک ہی آنچ میں ہو جاتا ہے۔

ترکیب استعمال: دو چاول سے چار چاول تک یہ قابل قدر کشتہ فولاد مکھن میں رکھ کر استعمال کیجئے۔

فوائد: امراض جگر کے لئے یہ کشتہ ایک حد درجہ مفید و موثر چیز ہے معدہ کو بھی تقویت دیتا ہے خون کی سرخی میں اضافہ کرتا ہے بہت قابل قدر چیز ہے آزمائش کر کے دیکھیے علاوہ ازیں اس کشتہ میں وہ تمام خواص و فوائد بھی موجود ہیں جن کا پہلے ذکر ہو چکا ہے۔

کشتہ ابرک سیاہ

جو خصوصی طور سے اعضاء تناسل پر براہ راست اثر انداز ہو کر اسے تحریک دینے کے لئے مجرب المجرب اور کامیاب کشتہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: ابرک سیاہ ایک پاؤ (مصفی کا سفوف) گھونگچی سفید ایک سیر۔ اوپلے صحرائی پانچ من۔ کوزہ گلی بمعہ سرپوش ایک عدد۔ روئی ملی ہوئی مٹی حسب ضرورت ابتدائی واقفیت یہ ہے کہ ابرک سیاہ کو یوں مصفی کیجئے کہ تیز آنچ میں سرخ کر کے سات مرتبہ گائے کے دودھ میں بجھاؤ دیجئے بجھاؤ دینے سے پیشتر ہر مرتبہ ابرک

کو آگ میں سرخ کریں اور دودھ ہر مرتبہ بدل لینا چاہیے دودھ اس قدر لیں کہ جس میں ابرک میں بآسانی ڈوب جائے بجھاؤ ختم ہونے کے بعد ابرک دودھ سے نکال لیں اور اس میں ایک سیر نمک شامل کر کے ہاون دستہ میں خوب زور دار ہاتھوں سے آٹھ دس گھنٹہ تک کوٹتے رہیں۔ اب اسے کسی بڑے برتن میں ڈال کر اس میں چھ سات سیر پانی ملا لیں اور چند منٹ تک انتظار کیجئے جب ابرک تہ نشین ہو جائے تو پانی اوپر سے نتھار دیجئے تا کہ نمک خارج ہو کر باقی صرف ابرک سیاہ کا سفوف رہ جائے اسے ہوا سے بچا کر محفوظ جگہ رکھ کر خشک کر لیجے بس یہی ابرک سیاہ کا سفوف ہے۔

گھونگچی سفید کو چار سیر پانی میں دن رات بھگو رکھئے بعد گھونگچی کو ہاتھوں سے مل کر اس کا چھلکا اتار کر صاف دانوں کو ہاون دستہ میں ڈال کر باریک کوٹ کر کسی قلعی دار برتن میں کوٹی ہوئی گھونگچی اور آٹھ سیر پانی ڈال کر آگ پر جوش دیجئے جب پانی ڈیڑھ سیر باقی رہے تو نیچے اتار کر برتن کو چند گھنٹوں کے لئے ساکت رکھ دیں۔ پھر اوپر کا نتھرا ہوا پانی الگ کر لیں۔

ابرک سیاہ کے خشک سفوف کو کسی نہ گھسنے والے پختہ کھرل میں ڈال کر گھونگچی کے پانی کی مدد سے خوب زور دار ہاتھوں سے کھرل کریں حتی کہ تین پاؤ پانی ختم ہو جائے اب ابرک کو دھوپ میں خشک کر کے کوزہ گلی میں ڈال کر اوپر سر پوش سے بند کر کے روئی ملی ہوئی مٹی سے سمپٹ (گل حکمت) کر کے خشک کر لیں اور ہوا سے محفوظ جگہ میں اڑھائی من اوپلہ صحرائی کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر دیکھیں۔ ابرک کا نہایت شوخ رنگ سرخ برآمد ہو گا اگر اس میں کچھ فرق رہ گیا ہو تو باقی ماندہ گھونگچی کے تین پاؤ پانی میں دوبارہ کھرل کر کے بدستور آگ دیں۔ کشتہ تیار ہے۔

پہچان : ٹھیک بنے ہوئے کشتہ کا رنگ شوخ سرخ ہونا چاہئے اور دھوپ میں رکھ کر دیکھنے سے بھی چمک معلوم نہیں ہونی چاہئے۔

فوائد : گھونگھی میں ایک ایسا جوہر ہوتا ہے جو باہ کو تقویت دینے کے لئے ہیرے کے

کشتہ کا مقابلہ کرتا ہے اس لئے اس کا کشتہ بھی تقویت باہ میں بے نظیر ہوتا ہے۔
ترکیب استعمال : نصف رتی سے ایک رتی بوقت صبح تین چار تولہ مکھن کے ہمراہ۔

کشتہ فولاد شنگرفی (خاص الخاص)

اجزاء و ترکیب ساخت : اعلیٰ درجہ کا جوہر دار فولاد مصفی کیا ہوا بیس تولہ۔ شنگرف رومی بیس تولہ۔ سم الفار ڈیڑھ تولہ۔ کافور ساڑھے سات ماشہ۔ نہایت مضبوط کوزہ گلی بمعہ سر پوش آٹھ دس عدد۔ روئی ملی ہوئی۔ چکنی مٹی حسب ضرورت لعاب گھیکوار بقدر ضرورت۔ اوپلہ دو من نہایت اعلیٰ درجہ کے پختہ کھرل میں جوہر دار فولاد کا صاف کیا ہوا برادہ ڈالیں شنگرف رومی۔ سم الفار اور مشک کافور اس کے ساتھ حل کر لیں اب لعاب گھیکوار کی مدد سے خوب زور دار ہاتھوں سے اسے کھرل کرنا شروع کریں کھرل کم از کم آٹھ زیادہ سے زیادہ بارہ گھنٹہ کرنا ہوگا کھرل لوہے کی کڑاہی اور لوہے کے ہاون دستہ سے کرنا چاہئے بعد جب اس کی رڑک جاتی رہے تو ٹکیہ بنا کر حسب دستور کوزہ گلی میں بند کر کے اسے خوب گل حکمت کریں خشک ہونے پر کسی گڑھے میں محفوظ الہوا جگہ پر دو من اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں اور پہلے کی طرح شنگرف رومی بیس تولہ سم الفار ڈیڑھ تولہ مشک کافور ساڑھے سات ماشہ اضافہ کر کے لعاب گھیکوار کی مدد سے کھرل کر کے بدستور سابق دو من اوپلوں کی آنچ دیں اسی طرح ایک سو اکیس آنچیں دیں فولاد کا عدیم النظیر کشتہ تیار ہوگا۔ مقوی باہ خواص کے لحاظ سے میں کشتہ سونا بھی حقیقت کھو دیتا ہے۔
ترکیب استعمال : نصف چاول سے لے کر دو چاول تک یہ عدیم النظیر کشتہ ایک چھٹانک مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔ اوپر سے نیم گرم دودھ مصری ملا کر نوش کریں۔
فوائد : آلات انہضام کی کمزوری اور دیگر خرابیوں کو دور کر کے ان کے افعال کو اس

قدر طاقتور بنا دیتا ہے کہ ثقیل غذا کو بخوبی ہضم کر کے جزو بدن بنا سکیں چنانچہ اس کے چند روزہ استعمال سے قوت ہاضمہ اس قدر تیز ہو جاتی ہے کہ پتھر کھاؤ تب بھی ہضم ہو جائے بلا مبالغہ سیروں دودھ اور چھٹانکوں مکھن گھی آسانی سے ہضم ہو جاتا ہے اس اکسیری فولاد کا یہ ادنیٰ کرشمہ ہے سب قسم کے روغن اور مقوی غذائیں اس طرح ہضم ہو جاتی ہیں گویا کسی نے جادو کے ذریعہ سے انہیں تحلیل کر دیا ہے۔

اس سے جگر کی اصلاح ہو کر طاقت ور ہو جاتا ہے اور اپنے خصوصی فعل سے جید اور صالح خون کثیر مقدار میں پیدا کرتا ہے اور خزاں رسیدہ چہرہ پر پھر سے بہار آتی ہے زرد اور بے رونق چہروں پر پھولوں کی رنگینیاں کھیلنے لگتی ہیں اور انار کے پھول جیسے سرخ وشاداب ہو جاتے ہی تمام جسم کا رنگ کندن کی طرح نکھر آتا ہے۔

یہ کشتہ فولاد اس قدر زود اثر ہے کہ بعض اوقات تو اس کی دوسری تیسری خوراک کے ہی جسم کی رگ رگ اور نس نس میں مردانہ طاقت اور ہیجان کی ایک برقی رو دوڑتی ہوئی معلوم ہونے لگتی ہے کاہل الوجود سے کاہل الوجود شخص بھی جوش اور ولولہ سے اس قدر بھر پور ہو جاتا ہے گویا کسی کو سوتے میں چونکا دیا گیا اعضاء رئیسہ میں اس کے استعمال سے دوران خون اس قدر تیز ہو جاتا ہے کہ جب خیزش اٹھتی ہے تو معلوم ہوتا ہے عضو جو قوت سے پھٹنے لگا ہے اس کے استعمال کے بعد قوت باہ میں نا قابل برداشت اضافہ ہو جاتا ہے اور کمزور سے کمزور مرد بھی اس کی چند خوراکیں کھا کر اپنے آپ کو قابل شیر نر سمجھنے لگتا ہے نامردوں کو مرد اور مردوں کو شیر مرد بنانے کے لئے یہ کشتہ ایک لاجواب اکسیر ہے کثرت مباشرت اور جوانی کی دیگر بے اعتدالیوں اور بے راہ رویوں کی وجہ سے جسم کھوکھلا ہو چکا ہو تو اس کشتہ فولاد کے استعمال سے جسم میں تازہ اور صالحہ خون پیدا ہو جاتا ہے جوانی کو از سر نو واپس بلا لیتا ہے چند ہفتوں کے اندر اندر اس کے استعمال سے سوکھا ہوا جسم بھی شاداب ہو جاتا ہے غرض یہ کہ یہ ایک کام کا کشتہ فولاد ہے دانش مند طبیب موقع ومحل وقوع دیکھ کر اس سے کام لیں حقیقی معنوں میں اک اکسیر بے نظیر کا اثر دکھاتا

ہے بوڑھوں کو جوان اور جوانوں کو نوجوان بنانا اس اکسیر الاثر کشتہ کا کام ہے۔

اکسیر نسوانی

ایسی عورتیں جو رحم کی خرابی کی وجہ سے اپنی صحت اور جوانی برباد کر چکی ہوں۔ اکسیر نسوانی کے ذریعے پھر سے جوان بن گئیں یہ اکسیر دوا عورتوں کی بگڑی ہوئی صحت کو درست کر دیتی ہے چہرہ سرخ و شاداب ہو جاتا ہے نسوانی شکایات مثلاً ایام کی خرابی سیلان الرحم (لیکوریا) اور ورم رحم کو حیرت انگیز طور پر درست کرتی ہے۔ رحم اور اس کے متعلقہ اعضاء اور رحم کی دیواروں اور پردوں کو طاقتور اور مضبوط بناتی ہے اختناق الرحم (ہسٹریا) کے دردوں کو ختم کرتی ہے نیز دیگر رحمی خرابیوں کو دور کر کے اسے اولاد پیدا کرنے کے قابل بناتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ فولاد دو ماشہ۔ فرائی سلفاس تین ماشہ۔ مشک خالص دو رتی۔ کونین فولاد چار رتی۔ صبر چھ ماشہ۔ مرکی چھ ماشہ۔ ریوند چینی چھ ماشہ۔ زعفران تین ماشہ۔ سہاگہ تین ماشہ۔ مقل ارزق تین ماشہ۔ جملہ ادویہ کو پیس کر ہمراہ لعاب گھیکوار چھ تولہ۔ کھرل کریں پھر شہد خالص تین تولہ ملا کر گولیاں بقدر دو رتی تیار کریں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

فوائد : عسر طمث۔ سیلان الرحم۔ درد رحم۔ درد شکم و امراض کہنہ نسواں کے لئے اکسیر ہے یہ نسخہ تجربہ شدہ ہے اور ہزار ہا مریض اس سے فائدہ حاصل کر چکے ہیں اس لئے اسے استعمال کر کے ضرور فائدہ حاصل کریں۔

سیلی

خواتین کے جملہ امراض۔ سیلان الرحم و جریان الرحم کے لیے مسیح الملک حکیم حافظ محمد اجمل کا حب مروارید کے نام سے معروف و معمول مطب نسخہ ہے۔ میں عرصہ دراز

سے اسے معمول بنائے ہوئے ہوں خاص طور پر فربہ و بادی جسم کی خواتین اس کے استعمال سے خاطر خواہ فوائد حاصل کرتی ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: کچلہ مدبر بیس ماشہ۔ سہاگہ بریاں بیس ماشہ۔ مروارید پانچ ماشہ۔ مازو سبز بریاں بیس ماشہ۔ مصطگی چالیس ماشہ۔ عنبر اشہب دو ماشہ۔ گھی دو ماشہ۔ ورق نقرہ حسب ضرورت۔ پہلے مروارید کو نہایت باریک کھرل کریں پھر مصطگی کو الگ کھرل کرلیں بقیہ ادویہ کا سفوف بنا کر شامل کرلیں عنبر کو گھی میں پگھلائیں تمام اجزاء باہم کر کے حبوب بقدر ایک رتی تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح وشام ہمراہ شیر ایک پاؤ۔

فوائد: چند دنوں کے استعمال سے چہرے کی پژمردگی کم کر کے قوت پیدا کرتی ہے۔ سیلان الرحم۔ جریان الرحم۔ درد اعضاء۔ درد کمر۔ سستی میں مفید ہے۔

تریاق نسواں

عورتوں کے پچکے ہوئے زرد چہرے اور بے رونق رخسار اس بات کی شہادت دیتے ہیں کہ ایسی عورت سیلان الرحم کے مرض میں مبتلا ہے یہ مرض معمولی نہیں بلکہ ہڈیاں کھوکھلی کرتی جوانی میں ہی بوڑھا کر دیتی ہے اس کا بہترین علاج تریاق نسواں میں موجود ہے۔ تریاق نسواں سے ہزاروں زرد رو عورتیں تندرست ہو کر تندرست بن چکی ہیں پژمردہ اور روکھے سوکھے چہرے سرخ وسفید بنا دیتا ہے اور ان کو نئی زندگی دیتا ہے۔ جس کو یہ مرض گھن کی طرح اندر ہی اندر کھائے چلا جا رہا تھا۔ ان کے لئے بہت زیادہ مفید ثابت ہوا ہے سیلان الرحم کے لئے انتہائی مفید و موثر دوا ہے۔ اس کی چند خوراکیں سیلان رطوبت کو بند کر دیتی ہیں جسم میں نئی زندگی اور طاقت کی نئی لہر دوڑ جاتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: مغز خربوزہ۔ مغز کدو شیریں۔ ثمر ببول خام۔ تخم سروالی۔ تالمکھانہ۔ تخم نیلوفر (کنول گٹہ) سبوس اسبغول۔ دانہ الائچی کلاں۔ سلیخہ۔ گل فوفل مغز خستہ تمر ہندی۔ فوفل دکھنی ہر ایک ایک تولہ۔ طباشیر کبود۔ کہربائے شمعی۔ ست

بیروزہ خشک۔گل پستہ۔ مصطگی رومی۔ گونڈ ڈھاک۔ اجوائن خراسانی۔ کشتہ بیضہ مرغ ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ کشتہ مرجان سادہ۔ کشتہ فولاد سادہ ہر ایک نو ماشہ۔ مصری کوزہ پانچ تولہ۔ بطریق معروف سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال : چار ماشہ ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم دو وقت صبح وشام دیں۔

فوائد : کثرت سیلان الرحم کو بند کرتی ہے اور تقویت پہنچاتی ہے۔ اسقاط اور دیگر امراض نسواں و کثرت بول کو فائدہ کرتی ہے۔

کشتہ طوطیا

یہ کشتہ ایک ہی آنچ میں گیرو جیسا سرخ ہو جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : پوست ریٹھہ ایک پاؤ کوزہ گلی (جس میں آدھ سیر چیز آ سکتی ہو ایک عدد۔ روئی ملی چکنی مٹی حسب ضرورت۔ اوپلہ صحرائی پانچ سیر۔ ریٹھے کا پوست پاؤ بھر لے کر ہاون دستہ سے خوب باریک میدہ سا بنالیں پھر تھوڑا تھوڑا ملا کر سخت آٹے کی طرح گوندھ لیں طوطیا کی تولہ تولہ کی دو ڈلیاں ریٹھہ کے پیڑے کے درمیان ایک دوسری ڈلی میں فاصلے رکھ کر گولہ سا بنالیں۔ اور گولہ کو کوزہ گلی میں دے کر گل حکمت کر کے محفوظ الہوا جگہ میں پانچ اوپلہ صحرائی کی آگ دیں۔ آگ ٹھنڈی ہونے پر کوزہ نکال کر احتیاط سے توڑ کر طوطیا کی دونوں ڈلیاں نکال لیں جو گیرو جیسی سرخ ہونگی جو حصہ سرخ نہ ہوا سے پھینک دیجئے طوطیا کیا یہ مشہور و معروف کشتہ ہے جسے بہت سے وید حکیم سنیاسی تیار کرتے ہیں اس کشتہ کا ذکر بہت سی کتابوں میں آیا ہے۔

فوائد : اس کی ایک خوراک کے استعمال سے بارہ گھنٹہ کے اندر اندر آتشک کے زخم خشک ہو جاتے ہیں۔ بشرطیکہ تنقیہ کے بعد استعمال کرانے سے بے حد اثرات ظاہر ہوتے ہیں مرض کا مادہ جتنا مزمن ہو گا اتنا عرصہ زیادہ استعمال کرانا پڑتا ہے اور ہمیشہ کے لئے نجات دلاتا ہے اور خون کو اس قدر صاف کر دیتا ہے کہ اسی قسم کی کوئی اندرونی اور بیرونی جلد کی بیماری پیدا نہیں ہوتی اس کا استعمال ہفتہ دو ہفتہ لگاتار کرایا جائے سوزاک

کا آخری درجہ میں جب سوزاک کا زہریلا مادہ قریب قریب آتشک کے زہریلا ہوتا ہے اس کا استعمال نہایت مفید ثابت ہوتا ہے۔

ترکیب استعمال: ایک رتی بھر یہ کشتہ مریض آتشک کو مکھن میں رکھ کر صبح کے وقت کھلائیں پیاس لگے تو گھی گرم کیا ہوا پلائیں۔ بارہ گھنٹہ تک پانی پینے نہ دیں۔ آتشک کے تمام زخم خشک ہو جائیں گے دوسرا طریقہ استعمال یہ ہے کہ رتی بھر یہ کشتہ صبح وشام مکھن میں مریض آتشک کو ہفتہ دو ہفتہ تک متواتر استعمال کرایا جاتا ہے مرض رفع ہو جاتا ہے پرانے سوزاک پر بھی اسی طرح استعمال کریں۔

غذا: مرغن دیسی گھی کا استعمال خوب کریں۔

حب مروارید

یہ دوا بچوں کے ہر مرض کے لئے اکسیر ہے بدہضمی۔ دستوں کا آنا۔ قبض۔ بچوں کا نزلہ و زکام اور دانت نکلنے کی تمام تکالیف اس دوا سے بہت جلد رفع ہو جاتی ہیں بچوں کے متعلق موجودہ سائنٹیفک معلومات کے پیش نظر حب مروارید کے اجزاء کی ترکیب حیرت انگیز جامعیت کے ساتھ کی گئی ہے۔ اس کا استعمال بچوں کو صحت منداور توانا بنا دے گا۔

اجزاء و ترکیب ساخت: مروارید ناسفتہ چار رتی۔ زہرمہرہ چھ ماشہ۔ حجرالیہود چھ ماشہ۔ نارجیل دریائی چھ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد چھ ماشہ۔ طباشیر کبود چھ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد چھ ماشہ۔ مغز کنول گٹہ چھ ماشہ۔ تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ پیس کر آپس میں ملا کر عرق گلاب درجہ اول میں کھرل کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔

فوائد: بچوں کے بخار۔ اسہال۔ قے۔ بدہضمی۔ قبض۔ سوکھا (مسان) اور جملہ امراض کے لئے نافع ہے اس کے استعمال سے دانت بآسانی نکل آتے ہیں۔

ترکیب استعمال: ایک سالہ بچہ کو ایک گولی صبح وشام اور دو تین سالہ کو دو گولی صبح وشام ماں کے دودھ میں گھس کر یا تازہ پانی یا عرق گلاب میں حل کر کے دیں۔

روح اکسیر

خاص مجربات سے ہے جو نامرد کو مرد اور مرد کو جوانمرد بلکہ بوڑھے اور کمزور کو بھی از سر نو جوان بنا دیتی ہے اس کی تعریف میں کوئی مبالغہ نہیں فی الواقع اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ۔ مولد خون۔ دافع جریان۔ سرعت انزال وغیرہ ہر موسم میں قابل استعمال ہے۔ عمر کے ہر حصہ میں فائدہ مند ہے دودھ گھی جس قدر چاہو کھاؤ۔ پیو سب ہضم کر دیتی ہے چہرہ کا رنگ جسم موٹا اور خون بافراط پیدا کرتی ہے غرض یہ کہ ایک لاجواب تحفہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : گندھک آملہ سار ایک تولہ۔ شنگرف ڈیڑھ تولہ۔ ہڑتال طبقی دو تولہ۔ برادہ دندان فیل اڑھائی تولہ۔ رال دو تولہ۔ لوبان کوڑیہ ایک تولہ۔ سم الفار ایک تولہ۔ سم الفار سرخ ایک تولہ۔ گوگل ایک تولہ۔ زعفران چھ ماشہ۔ جند بید ستر دو ماشہ۔ سلاجیت مصفی چھ ماشہ۔ کافور۔ مغز کسنبہ۔ (پوہلی) مغز تخم نیم۔ برادہ بارہ سنگھا ہر ایک ایک تولہ۔ عنبر ایک رتی۔ کستوری دو رتی۔ شیر گاؤ آٹھ سیر۔ جملہ ادویہ میں دودھ آٹھ سیر پانی شامل کریں اور آگ پر چڑھائیں جب پانی خشک ہو جائے تو دودھ کو ضامن لگا کر مکھن حاصل کریں اور جلا کر گھی بنائیں۔

ترکیب استعمال : دو بوند سے پانچ بوند تک پان میں رکھ کر کھانا چاہئے اور اوپر سے دودھ پلائیں اور اس کے فوائد سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔

اکسیر کشتہ فولاد

معدہ کو قوت دیتا ہے۔ جگر کو خاص طور پر تقویت بخشتا ہے۔ خون صالح پیدا کرتا ہے۔ بھوک لگاتا ہے۔ قوت جسمانی کو ترقی دیتا ہے چہرے کو خوش رنگ بناتا ہے۔ بیماری کے بعد کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ ضعف معدہ کی وجہ سے جو دست آتے ہیں ان کو روکتا ہے نیز طحال و جگر کو مفید ہے۔ آزما کر فائدہ حاصل کریں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : برادہ فولاد بیس تولہ۔ سم الفار سفید چار تولہ۔ ہڑتال

ورقی چار تولہ۔ گندھک آملہ سار چار تولہ۔ سیماب مصفیٰ دو تولہ۔ کافور دو تولہ۔ اول برادہ بیس تولہ۔ سم الفار سفید ایک تولہ۔ کافور اڑھائی ماشہ۔ تینوں کو ایک گھنٹہ گھیکوار کے پانی سے کھرل کریں کوزہ گلی میں مضبوط بند کر کے پانچ سیر پختہ کنڈوں میں آگ دیں۔ دوسری دفعہ فولاد مذکور اور ہڑتال ورقی ایک تولہ کافور اڑھائی ماشہ پانی گھیکوار میں ایک گھنٹہ کھرل کر کے بدستور اول پانچ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ تیسری بار فولاد مذکور اور گندھک آملہ سار ایک تولہ کافور اڑھائی ماشہ گھیکوار کے پانی میں ایک گھنٹہ کھرل کر کے پانچ سیر کی آگ دیں۔ چوتھی بار فولاد آتش خورہ اور سیماب ایک تولہ کافور اڑھائی ماشہ آب گھیکوار کے پانی میں ایک گھنٹہ کھرل کر کے پانچ سیر کی آگ دیں۔ آگ چھٹی بار فولاد اور ہڑتال ایک تولہ کافور اڑھائی ماشہ گھیکوار میں کھرل کر کے بدستور آگ دیں۔ ساتویں دفعہ فولاد مذکور اور گندھک آملہ سار ایک تولہ اور کافور اڑھائی ماشہ کھرل کر کے بدستور آگ دیں۔ آٹھویں بار فولاد مذکور اور سیماب ایک تولہ کافور اڑھائی ماشہ کھرل کر کے آگ دیں۔ غرض سولہ آگ میں کشتہ تیار ہو جائے گا اسی قدر بیر بہوٹی خشک ملا کر کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ بیر بہوٹی سوختہ ہو جائے تو پھونک مار کر بیر بہوٹی نکال دیں۔ کشتہ کھیل ہو جائے گا۔

ترکیب استعمال : چار چاول مسکہ میں دے دیں۔ یہ کشتہ آٹھ آنچ یومیہ دینے سے آٹھ روز میں تیار ہو جائے گا۔

فوائد : قوت باہ کے لئے اکسیر ہے تین خوراک میں نامرد مرد ہو جاتا ہے اس سے بڑھ کر کوئی کشتہ فولاد نہیں ہو گا اس کے علاوہ ذیابیطس۔ استسقاء۔ ضعف جگر وغیرہ امراض کے لئے بھی اکسیر ہے۔

طلاء اکسیر

یہ طلاء غلط کار نوجوانوں کے علاوہ ان لوگوں کے لئے خاص طور سے نفع بخش ہے جنہیں جوش جوانی کا دور گزر جانے کے بعد اپنی تمام قوتوں اور خاص کر مردانہ قوتوں میں

انحطاط اور زوال کی شکایت پیدا ہوتی ہے۔ اس کے استعمال سے یہ خرابیاں دور ہو جاتی ہیں پٹھوں کو طاقت بخش غذا پہنچ جاتی ہے اور نازک رگوں کے اندر جو خراب مادے جمع ہو جاتے ہیں اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ عضو کا فعل ناکارہ ہو جاتا ہے طلا اکسیر کے استعمال سے تمام خراب مادے تحلیل ہو کر تمام خرابیاں دور ہو جاتی ہیں اور عضو میں دوران خون کا کامل نفوذ ہو کر درست حالت میں آ جاتا ہے اور عضو میں پوری طرح جوش اور قوت عود کر آتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : جونک خشک۔ بیر بہوٹی۔ عاقرقرحا۔ قرنفل۔ دار چینی۔ ہر ایک تولہ تولہ۔ آئل فاسفورس۔ پلوئکس وامیکا۔ پلوکنتھر یڈس ہر ایک چار ماشہ۔ سم الفار ایک ماشہ۔ جملہ ادویہ باریک پیس کر روغن بیضہ مرغ چھ تولہ میں چار روز تک کھرل کریں۔

ترکیب استعمال : ایک یا دو رتی حشفہ خصیہ سیون چھوڑ کر مالش کریں اور برگ پان باندھ دیں۔

فوائد : ایک ہفتہ متواتر استعمال کریں کجی کو دور کر کے ہموار کرتا ہے قوت باہ بڑھاتا ہے۔

طلاء نادر

حیرت انگیز عجیب الاثر ہونے سے فریقین کو بے خود اور محو حیرت بنا دیتا ہے ایک قابل قدر لاثانی عجیب وغریب نادر تحفہ ہے۔ ضرور آزما کر دیکھئے امراء روسا ضرور قدر دانی فرما کر پیام محبت کی ایجاد کی داد دیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : عطر گلاب چار ماشہ۔ عطر دار چینی۔ عطر ناگ کیسر عطر مشک ہر ایک تین تین ماشہ۔ روغن نرگس دو ماشہ۔ روغن زنبق دو ماشہ۔ روغن یاسمین دو ماشہ۔ عطر حنا ایک ماشہ۔ بورہ ارمنی ایک ماشہ۔ افیون چھ ماشہ۔ خایہ خروس جوان خشک دو ماشہ سب کو کھرل میں ڈال کر خوب رگڑیں کہ یک جان ہو جائیں۔

فوائد : اگر عضواور کمر پر روزانہ مالش کی جائے تو مقوی باہ ہے اور مقاربت کے وقت بقدر ضرورت مالش کی جائے تو ملذذ مضیق اور مجفف ہے امید سے بڑھ کر مفید پائیں گے۔

اکسیر دماغ

ضعف دماغ کے لئے لاثانی ہے۔ نسیان کو دور کرنے میں جادو اثر ہے۔ اور ایک آزمودہ نسخہ ہے استعمال کرنے والوں نے اس کی بے حد تعریف کی کمزوری دماغ رفع کر کے قوت حافظہ بڑھانا اس کا خاصہ ہے۔ دماغی کام کرنے والوں کے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے یہ اکسیر دماغی طاقت کو بڑھانے اور نسیان کو دور کرنے پرانے دردسر کو رفع کرنے کے لئے اکسیر ہے۔ علاوہ ازیں نزلہ زکام دائمی کو دور کرنے کے لئے بے حد مفید ہے ہزار ہا مریضوں سے داد وتحسین اور تصدیق حاصل کر چکا ہے۔ ہمارے مطب کا ایک مشہور نسخہ ہے جو بے حد مشہور ہو چکا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : برہمی کھار دو تولہ۔ دانہ الائچی خورد ایک تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ایک تولہ۔ اصل السوس ایک تولہ۔ ورق نقرہ ایک ماشہ۔ ورق طلا ایک ماشہ۔ کشتہ مرجان (مکھن والا) ایک تولہ۔ زعفران ایک تولہ۔ مشک خالص تین ماشہ سب کو باریک سفوف کر کے محفوظ رکھیں۔

فوائد : مقوی دماغ۔ مقوی دل۔ دافع نسیان۔ نزلہ دائمی۔ زکام کے لئے اکسیر اعظم ہے۔

ترکیب استعمال : چار رتی روزانہ ہمراہ مکھن چار رتی شام ہمراہ بالائی۔

طلاء اسراری

کمزوری سستی۔ ناطاقتی۔ کجی۔ جڑ سے دبلا پن وغیرہ جیسی شکایات کا مجرب و مستند تیر بہدف اور بے خطا شرطیہ علاج ہے بڑھاپے یا کثرت مباشرت اور ہر قسم کی کمزوری کا

رفع کرنے والا ہے۔اپاڑ۔آبلہ۔دانہ۔جلن کی تکلیف ہرگز نہیں ہوتی پان وغیرہ کی بندش کا تکلف نہیں کرنا پڑتا یہ طلاء اسراری تمام رگوں پٹھوں کی کمزوری سستی بھدا پن دور کر کے خاص طاقت پہنچا کر اصلی حالت ہی فربہی درازی اور قوت مردانہ بڑھانے میں بے مثل و بے عدیل خواص کا حامل ہے۔دواخانہ کا مقبول ترین اور مشہور عام نسخہ ہے۔جس نے طبی دنیا کو محو حیرت کر دیا ہے کیونکہ اپنے فوائد میں یہ اکسیر ثابت ہو چکا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : شیر مدار تین پاؤ۔سم الفار ایک تولہ۔منسل ایک تولہ۔گندھک آملہ سار۔شنگرف۔سیماب۔ہڑتال ورقی۔برادہ کچلہ ہر ایک ایک تولہ۔ اول سوتی کپڑا بقدر چوتھائی گز لے کر اس کو چار دفعہ شیر مدار میں تر و خشک کریں باقی تمام ادویہ کو ایک پاؤ روغن میں خوب کھرل کر کے یکجان کر لیں کہ کوئی اجزاء علیحدہ نظر نہ آئے۔ بعد ازاں کپڑا مذکور پر لیپ کر کے روغن کنجد سے تر کریں اور ایک سلاخ آہنی سے پکڑ کر ایک طرف آگ لگائیں۔ کہ تمام کپڑا جل جائے اور روغن نیچے ٹپک آئے روغن چینی کے پیالے میں ٹپکائیں روغن مذکور ایک تولہ۔کروٹن آئل تین ماشہ۔کاڈلیور آئیل تین ماشہ۔ٹنکچر آیو دین تین ماشہ ملا کر رکھیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال : بقدر چار قطرہ روزانہ مالش کریں کہ جذب کریں۔ حشفہ اور سیون بچائیں صبح نیم گرم پانی سے خوب مل کر دھوئیں طلا لگانے سے پہلے عضو مخصوص کو صابن اور گرم پانی سے خوب مل کر دھوئیں پھر کھدر کے موٹے کپڑے سے خوب رگڑ کر صاف کریں تا کہ مسامات کھل جائیں عضو سرخ ہو کر اس سے سینک نکلنے لگے پھر طلا مذکور لگا کر جذب کر لیں۔

فوائد : مخلوق کے لئے تریاق کامل ہر قسم کی کجی لاغری کوتاہی کو صرف ایک ہفتہ میں دور کرتا ہے سوائے مادرزاد نامرد کے ہر قسم کی کمزوری کے لئے اکسیری حکم رکھتا ہے۔

معجون شباب آور

ضعف باہ کے لئے بے شمار مریضوں کے علاج کے ایک ایسی جامع دوا کی ضرورت

محسوس ہوتی رہی جو باہ کو پوری تقویت پہنچانے کے ساتھ فعل ہضم اور اعصاب پر بھی خوشگوار اثرات ڈالے کیونکہ ضعف کے سو فیصد مریض ضعف معدہ اور خرابی ہضم میں مبتلا ہوتے ہیں اسی ضرورت کے پیش نظر برسوں کی تحقیق کے بعد یہ عجیب الاثر معجون کا نسخہ ہاتھ لگا جو تجربہ پر ایک کرشمہ ثابت ہوئی۔

ضعف باہ کے مریضوں کی صحت بہت بہتر ہو جاتی ہے اگر اسے چند روز استقلال سے استعمال کیا جائے تو تمام قوتیں حیرت انگیز طور پر ترقی کر جاتی ہیں قوت رجولیت پر اس کا خاص اثر پڑتا ہے۔ اس قدر مقوی ہے کہ بعض طبیعتوں میں تسکین کی ضرورت پڑتی ہے اور لطف یہ کہ بے ضرر قلیل الخوراک اور لذیذ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : بھلانوہ ایک سیر کی ٹوپی کو اتار کر شیر گاؤ پانچ سیر میں ڈال کر جوش دیں۔ اور دہی جمالیں صبح کو بلو کر اس کا مکھن نکالیں اور عاقر قرحا۔ دار چینی۔ الائچی۔ لونگ۔ جاوتری۔ زعفران ہر ایک تین تولہ۔ بیر بہوٹی ڈیڑھ تولہ۔ سونٹھ۔ خولنجاں۔ ثعلب مصری ہر ایک چھ تولہ۔ تخم گزر۔ تخم مولی۔ مغز چلغوزہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز نارجیل۔ مغز پستہ ہر ایک پانچ تولہ۔ مغز بادام شیریں مقشر۔ تخم پیاز۔ آملہ مقشر۔ تخم خربوزہ ہر ایک ایک تولہ۔ خراطین مصفی مدبر بہ ترکیب ذیل چار تولہ۔ شہد خالص دو چند ادویہ مصری ہم وزن ادویہ۔ زردی بیضہ مرغ چالیس عدد۔ شہد مصری کا قوام کر کے مکھن مذکور اس میں ڈال لیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور پھر تمام ادویہ کو اچھی طرح ملا کر قوام مذکور میں ڈال دیں۔ بعد میں کشتہ فولاد۔ کشتہ شنگرف۔ مروارید ناسفتہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ عنبر اشہب تین ماشہ۔ عرق بید مشک میں حل کر کے ملالیں اور کشتہ نقرہ یا ورق نقرہ ایک تولہ کا اضافہ کر کے رکھیں معجون شباب آور تیار ہے۔

ترکیب استعمال : خوراک تین ماشہ تا ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ۔

خراطین مصفی اور مدبر کرنے کی ترکیب : زندہ خراطین لے کر انہیں دودھ کی لسی میں ڈال دیں۔ کچھ دیر کے بعد مٹی نکال دیں گے پھر انہیں دوسری

دودھ کی تازہ لسی میں ڈال دیں۔ پھر اگر خراطین پاؤ بھر ہوں تو سہاگہ جوکھار ہر ایک تولہ تولہ باریک پیس کر آدھ سیر شیرہ مروق زمین قند آدھ سیر آب چوہا کنی اور حسب ضرورت شیر گاؤ ڈال کر اس سے خراطین کو خوب اچھی طرح مل کر دھوئیں حتیٰ کہ سفید ہو جائیں بعدہ خوب اچھی طرح سکھا کر باریک پیس کر کام لیں۔

معجون اکسیر

جو لوگ آب و ہوا یا بخار یا طحال کی خرابی سے کمزور۔ لاغر ہو گئے ہوں یا خون کی کمی کی وجہ سے ضعف باہ میں مبتلا ہوں ان کے لئے یہ اکسیر ایک نعمت غیر مترقبہ ہے ضعف باہ کو دور کرنے کے علاوہ اس سے جماع کے بعد تھان محسوس نہیں ہوتی رکاوٹ کافی پیدا کرتی ہے جسم کو مضبوط چہرہ کو خوبصورت اور سرخ و سفید بناتی ہے مقوی غذا خوب ہضم کرتی ہے لاغری کو رفع کر کے چند ہی دنوں میں جسم کا وزن کافی بڑھا دیتی ہے اس کے علاوہ دماغی قوتوں میں اضافہ کرتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : بھلانوہ ایک سیر کوٹ کر دو دو ٹکڑے کر لیں پھر اینٹ پلی (نیم پختہ) پیس کر ملا دیں۔ اور خوب رگڑیں جب اینٹ کا سفوف تیل سے تر بتر ہو جائے تو گرم پانی سے دھو کر بھلانوہ کے ٹکڑے چار سیر دودھ میں ڈال کر جوش دیں دودھ گاڑھا ہو جائے تو پھر گرم پانی سے دھو کر خشک کر لی پھر روغن گاؤ جس میں ڈوب جائیں بریان کریں پھر انہیں کوٹ پیس کر باریک کر لیں تو آدھ سیر مصری ملا کر خوب رگڑیں کہ یک جان ہو جائے بعدہ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بھیڑہ۔ آملہ مقشر۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ بھیم سینی کافور۔ بالچھڑ۔ تربد سفید۔ بنسلوچن۔ کٹھ۔ مٹھا تیلیہ مدبر۔ چندن سفید۔ عاقر قرحا۔ کباب چینی۔ لونگ۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ سرد چینی۔ موچرس۔ اجوائن خراسانی۔ اجوائن دیسی۔ مشک بالا۔ تج۔ بداری قند۔ جائفل۔ ناگرموتھ۔ جاوتری۔ اگر زیرہ سیاہ۔ سمندر سوکھ۔ گلو۔ کشتہ فولاد ہر ایک دو تولہ۔ کشتہ ابرک سیاہ۔ کشتہ قلعی۔ زعفران۔ جند بیدستر۔ ورق چاندی ہر ایک چھ ماشہ۔ کوٹ چھان کر یکجان کر لیں اور کسی

چینی کے برتن میں ڈال کر منہ بند کرلیں پھر اسے گرم پانی میں رکھ دیں۔ پانی ٹھنڈا نہ ہو اسی طرح چوبیس گھنٹے تک برتن پانی میں رکھیں اس کے بعد نکال رکھیں۔ پانی برتن میں نہ جانے پائے۔

ترکیب استعمال : ایک ماشہ سے تین ماشہ تک ہے۔

فوائد : مردہ دلی۔ کند ذہنی۔ کم عقلی۔ کمزوری جسم۔ کمی خون۔ کمزوری اعصاب جگر۔ معدہ کی اصلاح کر کے جن کی ہڈیاں اور پنجر علیحدہ علیحدہ نظر آ رہے ہوں ان کو موٹا اور جسم میں گوشت پیدا کرتی ہے ایک ماہ متواتر کھانے سے نامرد مرد ہو جاتا ہے امساک طبعی اور جسم کے سفید داغ دور ہو جاتے ہیں بوڑھوں کے واسطے نو جیون ہے غرض یہ کہ رقت منی اور جریان کو دور کر کے انسان کو ایک کامل مرد بنا دینے والی بے مثل اکسیر ہے۔

دوائے ذیابیطس

ذیابیطس کی بہترین اور کامیاب دوا۔ جب پیشاب میں شکر خارج ہونے اور چیونٹیاں جمع ہونے لگتی ہیں مریض پر پیاس کا غلبہ ہوتا ہے تو اس کا نتیجہ میں مریض گھل گھل کر کمزور ہو جاتا ہے عموماً دیکھا گیا ہے کہ ذرا بد پرہیزی کی شکر کی مقدار بڑھی لیکن دوائے ذیابیطس سے بڑھ کر اس میں بیماری کا دوسرا کوئی علاج مفید ثابت نہیں ہوا۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ فولاد۔ کشتہ زمرد۔ ہر ایک چھ ماشہ۔ کشتہ قشر بیضہ مرغ نو ماشہ۔ کشتہ مروارید تین ماشہ۔ کشتہ مرجان ایک تولہ۔ کوڈینا بیس گرین (دس رتی) گولڈ کلورائیڈ ایک ٹیوب۔ افیون تین ماشہ۔ تخم جامن خشک تین تولہ۔ سلاجیت مصفی نو ماشہ۔ مغز بادام دو تولہ۔ ست گلو تولہ۔ کافور تین ماشہ۔ کشتہ صدف ایک تولہ۔ سب دواؤں کو باریک کر کے محفوظ رکھیں دوائے ذیابیطس تیار ہے۔

ترکیب استعمال : دو رتی صبح اور شام مسکہ میں کھائیں۔ غذا کم کھانی چاہئے اور روزانہ ایک میل کامل پیدل چلیں۔ انشاء اللہ اس دوا سے یقینی فائدہ ہو گا مکھن بالائی شیر سادہ استعمال کیا جائے۔

نشاطین

جوانی کے لطف انگیز مناظر پیش کرنے والی گولیوں کا نسخہ عجیب وغریب فوائد کا حامل ہے۔ ان میں کسی قسم کی کوئی نشہ آور دوا شامل نہیں لیکن اثرات کے لحاظ سے یہ کہنا مبالغہ نہیں کہ اس مقصد کے لئے نشاطین سے بہتر دوا آج تک کہیں سے پیش نہیں کی گئی یہ نہ صرف ممسک بلکہ نہایت مقوی بھی ہے ناکارہ سے ناکارہ لوگ بھی اس کی بدولت کامیاب ہیں۔ فی الحقیقت اس کی ایک چھوٹی سی گولی میں طاقت لذت اور مسرت کا ایک بیش خزانہ پنہاں ہے اس کے استعمال سے عرصہ کی سوئی قوتیں پھر سے بیدار ہو کر زندگی کی لذتوں میں اضافہ ہو جاتا ہے جسم میں حیات نو کے آثار نمایاں ہو جاتے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سم الفار تین ماشہ۔ بیر بہوٹی ایک تولہ۔ سفوف ذرا رتح اڑھائی تولہ۔ افیون ایک تولہ۔ شنگرف مدبر۔ عقر قرحا۔ تک چھکنی۔ زعفران ہر ایک چھ ماشہ۔ ورق طلاء ایک ماشہ۔ مشک خالص ایک ماشہ۔ جوہر کچلہ ایک ماشہ۔ روغن دار چینی تین ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر شہد خالص کی مدد سے گولیاں برابر دانہ موٹھ کے تیار کریں۔

فوائد : اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ گولیوں ہیں پہلی خوراک اپنا اثر دکھاتی ہے ہم نے بخل شکنی کی زندہ مثال قائم کرنے کی خاطر ہزار ہا وقتوں سے حاصل کر کے آپ کی نذر کر دیا ہے۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح اور ایک گولی شام بعد از غذا ہمراہ دودھ استعمال کریں اس کے ساتھ کم از کم ایک چھٹانک گھی اور دو سیر دودھ روزانہ ضرور استعمال کریں۔

تریاق چشم

یہ ایک بے نظیر سرمہ جملہ امراض چشم کے لئے تریاق کامل کا حکم رکھتا ہے یہ فوری اثر

دکھانے والا لاجواب سرمہ مجھے ایک سنیاسی سے ہزار دقت حاصل ہوا ایک ہفتہ میں تمام امراض چشم مثلاً دھند۔ غبار۔ جالا۔ پھولا۔ غبار۔ رمد۔ ککرے۔ پڑبال غرض یہ کہ تمام امراض چشم کا اکسیری علاج ہے وہ ککرے جو اپریشن کرانے کے بعد بھی نہ گئے ہوں اس کے استعمال سے انشاء اللہ رفع ہو جاتے ہیں لطف یہ کہ بنانے میں آسانی کم خرچ اور میرا معمول مطب نسخہ ہے جسے بغیر ہچکچاہٹ اور بلا بخل مگر آپ کی خاطر درج کر دیا جاتا ہے جو صاحب آزمائش کریں گے داد دیں گے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سفیداج (تج سفید) کف دریا۔ مرچ سیاہ۔ نوشادر۔ سرد چینی۔ فلفل دراز ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ جست بارہ تولہ۔ تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ مانند سرمہ بنا کر یک جان کر کے بارہ گھنٹہ متواتر کھرل کریں۔

فوائد : جملہ امراض چشم کے لئے اکسیر کامل ہے آزمائش پر آپ کو معلوم ہوگا کہ کئی سرموں سے بہتر سرمہ ہے۔

ترکیب استعمال : دو سلائی رات کو سوتے وقت لگائیں۔

پائیورین

پائیوریا۔ ماسخورہ جیسے نامراد مرض کے لئے اکسیر اعظم دوا ہے میرے ایک نہایت کرمفرا حکیم صاحب نے ازارہ کرم یہ نسخہ عنایت فرمایا میں نے اسے سینکڑوں مریضوں پر آزما اور مفیڈ پایا ماسخورہ۔ دانتوں کا پانی لگنا دانتوں کا ہلنا دور کر کے انہیں مضبوط اور سفید مانند براق بناتا ہے درد کو فوراً بند کر دیتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : بیخ شاہترہ۔ بیخ مدار (خشک شدہ)۔۔۔ اجوائن خراسانی برابر وزن لے کر سفوف بنالیں یہی سفوف ایک تولہ۔ نیلہ تھوتھا بریاں چھ ماشہ۔ آرد بندق ہندی (ریٹھہ) ایک تولہ۔ کشتہ سنگجراحت ایک تولہ۔ (کنوار گندل میں کیا ہوا) ملا کر سفوف بنالیں پائیورین تیار ہے۔

ترکیب استعمال : انگلی سے دانتوں پر لگائیں اور منہ ڈھیلا چھوڑ کر رال ٹپکائیں

جب تک دوا کا مزہ آتا رہے تھوکتے رہیں دو گھنٹہ بعد نیم گرم پانی سے کلی کریں۔

فوائد : دانتوں کے درد۔ ماسخورہ۔ (پائیوریا) کے لیے بے حد مفید ثابت ہوا ہے۔ نسخہ معمولی ہے مگر فوائد میں لاجواب ہے۔

جریانول

جریان جیسے نامراد مرض کے لئے اکسیر کامل ہے کمال درجہ کا مفید اکسیری نسخہ بے حد موثر ہے۔ شب و روزہ کے تجربہ کی چیز ہے ایک ہفتہ کے استعمال سے جریان و سرعت کو نیست و نابود کر دیتا ہے علاوہ ازیں پرلے درجہ کا مغلظ و ممہی بھی ہے اور کمزوری سے پیدا شدہ جملہ شکایات کا ازالہ کر دیتا ہے منی با افراط پیدا کرتا ہے اور اس کو گاڑھا کرتا ہے طاقت بدنی کو بڑھاتا ہے رنگ بدن کو نکھارتا اور فربہ سرخ و سفید بناتا ہے۔ جریان و سیلان منی۔ رقت۔ سرعت۔ احتلام۔ ذکاوت حس۔ ضعف اعضائے رئیسہ۔ سلسل البول کے لیے تریاق کامل اور نافع ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : قلعی۔ پارہ ایک ایک تولہ۔ کو چھلبند کریں پھر اسے کوٹ کر باریک کر لیں سفیدہ کاشغری دو تولہ شامل کر کے اس قدر کھرل کریں کہ مانند غبار ہو جائے۔

سفوف مذکور ایک تولہ۔ بیروزہ مدبر تین تولہ۔ رال دو تولہ۔ ثعلب مصری دس تولہ سب کو ملا کر باریک پیس لیں جریانول تیار ہے۔

فوائد : جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ ذکاوت حس۔ سلسل البول کو مفید ہے۔

ترکیب استعمال : دو ماشہ روزانہ ہمراہ دودھ گاؤ آدھ سیر اس کے بعد ایک چھٹانک مکھن کھلائیں ورنہ قبض ہو جائے گی۔

تریاق

یہ دوا اسم بامسمیٰ دردوں کے لئے واقعی تریاق ہے۔ ذات الجنب۔ درد کمر و پشت۔ درد

اعصاب غرض یہ کہ کوئی درد خواہ کسی وجہ سے ہو فوری اثر دکھاتا ہے علاوہ ازیں پیچش اسہال۔ نزلہ زکام کو دور کرنے کے لئے تریاق ہے خراشدار دست۔ سنگرہنی۔ زحیر۔ مزمن دافع کھانسی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: افیون خالص۔ کافور دیسی۔ آرد بندق ہندی۔ پوست بیخ مدار ہر ایک چھ ماشہ۔ شورہ قلمی۔ کشتہ بارہ سنگا ہر ایک دو تولہ۔ ایسپرین ایک تولہ۔ مٹھا تیلیا ایک ماشہ سب کو باریک پیس کر باہم ملا کر تیار کریں۔

ترکیب استعمال: چار رتی ہمراہ آب یا بدرقہ مناسبہ دیں۔

فوائد: قابض۔ مسکن۔ منوم۔ دافع کھانسی۔ حابس الدم۔ واوجاع جملہ اقسام کو نافع ہے۔ غرض یہ کہ ہر قسم۔ دردوں۔ جریان خون و اسہال اور جملہ اورام و اوجاع کے لئے تریاق ہے۔

جادو

''جادو وہ جو سر چڑھ کر بولے''۔ جادو نام کی جادو اثر دوا فی الواقعی اسم با مسمیٰ ہے جنون مراق۔ مالیخولیا۔ کابوس۔ اختناق الرحم اور اوجاع کے لئے تریاق کامل ہے جنون کے مریض کی حالت جب انتہا کو پہنچ چکی ہو اور کوئی دوا کارگر نہ ہو یہ دوا اکسیر اعظم کا اثر رکھتی ہے مریضان اختناق الرحم۔ صرع۔ مراق کے لئے بلا مبالغہ ایک تحفہ کامل ہے کثرت احتلام سوزش بے خوابی کو دور کر کے دماغی حالت کو درست کرتی ہے اس کے موجد نے ہزار ہا روپیہ کمایا اور یہ ''دوا جنون''۔ کے نام پاک و ہند کے گوشہ گوشہ میں مشہور ہے۔ بخل کو بالائے طاق رکھتے ہوئے سینہ کا راز ظاہر کر دیا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: صندل سفید۔ جدوار۔ بادیان ہر ایک ایک تولہ۔ افیون چھ ماشہ۔ ابریشم مقرض ایک تولہ۔ تخم کاہو دو تولہ۔ بادرنجبویہ دو تولہ۔ پوٹاسیم برومائیڈ۔ ایمونیم برومائیڈ ہر ایک سوا تولہ تمام ادویہ کو باریک کریں اور سفوف بنا کر رکھیں۔

فوائد : جنون۔ مالیخولیا۔ مراقی۔ توحش۔ ہذیان۔ بے چینی۔ سرسام۔ کابوس۔ اختناق الرحم۔ خناق۔ کثرت احتلام۔ جریان۔ ام الصبیان۔ صداع ہر قسم کے لئے مفید ہے۔

ترکیب استعمال : دو ماشہ سے تین ماشہ تک ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

گونورول

سوزاک کی کئی ادویات استعمال کرنے کے بعد ناکامیابی کا منہ دیکھنے والے حضرات اس اکسیر بے نظیر کا تجربہ کر کے اس کے لاثانی اثرات کا ملاحظہ کریں۔ پہلی خوراک سے جلن ٹیس درد وغیرہ کافور ہو جاتا ہے لطف یہ کہ کسی طرح کی کمزوری بے چینی گھبراہٹ نہیں ہوتی۔ اس دوا کے موجد نے اس کی بدولت ہزاروں روپیہ حاصل کئے ہیں۔ آزمائیں اور میری محنت کی داد دیں۔ جو لوگ زیادہ دوا کھانا پسند نہیں کرتے وہ نعمت خداداد سے فائدہ حاصل کریں سوزاک کی ہر حالت میں خواہ کہنہ ہو یا جدید بمنزلہ اکسیر ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : آب کیلہ دو سیر۔ شورہ قلمی تین تولہ ملا کر آگ پر رکھ کر پانی خشک کر لیں شورہ مدبر ہو جائے گا شورہ مدبر دو تولہ۔ کشتہ کوڑی۔ (نیلہ تھوتھا والا) ایک تولہ۔ ست لوبان۔ دانہ الائچی سبز ایک تولہ۔ پھٹکڑی سرخ بریاں ایک تولہ۔ ست بندق ہندی ایک تولہ۔ سب کو ملا کر سفوف بنا لیں۔

فوائد : سوزاک نیا ہو یا پرانا ہو ہر قسم کے لئے اکسیر اعظم ہے۔

بدرقہ : روغن صندل۔ سپرٹ ریکٹی فائڈ۔ ٹنکچر ہائیوسائمس۔ کلورل ہائیڈریٹ۔ پوٹاشیم برومائیڈ ہر ایک ایک تولہ پانی ایک بوتل ملا کر خوب ہلا لیں اور اس مرکب اڑھائی تولہ کے ہمراہ ایک ماشہ دوا مذکور دن میں تین بار دیں۔ ایک ہفتہ میں آرام ہو گا۔

ترکیب کشتہ کوڑی نیلہ تھوتھا والا :۔ کوڑی زرد۔ نیلہ تھوتھا۔ ہلیلہ زنگی۔ ریوند چینی ہر ایک ایک تولہ سب کو یک جان کر کے آب لیموں وزن ایک پاؤ سے کھرل کر کے خشک ہونے پر کوزہ میں کپڑ وٹی کر کے نصف سیر کی آگ دیں۔

شفاء

مستورات کی جملہ شکایات کا واحد علاج ہے شفاء بلا مبالغہ اکسیر نسواں کہنے کے قابل ایک اکسری تحفہ ہے جو تمام امراض نسوانی کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ احتباس طمث کثرت الطمث۔ جریان الرحم۔ سیلان الرحم۔ درد رحم۔ اختناق الرحم اور ان کے جملہ عوارضات میں فی الواقعہ اکسیر ہے۔ میں نے اس دوا کو جہاں کہیں استعمال کیا بفضل خدا سو فیصدی کامیابی ہوئی اعضاء رئیسہ کو طاقت دے کر بدن میں چستی و چالاکی پیدا کرتی ہے آزمائش اور دعا خیر سے یاد فرمائیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : گندھک ڈنڈا۔ اڑھائی تولہ۔ کالی زیری اڑھائی تولہ۔ رسوت مصفی سوا تولہ۔ ایکسٹریکٹ بیلے ڈونا چھ ماشہ سب کو ملا کر گولیاں بقدر چار رتی بنائیں۔

فوائد : جملہ امراض نسوانی کے لئے تریاق کامل ہے۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح وشام بعد از غذا ہمراہ دودھ اگر طبیعت میں گرمی محسوس ہو دودھ دے سکتے ہیں۔

طلسمین

قبض ام الامراض شمار کی جاتی۔ اس کے لئے ہزار ہا ادویات کا تجربہ کیا گیا مگر کوئی نہ کوئی نقص پایا کسی کی بدبو نا قابل برداشت کسی کی مقدار خوراک زیادہ کسی سے پیچش کا خطرہ کسی سے مروڑ اور تے کا عارضہ لاحق ہو جاتا ہے کوئی گھراہٹ پیدا کرتی ہے تو کوئی بے چینی کا باعث۔ طلسمین جو آپ کی خدمت پیش کرنا چاہتا ہوں ان تمام عیوب سے مبرا اور لاثانی ہے پاک و ہند کا ایک مشہور دواخانہ قرص ملین کے نام سے بے حد مشہور ہو چکا ہے اور ہزاروں روپیہ سالانہ کی فروخت ہو رہی ہے مگر ناظرین کی خاطر یہ سینہ کا راز پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں آپ اسے آزمائیں اور بندہ کو دعائے خیر

سے یاد فرمائیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : بنفشہ۔ بہدانہ۔ سنا مکی۔ گل سرخ۔ پوست ہلیلہ زرد ہر ایک پانچ تولہ۔ جمال گوٹہ مدبر ایک تولہ تمام ادویات کو علیحدہ علیحدہ باریک سفوف بنا کر باہم ملائیں گلقند کی مدد سے کھرل کر کے گولیاں نخود ی بنالیں۔

ترکیب استعمال : ایک یا دو گولی ہمراہ دودھ رات کو سوتے وقت، استعمال کریں۔

فوائد : اعلیٰ درجہ کی قبض کشا دوا ہے جو بلا کسی تکلیف کے پاخانہ لاتی ہے۔

تریاقی

یہ دوا ضعف جگر۔ بھس۔ یرقان کو دور کرتی ہے اور جگر کی شکایات کا ازالہ ہو جاتا ہے مدتوں کی شکایات کو چند یوم میں رفع کر دیتی ہے پرانے جگری بخاروں کے لئے ایک کامیاب دوا ہے خون کثرت سے پیدا کرتی ہے چند یوم کے استعمال سے رنگ مثل انار کر دیتی ہے بدن میں چستی چالاکی عود کر آتی ہے دھڑکا۔ ضعف نام کو نہیں رہتا وہ شکایات جو ضعف جگر کی وجہ سے پیدا ہو گئی ہوں سب کے لئے مفید ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ایک تربوز کلاں وزنی آٹھ سیر۔ الائچی پانچ تولہ۔ مجیٹھ پانچ تولہ۔ پوست ہلیلہ۔ پوست بلیلہ۔ پوست آملہ ہر ایک تین تولہ۔ برادہ فولاد عمدہ پانچ تولہ۔ تمام اجزاء کو باریک کر کے تربوز کو ایک طرف سوراخ کر کے اس میں داخل کر دیں اس کا منہ اسی ٹکڑا سے بند کر دیں۔ جو سوراخ کے لئے اتارا گیا ہو پھر اسی پر مٹی کا لیپ کر کے سوراخ والا اوپر کی طرف رکھ کسی گرم جگہ میں بیس یوم تک دفن رکھیں۔ بعد ازاں احتیاط سے گودا معہ ادویات نکال کر خوب مل چھان کر کپڑ چھان کر لیں جس قدر پانی برآمد ہو اس میں دگنی کھانڈ ملا کر شربت تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال : ایک تولہ روزانہ چار تولہ پانی ملا کر پلائیں۔ اس کے ساتھ مندرجہ ذیل سفوف سونے پر سہاگہ کا کام دیتا ہے۔

سفوف کا نسخہ : افسنتین۔ نوشادر۔ ریوند خطائی۔ شورہ قلمی ہر ایک تین تولہ۔ سوڈا بائیکارب چار تولہ۔ فرائی ایٹ کونین سائٹراس اڑھائی تولہ سب کو پیس کر سفوف بنالیں۔ مقدار خوراک دو ماشہ ہمراہ تریاقی مذکور کے ساتھ دیں۔ یہ ایک اکسیر ہے جو استعمال پر اپنا جوہر دکھاتی ہے۔

فوائد : ضعف جگر۔ بھس۔ یرقان کمزوری۔ کمی خون وغیرہ کے لئے اکسیر کامل کا حکم رکھتا ہے رنگ کو سرخ کرتا ہے تندرست وتوانا کر کے بدن میں پھرتی پیدا کرتا ہے۔

احمرین

معدہ کی جملہ امراض کا حکمی علاج ہے یہ مختصر سہل الحصول نسخہ بھوک کے بڑھانے کے لئے بالخصوص اکسیر ہے نہایت عمدہ مقوی معدہ اور ہاضم طعام ہے۔ ترش ڈکاروں کا آنا۔ بدہضمی۔ ریحی۔ کمی اشتہار۔ غرض یہ کہ امراض معدہ کا تریاق ہے دائمی قبض نفخ شکم کے لئے اکسیر ہے بھوک بے حد بڑھاتی ہے غذا منٹوں میں ہضم کرتی ہے جو صاحب اس کو ایک دفعہ استعمال فرما دیں گے اس کے گرویدہ ہو جائیں گے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ فلفل سیاہ۔ زنجبیل۔ نوشادر۔ نمک سیاہ۔ دانہ الائچی۔ نمک ہندی۔ جوکھار۔ قلمی شورہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ پوست بیخ مدار پانچ تولہ۔ قرنفل اڑھائی تولہ۔ ست پودینہ۔ ست اجوائن ہر ایک سوا تولہ تمام ادویات کو عرق لیموں بیس تولہ میں کھرل کر کے سفوف بنائیں جب خشک ہو جائے تو سوڈا بائیکارب دس تولہ ملا کر سفوف رکھیں۔

فوائد : جملہ امراض معدہ کا تریاق ہے بھوک بڑھانے کی مجرب دوا ہے بالخصوص معدہ کو طاقت ور بنا کر خواہش طعام پیدا کرتا ہے چند روز کے استعمال سے امراض معدی کو فائدہ ہو جاتا ہے۔

ترکیب استعمال : چار رتی غذا کے بعد ہمراہ پانی استعمال کریں۔

بواسیری

یہ ایک اسراری اور تجربہ کار نسخہ جو ہر قسم کی بواسیر کا ایک کامل ومکمل علاج ہے۔ نسخہ کیا ہے ایک کامل و بے خطا دوا ہے جو ہر قسم کے بواسیری عوارض اور بواسیر کو چند یوم میں نیست و نابود کر دیتا ہے بواسیر خونی ہو یا بادی اس کے استعمال سے انشاء اللہ بہت جلد فائدہ ہوتا ہے جہاں جہاں اس نسخہ کو آزمایا گیا بے حد مفید ثابت ہوا کمال درجہ کے فوائد کا حامل نسخہ ہے مسے خود بخود خشک ہو جاتے ہیں اور کسی قسم کی تکلیف باقی نہیں رہتی ایک سنیاسی کا بتایا ہوا تحفہ ہے جو ناظرین کی خاطر پیش کر دیا۔

اجزاء و ترکیب ساخت : گندھک آملہ سار مدبر ایک تولہ۔ رسوت مدبر۔ آرد بندق ہندی۔ جوا کھار ہر ایک ایک تولہ۔ مغز تخم نیم ڈیڑھ تولہ۔ کشتہ سونا مکھی نو ماشہ سب کو ملا کر سفوف بنالیں۔

فوائد : بواسیر کے لئے ایک تریاق کامل جو بفضلہٖ تعالیٰ میرے مطب میں نوے فی صد کامیاب دوا ہے۔

ترکیب استعمال : چار رتی صبح ہمراہ مکھن یا بالائی روزانہ استعمال فرمائیں۔

تریاق ذات الجنب

لاکھوں میں سے ایک قابل قدر تحفہ جو اس وقت تک کم از کم پانچ سو مریضوں پر آزمائش کے بعد آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں میرے ایک دوست کرم فرما کا عطیہ ہے پسلی کی ہر قسم کی دردوں کے لئے اس سے بہتر چیز آپ کو نہیں مل سکتی۔ ذات الجنب ہو یا ذات الصدر۔ ذات العرض شوصہ۔ سرسام۔ ذات الریہ ہو یا نمونیہ سب کو یکساں مفید سانس لینے سے تکلیف ہوت ہو مریض تکلیف میں ہو مگر یہ دوا دینے کے بعد سانس درست ہو جاتا ہے نہایت مایوسی کی حالت میں پہلی خوراک سے مریض کو راحت محسوس ہو جاتی ہے۔

اس دوا کی جس قدر تعریف کی جائے بجا ہے۔ یہ نسخہ عرصہ سے میرے زیر تجربہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : افیون مصفی۔ کشتہ بارہ سنگھا سہ آتشہ چھ ماشہ۔ (کشتہ بارہ سنگھا شیر مدار میں کھرل کرنے کے بعد تیار کیا گیا ہو) فلفل دراز۔ عطر گلاب ہر ایک تین ماشہ کوٹ پیس کر شہد کی مدد سے باہم کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود بنالیں۔

ترکیب افیون مصفی : افیون بقدر ضرورت لے کر پانی میں گھولیں اور کپڑے سے چھان کر خشک کریں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی ہمراہ بدرقہ مناسب وقفہ سے دیں۔

فوائد : ذات الجنب۔ ذات الریہ۔ نمونیہ۔ دشواری سانس کو مفید ہے۔

ککرین

یہ ایک اسم بامسمی سرمہ ہے جو آنکھوں میں نور پیدا کرتا ہے۔ اگر کسی کی نظر کمزور ہو آنکھیں دکھتی ہوں یا ان سے پانی بہتا ہو سرخی چھائی ہو یا دھندرہتی ہو جالے اور غبار کی شکایت ہو یا پڑ بالوں کی شکایت ہو بہر کیف جملہ امراض کے لئے اس سرمہ کا استعمال نہایت مفید ہے جو آنکھوں کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ یہ فوائد کے لحاظ سے نہایت قیمتی اجزاء سے مرکب ہے اور نوے فیصدی مریضوں پر مفید ثابت ہورہا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سلفیٹ آف زنک بیس گرین۔ کیلوئل ایک ماشہ سرمہ سیاہ (سال بھر نیم میں رکھا ہوا) ایک ماشہ۔ توتیائے سبز (شدھ کیا ہوا) ایک ماشہ۔ شورہ قلمی ایک ماشہ۔ مرچ سفید ایک ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ایک ماشہ۔ افیون خالص مصفی ایک ماشہ۔ زیرہ سفید ایک ماشہ۔ سہاگہ خام ایک ماشہ۔ سمندر جھگ۔ نمک لاہوری۔ سرمہ اصفہانی۔ سرد چینی ہر ایک ماشہ۔ ان سب دواؤں کو عرق گلاب یا بارش کے پانی میں دو دن تک خوب کھرل کر کے سرمہ بنالیں اور ایک ماشہ میں چھ ماشہ شہد ملا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال : روزانہ تین دن تک اسکی دو دو سلائیاں آنکھوں میں لگائیں۔

پھر ہر روز ایک سلائی بڑھاتے رہیں۔

فوائد : روہے۔ ککرے۔ جالا اور پھولا وغیرہ کے لئے یہ سرمہ عجیب الاثر ہے بصارت کو تیز کرتا ہے۔

روغن شنگرف

اجزاء و ترکیب ساخت : شنگرف رومی ایک تولہ کو آک کے دودھ پارچہ بیز میں کھرل کریں چار پانچ روز متواتر کھرل کر کے بعد میں چار تولہ موم خالص پگھلائیں اور شنگرف مذکور کھرل شدہ کو اس میں ڈال کر نرم آگ پر پکائیں۔ تا کہ دونوں کو یکذات ہو جائیں۔ پھر ایک آتشی شیشی میں ڈال کر گاچنی مٹی کا لیپ کر دیں پھر ایک اور آتشی شیشی اس کے منہ سے ملا دیں اب ایک کڑاہی میں تھوڑی سی ریت ڈال کر کوئلوں کی انگیٹھی پر رکھ دیں اور کوئلے سلگا دیں۔ تا کہ ریت خوب گرم ہو پھر گل حکمت شدہ شیشی ریت میں اور دوسری باہر رکھیں۔ بطور عرق کے روغن نکلے گا۔

ترکیب استعمال : چار قطرہ سے چھ قطرہ تک بوقت صبح مکھن میں کھائیں۔ یا پانچ بوند ایک پاؤ شیر میں ڈال کر بوقت شب پیتے رہیں۔

فوائد : یہ روغن کل امراض کمزوری۔ ہزیان۔ سرعت۔ انزل کے لئے از حد مفید ہے بے حد مقوی باہ اور دافع درد ریح ہے۔ ذات الجنب کے لئے پانچ قطرہ روغن زرد میں ملا کر مالش کریں اور پان کا پتہ باندھ دیں۔

دوائے رحمانی

یہ دوا بدرجہا نہایت سریع التاثیر اور خاص اکسیر صفت ہے ابتدائی دمہ کو چند خوراکوں سے دور کر دیتی ہے پرانے مریضوں کو دو ہفتہ متواتر استعمال کرنے سے آرام آ جاتا ہے علاوہ پرانی بلغمی کھانسی کے لئے لاجواب تحفہ ہے۔ اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے کہ جمی ہوئی بلغم پتلی ہو کر خود بخود تھوک پاخانہ پیشاب سے خارج ہو جاتی ہے یا تحلیل ہو کر ختم ہو جاتی ہے

تنفس کا راستہ صاف ہو کر سانس کی تنگی اور دم چڑھنا جاتا رہتا ہے معدہ اور جگر کی اصلاح بھی ریاحی اثرات سے بدن کو پاک کرتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : جوز بوا۔ بسباسہ۔ نانخواہ۔ بزرالبنج۔ تخم کرفس۔ انیسوں۔نمک لاہوری۔نمک سیاہ۔نمک سانبھر۔نمک کاچ ہر ایک ایک پاؤ کبوتر صحرائی پانچ عدد۔ اوپلے جنگلی تیس سیر۔ دواؤں کو جوکوب کر کے کبوتر ذبح کر کے ان کے بال و پر اور پیٹ کی آلائش دور کر کے اندر بھر دیں۔ ایک گلی ہانڈی میں ڈال کر گڑھا کھود کر نیچے اوپر اوپلے اور درمیان میں ہانڈی رکھ کر پھونک دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر ہانڈی کے اندر تمام جلی ہوئی ادویہ معہ کبوتر باریک پیس کر رکھ لیں بوقت ضرورت استعمال کریں۔

ترکیب استعمال : مقدار خوراک ایک چٹکی منہ میں ڈالیں اس طرح دن میں تین یا چار بار خوراک کافی ہے۔

نسخہ لال شربت

آج تک کسی کتاب یا رسالہ میں لال شربت کا موثر جز و درج نہیں کیا۔ لال شربت کے موثر ہونے کا راز اور کامیابی ہی اس اجزاء موثرہ سے ہے جسے بلا بخل ناظرین طبیب حاذق کی خاطر درج کیا جاتا ہے یہ وہ نسخہ ہے جس کو میں نے کئی مریضوں پر استعمال کرایا اور وہ اس شربت کی تعریف میں رطب اللسان ہیں راز کا نسخہ تھا جو افشا کر دیا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کیلسیم ہائپو فاسفیٹ آف لائم اینڈ سوڈا نصف اونس۔ آب مقطر بارہ اونس۔ (ہر دو کو باہم ملا لیں) موثرہ جز ایسڈ فاسفورس چالیس بوند۔ کھانڈ پچیس اونس۔ ریڈ بال مارکہ گلابی رنگ یا کوچی نیل دو ڈرام۔ پہلے دو اجزاء کو آگ پر رکھ کر چینی (کھانڈ) ملا کر شربت کا قوام کر لیں سرد ہونے پر تھوڑا سا شربت لے کر رنگ احتیاط سے حل کر کے سارے شربت میں ملائیں بس لال شربت کا اصلی نسخہ حاضر ہے لیبل لگا کر شیشیوں میں بھر لیں۔

ترکیب استعمال : ایک چمچہ چائے والا تین دفعہ۔

فوائد : امراض صدر کا بہترین علاج ہے ایک مشہور عالم دوا ہے۔

ہاضوم

پیٹ جگر اور آنتوں کی بیماریوں مثلاً ضعف معدہ۔ بدہضمی۔ قراقر باؤ گولہ۔ ریح۔ ریح البواسیر۔ نفخ۔ درد شکم۔ پیچش۔ سنگرہنی۔ تخمہ۔ کھٹے ڈکار۔ سینہ کی جلن۔ منہ سے رطوبت۔ بہنا۔ بھوک کا نہ لگنا۔ غذا کا سینہ پر بوجھ رہنا۔ ہاضمہ خراب ہونا۔ دستوں کا آنا۔ قبض دائمی رہنا۔ پیٹ پھولنا وغیرہ ان تمام شکایات کے ازالہ کرنے میں ایسی عجیب الاثر اور مفید دوا کے موافق شاید ہی کوئی دوسری دوا ہو یہ خاص صدری نسخہ خاندانی اور بڑا ہی مجرب ہے اس ہر گھری میں موجود رہنا نہایت ضروری ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : جوہر نوشادر۔ ست پودینہ۔ ست اجوائن۔ کافور۔ ہر ایک ایک تولہ۔ جوکھار اصلی۔ نمک ترب۔ قلمی شورہ۔ سوڈا بائیکارب۔ کشتہ خبث الحدید ہر ایک ایک تولہ۔ گیرو تین تولہ۔ تخم جوز ماثل۔ ست زنجبیل۔ قرنفل۔ دار چینی۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک آٹھ ماشہ سب کو کوٹ کر مثل غبار کر لیں۔

ترکیب استعمال : ایک رتی سے چار رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب۔

فوائد: بدہضمی۔ درد معدہ۔ درد فم معدہ۔ ریاح۔ ڈکار۔ ہیضہ۔ اسہال۔ نفخ وغیرہ کے لئے بر الساعتہ سا عمل رکھتا ہے۔

اعجازی

خاص دوا معجزانہ اثرات کی حامل جو نامرد کو مرد اور جوانمرد کو نوجوان بلکہ پیر صد سالہ اور کمزور کو بھی از سر نو جوان اور بنا دیتی ہے اس کی تعریف میں کوئی مبالغہ نہیں ہے یہ عجیب دوا مدت مدید کی سخت محنت و مشقت سے تیار اور مکمل ہوئی ہے اور کم مقدار میں بڑی پر اثر اور مفید ہے ہزار ہا مریض مایوس العلاج نے اس کی تصدیق کی۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مرجان سرخ ایک تولہ۔ ٹنکچر فرائی پر کلورائڈ ساڑھے

تین تولہ۔ شیر مدار پندرہ تولہ۔ خولنجاں ڈیڑھ تولہ۔ جوہر لوبان چھ ماشہ۔ کشتہ چاندی چھ ماشہ۔ مروارید محلول چھ ماشہ۔ اسٹرکنیا چھ رتی۔ فرائی سلفاس ایک تولہ۔ اول مرجان کو ٹنکچر کے ہمراہ کھرل کریں اور خشک ہونے پر دس سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر شیر مدار میں کھرل کر کے بدستور سابق آگ دیں اور نکال کر باقی ماندہ ادویات ملا کر باجرہ دانہ کے برابر گولیاں بنائیں۔

فوائد : قوت مردمی کے لئے حیرت انگیز چیز ہے بے انتہا ممسک ہے پہلی ہی خوراک میں اپنا اثر دکھاتی ہے باہ میں اندازہ سے زیادہ اضافہ کرتی ہے دل عیش ونشاط کا مرکز بن جاتا ہے ناکارہ اور عاقبت نا اندیش لوگوں کو زندگی کا پھر سے لطف حاصل ہوتا ہے۔

ترکیب استعمال : ایک گولی رات کو سوتے وقت پاؤ بھر دودھ کے ساتھ استعمال کریں یا خاص ضرورت سے ایک گھنٹہ قبل ایک گولی استعمال کریں۔

گندھک مومیہ

(مشتاقان وطالبان کیمیا کے لئے اکسیری تحفہ ہے)

اجزاء و ترکیب ساخت : کشٹہ (جس سے زرگر زیور صاف کرتے ہیں) تقریباً چھٹانک بھر لیں اسے پانی سے دھو کر گرد و غبار صاف کر لیں رات کو کسی مٹی کے برتن میں تین پاؤ پانی ڈال کر صبح بغیر ملے آب زلال لے لیں پھر دو تولہ گندھک آملہ سار لے کر اسے سکورہ گلی میں پگھلائیں اور کشٹہ کا آب زلال ڈالیں اسی طرح عمل کرتے رہیں حتیٰ کہ تمام آب زلال ختم ہو جائے گندھک مومیا ہو جائے گی۔

یہ نسخہ میں نے کئی دفعہ بنایا۔ ہنوز اس سے کوئی کام نہیں لیا عام لوگ گندھک مومیہ کی تلاش میں سرگرداں رہتے ہیں۔

فوائد: اس کے فوائد کیمیا گر بہتر جانتے ہیں۔

اکسیری قطرہ

یہ قوت مردمی کی دوا بے نظیر جس کی طبی دنیا میں دھوم مچ چکی ہے اور حقیقت یہ ہے کہ

کھوئی ہوئی طاقت کو واپس لانے اور بچپن کی خرابیاں دور کرنے میں اکسیر ثابت ہو چکی ہے اور لطف یہ کہ اکسیری قطرہ اندر جاتے ہی اپنا اثر دکھانا شروع کر دیتا ہے یہ اس قدر زود اثر اور مقوی باہ دوا ہے کہ بسا اوقات طاقت کا سنبھالنا مشکل ہو جاتا ہے ان کے استعمال سے بدن مضبوط اور رنگ بھی سرخ ہو جاتا ہے دل و دماغ کے لئے بھی بہترین ثابت ہوا ہے کیونکہ اعضائے رئیسہ کے لئے بالخاصہ مفید ہے فی زمانہ جبکہ انسانی طاقتیں روز بروز تنزل پر ہیں اس کا استعمال نہایت ضروری ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : عنبراشہب چھ ماشہ۔ مشک چھ ماشہ۔ زعفران کشمیری ایک تولہ۔ یاقوت رمانی۔ زمرد اخضر ہر ایک تین ماشہ۔ تمام کو باریک کر کے ایک بوتل ماء اللحم انگوری طیوری اور ایک بوتل برانڈی درجہ اول میں خوب کھرل کریں اور کسی صاف برتن میں جس کا منہ بند ہو ڈال کر چالیس روز تک دھوپ میں رکھیں۔

ترکیب استعمال :۔ بوقت شب چھ ماشہ استعمال فرمادیں بعد میں عرض گاؤ زبان بیس تولہ نوش کریں۔

فوائد : یہ اکسیری قطرہ تقویت باہ کے لئے اپنی نظیر آپ ہے اس قدر پیدا کرتا ہے کہ قوت کا ضبط نہیں ہوسکتا تیار کر کے موسم سرما کا لطف اٹھائیں۔

دلکشا

دل کشا نشاط وخوشی اور سرور سے بھرپور معجون ہے۔ اس معجون کے کھانے سے طبیعت نشاط اور خوشی پیدا ہوتی ہے سستی کا کاہلی دور ہو کر بدن میں شگفتگی پیدا ہو جاتی ہے خون صالح پیدا ہو کر چہرہ کا رنگ سرخ اور جسم طاقتور ہو جاتا ہے منہ کو خوشبودار بنانا اور دانتوں کو مضبوط کرنا اس کا خاصہ ہے یہ معجون دل و دماغ قوی اور حافظہ کو تیز کرتی ہے عقل بڑھاتی ہے معدہ کے فعل کو درست ہاضمہ تیز اور بلغم کو دور کرتی ہے درد پشت درد گردہ اور جوڑوں کے درد کو بے حد مفید ہے اور فالج لقوہ۔ نسیان۔ سلسل امسک لبول و دیگر امراض مثانہ کے لئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے قوت باہ کو خصوصی طور پر بڑھاتی ہے منی کو

گاڑھا اور زیادہ کرتی ہے ہر موسم اور ہر مزاج کے موافق ہے۔ کمزوروں کے لئے ایک تحفہ ہے بڑھاپے میں جوانی سا لطف دکھاتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: زہر مہرہ خالص۔ یشب سفید۔ عقیق سرخ۔ شاخ مرجان۔ بسد احمر۔ مروارید ناسفتہ۔ زعفران اصلی ہر ایک دو ماشہ۔ مشک خالص ایک ماشہ۔ کیوڑہ اڑتالیس تولہ۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک چار ماشہ۔ اول مروارید تک تمام ادویہ کو کوٹ پیس کر کسی عمدہ کھرل میں مانند سرمہ بنالیں بعد زعفران اور مشک باہم ملا کر کھرل میں یک جان کرلیں بعد میں تمام کھرل شدہ ادویہ میں تھوڑا تھوڑا عرق کیوڑہ ڈال کر جذب کرتے رہیں جب خشک ہو جائے تو طباشیر اور الائچی خورد کے دانہ مانند غبار شدہ ملائیں اب چاہیں تو اس میں چھیالیس تولہ شہد ملا کر معجون کی صورت بنالیں۔ یا اسی طرح رکھ لیں۔

ترکیب استعمال: معجون کی صورت میں ایک تولہ۔ ورنہ چار رتی دوا لے کر ایک تولہ شہد کے ساتھ چاٹ لیں خوراک صبح و شام استعمال کریں۔

فوائد: مقوی باہ و ممسک اعلیٰ درجہ ہے گم شدہ طاقتوں کو واپس لاتا ہے جسم میں خون اور قوت پیدا کرتا ہے بھوک بڑھاتا ہے غرض یہ کہ معدہ اور اعضاء رئیسہ کو طاقت ور بناتا ہے اس کے پوشیدہ اور قدرتی اوصاف کا تماشا دیکھیں۔

(نوٹ): یہ ایک خاندانی صدری نسخہ ہے جو اپنے فعل میں از حد مفید ہے گو اجزاء قیمتی معلوم ہوتے ہیں مگر فوائد اور زود اثری کو دیکھتے ہوئے بار معلوم نہیں ہوتا۔

عشرین

عشرین اپنے اجزاء اور فوائد کے لحاظ سے بے شمار امراض کے لئے اکسیر الاثر ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: آک کی جڑ کا چھلکا صاف کیا ہوا چار تولہ۔ نوشادر ایک تولہ۔ نمک سیاہ۔ پوست سنگدانہ مرغ تین ماشہ۔ ست پودینہ ڈیڑھ ماشہ۔ سم الفار ایک رتی سب ادویہ کو علیحدہ علیحدہ کوٹ لیں سم الفار مانند سرمہ بنالیں سب کو باہم ملا کر

آب پودینہ پانچ تولہ کی مدد سے حبوب نخودی بنائیں اور سایہ میں خشک کر کے محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت استعمال کر کے فائدہ اٹھائیں۔

فوائد و ترکیب استعمال : درد کمر۔ بخار۔ ہیضہ۔ اسہال وقبض۔ اورارحیض اور درد پیٹ۔ کمی اشتہاء۔ اپھرا۔ ورم طحال و عظم الکبد وغیرہ میں تازہ یا گرم پانی سے ایک گولی صبح اور ایک شام دیں۔ قے روکنے کے لئے ایک گولی ہمراہ عرق گلاب۔ بدہضمی جو کسی دوا سے دور نہ ہوتی ہو ایک گولی ہمراہ سکنجبین سادہ عرق گلاب ملا کر دیں۔ نمونیا ذات الجنب و ذات الریہ وغیرہ میں شربت شفا چھ تولہ سے ایک ایک گولی صبح دوپہر شام دیں۔ درد گردہ میں شربت بزوری حار کے ساتھ دیں یہ ایک گولی کثیر فوائد کی حامل ہے۔

روغن کافوری

یہ ایک قسم کا عجیب وغریب تیل جو طلسمی اثر رکھتا ہے اور ہر قسم کے دردوں کے لئے اکسیر صفت ہے درد خواہ کسی جگہ ہو مقام درد پر اسے لگاتے ہی درد اس طرح کافور ہو جاتا ہے کہ گویا تھا ہی نہیں۔ درد خفیف ہو یا شدید پسلی میں یا کمر میں گھٹنے میں ہو یا کسی اور جوڑ میں کافوری سے دور ہو جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ اس کی مانگ عام ہے اور سمجھدار لوگ اپنے اپنے گھروں میں بطور حفظ ماتقدم اس کی ایک ایک شیشی ضرور رکھتے ہیں تاکہ وقت پر کام آئے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کافور۔ ست اجوائن۔ ست پودینہ۔ کلورل ہائیڈریٹ ہر ایک ایک ماشہ۔ منتھل سیلی سلیٹ پندرہ بوند۔ گلسیرین ایک ڈرام۔ ویز لین ڈرام۔ پہلی چاروں دواؤں کو شیشی میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں جب پانی ہو جائے تو ان میں ویزلین کے علاوہ دونوں دوائیں ملا لیں پھر ویزلین گرم کر کے سب چیزوں کو اچھی طرح حل کر کے رکھ لیں۔

فوائد : ہر قسم کے دردوں کے لئے مفید ہے درد کی جگہ مالش کرنے سے منٹوں میں

درد جاتا رہتا ہے۔

حافظین

وہ اکسیری دوا جو قوت حافظہ کو کئی گناہ بڑھا دیتی ہے دماغ کے ان اعصاب کو غضب کی طاقت دیتی ہے جن میں ہمارے دیکھنے سننے اور پڑھنے حالات و واقعات کا ریکارڈ رہتا ہے۔ دماغ کی تمام قوتوں کی نشو و نما کرتی ہے کثرت مباشرت یا کثرت مطالعہ سے اگر دماغ کمزور ہو گیا ہے تو حافظین سے بہتر کوئی علاج نہیں۔

حافظین : دماغی قویٰ کی غذا بھی ہے اور ان میں بیداری اور تیزی پیدا کرنے والی دوا ہے۔ اس کے استعمال سے بچپن کی نازیبا حرکات اور مادہ منویہ کے اخراج سے خراب شدہ قوت حافظہ کو درست کرنے کے لئے بہترین چیز ہے متواتر دماغی کام کرنے سے تھکان تک محسوس نہیں ہوتی میٹھی اور خوش ذائقہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ہلیلہ زرد کا چھلکا دو تولہ۔ آملہ دو تولہ۔ فلفل سیاہ چھ ماشہ۔ مغز کشنیز تین تولہ۔ لوبان ایک تولہ۔ کشتہ طلاء ایک ماشہ۔ کشتہ نقرہ ایک ماشہ۔ مغز بادام شیریں چار تولہ۔ مغز پستہ چار تولہ۔ دانہ الائچی خورد چھ ماشہ۔ ورق طلاء بارہ عدد ورق نقرہ پچیس عدد سب کو کھرل میں یک جان کریں اور چار تولہ روغن بادام شیریں میں ڈال کر خوب حل کریں پھر سہ چند مصری کا گاڑھا قوام تیار کر کے دوائیں ملائیں اور اکیس روز کے بعد استعمال کریں۔

ترکیب استعمال :- تین ماشہ شام کو گائے کے دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔

فوائد : ضعف دماغ اور اعضائے رئیسہ کی کمزوری کو دور کرتی ہے طالب علموں اور دماغی کام کرنے والوں کے لئے عمدہ چیز ہے۔

شاہ زور

یہ اکسیر نہایت محنت اور جانفشانی اور قیمتی اجزاء سے تیار ہوتی ہے نہایت محرک و مقوی باہ

ومقوی اعضائے رئیسہ ہے ارواح وقویٰ حرارت عزیزی کو طاقت بخشی ہے تمام اندرونی خفتہ طاقتوں کو گرانگیختہ کرتی ہے طاقت مردمی پیدا کرتی ہے جن لوگوں کو جریان احتلام وغیرہ کی شکایت نہ ہو اور صرف طاقت مردمی کمزور ہو یہ دوا کر استعمال کریں ان تمام کی دوسری تیسری خوراک شرطیہ اپنا اثر دکھلاتی ہے غرض یہ کہ بہت ہی اعلیٰ دوا ہے ہزار دفعہ کی آزمودہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : یوہمبین ڈیڑھ گرین۔ کستوری گرین 1/16 گولڈ کلورائڈ 1/16 گرین۔ فری ایٹ کونین سائیٹراس ایک گرین۔ زنک سلفائڈ 1/8 گرین۔ ایکسٹرکٹ ڈامیانہ ایک گرین۔ سٹرکنیا 1/16 گرین۔ ایسڈ آرنز دو گرین۔ گیلک ایسڈ 1/200 گرین۔ آرگوٹین 1/4 گرین۔ پل رہائی کو 1/3 تین گرین کا اجزاء ملا کر چار گرین ٹیبلٹ تیار ہوتی ہے اس کا اصل رنگ سیاہ ہے اور اس پر کھانڈ چڑھائی جاتی ہے۔

ترکیب استعمال : صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

فوائد : ممسک مبہی اور مغلظ ہونے کے علاوہ طاقت کا طوفان پیدا کرتی ہے۔

سحریون

قوت باہ کے لئے یہ گولیاں نہایت مفید ہیں نوجوانی کی غلط کاریوں سے پیدا شدہ خرابی کو دور کر کے اور اعضائے رئیسہ کو قوت دے کر کمزوری کی مخفی شکائیتوں کو دور کرتی ہیں۔ مردمی کمزوری کے علاوہ مباشرت کے بعد ان کا استعمال ہر قسم کی کمزوری کو فوری بحال کرتی ہیں۔ غرض یہ کہ اعصابی امراض کے لئے اکسیر ہے۔ لقوہ۔ فالج۔ وجع المفاصل ضعف معدہ دائمی قبض اور قلت تولید خون کے لئے نہایت مفید ہیں ان کے استعمال سے اعصابی اوجاع (پٹھوں کی وردیں) بھی دور ہو جاتی ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کچلہ مدبر پانچ تولہ۔ زعفران کشمیری ایک تولہ۔ دار چینی دو تولہ۔ جاوتری چار تولہ۔ سورنجان شیریں چھ تولہ۔ زنجبیل بیس تولہ۔ الائچی کلاں

پانچ تولہ۔ آب پان یا آب ادرک کے ساتھ کھرل کر کے حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح ایک شام بعد از غذا کھلائیں۔

اخراجی

مسلمہ ہے کہ قبض تمام بیماریوں کی جڑ ہے۔ دماغی محنت کرنے والوں کو خصوصاً اور آرام طلبوں کو عموماً قبض کی بیماری رہتی ہے مسہلہ ادویہ کا متواتر استعمال جگر۔ معدہ آنت کا ستیاناس کر دیا ہے یہ گولیاں تمام حالات کو مدنظر رکھ کر تیار کرائی ہیں اور بغیر مروڑ یا پیچش کی تکلیف کے بآسانی کھل کر اجابت ہو جاتی ہے اور طبیعت صاف بدن ہلکا پھلکا ہو جاتا ہے لطف یہ کہ ایک ہی خوراک سے دو تین پاخانے ہو جاتے ہیں۔ بہت بہتر اور بے ضرر ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت ہلیلہ زرد تین ماشہ۔ سنا مکی ایک تولہ۔ گل سرخ ڈیڑھ تولہ۔ ملٹھی دو تولہ۔ بادیان دو تولہ۔ زنجبیل چھ ماشہ۔ گندھک خوردنی ایک تولہ۔ الائچی کلاں نو ماشہ۔ سورنجاں شیریں دو تولہ۔ قند سفید نیم پاؤ۔ تمام ادویہ کو باریک پیس کر ملالیں۔

ترکیب استعمال : چھ ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ دودھ رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔

چراغ چشم

آنکھیں بڑی نعمت ہیں آنکھوں کی قدر انسان کو اس وقت ہوتی ہے جب کسی قسم کی تکلیف پیدا ہوتی ہے جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ تھوڑی سی عمر میں کمزوری بصارت کی شکایت لاحق ہو جاتی ہے یہاں تک کہ عینک کے خوگر ہو جاتے ہیں یہ سرمہ ہم خاص طور پر بیش قیمت اجزاء سے تیار کیا ہے جو تمام امراض چشم میں نہایت مفید ثابت ہوا ہے بینائی کو طاقت بخشتا ہے نیز جالا۔ پھولا۔ ناخونہ۔ خارش۔ دھند۔ نزول الما وغیرہ

شکایتوں کو رفع کرتا ہے اور خاص طور پر آنکھوں کو قوت بخشا ہے جو آپ کو ہزاروں رسالوں اور سینکڑوں مجربات کی کتب کی ورق گردانی سے بھی نہ مل سکے ۔ لیجئے ایسا سربستہ راز جو ایک خاندان میں پشتوں سے سینہ بسینہ پوشیدہ چلا آرہا تھا اور میں نے جس محنت سے حاصل کیا ہے مجھ کو ہی معلوم ہے آنکھوں کی جملہ امراض کا شافی اور حکمی علاج ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ہڑتال گاؤدنتی اڑھائی تولہ۔ شورہ قلمی تین ماشہ۔ زنجبیل ڈیڑھ ماشہ۔ نمک شیشہ تین ماشہ۔ تمام اشیاء کو ایک پاؤ آب کھٹکل بوٹی میں کھرل کریں حتیٰ کہ سرمہ کی مانند باریک وخشک ہو جائے شیشی میں محفوظ رکھیں اور حسب دستور استعمال میں لائیں۔

ترکیب استعمال : دو دو سلائیاں سوتے وقت آنکھوں میں لگایا کریں۔

نشاط افزاء

یہ ایسی دوا ہے جو مردانہ قوت کو برانگیختہ کرنے کے علاوہ خاص طور پر امساک میں اضافہ کرتی ہے یہ صرف آپ حضرات کی خاطر ایسے ایسے راز ہائے مخفیہ افشا کئے جا رہے ہیں جنہیں سینکڑوں روپیہ قیمت پر بھی کوئی ہرگز بتانے کو تیار نہیں۔ لیجئے میرا تجربہ شدہ خاص الخاص نسخہ خاضر ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : افیون خالص تین ماشہ۔ تخم دھتورہ ڈھائی تولہ۔ تخم بھنگ ایک تولہ۔ برگ بھنگ پانچ تولہ۔ مالکنگنی ایک تولہ۔ قرنفل ایک تولہ۔ شہد خالص ایک تولہ۔ برگ بھنگ کو دس تولہ۔ پانی میں ڈال کر آگ پر جوش دیں جب نصف پانی رہ جائے اتار کر چھان لیں اور ادویہ باریک کر کے شامل کریں اور حبوب بقدر نخود تیار کریں۔ ''نشاط افزاء''۔ تیار ہے بوقت ضرورت استعمال فرمائیں بے حد ممسک اور مقوی ہے۔

ترکیب استعمال : ایک گولی ہمراہ دودھ ایک گھنٹہ وقت سے پہلے کھائیں۔

نزلین

دائمی نزلہ کی بیخ کنی کرنے والی اکسیر ہے نزلہ۔ زکام خواہ کتنا ہی مزمن کیوں نہ ہو اس سے حکمی طور پر ہمیشہ کے لئے نجات دلانے والا مجرب نسخہ ہے میں نے بے شمار مریضوں پر تجربہ کیا ہے ہر حالت میں کامیاب و اکسیر ثابت ہوا تیار کر کے فائدہ اٹھائیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : زنجبیل۔ رسونت مصفی۔ قند کہنہ ہر ایک چھ ماشہ۔ افیون دو رتی۔ روغن زرد دس تولہ۔ پہلی تین اشیاء کو کھرل کر کے ٹکیہ بنا لیں پھر روغن زرد ایک کٹوری میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ اور روغن کے اوپر افیون ڈال کر اوپر ٹکیہ مذکور ڈال دیں۔ جب ٹکیہ جل کر سیاہ ہو جائے اتار کر چھان لیں بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال : مریض نزلہ۔ زکام۔ کو دوپہر کے وقت ایک ایک بوند ناک میں ڈال دیں۔ فوری اثر دکھاتا ہے۔

فوائد : نزلہ کو جڑ سے اکھاڑ کر چار روز میں خدا کے فضل سے مریض کو تندرست کر دیتا ہے۔

اکسیری آئیل

ناظرین کرام آپ کی خدمت میں ایسے نسخہ جات پیش کرنے کا فخر حاصل کر رہا ہوں جو حقیقی طور پر مجربات کہلانے کے مستحق ہیں۔ جو میں نے صرف طبی برادری کی خاطر صاحب نسخہ سے بڑی کوشش سے حاصل کئے اور تیار کرا کر اپنے زیر علاج مرضا پر استعمال کرایا بے حد مفید پایا۔

اجزاء و ترکیب ساخت : برگ نیم۔ برگ چرائتہ۔ برگ بکائن۔ رتن جوت۔ برگ مدار۔ ہر ایک ایک تولہ۔ کوڑی زرد سوختہ۔ کاربالک ایسڈ ہر ایک تین ماشہ یوکلپٹس آئیل۔ روغن تارپین ہر ایک ایک تولہ۔ رس کپور دو تولہ۔ کافور ڈیڑھ ماشہ۔ بورک ایسڈ۔ ایڈوفارم ہر ایک تین ماشہ۔ روغن سرسوں ایک پاؤ۔ پہلی پانچ ادویہ کو

قدرے پانی کی مدد سے اگر برگ تازہ ہوں تو پانی کی ضرورت نہیں گھوٹ کر ٹکیہ بنالیں اور روغن سرسوں میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں جب ٹکیہ مذکور جل کر کوئلہ ہو جائے آگ سے اتار کر تیل چھان لیں اور بقیہ دوائیں اس میں شامل کر کے حل کر لیں اکسیری آئیل تیار ہے حسب دستور استعمال کریں۔

فوائد : ہر قسم کے پھوڑے۔ پھنسیاں۔ خارش۔ کان کے زخم۔ آتشک کے زخم۔ سوزاک کی جلن۔ زہریلے جانور کے کاٹے کے لئے فوری اثر پیدا کرنے والا ایک عجیب الاثر تحفہ ہے۔

ذکاوتین

ایک بھروسہ کا مجرب نسخہ ہے جو ذکاوت حس۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال۔ رقت کا قلع قمع کرنے میں اپنی نظیر آپ ہے۔ برسوں کا پرانا جریان احتلام دنوں حکمی طور پر دور کر دیتا ہے مجلوتوں کے عوارضات کے لئے یقینی اکسیر ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : برگ ببول۔ طباشیر کبود۔ دانہ الائچی خورد۔ کونار۔ ریش برگد خشک شدہ۔ تخم نیلوفر۔ بیج بند۔ تخم سریالہ۔ اجوائن خراسانی۔ پوٹاشیم برومائیڈ تمام اجزاء ہم وزن لے کر نہایت باریک سفوف کر لیں۔

فوائد : جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ رقت کے لئے از حد مفید ہے ہزاروں مریض اس کے استعمال سے صحت یاب ہو گئے ہیں۔ آزما کر فائدہ اٹھائیں۔

ترکیب استعمال : تین ماشہ صبح تین ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ یا شربت خشخاش دیں۔ دو ہفتہ تک ضرور استعمال کریں۔

اکسیری پاؤڈر

آپ نے کئی سفوف پھوڑے پھنسیوں اور گندھے زخموں کے لئے تیار کئے ہوں گے لیکن آج ہم بھی اپنی برادری کے سامنے بخل کو بالائے طاق رکھ کر ایک عجیب تحفہ ہے۔

جو پیش کر رہے ہیں۔ جو سینہ میں مدت سے محفوظ تھا اس لئے آپ بھی اسے تیار کر کے اپنے دواخانہ میں رکھیں۔ وہ گوہر بے بہا یہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : رسونت چھ ماشہ۔ برگ بھنگ خشک۔ برگ نیم خشک۔ برگ بانسہ خشک۔ سندھور کتھ سفید۔ طوطیا سبز ہر ایک ایک تولہ۔ ایڈو فارم تین ماشہ۔ سب کو کھرل کر کے باریک پاؤڈر بنالیں۔

فوائد : ہر قسم کے پھوڑے پھنسیوں اور زخموں کو میں دور کر دیتا ہے۔

ترکیب استعمال: بقدر ضرورت بطور دھوڑا استعمال کریں۔ گندے سے گندے زخم درست ہو کر مندمل ہو جاتے ہیں۔

کشتہ ناقوس

اجزاء و ترکیب ساخت : ناقوس کو شیر گاؤ میں اکیس بار بجھاؤ دیں۔ اور ہر ایک دفعہ شیر گاؤ بدل دیا کریں۔ انشاء اللہ اکیس بجھاؤ میں پینے کے قابل ہو جائے گا پھر گھیکوار کے رس میں کھرل کر کے چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا کر دو سکوروں میں بند کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اگر سفید ہو جائے تو بہتر ورنہ دوبارہ گھیکوار کے رس میں کھرل کر کے ایک اور آنچ دیں۔ تاکہ سفید ہو جائے تیار ہے۔

فوائد : سل۔ دق۔ پرانی کھانسی اور پھیپھڑے کے زخم کو آرام دے کر مریض کو تندرست اور توانا بناتا ہے۔

ترکیب استعمال : خوراک ایک رتی صبح و شام ہمراہ شربت بنفشہ اور شربت اعجاز یا خمیرہ خشخاش یا بدرقہ مناسبہ استعمال کریں۔

پیغام شباب

ایک بے مثل و بے نظیر نسخہ ہے جریان۔ احتلام۔ رقت منی۔ سرعت انزال اور کمی باہ کے تمام عوارضات کے لئے دواخانہ کا بہترین تحفہ ہے جس کے مجموعی اوصاف کے مقابلہ

آج تک کوئی اکسیری دوا پیش نہیں کی جا سکی۔ یہ گولیاں ہر حالت میں مفید و پرتاثیر ہیں۔ ان کے استعمال سے قبض نہیں ہوتی احتلام کی کثرت کو پوری کامیابی سے روک دیتی ہے رقیق اور ناقص القوام منی کی مکمل اصلاح کر کے اس کی قوت مولدہ کو بڑھاتی ہیں۔ لطف یہ ہے کہ قبض کا نام ونشان نہیں رہتا۔ بلکہ معدہ اور قوائے ہاضمہ طاقتور ہو جاتے ہیں غذا ہضم ہو کر خون وافر اور شفاف پیدا ہوتا ہے چہرہ پر صحت و شباب کی تازگی آجاتی ہے گردہ کے عوارض دور ہو کر درد کمر۔ مثانہ کی گرمی اور اعصاب کی کمزوری کا ازالہ ہو جاتا ہے ذکاوت حس زائل ہو جاتی ہے دماغ بینائی اور قوت حافظہ کو بے حد تقویت اور بصیرت حاصل ہو جاتی ہے طبیعت کی سستی بے چینی اور مایوسی وغیرہ دور ہو کر عالی حوصلگی تحمل اور شہ زوری پیدا ہوتی ہے مجلوق کے لئے بہترین دوا ہے جو بارہا کے تجربہ وتصدیق سے بے خطا اور اکسیر ثابت ہو چکی ہیں۔ اگر ضرورت پیش آئے تو یہ اکسیری دوا پیغام شفاء کمزوری کی تمام حالتوں کے لئے نہایت مفید ثابت ہو گی۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ سہ دھاتہ ایک رتی۔ فرائی سلفاس ایک رتی ایکسٹریکٹ بیلا ڈونا 1/8 رتی۔ افیون 1/4 رتی۔ ایکسٹرکٹ نکس وامیکا 1/8 رتی۔ ایکسٹرکٹ کینے بس انڈیکا (بھنگ کا رب) 1/8 رتی۔ ایکسٹریکٹ شرا مونیم (رب دھتورہ) 1/16 رتی۔ جوہر کچلہ (سٹرکنین) 1/16 رتی۔ یہ تمام ادویہ آپس میں ملالیں یہ ایک گولی کا وزن ہے جس قدر طاقت ہو بنالیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی بوقت صبح اور ایک شب ہمراہ دودھ بعد از غذا استعمال کریں۔ قدرت خدا کا ملاحظہ کریں۔

فوائد : ممسی۔ مغلظ منی۔ محرک و مہیج باہ۔ دافع احتلام و جریان و مقوی اعصاب و آلات بول۔ مباشرتی لذت کے لئے بے نظیر ہے۔

کشتہ ہڑتال (تپ شکن)

اجزاء و ترکیب ساخت : ہڑتال ورقیہ ایک تولہ کو تین ہفتہ آب چرچٹہ میں تر

رکھیں جب پانی کم ہو اور ڈالیں پھر پانچ تولہ برگ کھٹکل کا نغدہ بنا کر ہڑتال کو اس کے درمیان رکھ کر پیٹھ برنگ سبز پانچ سیر وزنی میں سوراخ کر کے نغدہ ہڑتال سمیت اس میں رکھ دیں۔ اوپر ٹا کی کی سات بار گل حکمت کر کے خشک کر لیں اور محفوظ الہوا مقام پر پچیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہو گا پیس کر محفوظ رکھیں تعریف کے قابل ہے۔

فوائد : دافع بخار۔ جراثیم کش۔ محلل۔ منقی اور بدل ہے حسب موقعہ اور مناسبہ بدرقہ کے ساتھ سل و دق کے ہر درجہ میں مفید ہے۔

ترکیب استعمال : ایک رتی سے دو رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسبہ دیں۔

کشتہ نقرہ

جملہ امراض مخصوصہ مرداں کے لئے خصوصیت سے ایک نایاب تحفہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : برادہ نقرہ مصفی یا مصفی نقرہ کے اوراق پانچ تولہ عرق بہو پھلی دو سیر سیماب مصفی پندرہ تولہ۔ کوزہ گلی بمعہ سرپوش ایک عدد۔ اوپلہ۔ صحرائی اٹھائیس سیر۔ بہو پھلی بہت ہی مشہور و معروف بوٹی ہے اور موسم برسات میں عام پیدا ہوتی ہے پانچ تولہ سیماب اور تمام برادہ نقرہ اوراق کو صاف اور نہ گھنسے والے کو کھرل میں ڈال کر عرق برگ بہو پھلی سے کھرل کریں حتیٰ کہ آدھ سیر عرق ختم ہو جائے اب حسب دستور چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے خشک کریں اور سر شام سات سیر اوپلہ صحرائی کی آنچ محفوظ الہوا جگہ میں دے دیں۔ صبح آگ سرد ہونے پر کوزہ احتیاط سے کھول کر کشتہ نکال لیں اور پہلے کی طرح کھرل میں ڈال کر پانچ تولہ سیماب ملا کر آدھ سیر عرق میں کھرل کر کے حسب دستور سات سیر اوپلوں کی آنچ دیں اسی طرح سے تیسری آنچ باقی پانچ تولہ سیماب ملا کر آدھ سیر عرق برگ بہو پھلی میں کھرل کر دیں۔ چوتھی آنچ سیماب ملائے بغیر صرف عرق برگ بہو پھلی آدھ سیر میں کھرل کر کے دے دی جائے گی پس نہایت قابل قدر کشتہ نقرہ تیار ہے۔

ترکیب استعمال : ایک چاول سے چار چاول تک مکھن دو تولہ یا ملائی چار تولہ

جریان احتلام و سرعت کے لئے مرکب یا سفوف بہو پھلی چار ماشہ میں ملا کر صبح شام کھلائیں۔

فوائد : جریان۔ احتلام۔ سرعت و انزال کو دور کرنے کے لئے خصوصیت سے موثر ہے۔

کشتہ فولاد

جسم میں با افراط خون پیدا کر کے چہرے کو گلاب کے پھول کی طرح چمکا تا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : برادہ فولاد جوہر دار مصفی پانچ تولہ شیر مدار حسب ضرورت۔ شیر زقوم حسب ضرورت۔ لعاب گھیکوار حسب ضرورت۔ اوپلہ صحرائی تیں سیر۔ کوزہ گلی معہ سر پوش تین عدد۔ روئی ملی مٹی حسب ضرورت۔ لوہے کی کڑاہی اور لوہے کا موصل برادہ فولاد کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر لوہے کی موصل سے خوب زوردار ہاھتوں سے رگڑتے اور شیر مدار ملاتے جائیں سارا دن بلا توقف کھرل کرنے کے بعد شام کو ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں گل حکمت کریں۔ اور محفوظ الہوا جگہ میں دو سیر اوپلہ صحرائی کی آگ دیں۔ اسی طرح سے چار آنچیں ہر بار نئے کوزہ گلی میں رکھ دیں اب فولاد کو مذکورہ طریقہ سے شیر زقوم میں کھرل کر کے چار آنچیں اور پوری کریں پھر اسی طرح سے چار آنچیں گھیکوار میں متذکرہ بالا طریقہ سے کھرل کر کے دو سیر اوپلوں کی آگ دیں کوزہ ہر بار نیا ہونا چاہئے اسی طرح سے چار آنچیں اور دیں پس فولاد تیار ہے۔

فوائد : فولاد کا یہ ایک نہایت لطیف اور اعلیٰ درجہ کا مقوی کشتہ ہے جس کے پورے جوہر استعمال کے بعد ہی کھلتے ہیں آلات انہضام کے ضعف کو دور کر کے معدے کو حیرت انگیز قوت بخشتا ہے مقوی غذائیں جزو بدن کر کے جسم طاقت و توانائی پیدا کرتا ہے جگر کے فعل کو درست کر کے بدن میں سیروں تازہ خون کی افرائش کا باعث ہوتا ہے جس سے خزاں رسیدہ پتی کی طرح مرجھایا ہوا چہرہ بھی تازہ کھلے ہوئے گلاب کی مانند شگفتہ و شاداب ہو جاتا ہے سرخ و صالح خون بکثرت پیدا ہوتا ہے ضعف و توانائی کے باعث

جھریاں پڑا جسم گوشت سے پر ہو کر ثمر قندی سیب کی طرح ہو جاتا ہے قوت باہ میں تحریک و ہیجان پیدا کرتا ہے خون کی کمی جگر کی کمزوری اور ضعف جسمانی سے جن لوگوں کو ضعف باہ ہو گیا ہو اس کے چند روز کے استعمال سے جسم میں طاقت کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ابھر آتا ہے جسم میں غضب کی طوفانی طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔

ترکیب استعمال: اس پندرہ آتشہ کشتہ فولاد کی مقدار خوراک دو چاول سے لے کر ایک رتی تک ہے جوارش جالینوس پانچ ماشہ میں رکھ کر استعمال کریں تو آلات انہضام کو قوت دیتا ہے اگر دو تولہ مکھن میں استعمال کریں تو عام طاقت و توانائی افزائش خون کے علاوہ قوت باہ غضب کی بڑھاتا ہے۔

کف سول

یہ وہ تجارتی نسخہ ہے جس کو اس وقت کئی ایک تجارتی کمپنیاں اور دواخانے مختلف ناموں سے فروخت کر رہے ہیں جس کا نسخہ میں آج ہدیہ ناظرین کرام کر رہا ہوں امید ہے کہ آپ بھی اسے تیار کر کے استفادہ حاصل کریں گے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: ست ملٹھی ولائتی دو تولہ۔ مٹھا تیلیہ مدبر گیارہ ماشہ۔ زنجفر رومی ایک تولہ۔ آرد پوست ریٹھا ایک تولہ۔ صمغ عربی دو تولہ۔ فلفل اسود۔ سہاگہ ہر ایک ایک تولہ۔ جملہ ادویہ کو باریک پیس کر آب ادرک بیس تولہ کے ہمراہ کھرل کر کے حب بمقدار دانہ موٹھ تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح اور ایک شام بعد از غذا ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: ہر قسم کی کھانسی کے لئے ایک بہترین اور زود اثر دوائی ہے جس کی پہلی ہی خوراک اپنی سحر کاری دکھاتی ہے آپ اس بہترین دوائی سے ہر قسم کی کھانسی نزلہ و زکام کے علاوہ بخاروں اور بچوں کی کھانسی کا ایک کامیاب علاج کر سکیں گے پرانی کھانسی جو کسی دوائی سے نہ جاتی ہو اس کے چند یوم کے استعمال سے جاتی رہے گی۔ الغرض یہ ایک قابل قدر دوا ہے جس سے ہر قسم کی کھانسی کے علاوہ اکثر قسم کے بخار نزلہ زکام دائمی

بھی کافور ہو جائیں گے۔ آپ اس بہترین نسخہ کو ضرور بنا کر دیکھئے۔۔۔۔۔ گوہر لٹا رہا ہوں چند کوڑیوں کے مول۔

مرہم مسیحائی

جو ہر قسم کے زخموں۔ پھوڑے۔ پھنسیوں حتیٰ کہ ناسور گھمبیر وغیرہ کو بھی چند یوم میں بفضل ایزدی اچھا کرتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : رال سفید۔ موم۔ مردار سنگ ہر ایک ایک تولہ۔ طوطیا بریان چھ ماشہ۔ روغن کنجد پانچ تولہ۔ مشک کافور تین ماشہ۔ کتھ تین ماشہ۔ روغن کاربالک ایسڈ تیس قطرے۔ روغن چنبیلی تین تولہ۔ رال۔ مردار سنگ۔ طوطیا اور کتھ وغیرہ کو باریک پیس لیں پھر روغن کنجد میں اور روغن چنبیلی میں موم کو پگھلائیں بعد رال پسی ہوئی ملا کر نرم کر لیں پھر ان پسی ہوئی دواؤں کو ملا کر پتیل کی تھالی میں ڈال کر ایک سو مرتبہ پانی سے دھو لیں اب مشک کافور غن کاربالک ایسڈ میں باریک کر کے باہم ملا لیں مرہم مسیحائی تیار ہے۔

فوائد : گندے زخموں۔ پھوڑے۔ پھنسی۔ ناسور۔ گھمبیر کو حد سے زیادہ فائدہ دیتی ہے۔

ترکیب استعمال : بطور مرہم کپڑے پر لگا کر زخم پر لگائیں اور اگر پھوڑے کو پھاڑنا مقصود ہو تو گاڑھا لیپ کر دیں۔ ورنہ مندمل کرنے کی صورت میں پتلا لیپ کریں۔

سلاجیت سیرپ

یہ شربت کئی ایک کمپنیوں کا راز ہے۔ جو ہزار ہا روپے کما رہی ہیں۔ یہ صرف تجارتی راز ہی نہیں بلکہ طبی دنیا میں ایک تہلکہ مچا دینے والا عجیب الاثر کامیاب نسخہ ہے اس کے موجد کا دعوٰی ہے کہ اس سے بڑھ کر خون پیدا کرنے والی کوئی دوا ایجاد نہیں ہوئی اس

کے استعمال سے خون کافی مقدار میں پیدا ہو کر رنگ مثل انار سرخ ہو جاتا ہے مقوی اعصاب اعلیٰ درجہ کی ہے۔ الغرض یہ ایک سینہ کا راز تھا جو پیش خدمت ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سلاجیت مصفی آٹھ تولہ۔ کیسر دو تولہ۔ عرق گاؤ زبان عمدہ دو بوتل۔ فرائی ایٹ کونین سائٹراس یا فرائی ایٹ ایمونیا سائیٹراس پانچ تولہ۔ ست کاسنی ولائیتی (ایکسٹریکٹ ٹراکساسائی) دو تولہ۔ قند سفید دو سیر۔ پہلے سلاجیت اور کیسر کو عرق گاؤ زبان میں حل کر لیں پھر قند سفید شامل کر کے شربت کا قوام بنائیں اس کے بعد فرائی ایٹ کونین سائٹراس اور ست کاسنی حل کر کے شامل قوام کر لیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال : ایک تولہ صبح ہر روز چار تولہ پانی میں ملا کر استعمال کریں بعد میں دودھ گائے آدھ سیر تازہ جوشیدہ مصری ملا کر پیا کریں۔ دودھ بکثرت استعمال کریں۔

فوائد : ضعف جگر۔ ضعف معدہ۔ کمی خون۔ بھس۔ بخار مزمن۔ خرابی جگر کو دور کرتا ہے علاوہ ازیں مقوی باہ۔ مولد خون۔ مولد منی و مغلظ منی اور محمر لون بھی ہے گرم۔ ترش۔ تیل والی اشیاء سے پرہیز چاہیئے۔

برہمی سیرپ

یہ بھی ایک قابل قدر نسخہ ہے جسے عام دواخانے اور عطائی ڈاکٹر وغیرہ تیار کر کے فروخت کر رہے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : برہمی خشک کردہ درسایہ بیس تولہ۔ مغز بادام شیریں مقشر بیس تولہ۔ فلفل سیاہ چار تولہ ان سب چیزوں کو سردائی کی مانند رگڑ کر چھان لیں ازاں بعد تین پاؤ قند سفید ملا کر شربت تیار کریں۔

ترکیب استعمال : نصف چھٹانک سے چار تولہ تک پانی میں ملا کر استعمال کریں۔ نیز اس شربت کو موسم گرما میں استعمال کرنا چاہیئے۔

فوائد : گرمیوں کے دنوں میں پیاس کو تسکین دیتا ہے مرگی اور جنون کو رفع کرتا ہے

گرمی کے بخاروں کو بھی نافع ہے دل و دماغ کو خاص طور پر طاقت دیتا ہے جریان اور احتلام کو بھی دور کرتا ہے مصفی خون اعلیٰ درجہ کا ہے۔ سرعت۔ رقت اور بواسیر کو بھی نافع ہے القصہ جگر اور مثانہ کی گرمی کو دور کر کے امساک طبعی پیدا کرتا ہے، جو مفرح دل و دماغ ہونے کے علاوہ مقوی دماغ بھی ہے آواز صاف کر کے سریلی بنا دیتا ہے۔

دوائے حملانی یا محافظ حمل

جن مستورات کا حمل ساقط ہو جاتا ہے یا بچہ ام الصبیان کا شکار ہو جاتا ہے یا انہیں اٹھرا کی بیماری ہو۔ ان کے لئے یہ دوا نہایت مفید ہے جو نہایت قیمتی اجزاء سے تیار کی جاتی ہے اس دوائی کا استعمال حمل کے تیسرے مہینے سے شروع کر دینا چاہئے۔ انشاء اللہ بچہ صحیح اور تندرست پیدا ہوگا اور ہر قسم کے امراض سے محفوظ رہے گا۔

اجزاء و ترکیب ساخت: برادہ ہاتھی دانت۔ سپاری کاٹھی یعنی چھالیہ۔ شاخ گوزن سوختہ۔ گلنار۔ ابریشم مقرض۔ موتی سچے آن بدھے۔ (مروارید ناسفتہ) ہر ایک دو ماشہ۔ مرجان سوختہ۔ گل سرخ۔ کشنیز خشک۔ عود ہندی۔ مصطگی۔ زرنباد۔ کباب چینی ہر ایک چار ماشہ۔ کافور ایک ماشہ۔ شہد خالص پاؤ خام۔ آملہ بنارسی ایک عدد۔ مربہ ہلیلہ دو تولہ۔ سب کو باریک پیس کر شہد میں ملا کر محفوظ رکھیں۔

نوٹ:۔ مصری ڈالیں شہد حاملہ کو مضر ہے۔

فوائد: ڈھائی ماہ سے پانچ ماہ تک کے گرتے ہوئے حمل کو روکتا ہے۔

ترکیب استعمال: خوراک ایک وقت صبح چار ماشہ کھائے۔

قوت

جس کا استعمال بالکل ہی مردہ ناکارہ عضو میں نہ صرف ناقابل برداشت خیزش پیدا کرتا ہے بلکہ اتنے غضب کی سختی و تیزی پیدا کر دیتا ہے جس کو لکھنے کی تہذیب اجازت نہیں دیتی۔ یہ قوت باہ کو انتہا تک بڑھاتا ہے اور طاقت مردمی کی حفاظت کرتا ہے بھوک خوب

لگا کر دودھ گھی خوب ہضم کرتا ہے بدن کو مضبوط و خوبصورت اور چہرہ کی رنگت کو خوشنما بنا دیتا ہے دل و دماغ۔ معدہ۔ جگر کو تقویت پہنچا کر بدن میں چستی و چالاکی پیدا کر کے نامردوں اور بوڑھوں کو قابل اولاد بناتا ہے۔ بالوں کو سیاہ رکھتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ فولاد شنگرفی ایک تولہ۔ کشتہ شنگرف چھ ماشہ۔ عنبر چار ماشہ۔ شاہ دیمک چھ عدد۔ مشک چار ماشہ۔ خراطین سرخ مصفی خشک پانچ تولہ۔ بیر بہوٹی تین ماشہ۔ ریگماہی دو تولہ۔ ثعلب مصری ایک تولہ۔ جائفل۔ جاوتری۔ قرنفل۔ عقرقرحا ہر ایک چھ ماشہ سب کو باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : خوراک چار رتی سے ایک ماشہ تک مکھن یا بالائی میں رکھ کر کھائیں۔

فوائد : تقویت باہ۔ تولید منی۔ امساک اور شدت نعوذ اس قدر کہ الامان اگر کوئی صاحب ایک دفعہ استعمال کر لے تو دوبارہ اس کی ہوس باقی رہ جائے۔ ایسے گوہر گرانمایہ بہت کم میسر آتے ہیں۔

سر سبز

مرض سوکڑا یا دق الاطفال جسے عوام اٹھرا بولتے ہیں جس کی علامات سبز اسہال یا درد پسلی۔ تپ لازم۔ ام الصبیان۔ منہ کا آنا وغیرہ ہوں کلیہ صحت ہوتی ہے یہ نسخہ صدری خاندانی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ صدف مروارید زہر مہرہ خطائی۔ سنگ یہود۔ نارجیل صحرائی سوہان کردہ۔ طباشیر۔ الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ۔ جملہ ادویات کو ایک روز عرق سونف سے کھرل کریں اور حب بقدر نخود تیار کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح ایک شام کو ہمراہ شیر گاؤ نر بچہ والی دیں۔

فوائد : اٹھرا۔ تپ لازم۔ درد پسلی۔ منہ کا آنا۔ ام الصبیان۔ سبز اسہال وغیرہ اس کے استعمال سے ان تمام مرضوں کا قلع قمع ہو جاتا ہے اور بچہ سرسبز اور شاداب پھول کی مانند

نظر آنے لگتا ہے۔

مثلث نقرئی

یہ قوت مردمی کی وہ بے نظیر گولیاں ہیں جن کی پاک و ہند میں یکساں دھوم مچی ہے ان گولیوں سے بڑے بڑے مایوس العلاج مریض بھی صحت یاب ہو رہے ہیں یہ کھوئی ہوئی طاقت کو واپس لانے اور بچپن کی خرابیوں کو دور کرنے میں اکسیر ثابت ہو چکی ہیں اور لطف یہ کہ دوا حلق سے اترتے ہی اپنا اثر دکھاتی ہے اس قدر قوت افزاء مقوی باہ مرکب ہے کہ بسا اوقات اس سے پیدا شدہ قوت کا سنبھالنا مشکل ہو جاتا ہے اعضائے رئیسہ جگر دل و دماغ اور گردوں کے فعل کو قوی کرتی اور مضبوط بناتی ہے فی زمانہ جبکہ طاقتیں روبہ تنزل ہوں ایسی مقوی دواؤں کا استعمال نہایت ضروری ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : شنگرف مدبر۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ چاندی ہر ایک ایک تولہ۔ افیون تین ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ۔ جند بیدستر چار ماشہ۔ ریگماہی چھ ماشہ۔ مغز نر کنجشک تین ماشہ۔ ست فولاد تین ماشہ۔ ورق طلاء دس عدد۔ یاقوت رمانی مسحوقہ بروح کیوڑہ و گلاب۔ مروارید مسحوقہ ماشہ۔ یاقوت ماشہ۔ فاسفورس پانچ گرین۔ سقنقور نو ماشہ۔ ماہی روبیان تین ماشہ۔ مشک اصلی ایک ماشہ۔ عنبر اشہب تین رتی۔ شہد میں حبوب مثلث بقدر دانہ مونگ بنائیں۔

ترکیب استعمال : دو دو حب صبح و شام باشیر گاؤ پختہ۔

فوائد : جریان۔ سرعت انزال۔ مجلوق کو بمنزلہ اکسیر ہے باہ کو از حد تیز کرتی ہے۔

حبوب اکسیر باہ

یہ گولیاں ان شوقین مزاج منچلوں کے لئے ہیں جو وقت سے پہلے ایک دم خارج ہونے والی سرعت انزال کی شکایت کرنے والوں کے لئے ایک نادر و نایاب تحفہ ہے کمزور تندرست مردوں کو موقعہ کی ضرورت کے لئے اس کا استعمال شرمساری سے ہی نہیں بچاتا

بلکہ وصال کے لطف و محبت کو زیادہ کرتا ہے ان گولیوں کی تعریف کرنا غیر مناسب ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ورق نقرہ چالیس عدد۔ ورق طلاء بیس عدد۔ مشک خالص چار رتی۔ زعفران۔ مومیائی اصلی ہر ایک چھ ماشہ۔ جائفل۔ لونگ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ کوکنار تین تولہ۔ تمام ادویہ کو پیس کر گولیاں بقدر نخود تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ دودھ۔

فوائد : سرعت۔ رقت وغیرہ کے لئے از حد مفید ہے۔

مرہم سیاہ

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ تیل سرسوں پانچ تولہ۔ سیندور دو تولہ۔ توتیا چار رتی۔ تیل میں سیندور و ڈال کر نرم نرم آگ پر پکاؤ جب قدرے گاڑھا ہو جائے تو نیلا تھوتھا پیس کر ملا دو اور نیچے اتار لو۔

ترکیب استعمال : کپڑے پر حسب ضرورت لگا کر پھوڑے پر لگاؤ۔

فوائد : ہر قسم کے گندے زخموں۔ پھوڑے۔ پھنسیوں۔ ناسور۔ خنازیر میں مفید ہے جب تک آپ نہ اترے نہ اتارو۔

انٹی فیور دیسی

اکثر دیکھا جاتا ہے کہ اکثر اوقات ڈاکٹر صاحبان تپ میں انٹی فیور دیتے ہیں تو مریض کو پسینہ آ کر تپ علیحدہ ہو جاتا ہے لیکن پھر جلد ہی آن موجود ہوتا ہے اس سے ثابت ہے کہ وہ تپ پسینہ لانے سے جانے والا نہ ہو گا اسی واسطے اطبا دیسی جو تپ پسینہ آ جانے سے جانے والا ہو۔ اسی میں پسینہ لاتے ہیں پس ایسے تپ میں خاکسار کا خاص تجربہ ہے کہ اگر انٹی فیور دیسی جوشاندہ گاؤ زبان سے استعمال کیا جائے تو بفضل شافی فی الفور پسینہ آ کر تپ ایسا دور ہوتا ہے کہ پھر تپ نہیں آتا پسینہ لانے کے لئے جوشاندہ گاؤ زبان یا مرکب کو خاص اہمیت ہے اس کے علاوہ تمام بلغمی و دموی حمیات مرکبہ مزمنہ لثقہ

مسلولیہ۔ نزلیہ۔ خصوصاً جسم کے کسی اعضاء یا حصہ سے خون بہہ رہا ہو مثلاً استحاضہ۔ نفاس۔ کثرت طمث۔ رعاف۔ بواسیر۔ بول الدم۔ سوزاک۔ مزمنہ۔ جریان۔ سیلان۔ رطوبت نسواں و مرداں اور تولید۔ تغلیظ۔ سرعت انزال۔ تقویت باہ امساک۔ انعاظ۔ اوجاعات۔ اسہالات دمویہ زحیریہ اور لشہ دامیہ کھانے مالش اور ذرور کرنے میں عظیم الخواص بمنزلہ تریاق ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : گودنتی ہڑتال ایک قطعہ تولہ۔ بھر دے کر بھکل بوٹی کے پانے میں تین دن ڈوبنا رہنے دیں۔ پھر اسی برتن میں گل حکمت کر کے آگ دے کر کشتہ کر لیں۔

ترکیب استعمال : ایک تا دورتی ہمراہ مسکہ یا پتاشہ میں کھائیں خونی امراض میں عصاہ برگ بانسہ اس کے بعد دیں۔

تارک افیون

ان گولیوں کے چند روزہ استعمال سے افیون کھانے والے اس قباحت و ملامت سے بآسانی نجات پا گئے لطف یہ کہ طبیعت میں کسی قسم کی کاہلی اور سستی پیدا نہیں ہوتی ہزار ہا دفعہ کی آزمودہ و مجرب ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کچلہ مدبر چار تولہ۔ مغز پنبہ دانہ چار تولہ۔ روغن زیتون دو تولہ۔ قسط۔ جلوتری۔ جوز ماثل مدبر۔ کشتہ فولاد ہر ایک ایک تولہ سب کو ایک جان کر کے قدرے عسل ملا کر بصورت معجون بنا لیں۔

ترکیب استعمال : جس قدر افیون کھاتے ہوں اس میں تھوڑی سی افیون کم کر کے اسی قدر دوا اندکور ملا کر کھا لیں۔ اسی طرح روزانہ دوا کی مقدار بڑھاتے جائیں اور افیون کم کرتے جائیں۔ اسی طرح افیون کی عادت جاتی رہے گی۔ غذا مرغن اور مرطوب کھائیں کمزوری کسی قسم کی نہیں ہوگی۔

معجون بادام ممسک

یہ دوا نام ہی سے ظاہر ہے۔ اس کی صفت کی چنداں ضرورت نہیں۔ سرعت انزال کی وجہ سے مادہ تولید خراب ہو کر کمزوری اور شرمندگی دامنگیر ہو تو اس کے استعمال سے مسرت اور شادمانی حاصل ہوتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مغز بادام شیریں۔ مغز فندق۔ مغز چلغوزہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز کدو۔ مغز کاہو۔ افیون۔ بھنگ ہر ایک چھ ماشہ۔ جوز بوز۔ ابسابسہ ہر ایک چار ماشہ۔ مشک۔ عنبر ہر ایک ایک ماشہ۔ جملہ دویہ کو کوٹ چھان کر شہد ملا لیں۔۔

ترکیب استعمال : دو سرخ سے ایک ماشہ تک مطلوبہ وقت سے ایک ساعت پہلے ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

فوائد : امساک پیدا کرتی ہے اور جریان کو دور کرتی ہے بہت مفید ہے۔

کشتہ شنگرف

اجزاء و ترکیب ساخت : خاکستر سالم پودا مرچ سرخ پانچ سیر پختہ۔ کسی ہانڈی میں ڈال کر درمیان میں پانچ تولہ شنگرف رومی رکھ کر راکھ کو ہاتھ سے دبا دیں اوپر پھٹکڑی کے چند ٹکڑے رکھ دیں۔ اس کے نیچے بیری کی لکڑی کی نرم آگ جلائیں دو پہر گزرنے کے بعد آگ تیز کر دیں۔ چار پہر گزرنے پر اوپر رکھے پھٹکڑی کے ٹکڑے پھول گئے ہوں تو آگ بند کر دیں دوسری صبح آگ سرد ہونے پر آہستہ سے نکال لیں کشتہ شنگرف سفید اور باوزن برآمد ہوگا۔

ترکیب استعمال : نامرد کو دانہ خردل کے برابر مسکہ میں کھلائیں ایک ہفتہ تک روغن زرد اور شیر بکثرت دیں اور بروقت تشنگی ہر بار گھی پلائیں۔

فوائد : مرض رعشہ۔ لقوہ۔ فالج۔ وجع المفاصل اور جذام کے لئے مکھن یا دیگر ادویہ مناسبہ کے ساتھ ایک چاول سے دو چاول تک دیں۔

چندر اودے رس

یہ آیورویدک کی مشہور و معروف اور قابل بھروسہ مقوی باہ گولیاں ہیں جن سے نامردی سستی اور کمزوری دور ہو کر مریض از سر نو صحیح معنوں میں مرد بن جاتا ہے گئے گزرے مریض کے جسم میں بھی قوت و طاقت کی لہر دوڑا دیتی ہیں ان سے خوب شہوت پیدا ہوتی ہے عضو میں قوت و طاقت اور اکثر دفعہ اس قدر ہیجان پیدا کرتی ہے کہ ضبط شکل ہو جاتا ہے تھکاوٹ نزدیک نہیں آتی اور انسان ہر وقت تازہ دم رہتا ہے۔

علاوہ ازیں بکثرت صاف وصالح خون پیدا ہو کر چہرہ کا رنگ سرخ ہو جاتا ہے نظام ہضم درست ہو کر بھوک پیدا ہو جاتی ہے۔ اور دودھ گھی حسب منشا مقدار ہضم ہونے لگتا ہے۔ غرض یہ کہ نامردوں کو مرد اور مردوں کو جوانمرد بنانے کے لئے ہزار ہا دفعہ کی تجربہ شدہ گولیاں ہیں شادی شدگان کے لئے موسم سرما کا واقعی ایک نادر ترین تحفہ ہیں یہی نہیں کہ یہ صرف قوت مردمی کے لئے ہیں۔ بلکہ نمونیا اور ہیضہ وغیرہ میں جب مریض ضعف قلب میں مبتلا ہو جائے یعنی کہ دل اپنی پوری رفتار سے کام نہ کر رہا ہو۔ مریض کا جسم ٹھنڈا ہو رہا ہو نبض نہایت مدھم رفتار سے چلنے لگے۔ یا نبض کی رفتار بالکل ہی معلوم نہ ہو تو ایسے وقت میں بھی ان کا استعمال کمال درجہ کا مفید ثابت ہوتا ہے یعنی کہ بہت ہی جلد جسم گرم ہو جاتا ہے نبض چلنے لگتی ہے اور مریض میں بولنے کی طاقت پیدا ہو جاتی ہے اور اکثر قریب المرگ مریضوں کی گم شدہ نبض بھی ان سے واپس آ جاتی ہے اور آتی دیکھی ہے۔ ایسی فوری صورت میں جب تک نبض اپنی اصل حالت پر واپس نہ آ جائے انہیں متواتر دیتے جانا چاہیئے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مکردھوج۔ مشک کافور ہر ایک تولہ۔ جائفل۔ فلفل گرد۔ مشک نیپالی ہر ایک چھ رتی۔ کسی نہایت اعلیٰ صاف اور پختہ کھرل میں پہلے مکردھوج کو ڈال کر سرمہ کی مانند باریک پیس لیں پھر کافور اور بعد ازاں مشک نیپالی کو ڈال کر باریک کھرل کریں۔ آخر میں نباتی ادویہ کے باریک سفوف کو شامل کر کے یہ

ہمراہ پانی خوب زوردار ہاتھوں سے کھرل کر کے دو دو رتی کی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال : ایک ایک گولی صبح و شام بہ ہمراہ آب پان و شہد دیں اور اوپر سے نیم گرم دودھ پلائیں۔ علاوہ ازیں موسم سرما میں دودھ اور انڈا کی زردی وغیرہ کو ملا سکتے ہیں۔

کشتہ سکہ

سکے کا یہ بے نظیر و اکسیری کشتہ ہے جو جسم کے ہر حصہ سے جاری ہونے والے خون کو روکتا ہے اس کے اعجاز نما اثرات سے ایک دو دن میں کثرت طمث۔ نفث الدم۔ قے الدم خونی اسہال۔ خونی بواسیر۔ وغیرہ کو حیرت انگیز فائدہ ہو جاتا ہے سوزاک کے لئے بھی مفید ہے۔ پیاش بکی رکاوٹ اور جلن کو زائل کر دیتا ہے زخموں کو صاف کر کے بھرتا ہے۔ سلسل بول اور ذیابیطس کے حال کے لئے بمنزلہ اکسیر ہے بدن کو طاقت ور اور مضبوط بناتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سیسہ مصفی ایک پاؤ۔ پوست پیپل کا جوکوب سفوف ایک چھٹانک۔ منسل مصفی ایک سیر۔ پوست درخت املی کا جوکوب سفوف ایک چھٹانک۔ سیسہ مصفی کو ایک آہنی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں کڑاہی کے نیچے نہایت تیز آنچ دیں۔ جب سیسہ پگھل جائے تو پوست پیپل و پوست درخت املی کے ملے ہوئے سفوف کی ایک چٹکی کو ڈال دیں اور لوہے کے ڈنڈے سے رگڑتے رہیں۔ جب سفوف جل جائے تو پھر دوسری چٹکی ڈال کر لوہے کے ڈنڈے سے رگڑتے رہیں۔ اس طرح تمام جلنے کے بعد سکہ بھی خاکستر ہو جائے گا۔ راکھ کو پھونک یا پنکھا کی ہوا سے اڑادیں۔ جب خاکستر شدہ سکہ ٹھنڈا ہو جائے تو اس کے برابر منسل مصفی پیس کر آب لیموں یا ترش کانجی کے ہمراہ کامل ایک روز کھرل کر کے چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا کر خشک ہونے پر سمپٹ کر کے تیس عدد خانگی اوپلوں کی آنچ دیں پھر اسے اتنی ہی منسل کے ساتھ لیموں یا ترش کانجی وغیرہ میں پورے تین گھنٹہ کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر سمپٹ میں

آگ دیں۔ یہی عمل ساٹھ مرتبہ کریں سکے کا اکسیری کشتہ تیار ہوگا۔

ترکیب استعمال : نصف رتی سے ایک رتی تک صبح وشام مکھن یا آب برگ مہندی وغیرہ یا اور کسی مناسب بدرقہ سے دیں۔

کشتہ صدف مروارید

اجزاء و ترکیب ساخت : صدف مروارید صاف شدہ عمدہ ایک پاؤ کو کسی برتن گلی میں ڈالیں اور گھیکوار کے گودے سے بھر کر سمپٹ کی آنچ دیں پھر نکال کر عرق گلاب و بید مشک میں ایک دن کامل کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔

ترکیب استعمال : ایک سے دو رتی تک صبح وشام مکھن یا تازہ دودھ کے ہمراہ دیں۔

فوائد : تپ ہائے کہنہ۔ کھانسی و دمہ کو نافع ہے۔ جریان وسرعت کو مفید ہے قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ ہر قسم کے جریان خون کو بند کرتا ہے غرض یہ کہ بہت ہی فائدہ مند کشتہ ہے۔

بھیرورس

بھی نمونیا۔ ڈبیہ اطفال وغیرہ کسی بھی مرض میں دل کے فعل کے بند ہونے کا اندیشہ ہو یعنی مریض کو نقاہت و کمزوری از حد ہو نبض ڈوبتی اور جسم ٹھنڈا ہو رہا ہو یا سرد پسینہ آتا ہو تو ایسی حالت میں اس کا استعمال نہایت مفید رہتا ہے نمونیا میں دیگر علاج کے علاوہ اس کا استعمال بھی جاری رکھنا چاہیئے۔ اس سے بخار کا درجہ حرارت کم ہوتا ہے مریض کو کسی قسم کی بے چینی و بے ہوشی نہیں ہونے پاتی نبض کی رفتار درست ہو جاتی ہے نمونیہ میں دل کے فیل ہونے کا جو اکثر اندیشہ دامنگیر رہتا ہے اس سے نجات ملتی ہے دردوں کو بھی جلد افاقہ ہو جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : شنگرف رومی مصفی۔ بچھناک مدبر۔ سہاگہ بریاں۔ جائفل۔ جاوتری۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز ہر ایک ایک تولہ۔ مشک نیپالی تین ماشہ۔

بطریق معروف کوٹ پیس کر ایک رتی کی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال : دن میں تین چار گولیاں یا حسب ضرورت ایک گولی ہر تین یا چار گھنٹہ کے وقفہ کے بعد تین ماشہ آب برگ پان اور نصف تولہ شہد ملا کر استعمال کرائیں اگر بلغم کا زیادہ غلبہ ہو تو تین سے چھ ماشہ تک آب ادرک شامل کر لیں۔

فوائد : سخت قسم کے سنپات (بخار) کے لئے تریاق ہے ہر قسم کی کمزوری زائل کرتا ہے۔

کف کیتو رس

بلغمی نزلہ زکام۔ بلغمی دمہ۔ بلغمی کھانسی۔ انفلوئنزا۔ گلے کی سوجن وغیرہ۔ بلغمی امراض کے لئے بہت مفید ہے۔ اس کی ایک خوراک کے حلق سے اترتے ہی نزلہ و زکام کا زور ٹوٹ جاتا ہے بلغم کا غلبہ دور ہو کر انفلوئنزا کی علامات کافی حد تک دور ہو جاتی ہیں بخار۔ کھانسی وغیرہ کا دوسرے تیسرے دن تک نام تک نہیں رہتا انفلوئنزا کے لئے یہ خصوصی دوا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سہاگہ بریاں۔ فلفل دراز۔ کشتہ سنکھ۔ بچھناک۔ مدبر۔ تمام ادویہ کو برابر وزن لے کر آب ادرک سے تین دن تک کھرل کریں اور رتی کی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح و شام برگ پان میں رکھ کر چوسائیں یا شہد میں ملا کر چٹائیں عرق گاؤ زبان سے بھی کھلائی جا سکتی ہے۔

فوائد : زکام۔ دمہ۔ کھانسی۔ گلے کے امراض۔۔ گلے کی جکڑن۔ امراض دانت۔ امراض کان۔ امراض چشم۔ اور سپنات دور ہو جاتا ہے۔ اجزاء اور فوائد کے لحاظ سے ”کف کیتو رس۔ ویدک کی مشہور دوا ہے۔

کشتہ خرمہرہ

یہ کشتہ معدہ و انتڑیوں کو تقویت دینے اور بھوک لگانے کی وجہ سے ہی امراض معدہ شکم

اور سنگرہنی میں بہت مستعمل ہے۔ اس میں فاسفیت آف لائم بہت زیادہ پایا جاتا ہے جو کمزوری بدن۔ ضعف اعصاب اور ابتدائے سل کے لئے بہترین دوا مانی جاتی ہے یہی وجہ ہے کہ اکثر امراض متذکرہ اور خصوصاً اکثر اقسام تپ دق وسل کے ابتدا میں بکثرت استعمال ہوتا ہے علاوہ ازیں کان کے بہنے اور بڑھی ہوئی تلی کے لئے بھی مفید ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مصفی کوڑیاں (خرمہرہ) ایک پاؤ۔ کوزہ گلی کو گھیکوار کے گودا سے بھر کر درمیان میں رکھ دیں۔ پھر مضبوطی سے سمپٹ کر کے گج پٹ کی آگ دیں اکثر ایک ہی آگ سے نہایت اعلیٰ درجہ کا کشتہ تیار ہوتا ہے۔

ترکیب استعمال : دو سے چار رتی تک یہ ہمراہ آب نیم گرم چھاچھ وغیرہ۔

فوائد : معدہ و انتڑیوں کی کمزوری۔ بھوک۔ نہ لگنا۔ سنگرہنی۔ ضعف اعصاب۔ ابتدائے دق وسل وغیرہ کے لئے تریاق ہے۔

حب کرامات

خوب پیٹ بھر کر کھائی ہوئی غذا کو اس دوا کی صرف ایک گولی منٹوں میں بھسم کر دیتی ہے اور دوبارہ بھوک محسوس ہو گی معدہ کی تمام خرابیاں دور ہو کر تمام جسم کی طاقتیں جاگ اٹھیں گی چونکہ غذا کے درست ہضم ہونے پر بکثرت اور صحیح خون کی پیدائش کا انحصار ہے ایام ہیضہ میں ماتقدم کے لئے اور بصورت مرض علاج کے لئے اس کا ہر وقت پاس ہونا ضروری ہے۔ بحری سفر کی تکالیف کا حکمی علاج ہے۔ جی متلانا۔ قے چکر وغیرہ اس سے درست ہو جاتے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : پوست ہلیلہ زرد۔ دانہ الائچی خورد۔ زیرہ سفید۔ سہاگہ بریاں۔ ملح اسود۔ نانخواہ ہر ایک چھ ماشہ۔ مصطگی۔ دانہ الائچی کلاں۔ زیرہ سیاہ۔ ہینگ عمدہ دو ماشہ۔ زنجبیل چار ماشہ۔ قرنفل۔ فلفل سیاہ۔ دار چینی ہر ایک تین ماشہ۔ لیموں کاغذی تین عدد کے رس کی مدد سے گولیاں نخودی تیار کریں۔

ترکیب استعمال : پانی کے ہمراہ ایک گولی غذا کھانے کے بعد استعمال کریں۔

فوائد : دافع درد شکم۔ باؤ گولہ۔ نفخ وقراقر وضعف معدہ کو نافع ہے اور ہاضمہ کو تیز کرتی ہے۔

دوائے رحمت

ذات الجنب و ذات الریہ جبکہ مریض کا دم نہایت تکلیف سے آتا ہے سینہ میں درد ہو ٹیس پڑتی ہو۔ کھانسی ستا رہی ہو اور کھانسی کے ساتھ درد کی ٹیس پڑتی ہو بلغم مشکل سے نکلتا ہو۔ تپ تیز ہو۔ بیمار ہذیان کرتا ہو۔ سخت تکلیف رہتی ہو ایسی تمام حالتوں میں ذیل کی دوا گویا اکسیر کا حکم رکھتی ہے نہایت مفید اور زود اثر ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ ہڑتال گودنتی ایک تولہ۔ بیش مدبر چھ ماشہ۔ قلمی شورہ چار تولہ۔ الائچی خورد چھ ماشہ۔ سب کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر سفوف تیار کر لیں۔ یہی دوا ''دوائے رحمت'' ہے جو کراہتے مریضوں کو درد سے نجات دلاتی ہے۔

فوائد : ذات الجنب۔ ذات الریہ وذات الصدر کے لئے نافع ہے۔

ترکیب استعمال : دو رتی ہمراہ جوشاندہ ذیل دن میں چار مرتبہ دیں۔

جوشاندہ :۔ نیلوفر۔ بنفشہ ہر ایک چھ ماشہ۔ گاؤ زبان۔ تخم کتاں۔ ملٹھی۔ بہیدانہ ہر ایک تین ماشہ۔ لسوڑیاں پندرہ عدد۔ سب کو پانی میں جوش دے کر چھان لیں نیم پاؤ کے ہمراہ ایک خوراک کھلائیں۔

دیدانی

کرم الامعاء کے لئے مفید ہے اس کا چند روزہ استعمال پیٹ میں موجود تمام کرم مردہ ہو جاتے ہیں اور آئندہ پیدا نہیں ہوتے مریض جو ان کیڑوں کی وجہ سے بے چین رہتے ہیں ہمیشہ کے لئے تندرست ہو جاتا ہے بلا مبالغہ دیدان کے لئے اکسیر پر تاثیر ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کمیلہ ایک تولہ۔ باؤ برنگ ایک تولہ۔ برگ نیم ایک تولہ۔ مردار سنگ دو تولہ سب کو باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

فوائد : کرم امعاء کی نہایت عمدہ دوا ہے پہلی خوراک ہی سے فائدہ نظر آنے لگتا ہے ہر قسم کے دیدان کو ہلاک کر کے نکالتا ہے۔

ترکیب استعمال : پہلے میٹھا ملا دودھ پی لیں بعد ازاں ''دیدانی''۔۔ ایک ماشہ ہمراہ گلقند پانچ تولہ کھلائیں۔

اعجاز مسیحا

اسے جہاں استعمال کیا گیا اپنے اثرات کے لحاظ سے فی الوقع اعجاز مسیحا ثابت ہوا اپنے فوائد میں یکتا ہے انشاء اللہ دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ درد گردہ کے لئے اس سے بہتر دوا ملنا مشکل ہے۔ دوا مریض کے معدہ میں پہنچتے ہی اس کی جان میں جان آ جاتی ہے مریض جلد ہی بھلا چنگا ہو جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: جوا کھار۔ پیڑ یہ کھار۔ سہاگہ خام۔ نوشادر۔ مرچ سیاہ۔ نمک سیندھا۔ نمک سفید۔ ہیرا ہینگ۔ قلمی شورہ ہر ایک ایک تولہ سرمہ سرکہ تند ترش دس تولہ۔ تمام ادویہ کو پیس کر سرکہ میں ملا کر لعوق بنا لیں۔

فوائد : درد گردہ کی اکسیری دوا ہے۔

ترکیب استعمال : تین ماشہ ہمراہ آب تازہ دیں۔

تریاق بخار

ہر قسم کے بخاروں کے لئے خواہ وبائی ہو یا باری سے آنے والا سب کو چند ایک خوراک سے رفع کر دیتا ہے اس نسخہ کو استعمال کرنے کے بعد کہیں ناکامی کا منہ نہیں دیکھا گیا ایک فوری اثر کرنے والا عجیب الفوائد نسخہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : اتیس دو تولہ۔ گلو دس تولہ۔ چرائتہ دس تولہ۔ نیم دس تولہ۔ مرچ سیاہ دس تولہ۔ سب کو تین سیر پانی میں جوش دیں حتی کہ آدھ پاؤ رہ جائے تو اس میں مغز کرنخوہ اڑھائی تولہ۔ کونین۔ ریوند عصارہ۔ ست گلو۔ کشتہ ہڑتال۔ کشتہ

ابرک سیاہ طباشیر ہر ایک چھ ماشہ۔ دانہ الائچی تین ماشہ۔ کشتہ ابرک سفید ایک تولہ۔
سب کو خوب صلایہ کر کے گولیاں بقدر دانہ نخود تیار کریں۔
فوائد : ہر قسم کے بخاروں کا قلع قمع کرنے کے لئے ایک عجیب الاثر دوا ہے۔
ترکیب استعمال : صبح دوپہر اور شام ایک ایک گولی ہمراہ آب تازہ یا بدرقہ مناسبہ۔

شافی

اس دوا کے استعمال سے فورا پسینہ آ کر بخار اتر جاتا ہے بخلاف انگریزی ادویہ انٹی فیبرین۔ ایسپرین وغیرہ کے یہ دل کو ہرگز کمزور نہیں ہونے دیتی اور بخار کی حرارت کو کم کر کے تسکین دیتی ہے ادویہ کے مقابلے میں یہ دیسی دوا ہے جو ان سے زود اثر مجرب ثابت ہوئی ہے۔
اجزاء و ترکیب ساخت : نوشادر دو تولہ۔ شورہ قلمی دو تولہ۔ شیر مدار آٹھ تولہ۔
سب ادویہ کو باریک کر کے شیر مدار میں تر کریں اور کوئلوں کی تیز آگ پر رکھیں۔ حتی کہ دوا سیاہی مائل سرخ ہو جائے اس عرصہ میں دوا کو لوہے کی سیخ سے ہلاتے رہیں تیار ہے۔
فوائد : سوائے تپ محرقہ کے تمام اقسام تپ کو فورا اتارنے میں لاثانی دوا ہے۔ علاوہ ازیں ذات الجنب۔ ذات الصدر۔ ذات الریہ کو نافع ہے۔
ترکیب استعمال : دو سے چار رتی تک ہمراہ جوشاندہ سونف و منقہ دیں یا قند سفید چھ ماشہ میں ملا کر ہمراہ آب تازہ کے دیں۔

اکسیر شاہی

راجوں مہاراجوں۔ روسا اور امراء کے قابل استعمال ہے۔ نہ منہ آتا ہے نہ قے دست گئے گزرے مریض نئے سرے سے تندرست ہو کر زندگی کا لطف اٹھا رہے ہیں اور ہمیشہ

کے لئے آتشک جیسی نامرد مرض سے نجات حاصل ہو جاتی ہے یہ ایک قابل قدر اور بے نظیر تحفہ ہے پاک و ہند کے مشہور و معروف خاندانی طبیب کا خاص نسخہ ہے وہ عموماً اسے امراء پر استعمال کر کے اس کی بدولت بے حد مشہور ہوئے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : رس کپور ایک تولہ۔ دار چکنا ایک تولہ۔ لونگ ایک تولہ۔ دودھ بز سیر سب ادویہ کو لوہے کی کڑاہی میں لوہے کے ہاون دستہ سے رگڑ کر تمام دودھ کو جذب کریں حتیٰ کہ گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے پھر گولیاں بقدر کنار روشنی تیار کر لیں۔

فوائد : آتشک کا ایک مسلمہ و مصدقہ نسخہ ہے۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح و شام دیسی گھی سے تیار کئے ہوئے حلوا میں ملفوف کر کے کھلائیں بینگن قند سیاہ سے پرہیز لازمی ہے۔

رتی پڑیہ

امراض شکم کی حکمی و لاثانی دوا ہے مقوی معدہ۔ مشتہی۔ ہاضم طعام۔ خون پیدا کرتی اور سرخ کرتی ہے تمام بطنی امراض کا قلع قمع کرتی ہے یہ ایک اسراری اکسیر ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : شورہ قلمی۔ مگھاں ہر ایک چار تولہ۔ مرچ سیاہ۔ چیتہ ہر ایک آٹھ تولہ۔ نمک کانچ۔ مٹھا تیلیہ مدبر۔ سہاگہ۔ نوشادر ہر ایک ایک تولہ سب کو باریک کر لیں۔

فوائد : جملہ امراض شکم کی بے نظیر دوا ہے۔

ترکیب استعمال : قولنج میں گرم پانی کے ہمراہ ایک تا چار رتی۔ ہاضمہ کے لئے عرق سونف کے ہمراہ۔ کھانسی کے لئے شربت خشخاش کے ہمراہ علی ہذا القیاس طبیب اپنی رائے سے مناسب بدرقات کے ساتھ دے سکتا ہے۔

امیدی گولی

اکثر امراض کے لئے تریاق کا حکم رکھتا ہے ہر مطب میں رہنے کے لائق ہے ایک دوائی

امراض کے لئے کام دینے والی اکسیر ہے اور صندوقچہ کی دوا ہے۔

اجزاء و ترکی ساخت : چونہ قلعی دودھ میں بجھا ہوا۔ افیون۔ کتھ ہر ایک چھ ماشہ۔ کافور دیسی تین ماشہ۔ سب ادویہ کو کھرل کر کے ہمراہ آب گولیاں بقدر دانہ مونگ بنائیں اور محفوظ رکھیں۔

فوائد : اسہال۔ پیچش۔ سنگرہنی۔ ہیضہ ہر قسم کے دردوں کے لئے مسکن خصوصاً اوجاع عصبی۔ جریان کو نافع ہے۔ کھانسی۔ نزلہ۔ زکام کے لئے اکسیر اثر رکھنے والی منٹوں میں اثر پذیر ہوتی ہے۔ وجع المفاصل۔ عرق النساء۔ بے خوابی۔ صداع۔ شقیقہ وغیرہ کے لئے بے حد نافع ہے۔

ترکیب استعمال : ہر قسم کی کھانسی اور نزلہ میں ایک سے دو گولی ہمراہ آب دن میں دوبار ہیضہ کے لئے نصف گولی ہر آدھ گھنٹہ بعد دیں لائق طبیب کو بدرقات میں اپنی رائے کا حق ہے۔

اکسیر ضیق النفس (دمہ)

یہ دوا ضیق النفس (دمہ) کے ان تمام عوارض کے لئے مفید ہے جو بیچارے تمام رات ماہی بے آب کی طرح تڑپتے رہتے ہیں دوسرے دمہ کی حالت میں جنہیں سانس لینا مشکل ہو جاتا ہے آواز تک نہیں نکال سکتے دورہ ختم ہونے پر بھی گھنٹوں ہوش نہیں آتا اور جن کا بات بات پر سانس اکھڑ جاتا ہے اور بلغم کی کثرت ناک میں دم لے آتی ہے غرض یہ کہ مدتوں سے اس کی گرفت سے مجبور ہوں اور اس کی آزادی سے مایوس ہو چکے ہوں تو اس کے استعمال سے کسی قسم کی کوئی تکلیف نہیں ہوتی اور نہ کسی نقصان کا احتمال اور نہ ہی اس کے بے اثر ہونے کا شبہ پرانی اور مزمن کھانسی چند روز کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : تمبا کو عمدہ دیسی تلخ پندرہ تولہ۔ کوکنار پندرہ تولہ۔ قند سیاہ پندرہ تولہ۔ منقہ پندرہ تولہ۔ ہر چہار ادویہ کو دس سیر پانی میں ڈال دیں تین یوم کے

بعد خیسانده حاصل کریں اور قلعی شدہ برتن میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو تو اتار کر ٹھنڈا کرلیں معجون کی صورت کا قوام ہو جائے گا۔

فوائد : مرض ضیق النفس جبکہ تنفس میں سخت دقت ہو اور مریض تنگی سے سخت لاچار ہو۔ اس وقت اس کی ایک خوراک معجز نما اثر دکھاتی ہے بعض موقع پر تے ہو کر لیسدار بلغم کا اخراج ہو کر فوراً افاقہ ہو جاتا ہے واقعی مرض دمہ کے لئے بے حد مفید ہے۔

ترکیب استعمال : چار رتی ہمراہ آب نیم گرم۔ بوقت ضرورت دوسری خوراک چار گھنٹہ کے بعد دے سکتے ہیں۔

کرشمہ قدرت

ذیل کا سفوف سوالقینہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے جن کا بدن اور چہرہ ورم کی وجہ سے پھول گیا ہو رنگ زرد پڑ گیا ہو سانس پھولتا ہو اور چلنا پھرنا مشکل ہو زندگی مایوس ہو چکی ہو ان کے لئے یہ سفوف اکسیر کا کام دے گی اور دونوں ہی میں آفاقہ ہو کر کچھ عرصہ میں ورم وغیرہ شکایات ہمیشہ کے لئے جاتی رہیں گی بیمار انشاء اللہ صحت یاب ہو کر زندگی سے لطف اٹھا رہے ہیں ایسے مریض جو اپنے آپ کو زندہ درگور سمجھ رہے تھے اس اکسیری سفوف ''کرشمہ قدرت۔۔ کے استعمال سے تندرست ہو گئے ہیں۔ غرض سوء القینہ کے لئے یہ نہایت مفید سفوف ہے سوء القینہ کا علاج جلدی ہو جانا چاہیئے ورنہ استسقاء ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : عصارہ ریوند ایک تولہ۔ قلمی شورہ سفوف دو تولہ۔ روغن شبت چوبیس بوند ہر سہ ادویہ کو مزوج کر کے رکھ لیں۔

فوائد : سوا القینہ (کمی خون) بھس کے لئے اعلیٰ اور مفید دوا ہے پانی کی طرح رقیق دست آ کر فائدہ ہوتا ہے۔

ترکیب استعمال : استسقاء میں بمقدار تین ماشہ۔ جوشاندہ بادیان ایک تولہ کے ساتھ دینے سے اسہال آبی ہو کر مریض کو آرام ہو جاتا ہے مقدار خوراک ایک تا تین ماشہ۔

ھو الرحمن الرحیم

ھدیہ

منجانب:۔ ادارہ طبیب حاذق (گجرات)

تحفہ درویش

یہ ایک میرے نہایت کرم فرما اور محترم برگ کا عطیہ ہے۔ یہ اکسیر پاس ہو تو تمام دہاتوں اپدھاتوں کے کشتہ جات منٹوں گھنٹوں میں تیار کرنے آسان ہو جاتے ہیں ایسی اکسیر جو سنیاسی لوگ برسوں خدمت کے بعد بھی دینے سے کتراتے ہیں جس کی ایک چٹکی آن واحد میں ہر دہات بھسم کر دے۔ ایک معجزہ سے کم نہیں وہ لوگ جو ایسی چیز کے خواہش مند ہیں شیشی سے دوا نکال کر روپیہ پیسہ پر لگائی اور آگ میں رکھی چند منٹوں کے بعد نہایت اعلیٰ درجہ کا کشتہ تیار ہو گیا۔ وہ اس اکسیر سے فائدہ حاصل کریں کسی دہات کے گرد دیکر آگ دیں سفید براق عمدہ کشتہ ہو جائے گا۔

۔۔۔۔۔وہ اکسیر کیا ہے۔۔۔۔۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ہڑتال ورقی ایک پاؤ۔ لوٹا کھار ایک پاؤ۔ پھٹکڑی سرخ ایک پاؤ۔ شورہ قلمی ایک پاؤ۔ سب کو کوٹ کر ایک کوزہ گلی آب نارسیدہ میں ڈال کر کے اور اس کو پانی سے بھر کر کسی نمناک جگہ رکھ دیں۔ چند دن کے بعد جو جوہر نکلنے شروع ہوں انہیں محفوظ رکھیں۔

جوہر مذکور تین تولہ۔ سم الفار ایک تولہ۔ دار چکنہ تین ماشہ۔ رس کپور تین ماشہ۔ کنگن کھار

دو تولہ۔ شورہ قلمی دو تولہ۔ پھٹکڑی تین تولہ۔ کشتہ قلعی دو تولہ۔ لوٹا کھار دو تولہ۔ باریک کر لیں اور سب کو ایک پیالہ میں بند کر کے گل حکمت کر کے دو سیر کوئلوں کی آگ دیں یک جان ہو جائیں گے نکال کر باریک کریں اور روغن بلادر دس تولہ کے ہمراہ کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : بقدر ضرورت یونہی کسی دہات کے اوپر رکھ کر اوپر چیتھڑا یا کسی درخت کے پتے دے کر چار یا آٹھ سیر کی آگ دیں کشتہ عمدہ ہوگا۔

تانبہ۔ چاندی۔ سونا۔ سکہ۔ قلعی۔ فولاد۔ ہڑتال۔ شنگرف۔ سم الفار تمام کشتہ جات نہایت عمدگی سے ہوتے ہیں۔ قابل اخفا سنیاسیانہ تحفہ ہے۔ فاحفظ فانہ من الاسرار الخفیۃ

اسرار السیاحین (صنعت الٰہی)

صرف یہی نسخہ ایک لاکھ روپیہ قیمت کا ہے قوت باہ کے لئے اس کا ثانی نسخہ ملنا محال ہے ایک دفعہ کا تیار کیا ہو سینکڑوں مریضوں کے لئے کافی ہے مایوس سے مایوس اور کمزور مریض کو طاقت ور اور جوان کو جواں مرد بنا دینے والی اکسیر ہے از کار رفتہ مریض اور جوانی کی غلط کاریوں سے تباہ شدہ اس دوا کو استعمال کر کے دیکھیں۔ کہ خداوند تعالیٰ نے اس میں کیا تاثیر عطا فرمائی ہے رنگ بدن کو نکھارتی ہے علاوہ ازیں جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ رقت کو مطلقاً دور کر کے منی کو حقیقی قوام پر لاتا ہے مجلوق کا ایک کامل علاج ہے تمام مسلوبہ طاقتوں کا اعادہ ہو کر جسم میں ایک برقی طاقت آ جاتی ہے۔

لطف یہ کہ مقوی اعضائے رئیسہ ہے بدن کو خوش رنگ کرنا۔ خون کا کثرت سے پیدا کرنا امساک طبی پیدا کرنا۔ غرض یہ کہ ایک اکسیری اور لاجواب تحفہ ہے جو اس سینہ بے کینہ سے نکال کر ناظرین کی خاطر پیش کیا جا رہا ہے یہ نسخہ میرے ایک مخلص دوست نے بطور تحفہ عطا فرمایا تھا۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ ذوی الارواح چھ ماشہ۔ سیماب۔ سم الفار۔ ہڑتال ورقی۔ کشتہ نقرہ ایک تولہ۔ کشتہ فولاد شنگرف ایک تولہ۔ کشتہ عقیق ایک تولہ۔ کشتہ

قلعی ایک تولہ۔ کشتہ طلا یاقوت والا چھ ماشہ۔ بیس سیاہ مدبر ایک تولہ۔ جلوتری ایک تولہ۔ جائفل ایک تولہ۔ افیون ایک تولہ۔ قسط شیریں ایک تولہ۔ جوہر لوبان تین ماشہ۔ مروارید تین ماشہ۔ مشک خالص دو ماشہ۔ عنبر اشہب تین ماشہ۔ شراب برانڈی ایک بوتل میں کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

فوائد : نہایت عجیب و غریب طاقت کی دوا ہے ہزاروں یاقوتیاں اور مقویات اس کے سامنے ہیچ ہیں۔ عام نسخوں کا بادشاہ۔ طاقت پیدا کرنے والا۔ نامرد کو مرد بنانے والا خون پیدا کرنے والا دودھ گھی کو ہضم کرنے والا۔ امساک پیدا کرنے والا۔ زندہ در گور مریضوں میں روح پھونکنے والی۔ بدن و اعضاء رئیسہ میں نئ زندگی پیدا کرنے والی اکسیر وہ لوگ جنھوں نے ایک دفعہ اسے استعمال کیا اس کی تعریف میں رطب اللسان ہیں۔

ترکیب استعمال : ایک رتی مکھن یا بالائی میں روزانہ کھلائیں ہزاروں یاقوتیاں اس کی ایک خوراک پر قربان کی جا سکتی ہیں انسان میں طاقت کی ایک لہر دوڑا دیتی ہے اور ایک ہی خوراک سے انسان بے اختیار ہو جاتا ہے۔

صدری راز

ایک بے نظیر تریاق خواہ کیسا زہریلا جانور کاٹ جائے۔ سانپ کا ڈسا آب کے پہنچے کے بعد نہ مرے۔ بچھو۔ زنبور کے ڈسے کا ایک منٹ میں آرام آ جائے باؤلے کتے کے کاٹے پر لگائیں زہر اثر نہ کرے۔ ہزار ہا معززین کا مصدقہ نسخہ بے شمار روپیہ خرچ کرنے کے بعد حاصل کردہ بے مثل عجیب الاثر تحفہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : چونہ صدف دو سیر۔ نوشادر دیسی پانچ تولہ۔ ایک ہنڈیا میں چونا نوشادر کے نیچے اوپر دے کر بیس سیر بیری کی لکڑی کی آگ دیں آگ سرد ہونے پر نوشادر مذکور نکال کر شبنم میں چینی کی پیالی میں ڈال کر رکھیں تیل ہو جائے گا تیل مذکورہ پانچ تولہ۔ بچھناک سیاہ ایک تولہ۔ آب مولی دس تولہ۔ چھلکا بیضہ طاؤس ایک عدد۔ پہلے ان کو اس میں ملا کر کھرل کر لیں اور روغن مذکور کے ہمراہ خوب کھرل

کریں یہ اکسیر تریاق تیار ہے۔

فوائد : ہر قسم کے زہر دار جانوروں مثلاً بھڑ۔ بچھو۔ سانپ۔ باؤلہ کتا وغیرہ کے کاٹے کے لئے اکسیر ہے۔

ترکیب استعمال : زخم کو اندر سے نشتر سے پچھنے لگا کر اوپر دوا مذکور لگائیں سخت زہریلے سانپ کے کاٹے پر پندرہ منٹ کے بعد لگائیں زہر اترتا معلوم ہوگا اور ایک گھنٹہ تک مریض اچھا ہو جائے گا معمولی زہر دار جانوروں کے لئے یونہی روئی سے لگائیں پانچ منٹ میں آرام ہوگا۔

ملذذ

آپ اس کے استعمال کے بعد اس میں وہ خواص پائیں گے جن کا بیان اخلاقاً ناموزوں ہے۔ صرف اس قدر عرض کیا جا سکتا ہے کہ اس کے بعد دنیا کی کوئی ملذذ دوا استعمال کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی اور ایک چھوٹی سی شیشی میں دنیا بھر کے ملذذات بند ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : افیون تین ماشہ۔ زعفران تین ماشہ۔ کافور تین ماشہ۔ روغن کنیر تین ماشہ۔ کرم صدف چار ماشہ۔ بیر بہوٹی چار ماشہ۔ زہرہ ماکیاں چار عدد۔ مشک دو ماشہ۔ زنبور چار ماشہ۔ عطر حنا ایک تولہ درجہ اول۔ عطر گلاب درجہ اول ایک تولہ تمام ادویات کو ایک جگہ باریک مثل سرمہ کر کے عطریات ملا کر شیشی کو مہر سلیمانی کر کے چاولوں کی دیگ میں پختہ کریں بعد نکال کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت ایک قطرہ پندرہ منٹ پیشتر استعمال کریں۔

دیر

اسم بامسمی ایک ممسک دوا جس کی تعریف لا حاصل ہے اس کے مقابلہ میں آج تک صرف حکایات سنتے آئے ہیں آج بنا کر دیکھ لیں ناممکن کو ممکن کس طرح بنایا جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سفید بچھناک ایک تولہ۔ شنگرف رومی ایک تولہ۔

افیون قسم اعلیٰ ایک تولہ۔ زردی بیضہ مرغ پختہ الیس عدد۔ پہلے بچھناک کو باریک کپڑ چھان کر کے وزن کریں تب افیون ڈال کر خوب حل کریں اور ایک ایک زردی ڈالنی شروع کریں اور خوب باریک مانند سفوف ہو جائے اور پھر خوب حل کریں کہ تیل چھوٹ کر زم ہو جائے حتی کہ مانند مکھن ہو تیار ہے کسی کانچ یا چینی کے مرتبان میں ڈالیں۔

ترکیب استعمال : خوراک دو چاول سے ایک رتی تک حلوا میں ملفوف کر کے کھلائیں اوپر سے دودھ پلائیں تجربہ کریں پہلے کچھ عرض نہیں کیا جا سکتا ہے۔

نوٹ :1(مریض سل دھڑکن۔ چھاتی۔ پسلی کے مریض کو اس کا استعمال ممنوع ہے)2(خوراک اچھی طرح ملفوف کریں کم از کم تیار ہونے کے بعد چھ ماہ کے بعد استعمال کریں۔ جتنی کہنہ ہو گی اتنا ہی فائدہ جلدی دے گی)3(اگر دو سال گزر جائیں تو اس کی ایک خوراک اثر دکھاتی ہے مریض تعجب کرے گا کہ کیا چیز ہے تعریف لا حاصل ہے۔

فوائد: امساک کی آخری اور انتہائی چیز ہے۔

روغن سم الفار

یہ میرا مجرب نسخہ ہے بنانے میں نہایت آسان اور کھانے میں نہایت قلیل المقدار اور جادو اثر ہے۔ اس نسخہ کو میں کئی سال سے بنا کر استعمال کرا رہا ہوں۔ عجیب الاثر دوا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سم الفار سفید ایک تولہ۔ گلیسرین خالص اڑھائی تولہ۔ شیشے کی امتحانی نلی ایک عدد یا تام چینی کی پیالی ایک عدد آگ کوئلہ کی یا سپرٹ لیمپ۔ اول سم الفار کو باریک سفوف کی شکل میں رکھ لیں اور گلیسرین کو شیشے کی نلی یا تام چینی کی پیالی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب ابلنے لگے تو سم الفار باریک شدہ ڈال کر فوراً نیچے اتار لیں جب ذرا جوش سرد ہونے لگے تو پھر آگ پر رکھ دیں لیکن پھر جب جوش آنے لگے تو نیچے اتار لیں دو ہی بار کے عمل سے سم الفار حل ہو جائے گا اگر دو بار

میں تمام حل نہ ہو تو ایک دو بار اور یہی عمل کریں تمام سم الفار حل ہو جائے گا۔

ھدایات : 1(آگ دیتے وقت خیال رکھنا چاہئے کہ زیادہ جوش نہ آئے ورنہ سم الفار اڑ جائے گا)2(چونکہ اس کے بخارات میں سم الفار ہوتا ہے اس لئے بخارات سے آنکھوں سے آنکھوں کو بچانا چاہئے)3(اس دوا کو خوش رنگ بنانا مطلوب ہو تو تھوڑی سی مقدار میں زعفران ڈال کر گرم کریں)4(اس دوا کی ایک رتی وزن میں 3/4 حصہ سم الفار ہوگا اس لئے اس کو نہایت احتیاط سے استعمال کرنا چاہئے اگر اس کو ذرا کمزور کر کے استعمال کرنا چاہئے تو اسی وزن دوا میں ساڑھے سات تولہ خالص گلیسرین ملا کر ایک دس کی نسبت سے محلول حاصل کر لیں ایسی صورت میں تقریبا 1/10 حصہ سم الفار موجود ہوتا ہے جو کہ اندرونی استعمال کے موزوں ہے۔

فوائد : یہ اعلیٰ درجہ کی مصفی خون جرم کش محرک و مقوی دوا ہے بلغم بواسیر خنازیر۔ سرطان کے لئے بھی مفید ثابت ہو چکی ہے۔

ترکیب استعمال : ہر قسم کے درد مثلاً درد ریہ۔ ذات الجنب۔ ذات الصدر وجع المفاصل۔ نقرس۔ درد پشت وغیرہ پر مالش کر کے اوپر روئی لپیٹ دیں۔

طلاء استعمال کرنے سے چند روز میں ابھری ہوئی رگیں بالکل درست ہو جاتی ہیں اور فاسد منجمد مادہ تحلیل ہو جاتا ہے۔

سرطان۔ گھمبیر۔ خنازیر۔ بواسیری مسے۔ داد چنبل وغیرہ پر روغن گوگرد میں ملا کر لگانے سے کافی حد تک مفید ثابت ہوا ہے فالج لقوہ وغیرہ پر اس کی مالش خالص یا کسی مناسب روغن میں ملا کر کرنے سے عجیب الاثر ہے۔

دمہ و کھانسی بلغمی کے لئے شہد میں ملا کر یا پان کے پتہ پر لگا کر صبح و شام بعد از ناشتہ دینا نہایت مفید و مجرب ثابت ہو مکھن میں رکھ کر دینا بواسیر کے لئے مفید ہے۔

روغن مسیحا

یہ ایک عجیب قسم کا روغن ہے جو امراض گوش یعنی درد گوش ثقل سماعت۔ شبور گوش غرض یہ

کہ کان کے جملہ امراض کا حکمی علاج ہے چند ہی دفعہ کے استعمال سے امراض گوش کو دور کر دیتا ہے یہ ایک اکسیری تحفہ ہے اپنے ایک کرم فرمانے مجھے خاص طور پر عطا فرمایا جو نذر ناظرین ہے میں نے خود اسے اپنا معمول مطب بنا رکھا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : شراب برانڈی نمبر اول دس تولہ۔ آب لیموں کاغذی۔ آب برگ نیم۔ روغن بابونہ۔ روغن کنجد ہر ایک پانچ تولہ۔ افیون دو ماشہ۔ چربی ریچھ اڑھائی تولہ۔ سہاگہ۔ کوڑی سوختہ ہر ایک چھ ماشہ۔ گل پنواڑ۔ اول نیم اور لیموں کا پانی شراب کے ساتھ ملا لیں۔ پھر گل پنواڑ ڈال کر روغن اور چربی کے ساتھ ملا لیں اور آگ پر خوب پکائیں جب سب کچھ جل کر صرف تیل باقی رہ جائے پھر افیون سہاگہ اور کوڑی سوختہ کا سفوف ملا کر خوب حل کر لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : جب کبھی کان میں کوئی شکایت ہو تو اس روغن کے قطرے لے کر کان میں ٹپکایا کریں۔

فوائد : کان کی ہر قسم کی بیماری کے لئے از حد نافع ہے۔

کشتہ تانبہ فولادی

یہ کشتہ ہزاروں فائدوں سے بھرپور۔ تیاری میں آسان اور بے ضرر ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: خالص تانبے کا برادہ ایک تولہ گائے کے پیشاب میں ایک سو ایک بار بجھا کر پھر اسی کے پیشاب میں کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں پھر اسی طرح جامن کی لکڑی کا ایک ٹکڑا لے کر اس میں وہ ٹکیہ گڑھا کھود کر بند کر کے پانچ سیر جامنوں کے کوئلوں کی آگ دیں۔ اور نکال کر لوہے کے کھرل میں لوہے کے دستہ سے باریک پیس کر وزن کریں اگر وزن ایک تولہ ہو تو ایک تولہ برادہ فولاد اصلی اور ایک تولہ ہڑتال ملا کر آدھ پاؤ گھیکوار کا گودا ڈال کر کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں اور جامن کے کوئلوں میں جامن کی لکڑی میں گڑھا کھود کر ٹکیہ رکھ کر اسی طرح آگ دیں جس طرح اوپر ذکر کیا گیا ہے پھر نکال کر کھرل کر کے وزن کے برابر گودا گھیکوار ڈال کر اور کھرل کر کے ٹکیاں

بنائیں اور اسی طرح گڑھے میں آگ دیں۔ یہ عمل کم از کم گیارہ دفعہ سے زیادہ سے زیادہ جس قدر چاہئیں عمل کریں گیارہ دفعہ قابل استعمال ہو جائے گا اگر زیادہ دفعہ عمل کریں گے تو زیادہ تیز ہوتا جائے گا رنگ سرخی مائل گلابی ہو گا۔

ترکیب استعمال : لقوہ۔ فالج۔ اور رعشہ کے واسطے دو چاول کشتہ چھ ماشہ شہد میں ملا کر چاٹ لیں اوپر سے گرم گرم آدھ سیر دودھ پی لیں۔

سر چکرانا۔ ضعف دماغ۔ اور نسیان کہنہ کے لئے تین تولہ مکھن کے ساتھ دو چاول استعمال کریں نزلہ دائمی دو چاول معجون فلاسفہ چھ ماشہ میں دو چاول ملا کر دودھ گرم کے ساتھ ہر روز استعمال کرنے سے بالکل آرام ہو جائے گا۔ بدن سست۔ موٹا اور بھدا ہو جائے اور ذرا سا کام کرنے سے سانس چڑھ جائے تو دو چاول کشتہ تانبہ دو تولہ شہد میں چاٹ لیں اور اوپر سے ایک پاؤ گاؤ گرم دودھ پی لیا کریں اپنا اثر کر کے ایک ماہ میں بدن سخت اور مضبوط ہو جائے گا اور چستی چالاکی پیدا کر کے بدن مضبوط اور طاقت ور ہو جاتا ہے خرابی خون۔ داد چنبل کی طرح خشکی پیدا ہوتی ہے یہ دوائی دو چاول شہد میں حل کر کے کھلائیں اوپر سے گائے کا دودھ ایک پاؤ جس میں تین ماشہ بادام روغن اور تین ماشہ شہد ملایا گیا ہو پلائیں کمر درد جن کو ہمیشہ درد رہتا ہو یا جریان۔ احتلام۔ سرعت کی شکایت ہو۔ ان کو تین تولہ ملائی کے ساتھ صبح یا شام کھلانے سے ایک ماہ میں بالکل آرام ہو جاتا ہے خوراک دو چاول۔ مالیخولیہ۔ مراقی یا وہم۔ اس حالت میں تین تولہ مکھن کے ہمراہ دو چاول ہر روز صبح کے وقت کھلانے سے آرام ہو جاتا ہے چار بجے کے قریب بکری کے دودھ میں تھوڑا سا شہد ملا کر ضرور پلائیں تاکہ مراق کی جھلی پتلی ہو جائے اور سوداوی مادہ نکل جائے استسقاء پیٹ بڑھے ہوئے جلندھر کے لئے خصیوں کی تھیلیوں میں پانی بھر جانے کے واسطے یا دماغ میں پانی بھر جانے کے واسطے یا پھیپھڑے میں پانی بھر جانے کے واسطے بے حد مفید ہے اس وقت دو چاول کشتہ شہد کے ساتھ صبح کو اور اسی قدر شام کو گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں پیشاب کھل کر آئے گا اور ان بیماریوں کو فوراً فائدہ دے گا دمہ کے واسطے دو چاول کشتہ تانبہ شہد چھ ماشہ میں ملا کر چاٹ لیں اوپر

سے عرق بادیان اعلیٰ قسم کا تین چھٹانک گرم کر کے پی لیا کریں۔ بالکل آرام ہو جائے گا۔ بواسیر خونی و بادی دو چاول کشتہ تانبہ تین تولہ مکھن کے ساتھ کھلانے سے ایک ہفتہ میں مکمل آرام ہو جائے گا۔

روغن مسکن اوجاع

اجزاء و ترکیب ساخت: برگ دھتورہ۔ پانچ تولہ۔ برگ سہانجنہ۔ کنڈیاری۔ زیرہ گل مدار۔ ہر ایک تولہ تولہ۔ ان چاروں کو کوٹ کر ٹکیہ بنا کر روغن کنجد پندرہ تولہ میں جلا لیں صاف کر کے پھر اس میں لہسن تولہ۔ کچلہ کلاں چار عدد۔ زنجبیل۔ دارچینی ہر ایک چھ ماشہ۔ سورنجاں تلخ دو تولہ۔ سورنجاں شیریں دو تولہ۔ فرفیون تین ماشہ۔ جاوتری چھ ماشہ۔ کائپھل تولہ۔ سب کو نیم کوفتہ کر کے روغن مذکور میں جلائیں صاف کرنے کے بعد ٹنکچر آئیوڈین۔ ٹنکچر بیلا ڈونا چھ ماشہ۔ ست پودینہ۔ ست اجوائن۔ کافور۔ افیون ہر ایک ایک ماشہ ملا لیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت قدرے لے کر مقام درد پر مالش کریں۔

فوائد: وجع المفاصل اور بلغمی دردوں کے لئے تحفہ ہے جڑے ہوئے مریضوں کے لئے اکسیر ہے بے خطا اور زود اثر روغن ہے۔ ہر قسم کے دردوں کے لئے تیر بہدف اور معمول مطب ہے جو صاحب ایک دفعہ بنائیں گے وہی اس کی تعریف کریں گے۔

معمولات جمیل

جلد دوم

مرتبہ

زبدۃ الحکماء حکیم محمد عبدالرحیم جمیلؒ افتخار الاطباء

ادارہ طبیب حاذق شاہدولہ روڈ گجرات

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہست کلید در گنج حکیم

ذات باری تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ آج ہم اپنے وعدے کے مطابق اس عدیم النظیر تحفہ کو پیش کرنے کا فخر حاصل کر رہے ہیں مجربات صحیحہ کی قدر و قیمت کے متعلق طبی دنیا کے دل میں جو جگہ ہے اس کے متعلق مزید کسی بیان کی ضرورت نہیں۔ اطباء یونانی کے پاس اس وقت اگر کوئی قابل فخر چیز موجود ہے تو مجربات ہی ہیں جن کے سبب اس وقت اس فن کی دھوم مچی ہوئی ہے اور عسر العلاج امراض کا آن واحد میں علاج کا دعویٰ بھی صرف اس طریق طب کے حاملین کر سرتے ہیں اس سلسلہ میں ادارہ طبیب حاذق کی طرف سے جو خدمت بن آئی وہ آپ کے سامنے ہے مجربات کے عنوان پر آج تک اسقدر بہترین کتاب کا ذخیرہ کسی اور ادارہ کی طرف سے شائع نہیں کیا گیا۔ بلند بانگ و دعووں کے باوجود آج تک اس پایہ کے مجربات جن کو آج تک شائع نہیں کیا گیا تھا صرف ادارہ طبیب حاذق کی طرف سے شائع ہوئے اور اطباء کرام نے ان کی قدر کی براعظم پاک و ہند کے کئی ہزار مطب صرف ادارہ طبیب حاذق کی کتب کی وجہ سے کامیاب ہو رہے ہیں۔

الحمد للہ میں اس بات میں انتہائی مسرت محسوس کرتا ہوں کہ میری محنت کامیاب ہوئی اور میرے نصب العین کو کامیابی ہوئی اور ہو رہی ہے اس کے لئے میں خداوند کریم کا ہزار ہا بار شکر ادا کرتا ہوں کہ اس نے مجھے خدمت طب کی توفیق عطا فرمائی اور اپنے معاونین کا جنھوں نے میری ناچیز آواز پر اپنے سینہ کے راز بلا بخل عطا فرمائے صدق دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں اور توقع کرتا ہوں کہ وہ آئندہ بھی اس طرح میری امداد فرما کر مشکور و مرہون منت فرمائیں گے آج میں اپنے معاونین کی خدمت میں کتاب ہذا کا دوسرا حصہ

پیش کرنے کا فخر حاصل کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ جس فراخ دلی اور بخل شکنی کے نصب العین کو مدنظر رکھتے ہوئے میں اپنے سینے کے راز اور تجارتی نسخہ جات کو طشت از بام کیا ہے وہ بھی ان سے فائدہ حاصل کرنے کے بعد میرے لئے دعائے خیر فرمائیں گے۔

جمیل

❀❀❀

روغن سم الفار

یہ روغن سم الفار ایک سنیاسیانہ راز ہے جو ایک عرصہ کی خدمت کے بعد ہمارے کرم فرما مہوس اور سنیاسی نے عطا فرمایا تھا۔ قوت باہ کے متلاشی اور سنیاسیانہ تحائف کے اثرات دیکھنے والے حضرات ایک دفعہ اسے بنا کر استعمال کریں عجیب چیز ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سم الفار سفید تین تولہ کو شراب برانڈی ایک پاؤ سے کھرل کر کے بطریق معروف اس کے جوہر اڑائیں جوہر اگر ایک تولہ ہوں تو ان کو روغن دھتورہ پانچ تولہ کے ہمراہ شیشی میں ڈال کر شیشی کا منہ بند کریں اور اس کو گرم پانی میں رکھ کر پکائیں۔ چار پہر نیچے نرم آگ جلاتے رہیں اس کے بعد شیشی کو نکال کر روغن باحتیاط دوسری شیشی میں نتھار لیں۔ اگر کچھ جوہر تہ نشین ہو جائیں تو ان پر اور روغن دھتورہ ڈال کر بدستور پکائیں تاکہ تمام جوہر حل ہو جائیں۔

فوائد : یہ روغن اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ ممسک ہے۔

ترکیب استعمال : ایک بوند مسکہ یا بالائی میں رکھ کر کھائیں اوپر سے شیر گاؤ مصری ڈال کر پئیں۔

طلا شاہی

روغن سم الفار مذکور۔ روغن لونگ۔ روغن بیضہ مرغ۔ ہر ایک چھ ماشہ۔ روغن جمالگوٹہ ایک ماشہ ملا کر رکھیں اس سے بہتر طلا ملنا محال ہے ہر قسم کی کجی۔ لاغری۔ سستی۔ کمزوری کو دور کرتا ہے اس کو بنا کر دیکھیں کہ کیسی عجیب الاثر چیز ہے بطریق معروف استعمال کریں۔

نوٹ:۔ روغن سم الفار کو فلٹر کر لیں۔

کشتہ شنگرف

سنیاسی عجائبات میں یہ کشتہ عجیب ہے اس کو جو بھی بنا کر استعمال کرے گا اس کے اثرات کا ہمیشہ کے لئے قائل ہو جائے گا۔

اجزاء و ترکیب ساخت : دودھک زرد شیر والی ڈیڑھ سیر لے کر تین پاؤ کسی مٹی کی ہانڈی میں بطور فرش بچھائیں اس کے اوپر شنگرف ایک تولہ کی سالم ڈلی رکھ دیں۔ پھر اس کے اوپر بوٹی کا لحاف کر دیں اور منہ بند کر کے چولھے پر دھریں نیچے اوسط درجہ کی آگ جلائیں جب رطوبت جذب اور بوٹی سوختہ ہو جائے تب نیچے اتار لیں سرد ہونے پر شنگرف نکال لیں پھر درخت سرس کی کونپلیں ایک سیر کوٹ کر دو قرص بنائیں اور اس قطعہ شنگرف کو اس کے درمیان رکھ کر ان کے لب اچھی طرح بند کریں اور روغن مادہ گاؤ اتنا ہو کہ قرص سے دو انگل اوپر رہے اب ہانڈی چولھے پر چڑھا کر نیچے آگ جلائیں جب تمام بوٹی جل جائے تو سرد ہونے پر شنگرف احتیاط سے نکال کر کھرل کر کے محفوظ شیشی میں رکھیں۔

فوائد : اگر یہ کشتہ بقدر ایک برنج کھایا جائے تو تین سیر کھانا ہضم ہو جاتا ہے قوت بہت پیدا کرتا ہے اگر پاؤ سیر خرما دودھ میں جوش دیں چند جوش آنے پر نکال لیں دودھ پی لیں اور خرما خشک کر لیں ابھی دودھ کی کچھ رطوبت باقی ہو تو کوٹ پیس کر شنگرف ملا کر خوب کھرل کریں کہ یک جان ہو جائیں اور مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنا لیں تین روز تک جو شخص ایک گولی کھائے اسے تمام عمر کے لئے کافی ہے قوت بحال رہتی ہے موسم سرما میں قابل استعمال ہے۔

نوٹ : یہ کشتہ اسرار نامی دوا ہے استعمال کیا جاتا ہے۔

ملح اسراری

طب یونانی کی لاجواب اکسیرات میں اور سنیاسیانہ چٹکلوں میں امتیازی درجہ رکھنے والی

بے نظیر اکسیر ہے کئی امراض پر کام کرنے والا اور لطف یہ کہ لمحوں اور گھنٹوں منٹوں میں
میں اثنا اثر دکھاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : بوٹی لانہ۔ پھکنڈا۔ کٹائی۔ قاضی دستار۔ شاخ مدار۔ تمام ادویہ ہم وزن لے کر خشک کر کے جلائیں خاکستر کو پانی تر کر کے زلال لے کر بدستور نمک بنائیں یہ نمک مندرجہ ذیل امراض کے لئے کارآمد ہے۔

(۱) درد گردہ اور پتھری کے واسطے ایک ماشہ یومیہ ہمراہ شربت بزوری چالیس روز تک کھائیں بغیر دستکاری (اپریشن) کے پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جاتی ہے۔

(۲) کھانسی اور دم کشی (ضیق النفس) کے واسطے ایک ماشہ یومیہ ہمراہ شہد ملا کر بعد از غذا چاٹ لیں۔ اس کے بعد دو گھنٹہ تک پانی نہ پیئں۔

(۳) ذات الریہ اور ذات الجنب کے واسطے نمک بقدر دو رتی شربت اعجاز ملا کر چٹائیں اس سے درد ساکن ہو جاتا ہے اور بلغم بآسانی نکلتا ہے۔

احتباس حیض : نمک کے ہم وزن صبر زرد ملا کر گولیاں بقدر نخود بنائیں اور دو دو گولیاں صبح وشام گرم پانی کے ساتھ کھلائیں۔

عظم طحال : نمک ایک تولہ کو سرکہ ایک پاؤ میں حل کر کے بوتل میں رکھ کر دیں اور دس بوند صبح شام مسکہ میں کھلائیں۔

وجع المفاصل : ایک رتی ہمراہ بالائی صبح وشام دمہ ونقرس کے لئے بھی اسی طرح دیں۔

سنگرهنی : ایک رتی ہمراہ دہی دن میں تین دفعہ دیں۔

درد کمر : صبح وشام ہمراہ منقی دو رتی دیں۔ بخار ہر قسم دو رتی صبح وشام ہمراہ عرق گاؤزبان۔

احتراق خون : دو رتی صرف پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

مس کو کشتہ کے لئے تانبہ کی پیسہ نما ٹکیہ کو سم الفار کا غلاف چڑھا کر پانچ تولہ کے درمیان

رکھ کر دس سیر اوپلوں کی آگ دیں دو تین مرتبہ عمل کرنے سے برنگ سفید کشتہ ہوگا۔
اگر شورہ قلمی نیم پاؤ کو کڑاہی میں آگ پر رکھیں اور یہ نمک پانچ تولہ پانی میں حل کر کے تھوڑا تھوڑا ڈالتے جائیں تو شورہ قائم النار ہو جائے یہ قائم النار شورہ پیس کر بقدر ایک تولہ کے نیچے اور ایک تولہ اوپر درمیان میں ایک تولہ نیچے اوپر بوتہ گلی میں بند کر کے بعد گل حکمت آدھ پاؤ اوپلوں کی آگ (زیرہ شدہ) کے درمیان رکھ کر آگ دیں۔ تو سم الفار باوزن شگفتہ ہوگا جو علاوہ مقوی باہ مصفی خون ہے۔ اس کی ایک خوراک ایک چاول سے جو ہمراہ مکھن کھلائی جاتی ہے اسی طرح ایک لائق اور سمجھ دار طبیب ملح اسراری سے بہت سے کیمیائی الجھنیں حل کر سکتا ہے۔

ثلاثی

اجزاء و ترکیب ساخت : جدوار۔ عنبر اشہب۔ زعفران ہم وزن لے کر عرق گلاب میں سحق بلیغ کر کے نخودی گولیاں تیار کریں۔

فوائد : اعضائے رئیسہ علی الخصوص تقویت دل و دماغ کے لئے امیرانہ تحفہ ہے۔

ترکیب استعمال : دو گولی تک ہمراہ دودھ گرم دیں۔

کشتہ مرجان

یہ کشتہ مرجان بنانے میں آسان ہے کثیر الفوائد قلیل الخوراک اور سریع الاثر ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : شاخ مرجان پانچ تولہ۔ مکھن پانچ چھٹانک۔ کے درمیان ایک کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے پندرہ سیر اوپلہ کی آنچ دیں سفید براق کشتہ برآمد ہوگا۔ پیس کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : ایک تا دو رتی ہمراہ مکھن یا بالائی۔

فوائد : جریان۔ ضعف قلب۔ نسیان کو نافع ہے۔

کشتہ عقیق

اجزاء و ترکیب ساخت : عقیق دوتولہ۔ برگ سرس پندرہ تولہ۔ برگ سرس کا نغدہ فرش ولحاف کر کے کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے پندرہ سیر کی آگ دیں نکال کر مسکہ گاؤ تازہ پندرہ تولہ نیچے اوپر دے کر دوبارہ کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے پندرہ سیر کی آگ دیں۔

فوائد : ضعف قلب۔ضعف دماغ کے لئے نہایت سریع الاثر ہے۔

ترکیب استعمال : ایک تا دورتی ہمراہ مسکہ یا بالائی کھلائیں۔

یہ کشتہ اپنے فوائد کے لحاظ سے لاثانی ہے اور خصوصی طور پر ضعف دل و دماغ میں استعمال کرایا جاتا ہے اعضائے رئیسہ کے لئے بھی مفید ہے۔

کشتہ قلعی

قلعی باریک پترہ شدہ ایک تولہ۔ برگ بھنگ سبز سات تولہ۔ قلعی اینٹ کی لے کر اس کا باریک پترا بنا کر جتنا ناخن تراشا ہوا ہوتا ہے کی طرح قینچی سے چاول کاٹ لیں ایک بڑے گھریلو اپلہ میں سات تولہ بھنگ کا سفوف موٹا موٹا اس طرح بچھائیں کہ اپلہ میں گڑھا کھود کر تھوڑی بھنگ بچھا کر اوپر قلعی کے دانے علیحدہ علیحدہ ذرا فاصلہ پر بچھائیں پھر اوپر بھنگ کی تہ بچھائیں اسی طرح سب قلعی کے ریزے یکے بعد دیگرے بچھا کر ایک اور اوپلہ جس میں گڑھا کھودا گیا ہو اوندھا ماریں اور کنارے تازہ گوبر سے بند کر کے نیچے اوپر چار پانچ سیر اپلے توڑ کر درمیان میں اس کو چھپالیں اور آگ دیں صبح کو نکال کر احتیاط سے نغدہ سے قلعی کے سفید شگفتہ پھول کو علیحدہ رکھیں باریک پیس کر حفاظت سے رکھیں۔

ترکیب استعمال : ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ دیں پرہیز ترشی لال مرچ لازمی ہے۔

فوائد : جریان۔ احتلام۔ کہنہ۔ سرعت انزال کو مفید ہے مقوی باہ بھی ہے۔

کشتہ سہ دہاتہ

جریان کے لئے نہایت مفید ہے مادہ تولید کو بڑھاتا اور غلیظ کرتا ہے قوت مردمی کی حفاظت کرتا ہے اور جگر کو قوت پہنچاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : قلعی دو تولہ۔ جست دو تولہ۔ سکہ دو تولہ۔ ہر سہ مصفی شدہ لے کر لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور نیچے تیز آنچ جلاتے رہیں اور تیس تولہ پوست یعنی خشخاش کا دوذہ لے کر باریک پیس کر رکھیں اور چٹکی دیتے جائیں اور لوہے کی سیخ یا برگد کی شاخ سے ہلاتے رہیں جب پوست خرچ ہو جائے تو اس وقت پھونک مار کر پوست کی راکھ اڑا دیں۔ تیار شدہ کشتہ کو دہی ترش میں کھرل کر کے خشک کر لیں اور ٹکیہ بیس سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ اس طرح چار پانچ آنچ دیں۔

ترکیب استعمال : نصف رتی سے ڈیڑھ رتی تک مسکہ میں کھلائیں دودھ کا زیادہ استعمال رکھیں کیونکہ یہ کشتہ بہت خشک ہوتا ہے غذا بے نمک روٹی ہمراہ گھی زرد۔

فوائد : جریان۔ سرعت۔ ورقت۔ تقویت باہ اور سوزاک کے لئے مفید ہے۔

کشتہ نقرہ

تمام اعضائے رئیسہ کو قوت دیتا ہے حرارت عزیزی کی حفاظت کرتا ہے۔ فعل ہضم کو قوی بناتا ہے مقوی باہ ہے اور مادہ تولید کی خرابیوں کی اصلاح کرتا ہے۔ روح میں لطافت پیدا کرتا ہے اور چند روز میں چہرہ کو بارونق بنا دیتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: ورق نقرہ ایک تولہ یا خالص چاندی کا پترہ بنا کر قینچی سے کترا ہوا۔ سیماب مصفی دو تولہ۔ رس ادرک مقطر بیس تولہ۔ اوپلہ صحرائی چودہ سیر۔ سکورہ گلی نہایت مضبوط چار عدد روئی ملی ہوئی چکنی مٹی۔ آنچوں کی تعداد سات بار۔ نہ گھسنے والے کھرل میں چاندی ورق یا اسی طرح کی کتری ہوئی چاندی کے ریزہ ڈال کر

ادرک کا مقطر رس تھوڑا تھوڑا شامل کر کے کھرل کرتے جائیں جب پانچ تولہ رس جذب ہو جائے ساتھ ہی ایک تولہ سیماب بھی شامل کر لیں تو حسب دستور چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنا کر سایہ میں خشک کریں اور سکورہ گلی میں گل حکمت کر کے محفوظ الھوا جگہ میں دو سیر اوپلہ صحرائی کی آگ دیں اسی طرح ادرک کے رس میں کھرل کر کے باقی ماندہ ایک تولہ سیماب مصفی شامل کر کے ایک اور آگ دیں۔ تیسری دفعہ سیماب شامل نہیں کیا جائے گا اور رس ادرک صرف دو تولہ کھرل کرنا ہو گا اس طریقہ سے پانچ آنچیں دیں کل آنچیں دو آنچیں سیماب شامل کر کے اور باقی پانچ سیماب کی شمولیت کے بغیر بس نہایت ہی لطیف کشتہ چاندی تیار ہو جائے گا جس کے افعال و خواص کا بہترین مصدق تجربہ ہے۔

نوٹ : تین آنچیں دینے کے بعد پہلے سکورے بدل کر نئے سکوروں میں گل حکمت کریں۔

ترکیب استعمال : خوراک دو چاول سے چار چاول تک ہے مکھن یا بلائی یا کسی اور مناسب بدرقہ سے استعمال کرایا جاتا ہے۔

فوائد : چاندی کا یہ نہایت لطیف اور زود ہضم کشتہ ہے جو بہت جلد جسم انسانی کے رگ و ریشہ میں گھس کر اپنا اثر نمایاں کرنا شروع کر دیتا ہے اعضائے رئیسہ کو تقویت دینے میں نہایت بیعدیل ہے۔ دل و دماغ اور معدہ جگر کی تمام کمزوریاں اس کے کچھ عرصہ کے استعمال سے شرطیہ طور پر دور ہو جاتی ہیں جریان کے بعد کی کمزوری کو دور کر کے اور بخار کے پیدا کردہ ضعف کو دور کرنے کے لئے اس کا استعمال نہایت اطمینان بخش فوائد کا حامل ہے کثرت مباشرت سے پیدا کردہ ضعف کو دور کر کے گئی ہوئی طاقت کا بدل پیدا کرتا ہے۔ مادہ منویہ کی تولید میں اضافہ کرتا ہے اور رقیق مادہ میں غلظت پیدا کرنے کا باعث ہے۔

کشتہ طلاء

اعضائے رئیسہ کو قوت دیتا ہے ارواح و حرارت عزیزی کی حفاظت کرتا ہے

جسمانی طاقتوں کو قائم رکھتا ہے اور باہ کو برانگیختہ کرتا ہے اعلیٰ درجہ کا مقوی اور ہاضم ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سونے کے ورق دو تولہ۔ سیماب مصفی اعلیٰ دو تولہ۔ مروارید ناسفتہ ایک تولہ۔ شنگرف رومی چھ ماشہ۔ عرق لیموں کاغذی مقطر کوزہ گلی نہایت مضبوط معہ سرپوش ایک عدد۔ اوپلہ صحرائی دو من۔ اس دوا کی تیاری کے لئے انگریزی ڈسپنسری کا نہ گھسنے والا کھرل لے کر پارہ مصفی ڈال دیں اور ایک ایک سونا کا ورق ڈال کر کھرل کرتے جائیں جب سب ورق پارہ میں جذب ہو جائیں تو مروارید اصلی اور شنگرف ڈال کر کھرل کریں جب یک جان ہو جائیں تو عرق لیموں کاغذی مقطر ذرا ذرا سا ڈال کر کھرل کرتے جائیں روزانہ آٹھ گھنٹہ کے حساب سے پورے آٹھ روز تک پسائی کریں شام کو جب کھرل کر کے چھوڑیں تو اس میں اس قدر عرق لیموں ڈال دیں جس سے دوا تمام رات تر رہے لیموں کا عرق رات بھر اپنا اثر کرتا رہتا ہے اس طرح سے دوا کی لطافت میں اضافہ ہوتا رہتا ہے آٹھ دن کی پسائی کے بعد دوا کی چھوٹی چھوٹی اور پتلی پتلی ٹکیہ بنا کر خشک کر لیں اور کوزہ گلی میں بند کر کے نہایت احتیاط سے گل حکمت کر کے کسی محفوظ جگہ پر دو من کی آگ دیں۔ صبح تک آگ سرد ہو جائے گی نکال لیں جو کچھ کوزہ میں موجود ہو پیس کر محفوظ رکھیں یہی کشتہ طلا اکسیر بے نظیر ہے۔

فوائد : دل و دماغ کو تقویت دینے کے لئے اس قدر بے نظیر ہے کہ اس کی پہلی ہی خوراک کا اثر دل و دماغ تک پہنچ جاتا ہے۔ ضعف قلب و ضعف دماغ کی وجہ سے پیدا ہونے والے ضعف باہ کے لئے یہ کشتہ ایک لاجواب شے ہے۔

ترکیب استعمال : مقدار خوراک دو چاول ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

(۱) پرانے بخاروں میں لونگ۔ مگھاں۔ فلفل سیاہ اور شہد کے ہمراہ (۲) سنگرہنی میں زیرہ کے ساتھ دیں۔ (۳) جوش خون وصفرا اور تسکین کے لئے رسونت کے ہمراہ (۴) فساد بلغم میں شہد کے ہمراہ استعمال کرائیں (۵) جریان و احتلام و سرعت و رقت میں بھی اس کے فوائد اکسیر سے کم نہیں طویل علالت کے بعد کے ضعف و نقاہت کو دور کرنے کے لئے اسے نہایت کامیابی کے ساتھ استعمال کیا جا سکتا ہے حرارت عزیزی میں نفوذ ہو

کر چند منٹ میں قوت رفتہ لوٹ آتی ہے پرانے بخاروں اور سل و دق میں بھی یہ کشتہ بے حد نفع بخش ہے۔

کشتہ فولاد

معدہ و جگر کے لئے بہت مفید ہے بلغم تحلیل کرتا ہے ضعف معدہ کو زائل کر کے چہرے پر رونق لاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ہیرا کسیس آدھ پاؤ۔ آب لیموں ایک پاؤ۔ باہم ملا کر ٹکیہ بنا کر گل حکمت کریں۔ خشک ہو جانے پر چھ سات سیر آپلوں کی آنچ دیں کشتہ تیار ہے۔

ترکیب استعمال : نصف رتی سے دو رتی تک۔

فوائد : امراض جگر و طحال کو دور کرتا ہے اور خون صالح پیدا کرتا ہے۔ مولد و مغلظ منی ہے۔ جریان۔ احتلام اور سرعت کو دور کرتا ہے۔ حیض کی خرابی اور سیلان الرحم میں بہت مفید ہے۔

غواص بنانا

شنگرف قائم النار دو تولہ۔ رس کپور ایک تولہ۔ بھلاوہ آدھ سیر۔ ہینگ ایک پاؤ۔ لہسن آدھ سیر سب کو کوٹ کر ان کا تیل بذریعہ پتال جنتر نکالیں اور اس میں شنگرف کو کھرل کریں اور تشویہ دیں۔ چند عرصہ کے عمل سے شنگرف مذکور غواص ہو جائے گا۔ ایک تولہ چاندی پر ایک رتی طرح کریں۔ چاندی رنگین ہو کر مقبول بازار ہو گی۔

کشتہ طلاء مرواریدی

اس کے استعمال سے اعضائے رئیسہ کی تمام کمزوریاں اور ناتوانیاں دور ہو کر صحت و شباب میں ایک نیا رنگ پیدا ہو جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: سونے کے ورق ایک تولہ۔ مروارید ناسفتہ آبدار ایک تولہ۔ آب لیموں مقطر آٹھ تولہ۔ آب تلسی سیاہ مروق آٹھ تولہ۔ آب لجالو مردق آٹھ تولہ۔ آب چولائی خاردار مروق آٹھ تولہ۔ عرق کیوڑہ سہ آتشہ دو بوتل۔ اپلہ صحرائی پانچ سیر۔

کسی پختہ کھرل میں پہلے مروارید کو خوب باریک پیسیں پھر اس میں ایک ایک دو دو کر کے ورق طلاء بھی شامل کرتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں جب ورق ختم ہو جائیں تو ذرا ذرا سا آب لیموں مقطر ڈال کر کھرل کریں جب عرق لیموں ختم ہو جائے تو آب تلسی سیاہ سے کھرل کریں۔ جب یہ پانی ختم ہو جائے تو لاجونتی کے پانی سے پھر چولائی خاردار کے آب مروق سے اس کے بعد شام پانچ سیر اوپلہ صحرائی کی آگ دیں۔ صبح آگ سرد ہونے پر نہایت احتیاط سے گل حکمت کھول کر احتیاط سے کشتہ نکالیں اب اسے کسی صاف اور پختہ کھرل میں ڈال کر عرق کیوڑہ سہ آتشہ کی مدد سے ایک ہفتہ خوب اچھی طرح کھرل کریں بس نہایت لاجواب کشتہ ہے۔

ترکیب استعمال: دو چاول سے لے کر چار چاول تک کی مقدار میں یہ لطیف لاجواب کشتہ مکھن دو تولہ۔ بالائی دو تولہ۔ لبوب کبیر سات ماشہ۔ دوالمسک معتدل جواہر والی پانچ ماشہ۔ خمیرہ گاؤ زبان پانچ ماشہ جواہر والا وغیرہ میں سے کسی ایک چیز میں رکھ کر کھلایا جاتا ہے۔

فوائد: ضعف دل۔ ضعف دماغ۔ ضعف معدہ۔ ضعف جگر وغیرہ شکایات کے ازالہ کے لئے ایک لاجواب شے ہے۔ اعضائے رئیسہ و شریفہ کی وجہ سے صحت و شباب اور ان کی قوتوں میں فرق آ گیا تو اس کشتہ کا استعمال بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ مباشرت کثرت محنت۔ دماغی۔ طویل علالت وغیرہ سے پیدا ہونے والی کمزوریوں اور ناتوانیوں کو دور کر کے از سر نو صحت و شباب آ جاتا ہے اس کے استعمال سے پرانے بخاروں سل و دق و پرانی کھانسی وغیرہ کو نفع ہوتا ہے۔ جریان و احتلام و رقت و سرعت میں اس کے استعمال سے تسلی بخش نتائج حاصل ہوتے ہیں نہایت لاثانی اور لاجواب کشتہ ہے کافی

لطافت کی وجہ سے بہت جلد اثر دکھاتا ہے۔

عمل اکسیر شنگرفی

شنگرف ڈلی دو تولہ پر افیون ایک تولہ لیپ کریں۔ شہد ایک سیر۔ لہسن مقشر آدھ سیر۔ کڑاہی میں ڈال کر اس پر شنگرف افیون والا رکھ دیں۔ اس پر باقی لہسن رکھ کر اس پر شہد ڈال دیں۔ چولھے کے نیچے آنچ جلائیں کہ شہد میں آگ لگ جائے سرد ہونے پر شنگرف قائم النار ملے گا۔

نمک مروارید

مرجان مروارید اور دیگر جواہرات سے جو نمک بنائے جاتے ہیں وہ اپنی سرعت تاثیر میں ان اشیاء کے کشتہ جات کی نسبت زیادہ فائق ہیں۔ کیونکہ کہ نمک بننے کی صورت میں یہ بہت جلد تحلیل ہو کر خون میں مل جاتے ہیں اور اپنا خاص فائدہ بہت جلد ظاہر کرتے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سچے موتیوں کو پیس کر چینی کے پیالہ یا آتشی شیشی میں ڈالیں اس پر سرکہ مقطر اس قدر داخل کریں کہ مروارید کے سے چار انگل اوپر رہے اس کو گرم خاکستر پر رکھ دیں۔ مروارید حل ہو جائیں گے۔ اگر کچھ تہ نشین باقی رہے تو اوپر کا صاف محلول جدا کر کے اسی قدر اور سرکہ ڈال دیں۔ تا کہ تمام حل ہو جائیں۔ پھر دونوں محلول جدا کر کے بطور قرع انبیق مقطر کریں۔ قرع میں جو کچھ باقی رہے اسے چند بار صاف پانی میں حل کر کے آگ پر منعقد کر لیں تیار ہے۔

فوائد : تقویت قلب کے لئے نہایت اعلیٰ دوا ہے تمام امراض دماغیہ عصبیہ۔ نسیان۔ جنون۔ صرع۔ مقوہ۔ فالج۔ تشنج۔ خفقان۔ غشی۔ وجع المفاصل دق استسقاء۔ اسقاط جنین آتشک سنگ گردہ مثانہ ... کے لئے مجرب ہے محافظ جوانی۔ مقوی باہ مولد منی اور مولد شیر ہے۔

ترکیب استعمال : خوراک دورتی ہمراہ عرق گاؤزبان دیں۔

کشتہ طلاء

دل کی تفریح اور دماغ کی قوت کے لئے یہ کشتہ ایک عجیب چیز ہے کثرت کار سے اگر تمام جسمانی قوتیں رو بہ انحطاط ہوں تو بھی اس کشتہ کا استعمال اپنا اثر دکھائے بغیر نہیں رہتا اس کے استعمال سے جوانی کی بے اعتدالیوں سے پیدا ہونے والی اکثر کمزوریاں چند ہی روز میں دور ہو جاتی ہیں۔ اس کشتہ میں ایک خاص خوبی یہ بھی ہے کہ اس کے استعمال سے نزلہ وزکام دائمی کا قلع قمع ہو جاتا ہے اور دماغ کو اس قدر قوت پہنچتی ہے کہ دو تین ماہ کے استعمال سے قبل از وقت سفید بال بھی سیاہ ہونے شروع ہو جاتے ہیں غرض یہ کہ یہ ایک لاثانی شے ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : برادہ طلاء خالص ایک تولہ۔ آب بیخ گل عباسی۔ بقدر حاجت میں ایک روز حل کریں بعد ازاں آب گل سرخ بہاری بقدر حاجت میں ایک روز بعد ازاں آب پوست بیخ کچنال بعد آزاں ایک روز آب پوست بیخ نیم بعد ازاں ایک روز آب برگ تلسی سبز میں ترتیب وار کھرل کر کے قرص بنائیں دو سکورہ گلی میں سمپٹ کر کے ایک من پا چکدشتی کے گھڑھے میں آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔ گو متذکرہ بالا طریقہ ہے اگر دس آنچیں دی جائیں تو سچ مچ اکسیر بن جاتی ہے۔

ترکیب استعمال : ایک برنج مکھن میں یا بالائی میں استعمال فرمائیں۔

فوائد : تمام جسمانی امراض کے لئے بے نظیر تحفہ ہے۔

کشتہ نقرہ

دل و دماغ کو تفریح و تقویت دیتا ہے حرارت عزیزی کو برانگیختہ کرتا ہے کمزور جسم کو طاقت و توانائی سے سرفراز کرتا ہے اپنی جوانی اپنے ہاتھوں برباد کرنے والوں کے لئے اچھی

مفید چیز ہے کثرت مطالعہ یا کثرت مباشرت کی وجہ سے ضعف دماغ ضعف جسم اور ضعف باہ پیدا ہو گیا تو اس کا استعمال اچھے مفید نتائج پیدا کرتا ہے جریان و احتلام اور سرعت کی شکایت کے لئے بھی مستعمل ہے بے رونق چہرہ کو بارونق اور شاداب بناتا ہے اسے تیار کر کے فائدہ اٹھائیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ورق نقرہ ایک تولہ ایک روز آب تھوہر میں بقدر حاجت ایک روز عرق گلاب میں بقدر حاجت ایک روز آب دودھ دودھی میں ترتیب وار حل کر کے قرص بنالیں دو اپلے ہر ایک ڈیڑھ ڈیڑھ سیر کا بنا کر خشک کر کے اس کے درمیان میں گڑھا کر کے وہ قرص اس گڑھے میں رکھ کر اس کے گرد سات سیر اوپلے خانگی چن کر آگ دے دیں۔ اور کھرل میں رکھ کر اس کے درمیان میں گڑھا کر کے وہ قرص اس گڑھے میں رکھ کر اس کے اردگرد سات سیر اوپلے خانگی چن کر آگ دے دیں۔ اور کھرل میں پیس کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : ایک چاول سے ایک سرخ تک۔

)1(ضعف قلب و دھڑکن میں مفرح بارد شیخ الرئیس والا یا خمیرہ ابریشم حکیم ارشد کے ہمراہ)2(ضعف جگر دبیدالورد کے ہمراہ)3(ضعف معدہ و امعاء جوارش مصطگی جوارش بسباسہ معجون سنگدانہ مرغ کے ہمراہ)4(ضعف دماغ کے لئے حریرہ بادام کے ہمراہ)5(جریان کی صورت میں سبوس اسپغول تین ماشہ۔ دانہ ہیل خورد ایک ماشہ ست سلاجیت ایک ماشہ۔ مروارید ایک سرخ۔ یا بجائے مروارید کے کشتہ صدف مرواریدی ایک سرخ۔ ثعلب مصری ایک ماشہ۔ جملہ ادویات کا سفوف بنا کر کشتہ نقرہ اضافہ کر کے شیر گاؤ تازہ بقدر حاجت موسم گرما میں شیر گاؤ نیم گرم کر کے ہمراہ استعمال کریں۔

حب صحت افزا

موسمی تپ لازمی ہو۔ یا دورے سے تجاری ہو یا چوتھیہ غرض یہ کہ ہر قسم کے بخاروں کے لئے مستعمل و معمول ہے کونین مؤثر سے زیادہ مفید ہے۔ جہاں کونین ثابت نہ ہوئی

دہاں اس سے بے حد فوائد حاصل ہوئے نئے اور پرانے بخاروں میں نافع ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : تخم دھتورہ سیاہ ایک تولہ۔ اقاقیا ایک تولہ۔ افیون خالص ایک تولہ۔ فلفل ایک تولہ۔ باریک کر کے گولیاں نخودی بنائیں۔

فوائد : ہر قسم کے بخار خصوصاً ملیریا کے لئے نہایت مفید ہے۔

ترکیب استعمال : دو گولی صبح شام یا دو گھنٹہ دورہ سے پیشتر ہمراہ آب دیں۔

کشتہ قلمی شورہ

دق وسل کی کھانسی کے لئے نافع ہے ایک نادر نسخہ ہے جس کی مثال ملنی محال ہے یہ اپنا آپ ہی جواب ہے اپنے فوائد خود بیان کرے گا بنا کر استعمال فرمائیں اور داد دیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : قلمی شورہ ایک چھٹانک لے کر برگ انار دس تولہ کا نغدہ بنائیں اور اس میں قلمی شورہ رکھ کر دس سیر اپلوں کی آگ دیں اور سرد ہونے پر نکال لیں موتیوں کی طرح نکلے گا۔

ترکیب استعمال : ایک رتی کشتہ شربت اعجاز میں ملا کر پلائیں۔

کشتہ سنکھ

جملہ بلغمی بخاروں کا تریاق اور بخار کے بعد کی کمزوری اور عورتوں کی امراض مخصوصہ یعنی ایام ماہواری کی خرابیوں کو دور کرتا ہے غرض یہ کہ ایک واحد توصیف کا مالک ہے۔ اس پر طرہ یہ کہ ترکیب تیاری نہایت آسان کھانسی اور دمہ کے لئے بھی نافع ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سنکھ کی ایک ڈلی لے کر اس پر شیر مدار کا جویا ایک ہفتہ دیں بعد ایک من اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ برنگ سفید برآمد ہوگا۔

ترکیب استعمال : ایک سے دو رتی تک ہمراہ پانی کے۔

کشتہ طوطیا

آتشک کا نام ہی لرزہ براندام کر دینے کے لئے کافی ہے۔ اس نامراد خبیثہ مرض کی دوا کو

Hakeem Shoukat Ali

اگر ہم آب حیات کہیں تو بے جانہ ہوگا یہ کشتہ اس مرض کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے بنا
کر فائدہ اٹھائیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مغز فلوس خیار شنبر پاؤ بھر پختہ۔ طوطیا سبز ایک تولہ۔
کی ڈلی کو اس میں سفوف کر کے ایک سبو چہ گلی میں گل حکمت کر کے دس سیر پاچکدشتی کی
آگ دیں۔ کشتہ برنگ سفید برآمد ہوگا باوزن ہوگا۔

ترکیب استعمال : پہلے کچھ مرغن چیز کھلائیں بعد ازاں ایک چاول ہمراہ مکھن یا
بالائی یا حلوہ استعمال کریں۔

فوائد : مرض آتشک کا ستیاناس کرتا ہے چند ہی روز میں اس نامراد مرض کو جڑ سے
اکھاڑ دیتا ہے۔

مغلظ

(عطیہ جناب حکیم بالمکند صاحب)

اس نادر اور نایاب دوا کی چند خوراکوں سے پانی کی طرح پتلا اور رقیق مادہ برف کی مانند
جم جاتا ہے یہ دوائی جریان منی۔ رقت۔ سرعت اور احتلام وغیرہ جریان منی کی تمام
اقسام کے لئے موجودہ زمانہ کی تمام دیسی اور انگریزی ادویات سے بہتر اور مفید ہے۔
اعضائے رئیسہ دل و دماغ وغیرہ کی کمزوری بھی جلد رفع ہو جاتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مغز تخم املی دس تولہ۔ شکر دس تولہ۔ ثعلب مصری
موصلی سفید۔ سبوس اسپغول۔ تالمکھانہ بنگالی (تخم لاجونتی) ہر ایک دو دو تولہ تمام ادویہ
باریک کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: جریان والے کو ایک گولی موچرس کے پانی کے ہمراہ صبح شام
دیں۔

نوٹ : موچرس صبح کی بھگوئی ہوئی شام کو شام کی بھگوئی ہوئی صبح کو کام دے گی۔ تخم املی
کو پانی میں بھگو دیں دس بارہ روز کے بعد پھول جائیں گے اور ہاتھوں سے مسلنے سے

خود بخود مغز نکل آئیں گے۔

فوائد : اس دوا سے پرانے سے پرانے جریان کو ہفتہ تک بالکل آرام آجاتا ہے طرفہ یہ کہ سیلان الرحم وغیرہ کے لئے بھی از حد مفید ہے۔

امید گاہ یعنی اولاد نرینہ

(عطیہ جناب حکیم خورشید عالم صاحب شیخوپورہ)

مایوس الاولاد مریضوں کی آخری امید گاہ۔ دولت کوئی دینا میں پسر سے نہیں بہتر اس بات کا ہر انسان خواہش مند ہے کہ اس کا وارث کوئی اولاد نرینہ ہو۔ اس کے خاندان کا چراغ بدستور جلتا رہے۔ لیکن جسے دے مولا ہزار ہا گھر اس نعمت سے محروم ہیں اور اس زندگی اس دولت اس تندرستی کو جو بغیر اولاد کے گزر رہی ہو۔ سے ناخوش ہیں۔ سلطنتوں سے بیزار ہیں۔ فقیروں کو خیرات بانٹ رہے ہیں حکیموں اور ویدوں کے گھر سونے سے بھر رہے ہیں۔ پیروں اور مرشدوں سے تعویذ لئے جا رہے ہیں غرض یہ کہ سب کچھ کرتے ہیں۔ کیونکہ یہ ایک چیز سے جس کا ہر فرد خواہش مند ہے۔ اس کے لئے ہم آپ کو ایک تحفہ نایاب پیش کرتے ہیں۔ جو اس سے پیشتر ہزار ہا دفعہ ہمارے تجربہ میں آچکا ہے استعمال کر کے دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : تاج خروس سفید نوجوان تین ماشہ۔ پر طاؤس سنہری حصہ ایک ماشہ۔ ناڑو چہ نر بچہ بز تین عدد۔ قند سیاہ حسب ضرورت۔ پر طاؤس کو مقراض سے کتر کر اور ناڑو بز بچہ خشک کو نیم بریاں کر کے اور تاج خروس وغیرہ ملا کر سفوف تیار کریں اور قند سیاہ ملا کر تین عدد گولی بنالیں اور ورق نقرہ اوپر لپیٹ کر رکھیں بس معجزہ تیار ہے۔

ترکیب استعمال : حمل کے تین ماہ بعد یہ حبوب ایک عدد ہمراہ شیر گاؤ بچھڑے والی کا ہو۔ اور تمام دن دودھ ہی استعمال کریں باقی روٹی وغیرہ سے تمام دن پرہیز کریں

Hakeem Shoukat Ali

متواتر تین دن یہ حبوب استعمال کریں۔ انشاء اللہ لڑکا ہی ہو گا۔

نوٹ : صاحب نسخہ فرماتے ہیں کہ ہمارا معمول مطب ہے اور سینکڑوں جگہ آزمائش کی جا چکی ہے سینکڑوں لاوارث خاندانوں کا چراغ روشن ہو چکا ہے۔

طلسماتی

(عطیہ جناب حکیم محمد یعقوب امام بخش قرشی سندھ)

جبکہ قبیحہ عادات یا کثرت جماع کی وجہ سے گردے کمزور ہو چکے ہوں کبھی کبھی گردوں میں درد محسوس ہوا کرے اور بلا جوش اور خواہش جاتی رہے تو ایسی حالت میں یہ دوا اکسیر کا کام دیتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : زرنباد دو تولہ۔ درونج عقربی دو تولہ۔ ہلیلہ سیاہ تین تولہ۔ پوست ہلیلہ تین تولہ۔ شیطرج تین تولہ۔ عقرقرحا اڑھائی تولہ۔ نوشادر دو تولہ۔ فلفل سیاہ تین تولہ۔ تخم گندنا دو تولہ۔ گوگل سفید تین تولہ۔ تمام ادویات باریک کپڑ چھان کر کے تازہ مولی کے عرق میں کھرل کر کے نخودی حبوب تیار کریں۔

ترکیب استعمال : تین گولیاں ہمراہ عرق سونف صبح و شام۔

کشتہ چاندی

مقوی اعضاء رئیسہ و شریفہ ہے۔ رنگ زرد کو سرخ اور بدن کو فربہ کرنے میں اپنا آپ ہی نظیر ہے طاقت باہیہ کو غضب کی قوت بخشتا ہے سرعت۔ رقت۔ جریان۔ احتلام کو مفید ہے امساک قدرتی کا ضامن ہے غرض تمام اعضائے رئیسہ کے لئے ایک نادر شے ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : چاندی کا ایک روپیہ جو ملکہ وکٹوریہ کا یا ایڈورڈ کا ہو لے کر اسے خوب سرخ کر کے سجی کے پانی میں اکیس بجاؤ دیں۔ بعد ازاں قاضی دستار

کے دودھ میں اکیس بجھاؤ دیں۔ پھر پاؤ بھر نغدہ میں رکھ کر اوپر پاؤ بھر کپڑا لپیٹ دیں۔ پھر بیس سیر پاچکدشتی کے درمیان محفوظ الہوا آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں روپیہ براق شگفتہ نکلے گا۔

ترکیب استعمال : ایک چاول سے ایک سرخ ہمراہ مکھن یا بالائی استعمال کرائیں۔ غذا مرغن کھائیں۔

فوائد : مقوی۔ مولد منی۔ مغلظ۔ محمر لون۔ سرعت کے لئے مفید ہے۔

روح افزا

دل اور دماغ اور جگر کو نہایت قوت بخشتا ہے معدہ کی ہر قسم کی خرابی کی اصلاح کرتا ہے اور ہاضمہ کو بے حد قوی کرتا ہے اور اعلیٰ درجہ کا مشتہی ہے۔ غذا کو جزو بدن بناتا ہے خون صالح کثرت سے پیدا کر کے چہرے کو خوش رنگ بناتا ہے سستی و کاہلی کو دور کر کے طبیعت میں بشاشت اور شگفتگی اور جسم میں چستی و تازگی پیدا کرتا ہے ہر قسم کے ضعف کو خواہ کسی وجہ سے ہو دفع کرتا ہے اور گئی ہوئی قوت کو واپس لاتا ہے محرک باہ ہے سال ہا سال تجربہ کیا ہمیشہ ہی تیر بہدف ثابت ہوا۔

اجزاء و ترکیب ساخت : برادہ فولاد چار تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد چار تولہ۔ آملہ چار تولہ۔ پوست بلیلہ چار تولہ۔ زرشک ترش آٹھ تولہ۔ سعد کوفی۔ ناگیسر۔ دار چینی۔ کاسنی چار۔ زنجبیل۔ الائچی خورد چار تولہ۔ آب انار ایک پاؤ۔ پانی پانچ سیر۔ بدستور معروف عرق کشید کریں۔

ترکیب استعمال : چار تولہ عرق میں نو ماشہ مصری ملا کر صبح یا سہ پہر کے وقت استعمال کریں۔

پرہیز : ترش ثقیل اشیاء سے لازمی ہے۔

فوائد : نہایت مقوی اعصاب و مقوی معدہ۔ ہاضم عمدہ خون پیدا کر کے چہرے کی رنگت کو نکھارتا ہے۔ بواسیر خونی و بادی کے لئے خاص طور پر مفید ہے معدہ و جگر کی ہر قسم

کی خرابی کی اصلاح کرتا ہے۔

قطرہ شفا

جس کے مطلب میں رکھنے کے بعد مطب بہت سی دواؤں سے بے نیاز ہو جائے گا۔

اجزاء و ترکیب ساخت: جست مصفی آدھ پاؤ۔ نوشادر ٹھیکری ایک سیر جست کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب پگھل جائے نوشادر مسحوقہ تھوڑا تھوڑا ڈالتے جائیں اور سیخ آہنی سے ہلاتے جائیں یہاں تک کہ تمام نوشادر ختم ہو جائے بعدہ اتار شبنم میں رکھ دیں۔ موسم برسات اس کی تیار کے لئے نہایت موزوں ہے ہوا کی رطوبت سے خود بخود روغن تیار ہو گا۔ اگر اسے پانی میں حل کر کے مقطر لے کر خشک کریں اور پھر شبنم میں رکھیں تو اور بھی بہتر ہے۔

فوائد: یہ روغن اکثر امراض جلد مین خصوصاً داد چنبل اور لاہوری سور کے لئے نہایت موزوں اور مفید ہے)2(بواسیری مسوں کو نیست و نابود کرنے میں طلسمی اثر رکھتا ہے۔ اس کے لگانے سے گو ذرا تکلیف ہوتی ہے مگر مرض کو بیخ و بن سے اکھاڑ دیتا ہے)3(امراض چشم کے لئے ذیل کے لوشن سے کافی فائدہ حاصل کر سکتے ہیں عرق گلاب پانچ تولہ میں چھ ماشہ۔ روغن مذکور ڈال کر ایک دو قطرہ ہر دو آنکھوں میں ڈالا کریں۔ دھند۔ جالا۔ پھولا وغیرہ کو دور کر کے بصارت کو تیز کرتا ہے۔ اور جلد ان امراض کا ازالہ ہو جاتا ہے اکثر اندرونی امراض کے لئے بھی مفید ہے۔ ضعف ہاضمہ۔ بدہضمی عظم طحال و جگر اور سوزاک کے لئے اس قدر مفید اور نافع ہے۔ دوا کھلاتے ہی فورا افاقہ ہوتا معلوم ہوتا ہے ملیریا کے لئے مفید نا سینہ کو بلغم سے نکلاتا ہے۔

مھوسین: حضرات اس کے ذریعہ اپنی بہت سی مشکلات حل کر سکتے ہیں۔(قلمی شورہ حسب ضرورت لے کر اسی روغن میں ایک یوم کھرل کریں۔ رات کو کوزہ میں بند کر کے نرم بھوبھل میں تشویہ دیں۔ اور یہاں تک عمل کریں کہ شورہ قائم النار غواص ہو

جائے۔ اگر محنت سے کام کیا تو بہت جلد اس میں یہ صفات پیدا ہو جائیں گی ہر سنڈھ چیز کو کھولنے کے لئے آڑے وقت کام آجائے گا اور خام اشیاء کو کھرل کر کے جو ہر اڑانے سے بہت جلد قائم النار اکسیری ہے۔ عقلمند اس سے بہت فائدہ اٹھا کر اکسیری اعمال پر قابو حاصل کر سکتے ہیں۔

شربت گلو

گلو ایک تولہ۔ شاہترہ ایک تولہ۔ نیلوفر۔ تخم خیارین۔ تخم خطمی۔ تخم کاسنی۔ برادہ صندل۔ بہیدانہ ہر ایک ایک تولہ۔ لسوڑیاں دو تولہ۔ ملٹھی تین تولہ۔ مصری تین پاؤ اور حسب دستور شربت بنائیں خوراک دو تولہ صبح و شام دوپہر۔

فوائد: کہنہ بخار۔ کھانسی۔ دق سل کے لئے مفید ہے۔

طاقتین

تقویت باہ مایوسین اور کمزوری سستی نامردی کے لئے فوائد میں عجیب وغریب اور واقعی زود اثر ہے صاحب تجربہ اس کے فوائد کے خود قائل ہو جاتے ہیں۔ علاوہ ازیں ہضم کے لئے بمنزلہ اکسیر ہے اگر اس کی ایک ایک رتی کی خوراک مسکہ یا پتاشہ میں رکھ کر دس پندرہ روز استعمال کی جائے تو عمر بھر دوائی مشتہی کے کھانے کی حاجت نہیں رہتی۔ اشتہاء اس قدر تیز ہوتی ہے کہ ایک ایک وقت میں ایک دو سیر خوراک ہضم کر لینا معمولی بات ہے مگر چاہئے کہ بھوک رکھ کے کھائیں تا عمر ہاضمہ درست رہے گا۔

اجزاء و ترکیب ساخت: برادہ فولاد جوہر دار۔ ہڑتال طبقی۔ شنگرف رومی۔ زرنیخ سفید۔ پارہ ہر ایک پندرہ ماشہ تمام اجزاء کو سالم ہی ایک کپڑے کی پوٹلی میں ڈال کر ایک برتن گلی مستعملہ میں ڈال کر اوپر شیر آک رس گھیکوار شراب برانڈی۔ جغرات دہی۔ آب پیاز۔ ہر ایک پاؤ پختہ ڈالیں اور برتن کا منہ اچھی طرح بند کر کے نمناک زمین میں دفن کر دیں اور چالیس روز کے بعد نکالیں اور دیکھیں اگر پارہ اسی طرح سیال

حالت میں ہی ہو اور سب اجزاء کے ساتھ نہ ملا ہو تو اسے دور کر دیں اور اگر وہ غلیظ اور بستہ ہو گیا ہو تو ادویات میں کھرل کر ڈالیں اور ایک پاؤ پختہ سرکہ انگوری میں تمام ادویات کو اس حد تک کھرل کریں کہ سرکہ جذب ہو جائے اس کے بعد ان ادویات کی ایک ٹکیہ سی بنالیں ذرا خشک ہونے پر اس آرد گندم کا خمیر ملفوف کریں یعنی ٹکیہ اندر ہو اور اوپر اردگرد اوپر نیچے خمیر لگائیں بقدر ایک انگل تک بعدہ اسے روغن مادہ گاؤ میں ڈال کر نرم نرم آگ پر اس حد تک بریان کریں کہ اوپر والا خمیر کا آٹا سرخ ہو جائے اب اسے نکال کر خمیر کو دور کریں اور نئے آرد گندم کا خمیر اسی طرح بقدر ایک انگلی اوپر لگا کر پھر بدستور سابق روغن گاؤ میں بریاں کریں اسی طرح کرتے رہیں کہ اکتالیس بار بریاں ہو جائے پھر اسے ایک شیشیہ میں ڈال کر منہ مضبوط بند کر کے نمناک زمین میں چالیس دن تک دفن کریں اکتالیسویں دن نکال کر محفوظ رکھیں دوائی تیار ہے۔

ترکیب استعمال : اس کی خوراک نصف رتی سے ایک رتی تک ہے مسکہ یا پتاشہ میں رکھ کر استعمال کیا کریں دودھ گھی کے استعمال کی اجازت ہے۔

پرہیز : بادی۔ ثقیل اور ترشی۔ تیل والی اشیاء سے پرہیز لازمی ہے۔ ہفتہ عشرہ تک کھانا کافی ہے یہ ایک اسرار مخفی ہے جو اکسیر سے کم نہیں۔

شربت حیات

(عطیہ حکیم مولوی خورشید عالم صاحب)

آخر کار طبی سرگرمی اور کوششوں نے اس ضرورت کو بھی پورا کر دیا جس کو عرصے سے محسوس کیا جا رہا ہے عموماً جسمانی کمزوریوں کا اصلی سبب معدے کی خرابی ہے جس کے سبب سے غذا کا پورا فائدہ حاصل ہونے لگتا ہے۔ اور چند ہی روز میں جسم توانا اور فربہ ہو جاتا ہے۔ غیر معمولی طاقت پیدا ہو جاتی ہے اعضائے رئیسہ کی کمزوریوں کو فوراً دور کر دیتا ہے ایک خاص قسم کی نشاط آور کیفیت اور جسم کی رگ رگ میں لطافت پیدا ہو جاتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ورق چاندی کلاں ایک دفتری ورق سونا کلاں بیس عدد۔ مربہ بہی بارہ تولہ۔ مربہ سیب بارہ تولہ۔ مربہ آملہ بنارسی بارہ تولہ۔ مربہ ہلیلہ بارہ تولہ۔ عرق بید مشک۔ عرق کیوڑہ ہر ایک بوتل۔ روح کیوڑہ چھ تولہ۔ روح سنگترہ چھ ماشہ۔ مصری کوزہ پونے دوسیر ہر دو عرق میں تمام مربہ جات حل کر کے مصری ڈال کر قوام شربت تیار کریں۔ اور ٹھنڈا ہونے پر ورق نقرہ و سونا کو روحوں میں حل کر کے ملا لیں شربت تیار ہے۔

ترکیب استعمال : اڑھائی تولہ صبح و شام ہمراہ عرق مناسب استعمال کریں۔

فوائد : وہ لوگ جو زندگی سے اکتا گئے ہیں جن کے چہرے پژمردہ ہو گئے ہیں انشاء اللہ چند روز ہی کے استعمال سے چہرہ چمکنے لگے گا۔

افلاطونی

تقویت باہ کے لئے دنیائے طب میں اس سے زیادہ قابل اعتبار دوا دستیاب نہیں ہو سکتی۔ کمزوری باہ خواہ کسی سبب سے بھی ہو یہ گولیاں ہر حالت میں مفید ثابت ہوتی ہیں۔ نامراد اور مایوس مریض اس کے استعمال سے جوان مرد بن گئے ہیں۔ کمزور اعصاب میں بجلی کی طرح سرایت کر جاتی ہے ضعف باہ کو جڑ سے کھود دیتی ہے عام جسمانی کمزوری کو دور کر دیتی ہے۔ مقوی اعضائے رئیسہ ہے قلب کی کمزور کو رفع کرتی ہے جوانی کی بے اعتدالی سے پیدا شدہ نقصان اسکے استعمال سے بالکل نہیں رہتا مادہ تولید کو بڑھاتی ہے خون صالح پیدا کرتی ہے رنگ نکھارتی ہے سرعت اور رقت کے تمام تر نقصانات کو دور کرتی ہے غرض یہ کہ ہر قسم کی کمزوری کو دور کرنے میں لاثانی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : درخت دھتورہ سفید یعنی بیخ و برگ و شاخ و پھل لے کر سایہ میں خشک کر کے جلا لیں اور اس خاکستر کو ایک کڑاہی میں ڈال کر پانی سے پر کریں اور ایک ہفتہ تک رکھ چھوڑیں دن میں دو تین بار ہلا دیا کریں پھر پانی مقطر کر کے آگ پر جلا کر نمک بنا لیں اب اس نمک کے برابر وزن جائفل۔ قرنفل۔ دار چینی

زعفران۔ جدوار خطائی۔ مغز بنولہ۔ اور 1/4 وزن افیون اور 1/8 وزن مشک خالص ملا
کر ایک دن شراب برانڈی میں کھرل کریں (شراب کے عوض آب ادرک بھی کام
دے سکتا ہے اور ایک دن دودھ برگد میں کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود بنائیں۔
ترکیب استعمال: گولی صبح گولی شام ہمراہ مکھن یا بالائی اور اوپر سے دودھ
گائے جتنا ہضم ہو سکے طاقت کے لئے دو گولی ہمراہ دودھ بوقت عصر۔ نمک والی اشیاء
سے پرہیز رکھیں۔ پیاس لگنے پر دودھ ہی پئیں۔

تریاقی

سل و دق کا کامیاب علاج ہے سل کے ہزاروں مریض اس نسخہ کی بدولت تندرستی
حاصل کر چکے ہیں صرف تین یوم کے استعمال سے فرق پڑ جاتا ہے اور خون آنا بند ہو
جاتا ہے ہفتہ عشرہ کا استعمال مرض کا قلع قمع کر دیتا ہے عجیب الاثر دوا ہے۔
اجزاء و ترکیب ساخت: کافور دیسی تین تولہ۔ مازو سبز دو تولہ۔ کشتہ
سنگجراحت دو تولہ۔ آئیڈوفارم دو ڈرام۔ کریازوٹ دو ڈرام۔ کشتہ مرجان ایک تولہ۔
بانسہ کھار دو تولہ سب اجزاء کو باریک کرلیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔
فوائد: سل و دق کے لئے عجیب الاثر چیز ہے۔
ترکیب استعمال: دو رتی صبح دوپہر و شام ہمراہ شربت گلو دیں۔
نوٹ: شربت گلو کا نسخہ پچھلے صفحوں میں لکھا جا چکا ہے۔

جوہر فطرت

بے شمار عسر العلاج امراض کا شافی علاج جس کی زود اثری کی دور دور دھوم مچی ہوئی ہے
کی ایک کامیاب دوا ہے لطف یہ ہے کہ سہل الحصول اور زود اثر ہے۔
اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار سفید۔ خاکستر خرمہرہ ہر ایک چار تولہ کو آب
برگ شلجم سرخ سولہ تولہ میں کھرل کریں جب تمام پانی خشک ہو جائے تو قرص بنا کر

سایہ میں خشک کریں اور شلجم گلابی میں خلا کر کے قرص بھر دیں پھر حسب معمول گلی حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہے۔

نوٹ : اس کشتہ کو صرف اطباء ہی استعمال کرا سکتے ہیں عوام خود اس کا استعمال طبیب کے مشورہ کے بغیر نہ کریں۔

)1(سل و دق میں خمیرہ خشخاش کے ساتھ)2(دمہ یا ضیق النفس میں شہد کے ہمراہ)3(فالج لقوے وغیرہ میں منقیہ میں رکھ کر)4(امراض معدہ میں جالینوس جوارش کے ہمراہ)5(سنگرہنی و اسہال کبدی میں جوارش آملہ کے ہمراہ)6(درد گردہ وغیرہ کے ہمراہ شربت بزوری دیں)7(ذیابیطس میں جوارش مصطگی یہ نسخہ کلاں کے ہمراہ)8(سلسل البول میں سفوف کندر کے ہمراہ)9(پتھری وغیرہ کے لئے شربت بزوری کے ہمراہ۔ پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے خارج کرتا ہے)10(قوت باہ کے لئے بیضہ مرغ نیم برشٹ کے ہمراہ یا جوارش جالینوس کے ہمراہ۔

خوراک : ایک چاول سے دو چاول تک استعمال کریں۔

روح نایاب

طاقت کی بے مثل دواء دارالتجارب کے دس سالہ کارناموں کا شاہکار اس دوا کی تیاری میں سینکڑوں خرچ کئے گئے کئی ردوبدل کرنے کے بعد کامیابی ہوئی اور نسخہ مطلوبہ تیار کیا گیا۔ قوت باہ کو بڑھانے کی خاص چیز ہے اعضائے رئیسہ کو طاقتور کرتی ہے اور اعصاب میں طاقت پیدا کر کے اس کو مضبوط اور توانا بناتی ہے گمشدہ طاقت کو بحال کر کے از سر نو عالم شباب کا جلوہ دکھاتی ہے کمزوری سے پیدا شدہ تمام شکایات جاتی رہتی ہیں چہرہ کو سرخ انار کرتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سم الفار ایک تولہ کو سفوف بنا کر دس تولہ گلیسرین میں شامل کر کے نرم کوئلوں کی آنچ پر رکھیں جب سم الفار حل ہو جائے اس میں کشتہ فولاد شنگرفی دو تولہ۔ کشتہ سہ دھاتا چھ تولہ۔ ورق نقرہ دس تولہ۔ زعفران کشمیری پانچ تولہ۔

کشتہ طلا (برگ گلاب والا) چھ ماشہ۔ مشک خالص چھ ماشہ سب کو یک جان کر کے رکھ لیں۔

ترکیب استعمال: ایک رتی ہمراہ مکھن یا بالائی دیں۔

فوائد: اعلیٰ درجہ کا مصفی و مولد خون مقوی اعضائے رئیسہ مہلک امراض دمہ و نامردی کو تین یوم میں دور کرتا ہے جو صاحب اس کو ایک دفعہ استعمال کریں گے اس کے بجلی نما اثرات کے قائل ہو جائیں گے۔

ھاگورین

امراض معدہ و جگر کی حکمی دواء ہے یہ ایک چشمہ صحت ہے معدہ کی جملہ امراض اور خرابیوں ضعف جگر۔ عظم جگر۔ طحال کی جملہ امراض کا شافی علاج۔ بخاروں کا تریاق امراض امعاء کی لاثانی دواء غرض یہ کہ قابل طبیب اس کو ہر مرض پر اپنی سمجھ کے مطابق استعمال کر سکتا ہے۔ آپ کے گھر میں اس کی ایک شیشی کے ہوتے ہوئے ایک مکمل دواخانہ موجود ہے۔ ورم طحال یا تاپ تلی کے دفعہ کے لئے ایک پر تاثیر حکمی دوا ہے جو طحال سے پیدا ہو جانے والی تمام شکایات کا مکمل خاتمہ کر دیتی ہے۔ روزانہ اجابت با فراغت ہوتی ہے اور تمام مواد کا دفعیہ ہو کر بیمار باہمہ و جودہ تندرست ہو جاتا ہے بھوک خوب لگتی ہے تمام اعضائے میں طاقت و توانائی آجاتی ہے خون کئی گنا بڑھ جاتا ہے۔ رنگ و روغن سرخ ہو جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: نمک حنظل ایک تولہ۔ پودینہ ایک تولہ۔ جوہر نوشادر ایک تولہ۔ کونین فولاد ایک تولہ۔ ست لیموں دو ماشہ۔ سرکہ خالص انگوری ایک پاؤ۔ مگنیشیا سلفاس پانچ تولہ۔ سوڈا سلفاس پانچ تولہ۔ عرق سونف ایک سیر تمام ادویات کو یک جان کر کے محفوظ رکھیں۔

فوائد: بواسیر ریحی۔ درد شکم۔ قولنج۔ باؤ گولہ۔ ضعف جگر۔ عظم جگر۔ عظم طحال۔ بخار ہر قسم۔ پیچش۔ قبض کے لئے ایک لاثانی دوا ہے۔

امرت

یہ ایک مقوی دوا ہے۔ ضعف جگر یعنی بھس سے جب بدن زرد سفید اور بے رونق ہو گیا ہو۔ اس کا استعمال اکسیر کا کام دیتا ہے اعضائے رئیسہ کو تقویت دینے کے علاوہ قوت باہ بے حد پیدا کرتا ہے۔ معدہ جگر۔ دماغ اور مثانہ کو قوت دیتا ہے مفلس لوگوں کو موتیوں کی یاقوتی کا کام دیتی ہے ضعیفوں کا رفیق ہے بڑی بڑی بیماریوں کے بعد اس کا استعمال ضعف کو فوراً دور کرتا ہے بدن میں اس قدر خون پیدا کرتا ہے کہ چہرہ روز بروز سرخ ہوتا جاتا ہے طحال۔ سورالقینہ اور یرقان میں اس کا استعمال عجیب فائدہ بخش ہے۔ کمزوری اعصاب کے لئے روح ہے کثرت پیشاب کو روکتا ہے ہاضمہ کو ایسی قوت دیتا ہے کہ دودھ اور گھی سب ہضم کرنے لگتا ہے خصوصاً تقویت جگر اور پیدائش خون میں اس کے برابر کوئی چیز نہیں ہوسکتی اور نامرد کو مرد بنانا اس کا خاصہ ہے اعضاء رئیسہ وشریفہ کو پورے طور پر طاقت دیتا ہے اور انہیں حرکت میں لاتا ہے مقوی معدہ ہے غرض یہ کہ سارے جسم کی تمام قوتوں کو بیدار کرتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مشک۔ سلاجیت۔ زعفران۔ ہینگ۔ نمک اڑوسہ۔ نمک آکسن۔ امربیل ہر ایک تین ماشہ۔ عرق بوٹی اونٹ کٹارا۔ آدھ سیر۔ برہمنڈی تین ماشہ۔ الائچی سبز۔ جاوتری۔ جائفل۔ تخم دھتورہ سیاہ۔ ہر ایک ایک ماشہ۔ تخم پٹھکنڈا دو تولہ۔ فاسفورک ایسڈ چھ ماشہ سب اشیاء کو کوٹ پیس کر اونٹ کٹارا کے عرق میں کھرل کر کے گولیاں چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور اوپر ورق نقرہ لپیٹ کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح ایک گولی شام آدھ سیر دودھ کے ساتھ استعمال کریں پرہیز کچھ بھی نہیں تیسرے دن اکثر اثرات معلوم ہونے لگتے ہیں۔

فوائد : ضعف باہ۔ جریان و احتلام۔ کمی خون وغیرہ کے نام ونشان نہیں رہنے دیتا نامردی کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے ضعف جگر کو بھی نافع ہے۔

جوہر شفا

(عطیہ جناب حکیم الف خاں صاحب)

حکیم صاحب اٹھارہ سال متواتر اسے بنا کر استعمال کرتے رہے اور ان کے تجربہ میں نوے فیصد کامیاب رہا۔

اجزاء و ترکیب ساخت: سنکھ حسب ضرورت۔ آب باتھو۔ آب کرنڈ۔ دودھ آک۔ آب ترپھلہ۔ گودا گھیکوار۔ شربت دیسی حسب ضرورت ایک کوزہ گلی لے کر اس میں سنکھ کو ریزہ ریزہ کر کے ڈال دیں۔ اور آب باتھو سے تر کر کے گل حکمت کر کے خشک کریں اور چار سیر اوپلہ صحرائی کی آگ دیں۔ اسی طرح تین آگ آب باتھو تین آب کرنڈ میں تین آک کے دودھ میں تین آب ترپھلہ میں تین گودا گھیکوار میں اور تین شراب دیسی میں کل اٹھارہ آگ دیں اور پیس کر بحفاظت رکھیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال: زہر باد کے لئے ایک رتی مکھن میں کھلائیں)2(مارگزیدہ اور دیوانے کتے کے کاٹے کے لئے ایک رتی مکھن میں کھلائیں۔)3(زہر باد مویشیاں کے لئے مویشی کی آنکھوں میں سلائی سے بطور سرمہ لگا کر مویشی کو نہلائیں۔)4(مارگزیدہ کے زخم پر نشتر سے پچھنے لگا کر روغن بلادر لگائیں۔ روغن بلادر بذریعہ پتال جنتر نکال لیں۔

نوٹ: نسخہ اگرچہ محنت طلب ہے مگر متذکرہ امراض کا تریاق ہے۔

شربت اکسیری

(عطیہ جناب گور چرن لعل صاحب وید)

یہ نسخہ وید صاحب کا بار ہا آزمودہ ہے اکسیر البدن ہے جسم کو مضبوط بناتا ہے عمدہ خون پیدا کرتا ہے معدہ کو طاقت ور کرتا اور بھوک خوب بڑھاتا ہے قوت کو حد درجہ ترقی دیتا

ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : دارچینی جوکوب بیس تولہ۔ ستاور عمدہ پانچ تولہ۔ شہد خالص ایک سیر۔ آب انار شیریں آدھ سیر۔ آب سیب آدھ سیر۔ عرق بید مشک۔ ایک سیر۔ برادہ فولاد قسم اول ایک تولہ۔ تیزاب فاسفورس پانچ تولہ۔ آب مقطر حسب ضرورت۔ دارچینی اور ستاور کو آب انار اور آب سیب اور عرق بید مشک میں رات کو بھگو دیں صبح جوش دے کر چھان لیں شہد ملا کر شربت کا قوام بنائیں اب برادہ فولاد کو فاسفورس میں ڈال کر تیزاب کے برابر آب مقطر ملائیں اور نرم آگ پر پکائیں جب فولاد حل ہو جائے تو اتار کر شربت مذکور میں ملالیں۔ شربت اکسیری تیار ہے۔

فوائد : بخار کے بعد کی کمزوری کو رفع کرتا ہے معدہ کو طاقت دے کر قوت ہاضمہ درست کرتا ہے۔ غذا کو جزو بدن بنا کر خون صالح بکثرت پیدا کرتا ہے۔

ترکیب استعمال : جوان آدمی کے لئے ایک تولہ روزانہ صبح و شام دیں بچوں کے لئے تین ماشہ کسی عرق میں ملا کر دیں۔

پھنسول آئیل

طبی دنیا کے عجائبات سے ایک بہترین دوا ہے علاوہ زخموں کے۔ پھوڑا۔ پھنسی۔ دھدر۔ لوط۔ خارش۔ گنج۔ بواسیر کے مسوں کے لئے نہایت ہی سریع الاثر چیز ہے۔ وجع المفاصل کو نافع ہے یہ ایک طبی کرامت ہے اس روغن میں ایک تعریف یہ ہے کہ اسے زخم وغیرہ پر لگانے سے مکھی نزدیک نہیں آئے گی ختنہ کے زخم کو ایک دن میں اچھا کرتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: بھلانوہ تازہ سولہ عدد۔ کچلہ بڑے دانے آٹھ عدد۔ انڈا مرغی آٹھ عدد۔ شنگرف تین تولہ۔ پٹاس سفید چھ ماشہ۔ تیل تارامیرا ایک سیر۔ اگر وجع مفاصل کی مالش کے واسطے بنایا جائے تو تیل کنجد ایک سیر بجائے تارامیرا شامل کر لیں شنگرف کو اس قدر کھرل کیا جائے کہ مانند سرمہ کے ہو جائے بعد نصف تیل کڑاہی میں ڈال کر بھلانوہ۔ کچلہ۔ انڈا اور شنگرف کو ڈال دو۔ جس وقت تمام اشیاء جل جائیں

یعنی مانند کوئلہ کے ہو جائیں تو بھلاوہ کچلہ انڈا سوختہ کو تیل کے اندر سے نکال کر قدرے باقی ماندہ تیل ڈال کر کھرل کرتے جاؤ جس وقت بالکل باریک ہو جائے کپڑ چھان کر کے کڑاہی والے تیل میں ملا کر قدرے جوش دینے کے بعد اتار کر پٹاس ڈال دیں۔ اور ٹھنڈا ہونے کے بعد کھرل کر کے احتیاط سے رکھ دو یہ تیل اپنے فوائد میں بے مثل ہے صرف روئی سے عضو ماؤف یا زخم پر لگائیں اور اس کے فوائد سے متذکرہ امراض سے نجات حاصل کریں۔

زنجفرین

کمزوری باہ کمی خون کے لئے یہ ایک بہترین جدید دوا ہے۔ بکثرت مریضوں پر تجربہ کر کے پیش خدمت کی جاتی ہے اور اس کے استعمال سے خون سے بکثرت پیدا ہوتا ہے پژمردہ اور مرجھایا ہوا زردہ چہرہ شگفتہ اور تروتازہ ہو جاتا ہے رنگ روپ نکھر آتا ہے اور خوب روشن اور سرخ وسفید ہو جاتا ہے ضعف جگر۔ ضعف طحال سے ضعف معدہ۔ ضعف اعضائے رئیسہ وشریفہ دور ہو کر بدن میں خوب طاقت آتی ہے دودھ گھی ہضم کرنے میں ایک لاجواب تحفہ ہے الغرض ہر قسم کی بدنی طاقت کے بڑھانے اور خون کو بکثرت پیدا کرنے اور رنگ وروکے چمکانے کے لئے اکسیر بے نظیر ''زنجفرین'' ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار سفید ایک تولہ۔ سم الفار سرخ ایک تولہ۔ سم الفار زرد ایک تولہ تمام دوا کو آدھ پاؤ پختہ آب پیاز میں کھرل کریں پھر آب تھوم آدھ پاؤ میں کھرل کریں پھر شراب خالص آدھ پاؤ میں کھرل کریں پھر کھرل شدہ دوائی کو نکال کر کھرل سے بھنگرہ سفید کا نغدہ نیم آثار لے کر اور کسی کوزہ گلی میں بند کر کے اوپر اچھی طرح کپڑ وٹی کر کے خشک کرلیں جب خشک ہو جائے تو بعد آگ دس آثار پختہ کی دیں بعد سرد ہونے کے کوزہ گلی میں پانی ڈال کر خاکستر بھنگرہ کو نکالیں اور تیار کشتہ الگ کرلیں تیار ہے۔

فوائد: زیادہ تعریف کی ضرورت نہیں جو صاحب بنائیں گے اس کی طاقت کا ملاحظہ

کرلیں گے آزمائش شرط ہے اگر زیادہ خوراک صفراوی طبیعت والے کو تلخی پیدا کرے تو چار چاول خوراک اور مسکہ یا بالائی میں دیں۔ تین روز میں حکمی شفا ہوگی۔

ترکیب استعمال : چوتھائی رتی ہمراہ مکھن (مسکہ) بالائی تین دن کافی ہے۔

اکسیر بے مثل

(عطیہ حکیم حبیب الرحمٰن صاحب)

مریضان خنازیر کے لئے حیات نو ہے اگر آپ چاہتے ہیں کہ مریضان خنازیر کی زندگی کا نیا دور شروع ہو جائے اور خوشگوار زندگی بسر کریں تو یہ کام اکسیر بے مثل سے بآسانی پورا ہوسکتا ہے اس سے اندرونی اور بیرونی علاج سے شرطیہ طور پر مرض کا قلع قمع ہو جاتا ہے بے شمار مرتبہ تجربہ میں آچکی ہے اس کے چند روزہ استعمال سے بہتی ہوئی گلٹیاں خشک ہو جاتی ہیں اور آئندہ کے واسطے پھوٹنے نہیں دیتی مریض کو اس مدامی تکلیف سے نجات مل جاتی ہے یہ ایک صدری و اسراری راز ہے مگر میں چونکہ بخل شکنی میں حضرت جمیل صاحب عم فیضانہ کا غائبانہ مرید ہوں اس لئے آپ حضرات سے کوئی بات پوشیدہ نہ رکھوں گا۔ یہ نسخہ مجھے اپنے والد صاحب نے بتایا ہے اس نسخہ کے ذریعہ میرے اور میرے والد صاحب کے ہاتھوں بے شمار مریضان خنازیر شفایاب ہو چکے ہیں نہایت سہل احصول اور سہل الترکیب۔ کثیر المنفعت ہے میں نے طبی مطالعہ سے بہت سے نسخے جمع کئے ہیں مگر اکسیر بے مثل کا کوئی دوا مقابلہ نہیں کرسکتی میرے تعریفی الفاظ کو نہ دیکھیں بلکہ آزما کر دیکھ لیں کہ کیا چیز ہے اکسیر بے مثل دو اکسیروں پر مشتمل ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت سیماب دو تولہ۔ گندھک آملہ سار دو تولہ.. نیلا تھوتھا چھ ماشہ۔ پہلے سیماب و آملہ سار دونوں کو کھرل کریں۔ سیاہ کجلی ہو جائے گی. پھر اس میں نیلا تھوتھا بھی شامل کر کے خوب کھرل کریں کہ تینوں یک ذات ہو جائیں. تیار ہے۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت اس میں سے ایک تولہ لے کر آٹھ تولہ مکھن میں ملائیں اور صبح و شام زخموں پر لگائیں لگانے سے پہلے اگر زخموں کو آب نیم یا پٹاس پر

مینگناس کے لوشن وغیرہ سے دھوئیں تو بہتر ہے نیز علاج شروع کرنے سے پہلے کوئی محلل اورام پلٹس دو تین یوم رکھا جائے تو اچھا ہے اکسیر نمبر ایک اکیلا بھی کامیاب علاج ہے لیکن اس کے ساتھ اگر اندرونی طور پر اکسیر نمبر دو کا استعمال سونے پر سہاگہ کا کام دے گا اس نسخہ کی جہاں تک تعریف کی جائے کم ہے۔ گو کاغذ پہ رکھ دیا ہے کلیجہ نکال کے۔ مجرب المجرب نسخہ حاضر ہے بے ضرر اور بے خطا ہے۔ بلا خوف و خطر استعمال کرائیں بے خطر ہونے کی ذمہ واری پوری کرتا ہے بچے بوڑھے۔ جوان۔ مرد۔ عورت سب کو یکساں مفید ہے جملہ امراض خبیثہ کا واحد علاج ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سم الفار سفید ایک ماشہ۔ سیماب مصفی دو ماشہ۔ عقرقرحا بیس ماشہ۔ مصطگی رومی بیس ماشہ۔ پہلے سم الفار و سیماب کو نصف لیموں کے عرق میں کھرل کرو۔ جب پارہ کے ذرات نابود ہو جائیں اس وقت عقرقرحا اور مصطگی کا سفوف ملا کر ڈھائی عدد لیموں کا عرق ڈال کر کھرل کرو اور نخود ی گولیاں بنالو۔

ترکیب استعمال : ایک گولی سے دو گولی تک حسب عمر برداشت بالائی میں۔

پرھیز : بادی ترشی۔ مٹھاس سے ضروری ہے۔

نوٹ : بکری کے شوربے کے ساتھ دوائی مذکور کھلائی جا سکتی ہے جو لوگ گوشت نہیں کھاتے وہ ارہر کی دال کا پانی جس میں سونٹھ اور نمک ڈالا گیا ہو اس دواء کے ساتھ نوش فرمائیں۔ اگر اکیلا بھی بعد تنقیہ کے یہ کھلائی جائے تو سات اکیس یوم کے اندر اندر شفا ہو جاتی ہے لیکن دونوں اکسیروں کی یک جائی اور معیت استعمال میں حصول شفا علم الیقین کا درجہ رکھتا ہے۔ اور نہایت ہی قلیل مدت میں مرض نیست نابود ہو جاتی ہے۔

شنگرفی

(عطیہ فقیر چند صاحب۔ گیان فاریسی)

معمر اور سن رسیدہ لوگوں کے لئے جوانی کا پیغام اور شباب کی خوشخبری ہے۔ رگ پٹھوں میں بجلی کی لہریں بن کر دوڑتی ہیں مردہ اعصاب میں نئی جان پڑ جاتی ہے وہ ضعیف العمر

اصحاب جن کا مزاج بلغمی ہے ہر موسم میں استعمال کر سکتے ہیں اور دیگر مزاج والے صرف موسم سرما میں استعمال کریں یہ معجون گردوں کو گرم اور قوی کرتی ہے مادہ تولید کو بکثرت پیدا کرتی ہے رنگ کو نکھارتی ہے کمزوری زائل کرتی ہے قوت باہ بڑھانے میں عجیب الفعل ہے یعنی ضبط کا یارا نہیں رہتا اور بمشکل خواہش کو روک سکتے ہیں۔

یہ نسخہ مجھے ایک مسلمان ورزی سے حاصل ہوا اس کی عمر اس وقت ساٹھ برس کی تھی اس نسخہ کے استعمال سے بڑھاپے میں چاند جیسا لڑکا پیدا ہوا ہے بندہ نے کئی امراض پر یہ نسخہ استعمال کروایا نہایت مفید ثابت ہوا۔

اجزاء و ترکیب ساخت: سنکھیا سفید ایک تولہ۔ پارہ شنگرفی ایک تولہ۔ تین روز دودھ آک میں کھرل کریں روزانہ آٹھ گھنٹہ کھرل کرنا چاہئے سلیٹی رنگ کا گولا بن جائے گا۔ اس کو خوب اچھی طرح سکھا لیں۔ اب سنگجراحت ایک پاؤ لے کر باریک پیس لیں اور لعاب گھیکوار میں چار روز کھرل کرتے رہیں جب لیس چھوڑ دے تو روٹی بنا کر درمیان میں گولا مذکور رکھ دیں اور گولا سا بنا لیں اور خوب سوکھ جانے پر گڑھا کھود کر دس سیر پختہ پاتھیوں کی آگ دیں۔ آسمانی رنگ و سفیدی لئے ہوئے کشتہ باوزن تیار ہوگا اکثر دیکھا گیا ہے کہ دو تولہ میں سے ڈیڑھ تولہ وزن رہ جانے پر بھی مفید ثابت ہوا ہے آنچ کی کمی پیشی سے ایک دو دفعہ بنا لینے پر باوزن بن جایا کرتا ہے۔

فوائد: بلغمی امراض۔ کھانسی۔ دمہ۔ سستی۔ نامردی کے لئے عمدہ چیز ہے جو آدمی بالکل ناکارہ ہو قابل ہو جاتا ہے۔ مادہ تولید اولاد کے قابل ہوتی ہے ایسے آدمی پر آزمائش ہو چکی ہے کہ کہ کئی شادیاں کر چکا تھا لیکن کرم منی مردہ ہونے کے سبب اولاد پیدا نہ کر سکا لیکن اس دوائی کے استعمال سے صاحب اولاد ہوا۔ ہاتھ کنگن کو آرسی کیا حکما صاحبان اپنی عقل و ذہانت سے مختلف انوپان سے سرد امراض پر استعمال کر سکتے ہیں۔

ترکیب استعمال: ایک چاول روزانہ مکھن یا بالائی سے دیں۔ ترشی۔ تیل۔ آچار سے پرہیز ضروری ہے دودھ گھی گوشت انڈے وغیرہ خوب کھائیں۔

جوہرین

یہ اکسیری دوا ہے آتشک۔ سوزاک۔ خنازیر۔ بھگندر۔ فساد خون۔ پھوڑا پھنسی کو اکسیر ثابت ہوا ہے چند ہی یوم میں تمام امراض کا قلع قمع کر کے بدن کو مثل کندن بنا دیتا ہے پرانے سے پرانے امراض میں حیرت انگیز کرشمہ دکھاتا ہے یہ نسخہ جناب حکیم جلال الدین صاحب جلیل ممتاز الاطباء کا عطیہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سیماب۔ نوشادر۔ شنگرف رومی۔ ہڑتال ورقی۔ سم الفار سفید۔ ہر ایک چھ ماشہ۔ زنگار۔ طوطیا۔ دار چکنہ۔ رس کپور ہر ایک ایک تولہ۔ مردار سنگ چار تولہ۔ تمام ادویات کو بارہ گھنٹے زور دار ہاتھوں سے آب ادرک مقطر میں کھرل کر کے چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنا کر خشک کر کے بطریق معروف جوہر اڑائیں۔ اب اس جوہر کو عرق شیر بقدر ایک سیر سے کھرل کر کے بقدر دانہ مونگ گولیاں بنائیں اور مایوس العلاج مریضوں پر استعمال کر کے دعائیں لیں۔

نوٹ : یہ نسخہ استعمال کرنے سے پہلے کوئی کا جلاب دے لینا چاہئے۔

فوائد : آتشک۔ سوزاک۔ قرحہ۔ سوزاک۔ ناسور۔ باصور۔ بھگندر۔ جذام خنازیر وغیرہ کو جڑ سے دور کرنے والا اکسیری نسخہ ہے۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح اور ایک گولی شام بعد از غذا با شیر کھائیں۔ مسکہ یا حلوہ میں لپیٹ کر خوراک جو دل چاہے کھائیں۔ نہ دست نہ قے آتی ہے۔

کشتہ چاندی

اس کی تعریف سے کون واقف نہیں۔ مقوی اعصاب۔ مقوی اعضائے شریفہ۔ و اعضائے رئیسہ۔ مقوی باہ اور ممسک ہے۔ رقت منی۔ جریان۔ اور سرعت انزال کا جانی دشمن کمزوری کو دور کر کے صحیح جوش جوانی کا مظہر ہے رنگ سرخ جسم میں چستی پیدا کرتا ہے غرض یہ کہ ایک لاجواب تحفہ ہے جس کا تجربہ شاہد ہے ''مشک آنست کہ خود ببوید نہ

عطار بگوید۔۔

اجزاء و ترکیب ساخت : نوشادر۔ شب یمانی۔ نمک۔ سم الفار۔ تنکار۔ ہر ایک ایک تولہ۔ ان پانچ تولہ ادویات کو باریک کر کے دو پیالوں میں رکھ کر حسب دستور جوہر اڑائیں۔ اور محفوظ رکھیں اب اس جوہر کو روپیہ چاندی یا اسی قدر خالص چاندی کا ٹکڑا بنا کر اس کے اوپر نیچے رکھ کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے چار سیر پاچکدستی کی محفوظ الہوا آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں سفید کشتہ برآمد ہوگا نہایت اکسیر صفت چاندی کا کشتہ ہے۔

ترکیب استعمال : ایک چاول سے چار چاول تک ہمراہ بالائی یا مسکہ۔

فوائد: قوت باہ اور تقویت بدن کے علاوہ ممسک ہے۔

کشتہ شنگرف

(عطیہ جناب حکیم امرناتھ شرما)

شنگرف کا کشتہ محتاج تعریف نہیں ایک مجسم قوت کا حامل ہے دنیا سے ناامیدوں کا سہارا اور زندگی کا بیمہ ہے ''جو رنگے کا یا سو رنگے مایا۔۔ غرض یہ کہ ہر ایک جسمانی کمزوری کے لئے بے نظیر تحفہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف رومی شدھ دو تولہ۔ کوکڑچھی میں رکھ کر رس لیموں مقطر ایک پاؤ میں آگ پر خشک کر لیں بعد پانچ سیر پیاز کے رس میں آگ پر خشک کریں۔ پھر اسی کڑچھی میں ایک پاؤ نغدہ پیاز کے رس میں آگ پر خشک کریں۔ پھر اسی کڑچھی میں ایک پاؤ نغدہ پیاز نیچے اور اسی قدر اوپر دے کر اچھی طرح ڈھانپ دیں۔ اور نیچے آگ جلائیں پیاز جل جانے پر ڈلی نکال کر کچلہ پاؤ۔ رائی پاؤ۔ مالکنگنی پاؤ۔ تخم پیاز پاؤ گھی ایک سیر علاوہ گھی کے سب چیزوں کو باریک کر لیں اور شہد مناسب ڈال کر نغدہ بنائیں اور درمیان میں ڈلی رکھ کر گھی ڈال دیں۔ اور آگ پر رکھ دیں۔ نرم

نرم آگ پر جلائیں نغدہ سیاہ ہونے پر نکال لیں جو سرخ رنگ کا باوزن نکلے گا۔

ترکیب استعمال : ایک چاول سے ایک رتی پان میں کھانے سے نامردی دور ہو جاتی ہے اور بھوک بھی بہت لگتی ہے مرغن اغذیہ کا استعمال زیادہ رکھیں۔ خشکی نہ ہونے دیں۔ دوران استعمال ترشی۔ لال مرچ اور مباشرت منع ہے۔

کشتہ ہڑتال ورقی سفید

(عطیہ جناب حکیم کرپارام صاحب امرتسری)

رکھنا عزیز اس کو نہایت سنبھال کے
کاغذ یہ رکھ دیا ہے کلیجہ نکال کے

پرانے بلغمی بخاروں۔ دق اور سل کے پرانے مریضوں کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے اس کی پہلی ہی خوراک اثر دکھاتی ہے کیمیاوی اثر بھی رکھتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ہڑتال ورقی سفید ایک ڈلی لے کر شاہترہ سبز کے رس میں ایک ہفتہ بھر بھگوئیں اس کے بعد دودھک چھتری والی کے نغدہ میں دے کر گل حکمت کر کے تین سیر پختہ کی آگ دیں۔ کشتہ سفید باوزن برآمد ہو گا۔

فوائد : ہر قسم کے بخار خاص کر دق اور سل کے بخاروں کے لئے بے حد مفید ہے بلکہ فوری اثر کرنے والا تحفہ ہے۔

ترکیب استعمال : ایک تنکہ ہمراہ منقہ و عرق سونف۔ عرق مکو صبح و شام ہمراہ دے سکتے ہیں۔

اکسیر ناصور

(عطیہ جناب حکیم محمد رمضان صاحب راولپنڈی)

یہ وہ بہترین اور نایاب تحفہ ہے جس کی طفیل ہزارہا مریض ناصور کے شفا پا چکے

ہیں حکیم صاحب موصوف نے بڑی دریا دلی سے نسخہ عطا فرما کر مریضان ناصور پر احسان فرمایا تا کہ اس نایاب تحفہ سے ہر ایک فائدہ اٹھا سکے اس نسخہ کی بدولت آپ نے ہزار ہا روپیہ کمایا ناظرین بھی ضرور تجربہ کر کے دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : شنگرف۔ کتھ۔ کمیلہ۔ ہڑتال ورقی۔ موم اصلی سندھور۔ پھٹکڑی۔ راکھ برگ نیم۔ صابون دیسی۔ پیاز سوختہ۔ تیل ہر ایک ایک تولہ۔ تمام ادویہ کو کپڑ اچیز کر کے ایک چھٹانک گرم روغن گاؤ میں ملا کر مرہم تیار کریں۔

ترکیب استعمال : روزانہ زخم کو نیم کے جوشاندہ سے دھو کہ مرہم لگا دیں اگر سوراخ ہو تو بتی بنا کر استعمال کریں ہر روز نئی پٹی لگایا کریں۔

فوائد : ناصور۔ بھگندر۔ لاہوری سب خطرناک پھوڑے پھنسی کے لئے اکسیر ہے۔

کراماتی

آپ نے ہزار ہا نسخہ جات دیکھے ہوں گے جو سہل اجزاء اور آسان ترکیب سے تیار کئے جاتے ہوں گے لیکن یہ نسخہ ان تمام نسخوں کا سرتاج ہے۔ درد پیٹ۔ درد پسلی۔ ذات الریہ۔ ذات الجنب۔ ذات الصدر قولنج وغیرہ کو گلے سے اترتے ہی روک دیتا ہے مدت کے تجربہ کے بعد آج آپ کے سامنے پیش کیا جا رہا ہے سچ مچ ہر درد پر کرامت کا اثر کرتا ہے مریض خواہ درد سے چیختا چلاتا آئے ایک خوراک دینے سے فوراً آرام جیسا کہ درد تھا ہی نہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : شیر زقوم (تھوہر) بیسن چنا میں اس قدر شیر ملائیں کہ گندھ جائے اور بقدر چھ چھ ماشہ کی ٹکیہ بنا کر گھی میں تل کر سرخ کر کے رکھیں سرد ہونے پر باریک پیس کر رکھ لیں۔

فوائد : ہر قسم کے درد کے لئے مفید ہے۔

ترکیب استعمال : جوان چھ ماشہ نوجوان کو تین ماشہ۔ بچوں کو ایک ماشہ آب گرم سے کھلائیں درد کو فوراً آرام ہو جائے گا اور قبض دفع ہو جائے گا۔

چھوٹے بچوں کو شیر مادر میں گھول کر دے سکتے ہیں بچوں کی بیماری ڈبہ میں بھی بہت مفید رہتی ہے۔

برصول

برص جیسی نامراد مرض کا حکمی علاج جہاں استعمال ہوا بفضلہ خدا امید سے بڑھ کر کامیاب ہوا۔ یہ نسخہ ہمارے ایک نہایت ہی کرم فرما حکیم صاحب نے عطا فرمایا اور فرمایا کہ اسے اپنے مطب میں استعمال کریں یہ بھی نہایت شکریہ کے تہ درج کتاب کیا جاتا ہے نسخہ واقعی عمدہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : روغن ارنڈی عمدہ بارہ سیر۔ پیاز سفید پرانی کا رس چھ سیر پختہ۔ شیرہ برگ گلو سبز تین سیر پختہ۔ حلبہ (میتھی) اڑتالیس تولہ۔ زیرہ سفید اڑتالیس تولہ۔ چاکسو پانچ تولہ۔ ملٹھی تین تولہ چھ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد تین تولہ۔ چھ ماشہ۔ لونگ ایک تولہ نو ماشہ۔ دارچینی ایک تولہ نو ماشہ۔ بابچی پانچ تولہ۔ تخم پنواڑ پانچ تولہ۔ جملہ ادویات کو باریک کوٹ کر ایک بڑے قلعی دار دیگچہ میں معہ تیل اور رس وغیرہ کو اس میں ڈال دیں۔ جب جذب ہو جائیں تب چھان کر تیل علیحدہ رکھ دیں۔

ترکیب استعمال : علی الصبح نہار منہ ایک چمچہ استعمال کریں بادی اشیاء بلغم پیدا ہونے والی اغذیہ سے پرہیز رکھیں۔

فوائد : برص کا سو فیصدی کامیاب نسخہ ہے یہ نسخہ کتابی نہیں خاندانی ہے جناب حکیم صاحب نے رفاہ عام کے لئے پیش کیا ہے مرض زیادہ نہ ہو تو چالیس یوم ورنہ کامل تین ماہ میں رفع ہو کر اصلی رنگ بفضل تعالیٰ آ جاتا ہے۔

نوٹ : ایک نسخہ تپ لرزہ کا بھی حکیم صاحب کا درج کیا جاتا ہے۔

تپ لرزہ

یہ نسخہ مجھے ایک دھنگر قبیلے کے آدمی نے بتلایا ہے بلکہ ہمارے وہاں کے

دیہاتوں میں رائج ہے تپ لرزہ کا بہترین اور بے نظیر انوکھا علاج ہے بہت سے مریض اس کم خرچ علاج سے فیضیاب ہو چکے ہیں۔
طلوع آفتاب کے وقت جبکہ آفتاب نکل چکا ہو آکھ (مدار) کے درخت کے پاس جا کر مریض آفتاب کی طرف پشت کر کے بیٹھ جائے دوسرا شخص ایک ایک پتہ آکھ (مدار) کا توڑ کر اس کا دودھ ریڑھ کی ہڈی کو لگاتے جائیں گردن سے آخری ریڑھ تک لگائیں اس کے بعد ہلدی کا سفوف اس پر ڈال دیں۔ چونکہ یہ عمل شہروں میں ہو نہیں سکتا میرے ایک بھائی ڈاکٹر میر محبوب علی صاحب سے کہا گیا تو وہ غیر ڈاکٹری دوا کی مخالفت کر کے ٹنکچر آئیوڈین ایک مریض پر استعمال کئے جس سے تپ لرزہ فوراً رک گیا زاں بعد متعدد مریضوں پر استعمال کیا گیا اور کامیابی رہی۔

طوطیائی

سوزاک کہنہ جس میں جلن درد سوجن نہ ہو صرف قرحہ ہو یعنی پیپ کا دھبہ آتا ہو۔ یا گمان ہو۔ کہ پوشیدہ ہے اس کے لئے حسب ذیل گولیاں سو فیصدی کامیاب رہی ہیں اس میں پرہیز سوائے منشیات و مجامعت کے کچھ نہیں استعمال کرنا ضروری ہیں۔
اجزاء و ترکیب ساخت : طوطیا سبز۔ رس کپور ہر ایک ایک تولہ۔ کالی مرچ تین تولہ۔ رس لیموں ایک سو عدد لوہے کی کڑاہی میں لوہے کے دستے سے ایک ایک لیموں کا رس جذب کریں حب بقدر نخود بنالیں۔
نوٹ : نئے سوزاک میں یہ گولیاں استعمال نہ کریں نقصان دیں گی۔
ترکیب استعمال: اس کے تین کورس ہیں سات دن چودہ دن اکیس دن اگر چھ دن میں دھبہ بند ہو جائے تو ساتویں دن گولی کھا کر بند کر دیں اگر ساتویں دن دھبہ میں زیادتی ہوتی ہے پھر دوسرے مرحلہ پر دھبہ کم ہونا شروع پھر تیسری بار مکمل آرام کا یقین ہے۔

عود شباب

بے مثل و اکسیری نسخہ واقعی شباب کی امنگیں پیدا کرنے والا اور بہترین نسخہ ہے بڑھاپے کی مایوسیوں کو دور کرنے والا اور نئی جوانی لانا اس کا کام ہے شیب غیر طبعی کو دور کرنا اس دواء کی خاصیت ہے آزما کر دعائے خیر سے یاد فرمائیں یہ عطیہ سید محمد اقبال حسین صاحب کا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مدار کے پھول کے اندر جو لونگ ہوتے ہیں دو تولہ۔ سایہ میں خشک کر کے باریک پیس لیں چاروں اجوائن دو دو تولہ باریک پیس لیں گڑ پرانا جو شیرہ کی صورت میں ہو تین پاؤ قوام درست کر کے باہم ملا کر معجون تیار کریں۔

ترکیب استعمال : سات ماشہ کھلاتے کھلاتے خوراک قدرے بڑھا دیں غذا مرغن۔ دودھ۔ گھی۔ گوشت۔ انڈے وغیرہ خوب دیں۔

فوائد : طبعی یا غیر طبعی شیب (بڑھاپے) کو نزدیک نہیں آنے دیتا اور جسمانی طاقتوں کو درست رکھتا ہے اس کا استعمال بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح سے چستی و چالاکی پیدا کرتا ہے۔

جگی پوڈر

(عطیہ جناب حکیم کرپال سنگھ صاحب)

حکیم صاحب نے اپنے بیش قیمت اور تجربہ شدہ تین نسخہ جات ارسال کئے جو نذر قارئین کئے جاتے ہیں۔

علم جراحی پر ہزار کتب اور نسخہ جات شائع ہو چکے ہیں لیکن قدرت کی نعمتوں کی انتہا نہیں۔ اس نے ایسی ایسی پر تاثیر ادویات بنائی ہیں جس کے لئے بے ساختہ زبان سے شکریہ ادا ہوتا ہے ذیل کا پوڈر انہی صفات کا حامل ہے اس کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے سخت سے سخت خراب زخم بھی کیوں نہ ہو چند دن میں درست ہو جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : طوطیا سبز ایک چھٹانک دودھ گاؤ خالص تین سیر۔

دودھ میں طوطیا باریک پیس کر ڈال کر آگ پر دودھ خشک کرلیں جلنے نہ دیں جب خوب خشک ہو جائے کسی سل بٹے یا کھرل میں رگڑ کر پوڈر تیار کرلیں اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : مکھن شستہ صد بار ایک چھٹانک۔ دوائی مذکور بالا ایک رتی ملا کر کسی کپڑے کے پھایہ پر لگا کر پھوڑے پر چپکائیں یا زخم پھوڑے پھنسی پر تیل لگا کر پوڈر اوپر ڈال دیں۔ ہر صورت میں فائدہ دے گا۔

فوائد : خنازیر۔ گھمبیر۔ داد۔ چنبل۔ پھوڑے۔ گندے۔ زخم۔ چند دن میں درست کرتا ہے۔

جگی ٹانک

یہ ایک پر اسرار دوا ہے حرارت عزیزی کو طاقت دیتی ہے اعضائے رئیسہ کی طاقت بڑھاتی ہے جسم کو فربہ اور قوی عقل اور قوت حافظہ کو زیادہ کرتی ہے۔ مرطوب بیماریوں کو زائل کرتی ہے دہات جریان کے روگ کو مٹاتی ہے اور کمزوری کو دور کر کے پھر تازہ کر دیتی ہے قوت زائل نہیں ہونے دیتی۔

اجزاء و ترکیب ساخت : دودھ دو سیر میں سوا تین تولے افیون ڈال کر کھویہ بنائیں اور کھانڈ ساڑھے پانچ چھٹانک کا قوام پتاشہ کے موافق بنائیں پھر کھویا قوام میں ڈال کر نیچے اتار کر باقی ادویہ جو ذیل میں درج ہیں کوفتہ بیختہ کر کے کھویہ میں ملائیں۔
جائفل تیج پات۔ جلوتری۔ زعفران۔ چندن۔ عقرقرحا۔ فلفل دراز۔ تج۔ دار چینی۔ الائچی خورد ہر ایک دس ماشہ۔ کستوری۔ کافور ہر ایک دو ماشہ پیس کر مذکورہ مرکب میں ملائیں۔

ترکیب استعمال : چھ ماشہ سے ایک تولہ تک بقدر برداشت بڑھاتے جائیں۔

نوٹ : کھویا کو اتنا خشک کریں کہ مثل پوڈر بن جائے۔

فوائد : مقوی باہ۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال کی بہترین دوائی ہے۔

چاند

اسم بامسمی دوائی واقعی چاند سا بیٹا عطا ہونے میں مد معاون ثابت ہوتی ہے وہ گھر بے رونق ہے جس گھر میں اولاد نرینہ نہیں اولاد نرینہ ہی سے گھر میں روشنی ہوتی ہے بے اولاد گھر تاریک ہوتا ہے اولاد نرینہ کے لئے ہزاروں اشتہار نکل رہے ہیں مگر افسوس کہ صرف اشتہار ہی ثابت ہوئے وہ کون شخص ہے جو اولاد نرینہ کا خواہش مند نہیں یہ نسخہ سو فیصد کامیاب ثابت ہو چکا ہے اور تجربہ کی کسوٹی پر پرکھا گیا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مور کے پر کی چمکیلی ٹکڑی کو قینچی سے کتر کر پانی کی مدد سے کھرل کریں جب باریک ہو جائیں دو عدد کیپسول جو انگریزی دکانوں سے مل جاتے ہیں ان میں بھرلیں اور ایک ایک تخم شیولنگی کا داخل کریں۔

)2(بدھاری قند ایک تولہ کو باریک کر کے کپڑ چھان کر کے چھ چھ ماشہ کی دو پوڑیہ بنائیں۔

ترکیب استعمال : ایک صبح کھلالیں ایک شام کو اور دن کو ایک پوڑیہ بدھاری والی ہمراہ دودھ گائے اور دوسرے دن دوسری۔

نوٹ: گائے نر بچہ والی ہو غذا دودھ چاول حسب دستور تین ماہ کے اندر اندر یہ عمل کریں۔

بیضائی

(عطیہ جناب فخر الحکماء حکیم پیارا سنگھ سود)

بڑھاپے میں جوانی کا لطف دکھانے اور اعصابی کمزوریوں کو دور کر کے صحت مند بنانے سرعت۔ جریان۔ احتلام کو اور رقت دور کرنے والی بے مثال دوائی ہے غرض یہ کہ اگر اس اکسیر کو زندگی کا بیمہ کہا جائے تو بجا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : قلعی مصفی کولوہے یا مٹی کی رکابی کی شکل کے برتن میں ڈال کر آگ پر گرم کریں جب پگھل جائے قلمی شورہ باریک کر کے چٹکی دیتے جائیں اور باریک کر کے پانی سے دھو کر شورہ کی شوریت دور کریں بعد ازاں قشر بیضہ مرغ شامل کر کے ہمراہ سرکہ انگور ایک پاؤ کھرل کر کے پچیس اوپلوں کی آگ دیں۔ اس طرح سات مرتبہ کریں اکسیر بیضائی تیار ہے چٹکی شورہ ڈالتے جائیں اور برگد کا تازہ ڈنڈا سے رگڑتے جائیں۔

ترکیب استعمال : خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن استعمال کریں اور قدرت خدا کا تماشا دیکھیں وقتی اور دائمی امساک پیدا ہوتا ہے بشرطیکہ سات روز تک متواتر استعمال کریں۔ صرف ترش اور قابض اشیاء سے پرہیز لازمی ہے۔

فوائد : جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ انزال کے لئے حکمی دوا ہے پہلی خوراک ہی اپنا اثر دکھاتی ہے۔

عنبر پلز

(عطیہ جناب غلام نبی صاحب منٹگمری)

اکثر اطباء کی معمولی مطب دواء اور عدیم النظیر اور فقید المثال چیز ہے سن رسیدہ مرد بھی اس کے استعمال سے پچیس سالہ جوان مرد بن جاتا ہے اور جوانی کی امنگیں بے چین کئے بغیر نہیں رہتیں یہ بے حد مقوی تحفہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: مشک خالص۔ مصطگی۔ لونگ ہر ایک چار ماشہ۔ عنبراشہب خالص خصیۃ الثعلب۔ خولنجاں ہر ایک نو ماشہ۔ مایہ شتر اعرابی (بدل رب خصیہ) ایک تولہ۔ تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ خوب باریک پیس کر باہم مخلوط کریں اور شہد کی آمیزش سے نخودی گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی بوقت صبح ہمراہ شیر یا جوشاندہ دارچینی۔

فوائد : مقوی باہ اور از سر نو زندگی میں امنگیں پیدا کرتی ہے۔

مشکی

(عطیہ جناب حکیم محمد یحییٰ خاں راولپنڈی)

ذیل کے چند ایک نسخہ جات حکیم صاحب نے قارئین کی خاطر ارسال فرمائے ہیں جن کی تعریف ان کا نام ہے ان کو بنا کر تجربہ کریں اور فائدہ اٹھائیں ان میں سے ہر ایک اپنے فوائد کا آپ ہی ضامن ہے۔

نسخہ: سنگ یشب۔ ورق طلاء۔ مشک خالص۔ نبات سفید تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر نخودی گولیاں تیار کریں۔

استعمال : خفقان۔ ضعف قلب۔ تبخیر۔ مراق۔ خیالات کا انتشار غرض یہ کہ سوداوی امراض کا تریاق ہے۔ حقیقی خوشی اور حرارت عزیزی کو بڑھاتی ہے۔

جمالی

اجزاء ترکیب ساخت: کافور۔ ریوند عصارہ۔ مغز جمالگوٹہ مدبر۔ تمام ادویہ کو کوٹ پیس کر نخودی گولیاں بنائیں دو سے چار گولیاں ہمراہ عرق بادیان یا پانی کے ہمراہ دیں۔

فوائد : کمی اشتہار۔ ضعف معدہ۔ درد شکم۔ درد جگر۔ درد امعاء۔ قولنج وغیرہ کے لئے اکسیر ہے۔

جریان

یہ نسخہ جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ انزال اور رقت وغیرہ امراض میں انتہائی طور پر مفید ہونے کے باوجود آنتوں پر خراب اثر نہیں ڈالتا عام دواؤں سے معدے میں جو بے چینی اور غلظت پیدا ہو جاتا ہے اس سے مبرا ہے۔ قبض نہیں رہتا منی کو زیادہ پیدا کرتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کیکر کی نرم اور تازہ پھلیاں چھٹانک بھر جن میں ابھی دانہ نہ پڑا ہو سایہ میں خشک کر کے باریک سحق کر کے دودھ ایک سیر میں ملا کر کھویا سا بنالیں اور کوزہ مصری برابر وزن ڈال کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : رات کو سوتے وقت ایک تولہ سے ۔لے کر حسب برداشت نوش کریں گرم اشیاء سے پرہیز لازمی ہے۔

فوائد : جریان۔ رطوبت منی۔ مذی۔ کثرت احتلام اور سرعت انزال کے لئے عجیب چیز ہے لطف یہ ہے کہ منی افزا بھی ہے بھوک لگتی ہے قبض نہیں رہتا۔

ثنائی

اجزاء و ترکیب ساخت: رسونت مصفیٰ ایک تولہ۔ قلمی شورہ ایک تولہ کو آب ترب ایک سیر سمیت آہنی برتن میں ڈال کر چولھے پر چڑھائیں اور نیچے آگ جلا کر پکائیں جب کھویہ کی مانند ہو جائے اتر کر بقدر کنار دشتی گولیاں بنائیں۔

فوائد : بواسیر جیسی نامراد مرض کے لئے اکسیر التاثیر ہے۔

ترکیب استعمال : ایک یا دو گولی روزانہ ہمراہ باسی پانی دوسرا بدرقہ دہی بلویا ہوئے کے ساتھ دیں۔

خماسی

اجزاء و ترکیب ساخت : شنگرف۔ فلفل سیاہ۔ بیش مدبر۔ دار فلفل۔ سہاگہ خام۔ تمام ادویہ ہم وزن لے کر تین روز متواتر عرق لیموں میں کھرل کر کے دانہ جوار کے برابر گولیاں بنائیں۔

فوائد : پرسوت اور زچگی کے بعد عوارض کے لئے شافی دوا ہے فوری اثر کرتی ہے۔

رباعی

یہ دوا قوت باہ کے لئے اکسیر ہے جسمانی طاقت کو بڑھا کر جسم کو خوبصورت اور چہرہ کو

چمکدار بناتا ہے اور خاص کر فائدہ یہ بھی ہے کہ ممسک محمر لون مشتہی بھی ہے۔

اجزاء و ترکیب استعمال : فلفل سیاہ ایک تولہ۔ سم الفار سفید ایک تولہ۔ افیون ایک تولہ۔ سہاگہ ایک تولہ۔ عرق کیوڑہ دس تولہ تمام ادویہ کو عرق کیوڑہ میں خوب کھرل کریں جب گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے تو خشخاشی گولیاں بنائیں۔

فوائد : اعلیٰ درجہ کی مقوی بدن۔ مقوی اعضائے رئیسہ۔ مقوی باہ۔ ممسک۔ محمر لون۔ مشتہی ہے۔

ترکیب استعمال : ایک گولی روزانہ بعد از غذا بالائی وغیرہ میں لپیٹ کر کھلائیں۔

ہسٹورین

مستورات کی تمام جسمانی صحت کو صحیح اور تندرست کرنے کے علاوہ دوسری تمام شکائتوں کو بھی دور کر دیتی ہے۔ اختناق الرحم جیسی نامراد مرض جو عورتوں کی تمام مرضوں سے خطرناک مرض ہے۔ بہت فائدہ پہنچتا ہے عورتوں کا بے ہوش ہو جانا۔ ڈر جانا۔ پاگل ہو جانا۔ باؤ گولہ وغیرہ سب حالتوں کے لئے مفید ثابت ہوئی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ہینگ خالص دو تولہ۔ لہسن دو تولہ۔ دونوں کو خوب کھرل کریں بعد ازاں نمک سیاہ تین تولہ۔ نوشادر تین تولہ۔ سونٹھ چار تولہ۔ اجوائن دو تولہ۔ ست پودینہ ایک تولہ سب چیزوں کو کھرل کر کے عرق پیاز مقطر میں چار دن لگاتار کھرل کریں اور گولیاں مقدار نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال : دو گولی ہر روز صبح و شام ہمراہ عرق گاؤ زبان نوش کریں۔

فوائد : انشاء اللہ پرانا سے پرانے ہسٹریا چند دنوں میں اچھا ہو جاتا ہے اور غشی بھی دور ہو جاتی ہے۔

نسچولون

(عطیہ جناب حکیم موہن لال صاحب رستم)

ثبورات جلدی۔ بھگندر۔ ناسور۔ آتشک۔ خنازیر۔ بواسیر۔ خارش وغیرہ کے لئے بہت مفید پایا ہے بارہا کا آزمودہ اور عرصہ سے معمولی مطب ہے ہزاروں مریض بغیر اپریشن کے ایسے موذی امراض سے رہائی پا چکے ہیں۔

اجزاء و ترکیب استعمال : رس کپور ایک تولہ۔ گندھک آملہ دس تولہ۔ رس کپور کو کڑچھی میں ڈال کر اوپر سے گندھک باریک شدہ کی چٹکی دیتے جائیں جب ایک حصہ ختم ہو جائے تو دوسری ڈالیں اسی طرح گندھک ختم ہو جائے تو باریک پیس لیں دوائی تیار ہے۔

ترکیب استعمال : دورتی مکھن میں بوقت صبح استعمال کریں۔

فوائد: اس سے پرانا سے پرانا آتشک دنوں میں صاف ہو جاتا ہے بلکہ نیا جنم دیتا ہے جس کو کایا پلٹ بھی کہتے ہیں لاہور سور کے لئے ایک عجیب چیز ہے طرفہ یہ ہے کہ اوپر کوئی چیز نہ لگائیں صرف خوراکی طور پر استعمال فرمایں۔

معدی

(عطیہ ڈاکٹر حکیم خوشی رام صاحب)

یہ دوا معدہ کی تمام امراض کا تریاق ہے غذا کو فی الفور ہضم کرتا ہے بھوک لگاتا ہے کمی اشتہا کھٹے ڈکار نظام ہضم کی خرابیوں میں مبتلا رہنے والے مریض اس مرض سے فی الفور ہی نجات پا جاتے ہیں قبض کی شکایت بھی نہیں رہتی۔

اجزاء و ترکیب ساخت : پارہ مصفی دو تولہ۔ ہینگ خالص بریاں ایک تولہ۔ مٹھا تیلیا مصفی ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ سونٹھ ایک تولہ۔ گندھک دو تولہ۔ اجمود

ایک تولہ۔ اجوائن دیسی ایک تولہ۔ کٹھ تلخ ایک تولہ۔ کچلہ مدبر گھی میں بریاں کیا ہوا پہلے پارہ اور گندھک کو ملا کر خوب کھرل کریں کہ سیاہ کجلی بن جائے بعد ازاں مٹھا تیلیہ و دیگر اشیاء شامل کر کے خوب کھرل کریں اور برابر چار دن تک لگا تار کھرل کر کے گولی دو رتی کی تیار کریں۔ معدنی تیار ہے غذا کو ہضم کرتی ہے۔

فوائد : معدہ کی کمزوری کے لئے بہترین چیز ہے۔

ترکیب استعمال : ایک گولی سے چار گولی تک ہمراہ مناسب بدرقہ عرق سونف یا پانی وغیرہ کے ہمراہ دیں۔

تاپول

(عطیہ حکیم رام سنگھ صاحب ڈھینگی)

یہ ایک کیمیا گر کا نسخہ ہے جو اعلانیہ سونا بناتا تھا لیکن اس کی بے حد خدمت کے بعد بجائے سونے کے نسخہ کے یہ نسخہ ملا جو کیمیا سے بھی بڑھ کر مفید پایا جہاں اور جس حالت میں دیا فائدہ ہوا غرض یہ کہ اکسیری کام دیتا رہا ہے اور بہت مفید ثابت ہوا۔

بخاروں کی ہر ایک قسم کے لئے تریاق ہے صرف سل اور دق میں اس بات کا دھیان رکھنا لازمی ہے کہ پہلے پھیپھڑے درست ہو جائیں پھر بخار کا علاج تو دو تین خوراک سے ہی ہو جاتا ہے اور مریض انشاء اللہ توانا اور تندرست ہو جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سیماب شدھ ایک تولہ۔ گندھک آملہ سار مدبر۔ قلعی مدبر مصفی۔ نوشادر۔ ہڑتال ورقیہ مدبر ہر ایک تولہ۔ سم الفار سفید تین ماشہ۔ پہلے قلعی کو پگھلا کر پانی کریں تو نیچے اتار کر پارہ اس میں چھوڑ دیں۔ جلد جلد ہلاتے رہیں تا کہ قلعی اور پارہ یک جان ہو جائیں اس کو کھرل میں ڈال کر پیس لیں غبار ہونے پر گندھک ڈال کر کھرل کریں باریک ہونے پر باقی اشیاء ڈال کر کھرل کریں غبار ہونے پر ستیاناسی چھوٹے پتے والی کا عرق حسب ضرورت لے کر دوائی کو ترک کر لیں پھر خشک

غبار کر کے آتشی شیشی میں ڈال کر جس کا پینڈا سات بار ملتانی مٹی (روئی ملی ہوئی) سے کپڑوٹی کیا گیا ہو ڈالیں۔خشک ہونے پر دو سیر پختہ عمدہ کوئلہ لے کر آتشی شیشی درمیان میں رکھ کر جلائیں۔ جب دھواں نکلنا شروع ہو تو دھوئیں سے بچیں سیخ آہنی سے ہلاتے رہیں کہ کچی نہ رہے۔ جب سنہری رنگ کی دوائی سیخ کے سرے کو لگے تو اتار لیں۔ساری دوائی میں یہی کاریگری ہے کہ دوائی کچی نہ رہے اور نہ جلے اس کا خاص دھیان ہونا چاہئے پہچان یہی ہے کہ دوائی سرخ رنگ دینے لگے تو شیشی کو ٹھنڈا کر دیں۔شیشی میں اصلی دوائی ہوگی اور شیشی کے گلے میں دوائیوں کا نمک ہوگا علیحدہ علیحدہ نکال کر جدا جدا رکھیں۔ایک ماہ کے بعد دوائی استعمال کریں جتنی پرانی ہوگی پر تاثیر ہوگی۔

ترکیب استعمال : جوان آدمی یا عورت کو ایک چاول آدھا یا چوتھائی چاول تک اگر تلخی معلوم ہو تو دودھ پلائیں مصلح اس کا اسپغول۔

خوراک نمک : علاوہ بخاروں کے ہیضہ اور مستورات کی خرابی حیض کے لئے بھی دیا جاتا ہے۔

فوائد : ملیریا بخار۔ موسمی بخار۔ صفراوی۔ تیجا۔ چوتھا۔ لیل و نہار۔ دق سل بخار کے لئے عرق گاؤ زبان کے ہمراہ اور شربت بزوری معتدل یا طبیب کے فرمان کے مطابق دیں۔

نوٹ : اگر اس دوائی کو موسمی بخاروں کے لئے بنانا ہو تو پھٹکڑی سرخ ایک تولہ کا نسخہ اصل میں اضافہ کر لیا جائے۔

لازمی معیاری ٹائیفائڈ وغیرہ بخار کے لئے شربت بنفشہ کے ساتھ آرام دے جاتا ہے اور ایک ہی پڑیہ سے اتر جاتا ہے یہ طبیب کی مرضی پر موقوف ہے۔

تاپ تلی کے لئے بخار کا علاج کھانڈ۔ کنوار گندل کے گودہ دس تولہ میں کھرل کریں اور پیس کر شیشی میں رکھیں۔

ایک دو ماشہ کھانڈ سے دوائی یا نمک مطابق موقع دیں۔ بخار اتر جائے گا۔ تاپ

تلی کی دوا علیحدہ کریں۔
نمک مذکورہ پیس کر پھولا۔ چشم یعنی بیاض پر سلائی سے لگائیں ایک ہفتہ میں دور ہو جائے گا۔
نوٹ : دوائی کی عمدگی صرف آگ پر منحصر ہے کچی رہی تو خراب جل گئی تو بے اثر۔

فیض فولادی

(عطیہ جناب حکیم دلبر خاں صاحب)

تمام دوائیوں کی سرتاج ہزاروں دواؤں کی ایک دوا تمام جاندار اجسام میں خون ہی ایک قیمتی چیز ہے جس کا نام روح ہے اگر کسی وجہ سے خون کی پیدائش رک جائے یا کم ہو جائے تو جسم بے شمار بیماریوں میں گھر کر زندہ درگور ہو جاتا ہے خون پیدا کرنا جگر کا کام ہے اور جگر کی اصلاح کے لئے فیض فولادی دنیا بھر میں مانی ہوئی اکسیر ہے کیونکہ فولاد کا بہترین مرکب ہے جسے بنا کر ضرور فائدہ اٹھائیں گے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : فرائی ایٹ کونین سائیٹراس ڈیڑھ تولہ۔ فرائی ایٹ ایمونیا سائیٹراس ڈیڑھ تولہ۔ میگنیشیا سلفاس تین اونس۔ عرق گاؤ زبان ایک بوتل میں جملہ ادویات کو شامل کر کے حل کریں بس دوائی تیار ہے بوتل پر سولہ خوراک کا نشان لگائیں۔

ترکیب استعمال : صبح شام ایک ایک نشان پلائیں۔

فوائد : کمی خون۔ تاپ تلی۔ بھس۔ ضعف جگر۔ یا جگر سے تعلق رکھنے والی دوسری بیماریوں کو فائدہ دیتی ہے دوران سر اور دردسر کی شکایت دور ہو جاتی ہے جسم کا سرد یا گرم ہو جانے کو نفع دیتی ہے۔

ہمر لین نمبر (۱)

(عطیہ حکیم گوپال داس پوری)

مثانہ اور گردہ میں پتھری کی وجہ سے اس قدر درد ہوتا ہے کہ الامان الحفیظ مریض

درد کے مارے چیختا اور چلاتا ہے ایسا بے تاب ہوتا ہے کہ دیکھنے والے بے قرار ہو جاتے ہیں پیشاب رک رک کر درد سے آتا ہے یہ تکلیف محض پتھری اور رگ کی وجہ سے ہوتی ہے اس کے استعمال سے انشاء اللہ ہفتہ عشرہ میں پتھری ٹوٹ کر ریزہ ریزہ ہو کر نکل جاتی ہے اور پھر دوبارہ نہیں ہوتی بشرطیکہ بعد ازاں بھی کچھ دیر استعمال کی جائے پتھری گردہ میں ہو یا مثانہ میں نام ونشان نہیں رہتا یہ ایک سنیاسی کا نسخہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ایک نر خرگوش لے کر ذبح کریں اور اس کا پیٹ چاک کر کے اس کے پیٹ میں شورہ قلمی ایک پاؤ۔ سنگ یہود آدھ پاؤ۔ ریوند چینی تین پاؤ داخل کر کے پیٹ کو مضبوط کر کے سی دیں۔ اور ایک برتن گلی میں گل حکمت کر کے ایک من اوپلوں کے درمیان رکھ کر پھونکیں جب سرد ہو جائے تو دوائی مذکور نکال کر پیس لیں اور ہمرالین نمبر 1 تیار ہے۔

ترکیب استعمال : یہ دوائی تین ماشہ پکھان بید کے جوشاندہ یا اس کی سردائی بنا کر استعمال کریں یا گائے کے دودھ کی لسی پلائیں۔

فوائد : درد رفع اور پتھری نکل جائے۔

ہمرلین نمبر (۲)

اجزاء و ترکیب ساخت : سنگ یہود اعلیٰ ایک چھٹانک لے کر اس میں مولی کا رس ایک سیر کھرل کر کے جذب کریں پھر ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں رکھ کر پندرہ سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ یہی عمل تین بار کریں ہر بار مولی کا رس ایک سیر جذب کریں اور بدستور آگ دیتے رہیں تین بار آگ دینے کے بعد پیس لیں۔

ترکیب استعمال : ایک ماشہ سے دو ماشہ تک ہمراہ بدرقات مناسب حسب برداشت مزاج استعمال کریں۔

بدرقه مناسب : سونف چھ ماشہ۔ پکھان بید۔ پوست ہلیلہ کلاں۔ گلو۔ مغز تخم خربوزہ۔ ہر ایک چھ ماشہ۔ سونٹھ تین ماشہ۔ تمام ادویات کو تین پاؤ پانی میں رات کو

بھگوئیں اور صبح پکائیں کہ ایک پاؤ پانی باقی رہ جائے پھر مل چھان کر اس میں جوکھار اصلی اور ایک تولہ گڑ حل کریں کشتہ کے ساتھ یہ جوشاندہ استعمال کریں۔

اس سے پہلے پیشاب میں لیدار مادہ خارج ہوتا ہے اور پتھری کے نوکدار ٹکڑے نکلتے ہیں اگر بے چینی ہو تو مریض کو گرم پانی کے ٹپ میں کمر تک بٹھا دینا چاہئے۔

چشمی

کاگا سب تن کھائیو چن چن کھائیو ماس
پر دو نین نہ کھائیو مورے پیا ملن کی آس

آنکھوں کے ساتھ ہی جہاں ہے اور اس جہاں کے نظارے ہیں ورنہ سب اندھیرا ہی اندھیرا ہے۔ آنکھوں کا دکھنا ککرے۔ پڑوال ناخونہ کے لئے ہزارہا انگریزی ادویات موجود ہیں لیکن یہ دوا آب حیات سے بڑھ کر ہے ادھر آنکھوں میں ایک قطرہ ڈالا ادھر آرام ہو گیا مفید ثابت ہوئی ہے اس کو بنا کر فیض عام جاری کریں اور دعائیں لیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : پھٹکڑی بریاں دو تولہ۔ شراب اصلی ایک تولہ۔ افیون مصفی ایک تولہ۔ رسوت مصفی دو تولہ۔ افیون اور رسوت کڑچھی میں بھگو کر رکھیں جب اچھی طرح سے گھل جائے تو اس میں پھٹکڑی حل کر کے اس میں شراب اصلی ملا کر اس کو اکیس یوم گندم کے ڈھیر میں دبا چھوڑیں اکیس یوم کے بعد نکال کر سلائی سے استعمال کریں۔

فوائد و ترکیب استعمال : ایک سلائی شام کو سوتے وقت ڈالنی چاہئے جملہ امراض چشم کے لئے ایک لاجواب تحفہ ہے جو ضعف بصر آشوب چشم۔ دھند۔ جالا۔ غبار۔ ککرے۔ ناخونہ۔ شب کوری وغیرہ کے لئے اکسیر ہے اور مجرب ہے۔

حب راحت

عین مایوسی کی حالت میں جبکہ زبان بند ہو سانس کی آمد و رفت میں دقت محسوس ہو رہی

ہوتے دست بے حساب آ رہے ہوں۔ اس حالت میں یہ دوا اکسیر کا حکم رکھتی ہے اس دواء کے استعمال سے ایسی حالت میں جملہ شکایات رفع ہو کر مریض کی جان میں جان آجاتی ہے عجیب وغریب سریع الاثر بے نظیر چیز ہے لطف یہ کہ اس دوا سے بخار ہو جاتا ہے اور مریض کی صحت کی علامات ایک خوراک سے ظاہر ہونی شروع ہو جاتی ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : پارہ مصفی ایک تولہ تین ماشہ۔ گندھک مصفی ایک تولہ تین ماشہ۔ سہاگہ بریاں ایک تولہ تین ماشہ۔ بچھناک مدبر ایک تولہ تین ماشہ۔ لوفہ بجی کھار چھ ماشہ۔ مگھاں۔ مرچ سیاہ۔ سونٹھ۔ خاکستر کوڑی زرد ہر ایک چھ ماشہ۔ سب کو لیموں کے رس میں گولیاں نخودی بنالیں۔

فوائد : ہیضہ کا ایک بے خطا اور مایوسی کی حالت میں دستگیری کرنے والا عجیب و غریب نسخہ ہے۔

ترکیب استعمال : ہر نصف گھنٹہ کے بعد ایک گولی جوشاندہ لونگ کے ہمراہ دیں۔ اگر قے زیادہ تو جوشاندہ دارچینی کا استعمال کرائیں بفضلہٖ صحت ہو جاتی ہے۔

سیلانی

(عطیہ جناب حکیم رشید احمد صاحب صدیقی)

عورت کی تندرستی اور خوبصورتی اس بات پر منحصر ہے کہ اس کو پوشیدہ امراض سے نجات رہے۔ مثلاً پانی گرنا۔ ماہواری کے آگے پیچھے جسم سے سفید رطوبت جانے لگے۔ تو آہستہ آہستہ یہ بے چاری بستر پر دراز ہو جاتی ہے رنگ روپ اڑ جاتا ہے چہرہ زرد ہو جاتا ہے اور اس کی زندگی درگور ہو جاتی ہے ایسی حالت میں یہ نسخہ ''سیلانی'' مسیحا کا کام دیتا ہے اور اپنے زود اثر فوائد کے لحاظ سے حیران کر دیتا ہے زیادہ سے زیادہ تین دن میں سب شکایات دور ہو جاتی ہیں اور قدرتی طور پر تندرست و توانا ہو جاتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کوری ہنڈیا ایک عدد۔ گندہ بیروزہ پانچ تولہ۔ دودھ

بکری تازہ ایک سیر۔ گئو دنتی ہڑتال پانچ تولہ۔ گندہ بیروزہ کو کوٹ کر ہنڈیا میں بچھائیں
پھر گئو دنتی ہڑتال کی چھوٹی چھوٹی ڈلیاں بیروزہ کے اوپر رکھیں اور بکری کا تازہ دودھ ڈال
کر ہنڈیا کو گل حکم کریں اور بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر کشتہ ہڑتال
نکال کر باریک پیس لیں بہترین اکسیر صفت ثابت ہوگا۔

ترکیب استعمال : صبح وشام کشتہ مذکور ایک ایک رتی میں ایک ایک چاول۔ کشتہ قلعی (بذریعہ بھنگ) اضافہ کر کے ایک ہفتہ ہمراہ دودھ بکری بقدر ذائقہ میٹھا ڈال کر دیں۔ گرم اشیاء وترش اشیاء سے پرہیز لازم ہے۔

قطرہ آب حیات

(عطیہ حکیم حافظ عبدالجبار صاحب بھوپال)

مندرجہ ذیل نسخہ جو میرے مطب کے خاص الخاص اور سینکڑوں مریضوں پر استعمال شدہ ہے اپنے بھائیوں کی خاطر پیش کرتا ہوں جو میرے تجربہ میں عرصہ چالیس سال سے برابر آرہا ہے جس کی بدولت میرے مطب کو عروج ہے جہاں استعمال کیا مفید ہی پایا ہے یہ اکسیری نسخہ میرے خاندانی راز خفیہ میں سے ہے جس کو آج تک ظاہر نہیں کیا تھا لیکن آپ کے ایثار قربانی نے مجھ کو بھی آمادہ کر دیا کہ بخل کو دور کر کے فن کی خدمت کی جائے اور اس راز سربستہ کو بطور تحفہ اپنے بھائیوں کے سامنے پیش کر دے۔

(گر قبول افتد زہے عز و شرف)

یہ روغن کثیر الفوائد ہے جو تقریبا کل امراض جو عام طور پر گھروں میں بوڑھوں بچوں جوانوں کو ہوتی رہتی ہیں ان کا حکمی علاج ہے انسانوں کے علاوہ حیوانات چرند۔ پرند۔ کے امراض پر بھی مفید ہے جو اندرونی اور بیرونی دونوں طرح پر استعمال کیا جاتا ہے اور اچانک حملہ کرنے والے امراض کا فوری قلع قمع کر دیتا ہے غرض جہاں کوئی دوا موجود نہ ہو وہاں اس کے چار قطرے کام دیتے ہیں فوائد یہ ہیں۔

ہر ایک بیرونی درد و زندگی حیوانات کے واسطے اکسیر الاثر ہے درد کے مقام پر اس تیل کو انگلی سے لگاتے جائیں معاً درد دور ہو جائے گا اندرونی طور پر استعمال کرنے سے محرک خون و مصفی محلل مواد۔ موافق بدن اور معین طبیعت ہے معدہ اور امعاء کے لئے بالخاصہ مفید ہے(کاسر ریاح مشتہی ہاضم مفرح ہے زخموں کو اچھا کرتا ہے اور ورموں کو دور کرتا ہے اقسام تپ۔ ہیضہ طاعون کے لئے مجرب ثابت ہوا ہے وبائی امراض کے جراثیم کو ہلاک کرتا ہے اور مناسب بدرقہ کے ساتھ اکثر امراض میں مفید اور نافع ہے۔

تفصیلی فوائد معہ بدرقہ حسب ذیل ہیں

1۔ **ہر اقسام کے درد کے واسطے:** دو بوند پیشانی پر ملیں اگر آرام نہ ہو تو دس منٹ بعد پھر مالش کریں اور سنگھائیں درد شدید ہو تو دو بوند خمیرہ بادام میں ڈال کر ہمراہ دودھ نیم گرم کھلائیں۔

2۔ **کھانسی و ضیق النفس و دمہ** کے واسطے فلفل دراز تین ماشہ کے سفوف میں دو یا تین بوند ڈال کر ہمراہ عرق گاؤ زبان علی الصباح یا شدت کھانسی کے وقت کھلائیں۔

3۔ **کھانسی خشک** کے واسطے بہیدانہ میں دو قطرہ ڈال کر نوش کریں۔

4۔ **ذات الجنب** کے لئے چار بوند ہمراہ عرق بادیان دو دو گھنٹہ بعد دیں۔ نیز تیل میں ملا کر مقام ماؤف پر مالش کریں یا زردی بیضہ مرغ میں شامل کر کے ضماد کریں اور سینکیں۔

5۔ **منہ سے خون آنا پیپ آنا** دو بوند عرق پودینہ میں ڈال کر دیں۔

6۔ **نزلہ زکام** شیشی کو ناک کے پاس لے جا کر سونگھیں اور بقدر خشخاش نسوار لیں۔

7۔ **بدھضمی** درد شکم۔ فساد شہوت۔ حرقتہ المعدہ۔ دو بوند سے چار بوند تک ہمراہ عرق بادیان یا سفوف اجوائن میں ڈال کر دیں۔

8۔ **ھیضہ** چار بوند مصری پر ڈال کر عرق بادیان یا عرق گاؤ زبان کے ساتھ ایک

گھنٹہ کے وقفہ بعد دیں۔

9۔ **قبض** شربت بنفشہ تین تولہ عرق گلاب پانچ تولہ میں پانچ بوند ڈال کر پلائیں۔

10۔ **نفح شکم**۔قراقر دو بوند ہمراہ عرق بادیان دیں۔

11۔ **اسہال۔ پیچش** دو بوند آب انار دانہ یا شربت انار ترش میں ڈال کر دیں۔

12۔ **قے ' غثیان**۔ تین بوند سفوف مصطگی میں ملا کر استعمال کریں۔

13۔ **صرع** ایک بوند عرق گلاب میں ملا کر صبح وشام چند روز تک ناک میں ڈالیں۔

14۔ **درد دنداں** انگلی پر لگا کر دانتوں پر ملیں۔

15۔ **دانتوں کا ہلنا** یا دانتوں سے خون بہنا ایک ماشہ پھٹکڑی کے سفوف میں تین بوند ملا کر مالش کریں۔ بطور منجن استعمال کریں۔

16۔ **خارش**۔ روغن بادام دس بوند۔ سرکہ دس بوند میں ایک بوند ملا کر مالش کریں۔

17۔ **درد گوش و قرحہ گوش** ایک بوند نو بوند روغن گل میں ملا کر نیم گرم کان میں ڈالیں۔

18۔ **بواسیر** بنی ایک بوند دس بوند سرکہ میں ملا کر زخم پر لگائیں۔

19۔ **ناک** میں پھنسیاں ایک بوند دس بوند روغن گل میں ملا کر لگائیں۔

20۔ **ناک میں بدبو** یا چھینکیں آنا شیرہ صندل سفید دس بوند میں ایک بوند ملا کر نسوار لیں۔

21۔ **درد چشم**۔ مغز ہلیلہ زرد پانی میں گھس کر دو بوند ملا کر سلائی سے لگائیں یا کنپٹی پر ایک ایک بوند کی مالش کریں۔

22۔ **ثبور الفم**۔ داد چنبل۔ دو تولہ سرسوں کے تیل میں دس بوند ڈال کر لگائیں اگر مواد نکالنا ہو ذرا گرم کر لیں۔

23۔ **پھوڑا پھنسی خارش** کان کا پکنا بھڑ یا بچھو کا کاٹنا زخم وغیرہ پر لگائیں۔

24۔ **سانپ کا کاٹنا** باولے کتے کا کاٹنا مقام زخم پر استرے سے شرط لگا کر مل دیں۔

25۔ **حلق بند ہونا** آملے کے پانی میں دو چار قطرے ملا کر بکثرت اوپر مالش کریں اور ریٹھہ کے پانی میں ایک بونڈ ڈال کر کلیاں کرائیں۔

26۔ **گلے میں درد** چار بوند روغن کنجد میں ملا کر مالش کریں اور قدرے پان میں لگا کر کھلائیں۔

27۔ **اقسام تپ** تین ماشہ ست گلو میں دو بوند ملا کر عرق گاؤ زبان سے دیں اور بموجب حالت مریض بدرقہ تبدیل کریں۔

28۔ **سوزاک** دو بوند بتاشہ میں ڈال کر کھلائیں اوپر سے دودھ کی کچی لسی پلائیں فورا آرام ہوگا۔

29۔ **ورم لوزتین** گلٹیاں بدن پر چوٹ صرف قدرے روغن ملیں یا تیل میں ملا کر مالش کریں اور باندھیں۔

30۔ **بواسیر** تین بوند مسکہ میں ملا کر کھلائیں اور بواسیر کے مسوں پر تیل سرسوں ملا کر لگائیں۔

31۔ **امراض قلب** دو تین بوند مصری پر ڈال کر کھلائیں اور اوپر سے مربہ آملہ ورق نقرہ میں لپیٹ کر کھلائیں۔

32۔ **کمزوری دماغ**۔ سوتے وقت بالائی میں دو بوند ڈال کر کھلائیں دماغی کمزوری دور ہوگی۔

33۔ **تفریح طبع** کے لئے ایک دو بوند بعد غسل پیشانی پر ملنے سے تمام دن جوش رہتا ہے۔

34۔ **طاعون** کے واسطے ہر دو گھنٹہ بعد دو تین بوند مصری پر ڈال کر آب ادرک یا جوشاندہ سونف یا دودھ گرم کے ساتھ دیں۔ اور گلٹی پر لگائیں۔ اگر سوئی چبھو کر لگائیں تو

بہتر ہے۔

35۔ اگر کسی مرض کی تشخیص مشکل ہو یا کسی موقع پر کوئی بدرقہ نہ مل سکے تو بلا تامل چند قطرہ مصری یا شکر ڈال کر پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آرام ہوگا۔ نسخہ یہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : جوہر اجوائن ایک تولہ۔ جوہر لوبان ایک ماشہ۔ روغن الائچی چھ ماشہ۔ کافور ٹکیہ والا ایک تولہ۔ ست پودینہ چھ ماشہ۔ گندھک آملہ سار مصفی دو رتی پھر دیگر اشیاء ڈال کر مضبوط کارک لگا کر رکھ دیں۔ پندرہ منٹ میں روغن سرخ رنگ کا خوشنما تیار ہوگا جیسا کہ امرت دھارا کا ہوتا ہے۔

سوزاک

(عطیہ جناب حکیم رشید احمد صاحب)

مجرائے قضیب ہیں ایک قرحہ (گہرا زخم) جو عموماً تین جگہ ہوا کرتا ہے قضیب کی جڑ میں قضیب کے وسط میں یا حشفہ میں جو قرحہ جڑ قضیب میں ہوگا اس کے لئے اکثر خوراکی دوائیں بھی اور خارجی بھی جو حشفہ میں ہوگا اس کے لئے بالعموم پچکاری زیادہ فائدہ دیتی ہے اس اصول علاج کو مدنظر رکھ کر علاج کرنا چاہئے مدارات کا استعمال لازمی ہے۔

پیشاب درد سے آتا ہے۔ قضیب کا متورم ہو جانا پیپ آنا یا خون' درد کا بے قرار کرنا' یہ پہلے درجے کی علامات ہیں اس کے بعد یہ سب علامات ایک قلم موقوف ہو کر قرحہ پیدا ہو جانا جس سے پیشاب کی نالی کا منہ آہستہ آہستہ کم ہوتے جانا اور بدن کو نقصان پہنچانا یہ اتنا خطرناک مرض ہے کہ اندر ہی اندر انسان کو تباہ کرتا رہتا ہے۔

ذیل کی دوا ان علامات بالا کے ہر مدارج کے لئے اکسیر ثابت ہوتی ہے سوزاک چاہے نیا ہو چاہے پرانا ایک دم موقوف۔

غرض یہ کہ ہر حالت میں مفید اور زود اثر ہے تین چار خوراک ہی سے اثر دکھاتا ہے ایک سینہ کا راز ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ پوست بیضہ مرغ ایک چھٹانک۔ آب املی ایک چھٹانک۔ ڈلی نیلہ تھوتھا ایک تولہ۔ ایک مٹی کی کلیا (ہانڈی) ایک عدد۔ پوست بیضہ کو بذریعہ آب املی باریک سفوف کر کے کلیہ میں نصف ڈال کر ڈلی نیلہ تھوتھا رکھیں اور باقی بیضہ مرغ باریک شدہ اوپر رکھ کر کلیہ کو گل حکمت کر کے ایک سیر پختہ اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں کشتہ سیاہی مائل سفید برآمد ہوگا باریک کر کے شیشی میں رکھیں مریض سوزاک خواہ کتنا ہی دیرینہ مریض ہو قرعہ پڑ چکا ہو ایک ہفتہ کی خوراک سے مکمل فائدہ ہوگا گرم اور ترش اشیاء اور جماع سے پرہیز لازمی ہے۔

ترکیب استعمال :۔ ایک چاول منقہ یا کیپ سول میں ڈال کر دیں۔

فوائد:۔ پرانا یا نیا سوزاک چاہے کس حالت میں بھی ہو پیپ خون قروحہ وغیرہ بھی ہو۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے کلی آرام ہو جاتا ہے۔

تحفہ زمستانی

(عطیہ جناب صاحبزادہ محمد حفیظ اللہ صاحب)

یہ نادر تحفہ ہے سردیوں میں استعمال کرنے سے بڑھاپے میں جوانی کی امنگیں دوبارہ عود کر آتی ہیں اور جوانوں کو زندگی کا لطف آ جاتا ہے ضعف اعضائے رئیسہ کے دور کرنے میں ایک لاثانی چیز ہے گویا کہ تمام مقوی ادویات کا سرتاج ہے بدن میں چستی اور چالاکی آ جاتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ (گذر استخواں برآوردہ) یک سیر۔ خرما ریزہ ریزہ کردہ نصف پاؤ۔ ہر دو کو نصف سیر شیر گاؤ اور ایک سیر پانی کے ہمراہ آگ پر پکائیں جب دودھ غلیظ ہو جائے تو مغز بادام مقشر پانچ تولہ۔ مغز کدو پانچ تولہ۔ مغز فندق۔ مغز چلغوزہ۔ مغز چرونجی دانہ الائچی خورد۔ ثعلب مصری۔ ستاور۔ موصلی سفید ہر چار تولہ۔ یہ تمام ادیات باریک کر کے شامل کر لیں اور روغن زرد تین پاؤ میں بریاں کریں تیار ہو جانے پر اسے ڈیڑھ سیر کھانڈ کے قوام میں ملا کر حلوہ تیار کریں آگ سے اتار کر زعفران

ایک تولہ۔ مشک خالص تین ماشہ شامل کر کے روح کیوڑہ شامل کر کے اور محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال:۔ دوتولہ صبح دوتولہ شام ہمراہ چائے یا دودھ گرم استعمال کریں۔

شفاء

یہ ایک لاجواب اور کثیر الفوائد معجون ہے جو نفث الدم۔ نزلہ قدیم و جدید۔ حرارت حار۔ سفید وشش۔ سل کہنہ۔ سرفہ ہر قسم۔ تپ دق۔ اسہال صفراوی اور دموی وغیرہ سب کے لئے اکسیر بے نظیر ہے۔ اس کے معجز نما اثرات سے ہزار ہا مریض فیضیاب ہو چکے ہیں۔ یہ حقیقی معنوں میں شفا ہے اور اسم با مسمیٰ ہے۔
اجزاء و ترکیب ساخت :۔ کوکنار سفید بڑے قد کے سو عدد۔ برگ بانسہ سفید پھول ہم وزن کوکنار۔ ہر دو کو آٹھ گنا پانی میں بھگو دیں۔ گھنٹہ کے بعد جوش دیں جب چوتھا حصہ پانی رہ جائے تو خوب مل چھان کر اس پانی کے ہموزن مصری ڈال کر قوام ٹھیک کریں جب غلیظ ہو جائے نیچے اتار لیں اور گوند کتیرا۔ گوند کیکر۔ ملٹھی مقشر ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ مصطگی۔ مرکی ہر ایک گیارہ ماشے۔ افیون عمدہ اور زعفران اصلی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ باریک کر کے ملائیں۔
ترکیب استعمال :۔ دو ماشہ سے تین ماشہ تک ہمراہ پانی گرم یا شربت بنفشہ یا شربت اعجاز یا شربت فریادرس وغیرہ مناسب موقعہ یا مرض دیں۔
فوائد :۔ نفث الدم۔ نزلہ قدیم وجدید۔ دق۔ سرفہ۔ اسہال صفراوی کیلئے مفید ہے۔

سنیاسی پڑیہ

(عطیہ جناب حکیم دولہارام صاحب شرما)

سنگرہنی (بار بار دست آنا) جیسی تکلیف کا علاج بہت مشکل ہوتا ہے علامت کے مطابق کوئی علاج دوا موافق نہیں آتی جو دوائی دی جائے ضد ہوتی ہے اور مریض دن بدن کمزور ہو جاتا ہے۔

متذکرہ ذیل پڑیہ ایک جادو کی پڑیہ ثابت ہوئی ہے ادھر دوائی حلق سے نیچے اتری تکلیف رفع اکیس یوم کے استعمال سے مکمل آرام ہو کر صحت ہو جاتی ہے۔

یہ ایک سنیاسی نسخہ ہے جو ایک سادھو مہاتما کی مہربانی سے ہاتھ آیا اور آج تک راز میں رکھا ہوا تھا۔

اب جمیل صاحب جیسے بخل شکن نے ہمیں سینہ کا راز افشا کرنے پر مجبور کر دیا ہے آپ اسے بنا کر فیض حاصل کریں اور دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ پارہ شدھ۔ گندھک آملہ سار شدھ۔ کشتہ ابرک سیاہ۔ شنگرف شدھ۔ جوکھار۔ جائفل۔ بیلگری۔ موچرس۔ مٹھا تیلیہ۔ اتیس۔ سنڈھ۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ گل دھاوا۔ ہرڑ زرد کا چھلکا۔ کتھہ۔ اجوائن دیسی۔ اندر جو۔ تخم دھتورہ۔ مغز کرنجوہ۔ افیون۔ پوست نیم۔ برابر لے کر پہلے گندھک اور پارہ کو چار پہر کھرل کر کے باقی ادویات علیحہ علیحدہ باریک پیس کر ایک جگہ ملائیں افیون کے پانی کے ساتھ نخودی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال :۔ گائے کا دودھ لے کر ضامن لگائیں دہی جمنے سے پہلے ہینگ اور کافور کی دھونی دیں۔ پھر مدھانی سے متھ (رڑک) کر مکھن نکال لیں سنگرہنی والے کو مکھن سے۔ پت سنگرہنی والے کو ادرڑ کے سے۔ کف اور عام سنگرہنی والے کو مکھن سمیت ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو دیں۔

غذا :۔ چاول ساٹھی دس تولہ دال مونگ دو تولہ' کالا زیرہ' مرچ سیاہ حسب ضرورت ڈال کر کھچڑی کھلائیں۔ پہلے تین دن صرف ساٹھی کے چاول کی کھچڑی کھلائیں پھر خوراک بڑھاتے جائیں بہت جلد آرام ہو گا۔

پرہیز نہ موافق آنے والی اشیاء سے ضرور کریں۔

فالجین

(عطیہ جناب مینجری صاحب جانی دواخانہ)

وہ جواہر ریزہ ہے کہ جسے میں نے اپنے دل میں مقفل کر رکھا تھا کسی کو کسی معاوضہ پر بتلانا کفر سمجھتا تھا مگر ہدیہ ناظرین ہے یہ نسخہ ایک سادھو مہاراج سے مدتوں خدمت کے بعد دستیاب ہوا جن کے متعلق علاقہ بھر میں ایک جادوگر یا کیمیا گر مشہور تھا۔ اور وہ صرف لقوہ، فالج ادھرنگ، تشنج غرض یہ کہ نامردی یا اور اعصابی امراض کا علاج کرتے تھے اور صرف تین خوراک دیتے تھے یہ نسخہ نہایت آسان اور قلیل الاجزاء ہے فوائد میں لاثانی اور سریع الاثر ہے اس قسم کا نسخہ کسی کتاب میں درج نہیں ہوگا اور نہ ہی سننے میں آیا ہو گا۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ سم الفار سفید چھ ماشہ۔ سم الفار سرخ چھ ماشہ۔ برگ ہرنولی (ہرنولہ کی ایک قسم جس کے پتے سرخ ہوتے ہیں) پانچ تولہ۔ ہڑتال ورقی اعلیٰ زرنیخ سرخ، طوطیا سبز ہر ایک چھ ماشہ، خشک ادویات پیس لیں ہرنولہ کے پتوں کو گھوٹ کر پانی نکالیں اور آگ پر رکھیں۔ جب سبزی صاف پانی علیحدہ ہو جائے تو نتھار کر اس قدر ڈالیں کہ ادویات اس کے ساتھ کھرل ہو کر غلولہ بنانے کے قابل ہو جائے بعدہ مس شیریں پانچ تولہ لے کر اس کی ایک ڈبیہ تیار کریں اور غلولہ اس ڈبیہ میں رکھ دیں۔ نمک طعام دو سیر باریک شدہ مٹی کے برتن میں آدھا بچھا دیں۔ ڈبیہ مذکور رکھ کر اس کے اوپر آدھا نمک ڈال دیں اور گل حکمت کر کے تیس سیر جنگلی اوپلہ کی آگ دیں آسمانی رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا۔

ترکیب استعمال :۔ نصف چاول ہمراہ مسکہ گاؤ یا گھی۔

فوائد :۔ فالج۔ ادھرنگ۔ تشنج۔ کزاز تمدد۔ تمام باردہ امراض کا بہترین اور کامیاب علاج ہے۔

چنبلین

(عطیہ جناب حکیم دیوراج صاحب گپتا جگراؤں)

ذیل کا نسخہ چنبل۔ داد۔ خارش وغیرہ جلدی امراض کا بہترین علاج ہے جو مرہم کی صورت میں بن جاتا ہے اور بہت کثیر الفوائد ثابت ہوا ہے مجھے ایک سنیاسی نے بتلایا اور میں نے کئی سالوں کے پرانے سے پرانے چنبل پر استعمال کیا نہایت مفید پایا۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ زنگار تانبہ ایک تولہ۔ پارہ مصفی ایک تولہ۔ گندہ بیرزہ چار تولہ، تیل سرسوں حسب ضرورت گندہ بیروز اور زنگار کو باریک پیس کر پارہ ڈالیں اور ایک ایک بوند تیل ڈال کر کھرل کرتے جائیں حتی کہ تمام اشیاء یک جان ہو کر گاڑھی لئی سی بن جائیں اب اس لئی کو سو مرتبہ پانی سے دھوئیں شیشی میں محفوظ رکھیں اور استعمال میں لائیں۔

ترکیب استعمال :۔ مرہم کی طرح لگائیں پہلے زخم کو دھو لیں۔

احتلامی

شدید قسم کے جریان اور احتلام کو دعوے کے ساتھ بیس روز میں دور کرتی ہے پیشاب سے پہلے یا بعد قطرہ گرنا۔ مادہ کا پتلا پڑ جانا۔ سر چکرانا۔ دل دھڑکنا۔ دماغ کا کمزور رہنا۔ خواہش کا زائل ہو جانا۔ آنکھوں کے سامنے اندھیرا آ جانا۔ یہ سب جریان کی علامتیں ہیں اس دوا کے استعمال سے مادہ گاڑھا ہو کر کافی مقدار میں پیدا ہوتا ہے فربہی اور ترو تازگی پیدا ہو جاتی ہے ایک شیشی کے استعمال سے تمام عمر کے لئے جریان کی شکایت دور ہو جاتی ہے یہ دوا جواہرات سے تولنے کے قابل ہے۔ ہزار ہا نامرادوں کو بامراد بنا دیتی ہے ہندوستان کے علاوہ دیگر ممالک میں بھی اس دوا کی دھوم مچی ہوئی ہے دل میں جوانی کی امنگ جسم میں توانائی اور مادہ میں صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ ایلوہ چھ ماشہ۔ ریوند عصارہ چھ ماشہ۔ پوٹاشیم برومائیڈ دوتولہ۔ افیون ساڑھے چار ماشہ۔ ہیرا کسیس تین ماشہ۔ کشتہ قلعی بھنگ والا چھ ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر پوست کے پانی کی مدد سے گولیاں بنالیں۔

فوائد :۔ ایک گولی (بقدر نخود) ہمراہ دودھ سوتے وقت کھائیں۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال۔ دل کی دھڑکن۔ تھکاوٹ کو مفید ہے۔

مراد

(عطیہ جناب فخر الحکماء شیخ محمد رمضان احمد صاحب)

یوں تو ہر مخلوق کی خواہش کا صدف گوہر مراد چاہتا ہے خاص کر انسان اولاد کے لئے لاکھوں جتن کرتا ہے طبی علاج۔ تعویذ۔ گنڈے۔ ٹونے ٹوٹکے۔ دعائیں۔ تبدیلی ازواج غرض یہ کہ سبھی کچھ کرتا ہے اتنی تکلیفوں کے بعد خدائے بے مثل اس پر رحم کرے تو فبہا ورنہ اس کے لئے اندھیرا دکھائی دیتا ہے وہ اپنا جائز وارث چاہتا ہے نہ کھانے میں مزا نہ پینے میں اس کی زندگی تلخ بے مراد موت کے مترادف ہوتی ہے لیکن ادویات میں بھی خدائے پاک نے عجیب اثر رکھا ہے جن سے مندرجہ بالا تکلیف کو دور کر کے انسان کا دامن مراد پر ہو جاتا ہے یہ نسخہ نہیں واقعی مراد ہے اور اس سے سینکڑوں سونے گھروں میں چہل پہل ہوگئی ہے اور کئی مایوس زندگیاں زندہ موت سے بچ گئی ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ ریش درخت پیپل۔ طباشیر کبود۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک دوتولہ۔ برادہ دنداں فیل چارتولہ۔ سب کو باریک پیس کر رکھیں۔

ترکیب استعمال :۔ خوراک تین ماشہ بعد از دوپہر دودھ کے ساتھ دیں۔

نوٹ :۔ دوائی ماہواری کی پاکیزگی کے بعد استعمال کرائیں اور ہر ماہ سات دن کھلائیں۔

پریم انجن

آنکھ کی بینائی کو قائم رکھتا ہے۔ آنکھوں کی بہت سی شکائتوں سے محفوظ رکھتا ہے اور نظروں میں قوت پیدا کرتا ہے فی زمانہ کثرت مطالعہ اور افکار و اشغال دماغ کی کثرت یا حفظ بصارت سے بے پرواہی اور عام جسمانی کمزوری کی وجہ سے نظر کی شکایات عام ہو جاتی ہے لیکن یہ سرمہ ان کو پیدا ہونے سے روکتا ہے ہر سن و سال میں آنکھوں کی شکایت کو دور کرتا ہے اکثر عینک کی محتاجی قدرتی عینک کو بے کار رکھتی ہے بغیر چشمہ کے کام نہیں ہوتا تو سرمہ اس کو دور کرنے کے لئے حاضر ہے آنکھ کی ہر حالت مفید میں ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ سرمہ سفید ایک تولہ۔ جوہر نوشادر ایک تولہ۔ سہاگہ بریاں ایک تولہ۔ سرد چینی۔ چاکسو مقشر۔ پھٹکڑی بریاں۔ کشتہ جست ہر ایک تولہ۔ کیسر اصلی تین ماشہ۔ نیلا تھوتھا مدبر تین ماشہ۔ نمک شیشیہ تین ماشہ۔ مصری کوزہ ایک تولہ تمام اشیاء کو کھرل میں ڈال کر سفوف بنالیں۔ اور آب برگ نیم دس تولہ آب برگ حنا دس تولہ۔ آب بادیان بیس تولہ۔ آب گلاب بیس تولہ میں کھرل کر کے خشک ہونے پر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال :۔ رات کو سوتے وقت دو سلائی لگائیں۔

بواسیری

(عطیہ جناب حکیم رحمت اللہ صاحب سیالکوٹی)

بواسیر خونی ہو یا بادی دونوں ہی تکلیف دہ ہوتی ہیں اور درد مقعد اتنا تنگ کرتی ہے کہ مریض بے چین ہو جاتا ہے جسم کا خون اتنی مقدار میں خارج ہونا شروع ہو جاتا ہے جس سے نقاہت جسم کا ہونا ضروری ہے مریض زرد و بے رونق چہرہ اور سست الوجود ہو جاتا ہے بوجہ بیماری رفع حاجت کا وقت عذاب دکھائی دیتا ہے خدا محفوظ رکھے۔

مندرجہ ذیل گولیاں بواسیر خونی و بادی نئی ہو یا پرانی ہر ایک کے لئے نافع ہیں اور صرف تین گولی کے استعمال کرنے سے مریض کو افاقہ ہو جاتا ہے۔ درد پہلے ہی دن بند ہو جاتا ہے اور خون دوسرے دن علی ہذا القیاس تیسرے دن بالکل آرام ہو جاتا ہے طرہ یہ کہ نسخہ نہایت قلیل الاجزاء اور سہل الحصول ادویات کا مرکب ہے۔

ھوالشافی :۔ تخم دھریک (تخم بکائن) برادہ اسپغول، گوگل مصفی، گڑ پرانا، ہر ایک تولہ، پہلے برادہ اسپغول کو خشک کھرل کریں پھر گوگل تخم دھریک کو گڑ ملا کر کھرل کریں اور دو تولہ عرق مولی ڈال کر کھرل کریں۔ سب سے آخر پر باریک شدہ برادہ اسپغول ملا کر گولیاں بقدر موٹے چنے کے برابر بنائیں ایک گولی صبح آب سرد یا عرق مولی کے ہمراہ دیں۔

غذا :۔ روٹی اور گھی کے سوائے کچھ نہ دیں۔

فوائد :۔ تین روز میں بواسیر ہر قسم کا خاتمہ ہو جاتا ہے مسے خود بخود جھڑ جاتے ہیں۔

علاج البواسیر

اس باب میں درج نسخہ جات مرض کی کیفیت کے مطابق طویل عرصہ سے معمول مطب ہیں حسب مزاج بنائیں اور دعا خیر سے یاد فرمائیں۔

بواسیری

اجزاء و ترکیب و ساخت: پوست ہلیلہ زرد۔ رسوت مصفی۔ گوگل مصفی۔ اشق۔ تربد جملہ ادویہ ہموزن پانی کی مدد سے حبوب نخودی تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی۔

سوتی

اجزاء و ترکیب و ساخت: رسوت مصفی۔ گوگل مصفی۔ گیرو۔ مغز تخم نیم۔ مغز تخم

بکائن۔ تخم گندنا۔ جملہ ادویہ ہموزن آب گندنا کی مدد سے حبوب نخود ی تیار کرلیں۔
مقدار خوراک: دو گولی صبح شام ہمراہ آب یاد بدرقہ مناسبہ۔
بواسیری مسوں کے لیے ایک عمدہ مرہم ہے جو کہ مبن خارش ادر اور سورش کو تسکین دیتی ہے اس کے کچھ عرصہ کے استعمال سے جریان خون بھی رک جاتا ہے۔
اجزاء و ترکیب و ساخت: روغن نیم ایک چھٹانک۔ موم سوا تولہ۔ مازو سفوف ڈیڑھ تولہ۔ کافور دو ماشہ۔ ست پودینہ ایک ماشہ۔ افیون ایک ماشہ۔ کاربالک ایسڈ تیس بوند۔ موم اور روغن نیم کو آگ پر رکھ کر گرم کریں نیچے اتار کر مازو اور افیون شامل کر کے خوب حل کریں۔ پھر بقیہ اجزاء شامل نسخہ کر کے ہلاتے رہیں۔
مقدار خوراک: صبح وشام بعداز فراغت انگلی سے مسوں پر لگائیں۔
آیورویدک طب کا ایک عمدہ نسخہ ہے جو کہ خونی و بادی بواسیر میں اکسیری اثرات کا حامل ہے۔
اجزاء و ترکیب و ساخت: مغز تخم نیم۔ مغز تخم بکائن۔ دم الاخوین۔ ہر ایک دو دو تولہ۔ کہربا شمعی ایک تولہ۔ رسوت مصفی چھ تولہ۔ رسوت کو اس قدر رگڑیں کہ لئی بن جائے پھر مغز تخم بکائن اور مغز نیم شامل کر کے رگڑیں بعدازاں بقیہ ادویہ شامل کر کے تین تین رتی کی گولیاں بنالیں۔
مقدار خوراک: ایک تا دو گولی صبح دوپہر شام۔
فوائد: خونی و بادی بواسیر میں ایک بھروسا کی دوا ہے۔

ٹھنڈی مرہم

اجزاء و ترکیب و ساخت: مکھن خالص (سو بار دھلا ہوا) آدھ سیر۔ کافور پانچ تولہ۔ ست پودینہ آدھ چھٹانک۔ ست اجوائن آدھ چھٹانک۔ کافور۔ ست پودینہ۔ ست اجوائن کو کسی شیشی میں بند کر کے مضبوطی سے منہ بند کردیں ادویہ سیال ہو جائیں تو مکھن میں ملالیں اور افیون آدھا تولہ۔ کا اضافہ کرلیں۔

مقدار خوراک: بعد از فراغت مسوں سے انگلی سے لگالیں۔

فوائد: بواسیری مسوں کی درد و سوزش میں مفید ہے۔

بواسیر خونی

اجزاء و ترکیب و ساخت: ایلوا۔ رسونت مصفی۔ نیم کی نمولی بمعہ چھلکا۔ ہرڑ سیاہ۔ پوست ریٹھا ہر ایک ایک چھٹانک۔ گوگل مصفی۔ سہاگہ بریاں۔ گیرو ہر ایک نصف چھٹانک جملہ ادویہ کو نصف سیر آب مولی میں پیس کر ڈھائی رتی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: صبح وشام ایک گولی ہمراہ آب باسی یا لسی دودھ کے ساتھ۔

فوائد: خونی بواسیر میں ایک بھروسائی دوا ہے باپرہیز استعمال سے چند دنوں میں بہتا ہوا خون رک جاتا ہے۔

رسانجن

یہ نسخہ بھی آیورویدک طب کا نسخہ ہے جو خونی بواسیر۔ ناسور و بھگندری میں مفید ہے نیز مصفی خون ہے۔

اجزاء و ترکیب و ساخت: رسوت مصفی۔ گندھک آملہ سار مصفی۔ ہر ایک نصف پاؤ۔ کافور ایک چھٹانک۔ عمدہ کھرل میں گندھک آملہ سار کو آب مولی کے ساتھ اس قدر رگڑیں کہ لئی بن جائے بعد ازاں کافور شامل کر کے رگڑیں حل ہونے پر رسونت ملالیں اور حبوب بقدر دو رتی بنالیں۔

مقدار خوراک: صبح شام ایک سے دو گولی ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

فوائد: بواسیر خونی کے علاوہ جریان الدم و جملہ امراض دم میں مفید ہے۔

برائے سنگ گردہ ومثانہ

اجزاء و ترکیب و ساخت: سنگ بر ماہی۔ کشتہ حجر الیہود۔ ہر ایک دو دو تولہ۔

سہاگہ بریاں۔ قلمی شورہ۔ پھٹکڑی بریاں۔ نوشادر اصلی۔ کلتھی۔ جوا کھار اعلیٰ۔ زیرہ سفید۔ ریوند چینی۔ تخم سویا۔ مولی کھار۔ دانہ الائچی کلاں۔ کباب چینی ہر ایک نصف تولہ۔ جملہ ادویہ باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ صبح وشام ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

فوائد: سنگ گردہ ومثانہ کو بشکل ریگ بذریعہ پیشاب خارج کرتی ہے۔ عرصہ سے معمول ہے۔

اجزاء و ترکیب و ساخت: قلمی شورہ نصف پاؤ۔ پھٹکڑی ایک چھٹانک۔ جوا کھار ایک چھٹانک۔ جملہ ادویہ کو کسی ہنڈیا گلی میں رکھ کر منہ بند کر کے آگ رکھیں جب تمام ادویہ پگھل جائیں تو ٹھنڈا ہونے پر کھرچ لیں اور سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ صبح دوپہر شام ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

فوائد: اعلیٰ درجہ کا سہل الحصول کم قیمت مجرب نسخہ ہے جو عرصہ سے معمول ہے۔ پیشاب کی جملہ تکالیف میں مدر بول ہے۔ پیشاب کی رکاوٹ۔ تکلیف سے آنا۔ جلن اور درد کے لیے بہت فائدہ مند ہے۔

آب شفاء

آب شفاء (امرت دھارا) ایک ہی دوا کے نام ہے جس کا نسخہ کسی صاحب نے افشا کرنے کی جرات نہیں کی حالانکہ اس کی اشد ضرورت ہے کہ تقریباً بیس مرضوں کا علاج اس ایک ہی دوا سے ہو جاتا ہے۔ اس کی وجہ سے ہی امرت دھارا کے مالک نے کروڑہا روپیہ کمایا ہے۔ مجھے بھی ایک کرم فرما کے ذریعے سے مل گیا اور بعینہ انہی صفات سے لبریز پایا جس کا نام امرت دھارا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: جوہر پودینہ۔ جوہر اجوائن ہر ایک تین ڈرام۔ کافور تین ڈرام۔ اسپرٹ ایمونیا ایرومیٹک دو ڈرام۔ اسپرٹ کلوروفارم ڈیڑھ ڈرام۔ ٹنکچر کارڈیایم کو تین ڈرام کی شیشہ کے کارک کی شیشی میں ملا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال :۔ مواقع استعمال کے لئے ایک الگ کتاب چاہئے تاہم ہر ایک مرض میں صاحب تجربہ مناسب بدرقہ کے ساتھ کام میں لا سکتے ہیں اور خلق خدا کو فائدہ پہنچائیں۔ یہ ایک نسخہ سینکڑوں امراض پر حاوی ہے۔

آتشی

(عطیہ جناب ایچ' ایم شمس الدین صاحب)

یہ نامراد مرض مثل آگ کے اندر ہی اندر جلا دیتی ہے اور جسم زخموں سے گلزار بنا رہتا ہے فیاض اتنی کہ جس سے بات کی وہ بھی حصہ دار جس کے ساتھ کھایا سویا بیٹھا سب کو حصہ رسدی کچھ نہ کچھ مل ہی رہتا ہے جہاں خدا نے یہ موذی مرض پیدا کی وہاں کا علاج بھی پیدا کیا ہر فرعونے راموسی ہر بیماری راعیسہ ہم اس مرض کا علاج کرتے ہیں (جو سو فیصدی مفید ثابت ہوتا ہے) کسی خاص اثر کے ماتحت ہم اس کو ظاہر کرنے پر رضا مند ہوئے بنا کر آزمائیں اور دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ رس کپور اعلیٰ قسم ایک تولہ۔ دانہ الائچی ڈھائی تولہ دونوں کو سفوف کر کے شیر بز سیاہ ایک پاؤ میں سحق کر کے حب دانہ مونگ کے برابر بنالیں۔

ترکیب استعمال :۔ پہلے ایک مسہل دیں۔ بعد ایک گولی صبح اور ایک شام بالائی میں رکھ کر دودھ سے نگل لیں۔

غذا :۔ روٹی اور ارہر کی دال جس میں گھی پڑا ہوا ہو کھلائیں دیسی گھی زیادہ کھلایا جائے بہتر ہے۔

نوٹ :۔ دوا نگلتے وقت دانت اور حلق میں نہ لگے۔

پرھیز :۔ بادی اشیاء لال مرچ۔ تیل۔ ترشی سے لازمی ہے۔

مرہم آتشی

آتشک کے ایسے مریض جو درد جلن سے پریشان رہتے ہیں اور زخم رستے رہتے ہوں اس مرہم کا جہاں استعمال کرایا مفید پایا اور درد کو آفاقہ ہوا جلن اسی وقت رفو چکر ہوئی اور ایک ہفتہ کے استعمال سے زخم سوکھ کر بالکل اچھا ہوگیا کم از کم ایک سو مریض پر تجربہ کیا گیا یہ اکسیری مرہم منٹوں میں تیار ہونے والی بہت ہی مجرب ہے چھ چھ انگشت تک پھیلا ہوا زخم دنوں میں صاف ہو جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ خرمہرہ زرد سوختہ۔ کتھ سفید۔ مروار سنگ ہر ایک چھ ماشہ' طوطیا بریاں ایک ماشہ' کافور دیسی دو ماشہ۔ ان پانچوں چیزوں کو مانند سرمہ باریک کرلیں اور روغن زرد گاؤ چار تولہ میں نو ماشہ موم سفید ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب موم پگھل کر گھی میں یک ذات ہو جائے تو آگ پر سے اتار لیں اور کپڑے سے چھان کر پسی ہوئی تمام دوائیں ملا کر مرہم بنا کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال :۔ صبح و شام زخم کو برگ نیم کے جوشاندہ سے دھو کر خشک کر کے مرہم کسی باریک کپڑے پر لگا کر زخم پر لگائیں ایک ہفتہ میں زخم کا نشان بھی نہ ہوگا۔

حب دائمی قبض

قبض کو ام الامراض کے نام سے موسوم کیا گیا ہے اس لئے کہ اس سے ہزار ہا بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں جس سے سر درد۔ سر چکرانا۔ معدہ کی تکلیف۔ بدن کا بھاری ہونا۔ اعضا شکنی وغیرہ یہ صرف قبض کی وجہ سے بخارات رویہ کی عامات ہیں مندرجہ ذیل دوا قبض اور قبض سے پیداہ شدہ تمام امراض کے لئے نہایت مفید ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ ایلوا خالص آٹھ تولہ۔ تربد ایک تولہ۔ مصطگی ایک تولہ۔ ملٹھ دو تولہ۔ عرق گلاب دو تولہ۔ عرق سونف دو تولہ۔ عرق مکو دو تولہ۔ اول ایلوا کو تین روز تک عرقیات میں تر رکھیں اور اوپر سے نتھار لیں اور گاد پھینک دیں۔ بعد دوسری

ادویہ ملا کر کھرل کر کے حبوب نخودی تیار کرلیں۔

فوائد :۔ ہر قسم کی قبض اور قبض سے پیدا شدہ امراض کے لئے نافع ہے۔

ترکیب استعمال :۔ رات سوتے وقت دو گولی ہمراہ بدرقہ مناسب۔

نوٹ:۔ یہی نسخہ دوسری ترکیب سے بھی تیار ہوتا ہے فوائد کے لحاظ سے دونوں یکساں فائدہ مند ہیں۔

نسخہ :۔ عصارہ ریوند تین ماشہ۔ صمغ عربی تین تولہ۔ سقمونیا تین تولہ۔ رب السوس تین تولہ۔ مصبر دو تولہ۔ سوائے سقمونیا کے جملہ ادویات کو کوٹ کر عرق گلاب میں کھرل کریں۔ خشک ہو جانے پر سقمونیا ملا کر حبوب نخودی تیار کریں اور حسب دستور سابق استعمال کریں۔

خارشی

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ گندھک ڈنڈا۔ کیلومل۔ برگ حنا مسفوف۔ مروار سنگ۔ کمیلہ ہر ایک ایک تولہ۔ کافور۔ طوطیا ہر ایک چھ ماشہ۔ بورک ایسڈ تین ماشہ سب کو باریک پیس کر مثل سرمہ شامل کریں۔

ترکیب استعمال :۔ خارش کے لئے مکھن ملا کر استعمال میں لائیں۔

فوائد :۔ چنبل۔ چندری۔ چھارو۔ داد۔ لوط غرض یہ کہ ہر ایک پھنسی پھوڑا کے لئے تریاق ہے۔

جریانی

(عطیہ جناب حکیم دیوراج صاحب گپتا جگراؤں)

یہ دوائی قوت باہ۔ امساک جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال کو مفید پیشاب کے پہلے یا بعد سفید قطرہ کا اخراج روکتی ہے دل کی دھڑکن و دور کرتی ہے دودھ ہضم کرتی ہے اور سستی کو دور کر کے نئی روح پھونکتی ہے برسوں کا مایوس مریض ایک کامیاب مرد کہلانے

کا مستحق ہو جاتا ہے یہ دوا صرف جریان وغیرہ کو نہیں روکتی بلکہ دائمی امساک کے لئے واحد دوا ہے دنیا ڈھونڈھتی ہے کہ بغیر منشی اشیاء کے کوئی امساک کی دوا ہے پھر اس میں نہ کوئی زہریلی دوائی ہے اس لئے یہ ہر لحاظ سے اکسیر ہے سہل الحصول کم قیمت اور کثیر المنفعت چیز ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ ثمر مغیلاں سبز۔ بیر شیریں۔ سپستاں سبز ہر سہ اشیاء جبکہ ان میں بیج یا گٹھلی بالکل کچی ہو لے کر سایہ میں خشک کر لیں اور محفوظ رکھیں لے کر کوٹ کر کپڑ چھان کریں اور ایک تولہ سفوف میں تولہ شیر برگد۔ کشتہ قلعی بھنگ والا چھ ماشہ کشتہ چاندی سرس میں بنایا ہوا تین۔ ماشہ شہد خالص ملا کر معجون بنا لیں اور کسی شیشی کے برتن میں رکھ کر ایک ہفتہ کے بعد استعمال میں لائیں۔

ترکیب استعمال :۔ چھ ماشہ سے ایک تولہ تک حسب طاقت مریض دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

فوائد :۔ بے حد ممسک۔ مقوی باہ ہے۔ گئے گزرے انسان میں جان ڈال دیتا ہے۔

بخارینون

ان گولیوں سے پرانے سے پرانا بخار بھی اتر جاتا ہے صرف دق کے لئے پہلے پھیپھڑوں کا علاج کر لینا چاہئے پھر یہ گولیاں استعمال کرانی چاہئیں باری کا بخار مثلاً تیجا چوتھا کے لئے اکسیر ہے چڑھے ہوئے بخار میں دے سکتے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ گلو سبز (نیم پر چڑھی ہوئی)۔ چھال درخت نیم ایک سیر۔ چرائتہ۔ برگ کرنجوہ ایک سیر۔ چاروں اشیاء کو جوکوب کر کے سولہ سیر پختہ پانی میں ڈال کر اڑتالیس گھنٹوں کے بعد برتن کو آگ پر رکھ کر جوش دیں جوش دیتے وقت برتن کا منہ ڈھانپ دیں۔ جب پانی چار سیر باقی رہ جائے نیچے اتار کر سرد کریں اور ہاتھوں سے خوب مل کپڑ چھان کریں چاروں اشیاء کا رب چھانا ہوا پانی پھر آگ پر رکھ کر گاڑھی سی لئی جو گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے نخود کے برابر گولیاں بنا لیں لئی

گاڑھی کرتے وقت خیال رہے کہ دوا جلنے نہ پائے احتیاط کریں ساتھ ساتھ نیم کی لکڑی سے ہلاتے رہیں۔

ترکیب استعمال :۔ ایک گولی صبح اور ایک شام مناسب بدرقہ یا تازہ پانی ہی سے استعمال کریں۔

فوائد :۔ ہفتہ عشرہ کے استعمال سے پرانے بخار کو اتار دیتی ہیں۔

شفاء العین

(عطیہ جناب حکیم منظور حسین صاحب کمالیہ)

یہ سرمہ پڑبال والوں کے لئے نہایت مفید ہے آنکھوں کی اکثر امراض کے لئے اکسیر کا کام دیتا ہے سینکڑوں لوگ اس سے فیضیاب ہو رہے ہیں۔ علاوہ رمد سرخی چشم۔ دھند۔ جالا۔ ناخونہ۔ کے لئے بھی نافع ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ پارہ۔ سرب (سکہ) ہر ایک تولہ تولہ پہلے سکہ کو کڑاہی آہنی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب سکہ پگھل جائے تو پارہ ڈالیں اور خوب کھرل کریں بعدہ بورک ایسڈ۔ پھٹکڑی بریاں۔ سرمہ سیاہ۔ سرمہ سفید۔ زنک سلفاس ہر ایک تولہ تولہ۔ باریک پیس کر کافور چھ ماشہ۔ ست پودینہ چھ ماشہ۔ کھرل کر کے مانند سرمہ بنالیں۔

ترکیب استعمال :۔ سلائی سے آنکھوں میں لگائیں اگر پڑبال کے لئے استعمال کرنا ہے تو پہلے لسی ترش سے دھولینا چاہئے۔ اور پڑوال اکھڑوا کر سرمہ لگا دینا چاہئے چند ایک دنوں میں آرام ہو جاتا ہے اور دوبارہ نہیں ہوتے۔

فوائد :۔ پڑبال۔ رمد۔ سرخی چشم۔ دھند۔ ناخونہ۔ جالا وغیرہ کو مفید ہے۔

بخار شکن

ہر قسم کے بخاروں کا تریاق ہے اور پرانے سے پرانے بخار کو توڑتا ہے پندرہ

منٹ میں بخار اترنے کا انتظار کریں شرطیہ دوائی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ قلمی شورہ۔ نوشادر ٹھیکری۔ پھٹکڑی۔ جوکھار۔ ہم وزن لے کر جوہر اڑا لیں۔

ترکیب استعمال :۔ جوہر مندرجہ بالا دو رتی۔ فینسٹین ایک رتی۔ کافور آدھی رتی۔ کشتہ ابرک سفید ایک رتی یہ ایک خوراک ہے ہمراہ آب نیم گرم یا تازہ کھلائیں۔

فوائد :۔ بخار کے فوراً" اتارنے میں معجزہ دکھانے کے لئے عجیب صفت دوا ہے۔

نور چراغ

یہ سرمہ ایک عجیب تحفہ ہے آنکھوں کی بینائی کو تیز کرتا ہے عینک مروجہ عادت کو دور کرتا ہے چند ہی دنوں کے استعمال سے عینک اتر جاتی ہے برسوں کی کمزور نظر تھوڑے ہی عرصے میں نور سے منور ہو جاتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ مروارید ناسفتہ (ان بدھ) پانچ ماشہ۔ سرمہ سیاہ۔ اعلیٰ قسم پانچ ماشہ۔ شاخ مرجان چھ ماشہ۔ بسد احمر چھ ماشہ۔ کافور بھیم سینی پانچ ماشہ۔ شب یمانی بریاں چھ ماشہ۔ لونگ چھ ماشہ۔ سونا مکھی تین ماشہ۔ ورق نقرہ نصف ماشہ۔ ورق طلا چھ ماشہ۔ تمام ادویات کا سفوف بنا کر عرق گلاب خالص ایک بوتل میں کھرل کریں مانند سرمہ تیار ہونے پر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال :۔ حسب دستور صبح و شام رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔

فوائد :۔ ضعف بصر کے لئے ایک نادر چیز ہے۔

بخارول

(عطیہ جناب حکیم قاضی عبدالرشید صاحب سیالکوٹی)

آج تک بخاروں کی کل ادویات خورا کی دیکھتے رہے لیکن یہ ایک سرمہ ہے جو آنکھ میں ڈالنے سے بخار اتر جاتا ہے گویا ایک معجزہ ہے بار ہا تجربہ کیا ہے مفید ثابت

ہوا۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ نوشادحسب ضرورت لے کر عرق گلو تازہ سے متواتر چار گھنٹہ خوب اچھی طرح کھرل کریں۔ دو پیالوں میں رکھ کر جوہر اڑائیں اسی طرح تیسری مرتبہ جوہر اڑائیں شیشی میں بحفاظت رکھ چھوڑیں ہر قسم کے بخاروں کے لئے تیر بہدف سرمہ ہے۔

نوٹ :۔ جوہر اڑاتے وقت پیالوں پر پانی سے بھگو کر کپڑے کی تہ ضرور رکھتے رہیں۔

ترکیب استعمال :۔ ایک ایک سلائی دونوں آنکھوں میں ڈالیں فورا بخار اتر جائے گا۔

فوائد :۔ تیز سے تیز بخار اتر جاتا ہے (یہ سرمہ صرف ملیریا یا اس کے دیگر اقسام کے لئے ہے۔

خون بند

(از جناب حکیم علی نواز نازل شمس الحکماء)

آپ فرماتے ہیں کہ ایک جگر پارہ جو میں کسی صورت اور کسی قیمت پر بھی بتا دینے کے لئے تیار نہیں تھا آپ کی ان تھک کوشش اور بخل توڑ خدمات طبی کو دیکھ کر یہ ور بے بہا جس کی نظیر طبی دنیا کے پاس نہیں ہے محض خدمت خلق کے لئے فی سبیل اللہ پیش کرتا ہوں۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ گیرو ایک تولہ۔ کہر باشمعی ایک تولہ۔ دم الاخوائن ایک تولہ۔ کیلشیئم لیکیٹ ایک تولہ۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر سفوف تیار کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال :۔ ایک ماشہ تا دو ماشہ ہمراہ آب صبح و شام کھلائیں متواتر بیس دن کھلائیں تین ماشہ ہمراہ شربت انجبار بھی دے سکتے ہیں۔

غذا :۔ دال مونگ۔ نان گندم۔ کھچڑی۔ دہی۔
پرہیز :۔ بادی ترشی گرم اشیاء سے۔
فوائد :۔ نفث الدم۔ بول الدم۔ نکسیر۔ خونی بواسیر۔ کثرت حیض کو بھی مفید ہے۔
بیس سالہ کہنہ مرض کے لئے تین دن کھلانے سے مرض دور ہو جاتا ہے۔
بیس دن متواتر استعمال کرنے سے عمر بھر مرض عود نہیں کرے گا خون جسم کے کسی حصہ سے نکل رہا ہوں بند ہو جاتا ہے۔

عطیہ نواز

(حکیم محمد نواز خاں صاحب جھنگ)

یہ اکسیری نسخہ دانتوں کے ہلنے کے لئے ہے جن دانتوں کو پانی سرد لگتا ہو ماخورہ لگ گیا ہو غرض یہ کہ دانتوں کی ہر ایک کمزوری کو مفید ہے۔ بدبودار منہ سے خوشبو آنے لگتی ہے دانتوں کو گرنے سے بچاتا ہے پائیوریا کو نزدیک نہیں آنے دیتا منہ کو صاف اور تروتازہ بناتا ہے کم خرچ اور دانتوں کی سب دواؤں سے افضل ترین ہے۔
اجزاء و ترکیب ساخت :۔ چھلکہ اندرونی درخت شیشم دو چھٹانک۔ چھلکہ درخت پیپل۔ چھلکہ اندرونی درخت نیم۔ چھلکہ اندرونی جامن ہر ایک دو چھٹانک۔ چھلکہ اخروٹ اڑھائی تولہ۔ شب یمانی آدھا پاؤ پانی دس سیر تانبے کے قلعی دار برتن میں ڈال کر آگ پر پکائیں۔ کہ نصف پانی باقی رہ جائے تو نیچے اتار کر بارہ گھنٹے رہنے دیں۔ بعد مل چھان کر ایک ماشہ فی بوتل فرائی ایٹ ایمونیا سائٹراس یعنی کونین سبز ڈالیں اور ایک ماشہ مصطگی رومی باریک کھرل کر کے شامل کریں۔
ترکیب استعمال :۔ جو اس موذی مرض سے تنگ آیا ہوا ہو اس کو صبح اٹھتے ہی اور رات کو سوتے وقت ایک چھٹانک نکال کر کلیاں کرتا رہے اور بعد گزرنے ایک گھنٹہ جو کچھ مرضی ہو کھائیں۔

فوائد : ۔ایک ہفتہ کے بعد دانتوں کا ہلنا اور جملہ شکایات دنداں رفع ہو جاتی ہیں۔

سیمابی

(حکیم بشنداس صاحب)

آتشک کی بہترین دوا کہلانے کی مستحق ہے جہاں بھی استعمال کیا مفید پایا ہے گلے سڑے مریض چند دنوں میں از سرنو تندرست ہو جاتے ہیں زخم صاف ہو جاتے ہیں خون کی خرابی دور ہو جاتی ہے غرض یہ کہ اس نامراد مرض کا نشان تک نہیں رہتا اور نہ ہی پھر عود کرتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ۔شنگرف رومی۔ پارہ۔ رس کپور ہر ایک ایک تولہ۔ اجوائن دیسی۔ اجوائن خراسانی۔ اجوائن دل۔ تخم کرفس ہر ایک پانچ تولہ۔ پہلے شنگرف دس کپور اور پارہ کو کھرل کریں اتنا کھرل کریں کہ پارہ کے ذرات معلوم نہ ہوں پھر اجوائن ہائے اور تخم کرفس کو باریک پیس کر کپڑ چھان کر کے ملائیں اور آب ادرک ڈال کر گولی بقدر دانہ نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال : ۔ایک گولی صبح اور ایک گولی شام بالائی میں لپیٹ کر نگل جائیں بعد ازاں نصف سیر دودھ گاوء نیم گرم قند ملا کر نوش کریں دوران استعمال غذا صرف دلیا گندم جس میں خوب گھی ڈالا گیا ہو کھلائیں۔

فوائد : ۔آتشک کی جملہ شکایات رفع کرتی ہیں۔ یہ آتشک کے لئے چوٹی کا نسخہ ہے۔

موم نایاب

(عطیہ جناب حکیم زیدین العابدین صاحب)

تمام مسک ادویات کی سرتاج موم نایاب ہے۔ اس کا فائدہ اتنا حیران کن ہے

کہ انگشت بداں کر دیتا ہے واجد علی شاہ کے زمانہ کی مشہور مقویات بھی مات ہو گئیں بیان تشریح خلاف تہذیب ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: ۔ ابرک سیاہ یا سفید محلول ایک تولہ۔ سم الفار سفید باریک شدہ ایک تولہ ہر دو کو ملا کر ایک گھنٹہ کھرل کریں اور ایک چھوٹے سے کوزے کے منہ پر صرف چینی ہو' گل حکمت کی ضرورت نہیں پانچ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ بعدہ نکال کر بدستور بالا ایک تولہ سنکھیا بڑھاتے جائیں کل سات آگ دیں جس میں سات تولہ سم الفار ہو یہ کوئی ضرورت نہیں کہ ابرک کا وزن بڑھتا جائے ابرک ہم وزن ایک تولہ ہو گا۔

(2) شنگرفی رومی ایک تولہ۔ کبوتر صحرائی پر و بال سے صاف شدہ کے دبر سے دبا کر چوب شکم تک پہنچائیں بعدہ دبر کبوتر کو سی دیں گل حکمت کر کے آتش بند کلاں اوپلہ کی دیں۔اس کے بعد شنگرف کا کشتہ نکال کر پیس رکھیں عجیب شے ہے۔

(3) کنیر کے سفید پھول کا پانی پانچ تولہ دودھ گائے ایک سیر دونوں کو ملا کر آگ پر اس قدر جوش دیں کہ آب پھول کنیر دودھ میں جذب ہو جائے اس کو احتیاط سے رکھ دیں صبح کو بلو کر مکھن نکال کر پھر اس کا گھی بنالیں تیار ہے۔

مایہ شتر اعرابی ایک تولہ' کشتہ ابرک مذکور چھ ماشہ' کشتہ شنگرف مذکورہ بالا تین ماشہ' روغن مذکورہ بالا حسب ضرورت جملہ ادویات کو کھرل کریں اور روغن کنیر کے ساتھ گولیاں بنالیں یا موم کی شکل اختیار کر لیں اور کسی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : ۔ایک رتی بوقت عصر ہمراہ دودھ گرم استعمال کریں۔

فوائد : ۔مقویات کی سرتاج ہے۔

برق

یہ طلا مجلوق' نامراد اور سست' کجی اور چھوٹا پن کے لئے اکسیر ثابت ہوا ہے۔ از سر نو اعصابی کمزوری کو درست کر کے بجلی دوڑا دیتا ہے اور اتنا سریع الاثر نسخہ ہے کہ مریض

استعمال کرنے کے بعد بے قرار ہو جاتا ہے اسی لئے اس کا بھی نام برق رکھا گیا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ لوبان کوڑیہ۔ لونگ ٹوپی دار۔ جائفل۔ بیر بہوٹی۔ برابر وزن لے کر کھرل کر کے بذریعہ پتال جنتر روغن نکال لیں اس روغن سے دو تولہ لے کر مندرجہ ذیل ادویہ میں ملائیں۔ مومیائی خالص ایک تولہ۔ مغز سر کنجشک نر دو ماشہ۔ سانڈہ کی چربی گردہ کی چربی تین ماشہ۔ کستوری اصلی خالص نصف ماشہ۔ باریک کر کے تمام کڑچھی میں ڈال کر انگاروں پر یک جان کر لیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال :۔ حشفہ سیون چھوڑ کر آلہ تناسل پر مالش کر کے برگ پان باندھیں اسی طرح تین یوم استعمال کریں۔

نوٹ :۔ اگر اس میں روغن چیونٹی ملا لیں تو عمر میں صرف ایک ہی دفعہ کافی ہے۔

فوائد :۔ سستی نامرد، جلق کی وجہ سے کجی چھوٹا پن کے لئے برق کا کام دیتا ہے۔

کایا پلٹ

خضاب کے ہزاروں نسخہ جات مروج ہیں لیکن سب وقتی طور پر استعمال ہوتے ہیں دنیا سرگرداں ہے کہ ایسا خضاب ملے جو ایک دفعہ لگانے سے بال ہمیشہ سیاہ رکھے۔ معطی صاحب فرماتے ہیں کہ یہ نسخہ خضاب مولانا نصیر الدین صاحب دولت آبادی ہے جنھوں نے سلطان مظفر گجراتی کے واسطے بنایا تھا اور بادشاہ مذکور نے واسطے شیر شاہ کے تحفتہ بھیجا آزمودہ ہے۔

آپ فرماتے ہیں کہ میرے دادا صاحب کا مجرب ہے وہ ہمیشہ ہی اس کو استعمال کرتے تھے اور بڑے بڑے روسا اور امراء کو استعمال کراتے تھے انھوں نے تین دفعہ استعمال کیا پھر تمام عمر خضاب کی ضرورت نہ پڑی سو فیصد مجرب پایا۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ مگھ پیپل تولہ۔ فلفل گرد تولہ۔ پوست آملہ ایک تولہ۔ جڑ نیلوفر ڈیڑھ تولہ۔ آب بھنگرہ سیاہ دو تولہ چار ماشہ۔ پوست انار ڈیڑھ تولہ ان تمام ادویات کو لے کر ہاون دستہ آہنی میں کوٹ کر ملا لیں پھر اس میں بارہ عدد ترش انار کا

عرق داخل کر کے لوہے کے برتن میں ڈال کر منہ بند کر کے زمین کے نیچے دفن کریں اس پر از قسم بھوسہ یا کوڑا کرکٹ ڈھیر لگائیں تو کوئی مضائقہ نہیں۔

ایک مہینہ پورا ہو جائے تو بعدہ نکال کر محفوظ رکھیں عمدہ خضاب تیار ہے۔

ترکیب استعمال :۔ ریش اور سر کو خوب دھو کر خشک کر کے لگائیں ایک گھنٹہ کے بعد بال بالکل سیاہ قدرتی طور پر ہو جائیں اگر دو مرتبہ لگائیں تمام عمر ریش اور سر کے بال سیاہ رہیں گے۔

فوائد:۔ قدرتی بالوں کی طرح کر دیتا ہے۔

مسہ جھاڑ

صرف سات روز لگانے سے مسے خود بخود گر جاتے ہیں اور بواسیر کا نام نہیں رہتا اور اس موذی مرض سے ہمیشہ کے لئے چھٹکارا ہو جاتا ہے کوئی دوا کھانے کی ضرورت نہیں خون پہلے ہی دن بند ہو جاتا ہے اور مسے بے حس ہو جاتے ہیں اور سات دن تک بالکل گر جاتے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ برادہ فولاد عمدہ ایک تولہ۔ نوشادر ایک تولہ۔ شیر مدار چار تولہ کھرل کریں اور بند کر کے چار سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ اسی طرح آٹھ دفعہ ایک تولہ نوشادر چار تولہ دودھ تھوہر (زاخل) ملا کر آگ دیں اور پھر ہوا میں رکھ کر تیل کریں یہ تیل مہوسین کے کار آمد بھی ہے اب اس روغن مذکورہ میں سے ایک تولہ لے کر پہلے آب مولی پانچ تولہ۔ آب سکھدرشن دس تولہ ایک برتن میں ڈال کر جوش دیں۔ کہ صرف چھ ماشہ باقی رہ جائے۔ تو پھٹکڑی دو ماشہ۔ سہاگہ ایک ماشہ۔ افیون ایک ماشہ شہد بھلاوہ تمام ادویہ باریک کردہ چھ ماشہ مذکورہ بالا پانیوں میں ملا کر جھٹ نیچے اتار لیں اور خشک ہونے پر روغن مذکورہ ایک تولہ میں خوب آمیز کر کے پتلی مرہم کو کانچ کی ڈبیہ میں یا شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال :۔ دن میں ایک دفعہ مسوں پر طلا کریں اس طرح سات یوم

میں مسے جڑوں سے ہیں بعد ازاں پیاز سفید کلاں ایک عدد گھی گائے پانچ تولہ میں جلا کر ڈیڑھ تولہ کتھ سفید ملا کر خوب گھوٹ کر مرہم لگاتے رہیں تیر بہدف ہے۔

طلاء عنین

اس جادو بھرے طلا نے بڑے بڑے چوٹی کے نسخہ جات سے بازی لیجانے میں کمال کر دیا ہے بس طلا لگا کر باندھنے کی دیر ہے فورا نعوذ ہو گا اتنا سریع الاثر ہے کہ اگر اس کو بجلی کہیں تو بجا نہ ہو گا صرف تین دن لگانے کی ضرورت ہے اس کے بعد بے چین کر دیتا ہے جب تک سرد پانی نہ ڈالیں نعوذ نہ ٹوٹے گا پہلے دن ہی بے قرار کر دیتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ جنگلی چوہا یعنی جھاہ دار ایک عدد کا شکم صاف کر کے اور کاٹنے دور کر کے قیمہ بنا کر پھر اس میں ہیرا ہینگ خالص تین تولہ۔ روغن کنجد بقدر دو تولہ ملا کر رکھیں مگر ایک طشتری میں پھیلا کر رکھیں کہ بو نہ پڑ جائے۔ تیسرے دن پھر کوٹ کر گولیاں بنا لیں ذرا خشک ہونے پر بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں اگر یہ روغن پانچ تولہ ہے تو اس میں کچلی سیماب گوگرد والی چھ ماشہ ملا کر خوب کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں ایک اعلیٰ اور عجیب الاثر طلاء ہے۔

فوائد :۔ بس باندھنے کی دیر ہے پھر قدرت کا خدا کا تماشا دیکھیں ایسا ہو گا جیسے بجلی لگا دی۔ ہے پھر آب گرم سے دھوئیں تین یوم کے اندر اندر کچھ کا کچھ کر دے گا آزما کر دیکھئے۔

ترکیب استعمال :۔ ایک دو سلائی یا قطرہ پان پر لگا کر آلہ تناسل پر باندھیں ہوا سے بچایئے۔

حب اٹھراہ

اکثر خون کی خرابی کی وجہ سے عورتوں کو یہ بیماری ہو جایا کرتی ہے اور قبل از وقت حاملہ عورتوں کا بچہ ساقط ہو جاتا ہے اگر صحیح سالم پیدا ہوتا بھی ہے تو عرصہ تک زندہ نہیں

رہتا اور طرح طرح کی بیماریوں کا شکار ہو کر کو داغ مفارقت دے جڑی بوٹیوں سے تیار ہونے والی گولیوں کا اکسیر صفت نسخہ نوک قلم کرتا ہوں ان گولیوں کے استعمال سے اسقاط کی تمام خرابیاں دور ہو کر بفضلہٖ تعالیٰ وقت مقررہ پر بچہ پیدا ہو جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ جوانسہ چھ ماشہ۔ گل نیم چھ ماشہ۔ مغز تخم نیل چھ ماشہ۔ برگ نیم چھ ماشہ۔ برگ بکائن چھ ماشہ۔ برگ حنا چھ ماشہ۔ گل بکائن چھ ماشہ۔ چاکسو چھ ماشہ۔ رسونت چھ ماشہ۔ دھایا چھ ماشہ۔ ریوند چینی چھ ماشہ۔ چوب چینی تین ماشہ۔ عشبہ تین ماشہ۔ سرمہ تین ماشہ۔ سرمہ سفید ایک ماشہ۔ فلفل دراز ڈیڑھ ماشہ۔ فلفل گرد ڈیڑھ ماشہ۔ ان تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر ہمراہ عسل حبوب بقدر فلفل سیاہ بنالیں۔

ترکیب استعمال :۔ حاملہ کو ایک گولی دو ماہ حمل کے بعد ہر روز کھلایا کریں۔ اور وضع حمل کے بعد بچہ کو بھی ایک گولی کا تیرھواں حصہ استعمال کرائیں اور رفتہ رفتہ ایک گولی تک کھلائیں۔

فوائد:۔ اٹھرا کی مرض کے لئے مفید ہے۔

اکسیر گردہ

ڈاکٹر کا نشتر جو کام کرتا ہے۔ وہی کام اس دوا سے بلا تکلیف ہو جاتا ہے پتھری چاہے گردہ میں ہو یا مثانہ میں یا مرارہ (پتہ) میں ٹوٹ ٹوٹ کر اور گھل گھل کر صرف اس دوا کی طاقت سے خارج ہو جاتی ہے کیا ایسی دوا قدرت کا اعجاز نہیں ہے پتھری کے علاوہ یہ اکسیر ریگ مثانہ و گردہ تو فوری سکون بخشتی ہے کہ دوا حلق سے اترتے ہی درد غائب۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ایک خرگوش لے کر ذبح کریں اور اس کا پیٹ چاک کر کے اس کے پیٹ میں قلمی شورہ ایک پاؤ۔ سنگ یہود نصف پاؤ۔ ریوند خطائی تین تولہ داخل کر کے پیٹ کو مضبوط سی دیں۔ اور ایک برتن گلی میں ڈال کر گل حکمت کریں اور ایک من اپلوں کے درمیان رکھ کر آگ دیں سرد ہونے پر کپڑے میں چھان لیں۔

دوائی تین ماشہ پتھری پھوڑی بوٹی (پکھان بید یا جنطیانہ) کے جوشاندہ یا اس کی رگڑی ہوئی سردائی کے ہمراہ کھلائیں یا گائے کے دودھ کی لسی میں حل کر کے پلائیں۔
فوائد:۔ درد رفع ہوگا اور پتھری نکل جائے گی۔

معجزہ

بواسیر خونی ہو خواہ بادی جدید ہو خواہ کہنہ ہر قسم کے لئے بے ضرر اکسیر ہے۔ جلن درد ٹیس اور چبھن کو پہلی خوراک ہی سے فائدہ ہو جاتا ہے اپنی قسم کے ہزار ہا بازاری دواؤں مرہموں اور انجکشنوں سے بے نیاز کر دینے والی حیرت انگیز عجوبہ روزگار ہے۔
اجزاء و ترکیب ساخت:۔ بھنگ مصفی ایک تولہ۔ طباشیر ایک تولہ۔ تخم الائچی خورد ایک تولہ۔ خشخاش ایک تولہ۔ گل قند ایک چھٹانک۔ سوائے گلقند تمام اشیاء کو باریک کر کے گلقند میں کھرل کر کے گولی جنگلی بیر کے برابر بنائیں۔
ترکیب استعمال:۔ ایک گولی صبح تازہ پانی کے ہمراہ اور ایک گولی شام ہمراہ آب تازہ یا شہد ایک تولہ میں اڑھائی تولہ عرق گلاب شامل کر کے دیں۔
پرہیز:۔ کھٹی اشیاء گڑ، گرم اشیا سے پرہیز۔
بھنگ آدھا پاؤ لے کر اس میں نمک ایک تولہ ڈال کر ابالنے کے بعد پانی سے دھو کر صاف کر لیں۔
اگر مسہ جات گرانے ہوں تو ایک چھٹانک چونہ لے کر اس میں پانی ڈال کر رات کو مکان کی چھت پر رکھ دیں۔ صبح پانی نتھار کر اس پانی سے استنجا کریں چونا پانی میں حل نہ ہونے پائے سو فیصد مجرب ہے۔

صندلی

نئے اور پرانے سوزاک کے لئے یہ دوا اتنی کامیاب ثابت ہوئی ہے کہ اس کے استعمال سے بکثرت مریض نجات پا چکے ہیں۔ اور اس کے استعمال سے سوزاک کی تمام

تکالیف یعنی پیشاب کی جلن اور سوزش خون اور پیپ کا آنا وغیرہ دور ہو جاتا ہے اور بہت جلد اس موذی مرض سے چھٹکارا مل جاتا ہے۔ سوزاک نیا ہو تو دوسرے تیسرے دن ہی ایسا اثر ظاہر ہوتا ہے گویا جادو کر دیا سوزاک پرانا ہو تو وہ بھی دور ہو جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ روغن بیروزہ چار ماشہ۔ روغن دارچینی چار ماشہ۔ روغن صندل چار ماشہ۔ تمام کو ملا کر شیشی میں رکھ چھوڑیں۔

ترکیب استعمال :۔ بوقت ضرورت چار بوند بتاشہ میں ڈال کر بکری کے کچے دودھ کے ساتھ یا دودھ کی لسی سے استعمال کریں۔

فوائد :۔ جلن کو پہلے دن ہی آرام ہوگا احتیاطاً ایک ہفتہ استعمال کریں۔

اسودی

نئے اور پرانے سوزاک کے لئے یہ آزمائی ہوئی دوا ہے پیشاب کا جلن کے ساتھ آنا اور پیشاب کے ساتھ خون و پیپ کا بہنا عضو میں درد غرض سوزاک کی ابتدائی و انتہائی حالت میں یہ دوا نہایت بھروسہ کی دوا ہے چند روز کے استعمال سے مرض میں بے حد کمی ہو جاتی ہے اور مستقل استعمال سے ہمیشہ کے لئے مرض کافور ہو جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ گندہ بیروزہ آدھ سیر۔ برگ آم دو سیر دونوں کوٹ کر یک جان کر لیں بعدہ روغن بذریعہ پتال جنتر کشید کر کے سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال :۔ خوراک چار بوند بتاشہ میں ہمراہ لسی دودھ بکری یا گائے۔

شربت ہندبا

شربت ہندبا اپنی تمام خوبیوں میں پورا ہے امراض جگر۔ دل۔ معدہ۔ طحال۔ سینہ۔ پیشاب میں لاثانی چیز ہے کسی قسم کی تکلیف نہیں دیتا ذائقہ لذیذ اور خوش رنگ ہے۔ ابتداء سل و دق میں مفید ہے میں اسے سینکڑوں مریضوں پر استعمال کیا فوائد میں سو فیصدی کامیاب رہا شربت کم خرچ ہے لیکن اوصاف میں قیمتی ادیات سے بھی زیادہ موثر

ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ ہندبا (کاسنی)۔ خشخاش سائیدہ۔ اصل السوس مقشر۔ گاؤزبان۔ زوفا۔ بانسہ۔ خرفہ۔ سپستان۔ گل بنفشہ۔ گلوتازہ۔ پوست خشخاش۔ ہر ایک بیس تولہ کا عرق تین بوتل کشید کریں عرق کشید کر کے ڈیڑھ سیر کھانڈ ملا کر شربت تیار کریں جب قوام پر آ جائے تو روح کیوڑہ پانچ تولہ۔ روح بید مشک پانچ تولہ۔ ٹنکچر کوچی نیل ایک ڈرام ملا کر تیار کریں۔

ترکیب استعمال :۔ خوراک چھ ماشہ تا ایک تولہ ہمراہ عرق گاؤزبان صبح و شام۔

فوائد :۔ تپ سل۔ تپ دق۔ کھانسی۔ ضعف جگر۔ نزلہ۔ زکام۔ دل کی دھڑکن۔ جلن پیشاب۔ مولد خون۔ موقوی اعصاب۔ دل کا ہول۔ دردسر۔ خفقان۔ حمیات۔ ہر قسم جلن سینہ۔ سوزش پھیپھڑا۔ ذات الجنب۔ ذات الریح۔ ذات الصدر۔ کھانسی خشک و تر فرحت بخش ہے۔

جامدی

جریان۔ رقت و احتلام۔ سرعت وضعف باہ کو دور کرنے کے واسطے ایک لاثانی دوا ہے ان امراض سے پیدا ہونے والے تمام عوارض اس کے استعمال سے رفع ہو جاتے ہیں۔ اعضائے رئیسہ کو قوت دیتی ہے اور تمام جسمانی قوتیں بحال ہو کر طبیعت ہر وقت ہشاش بشاش رہتی ہے جریان وغیرہ کی ادویہ میں بالعموم یہ نقص ہوتا ہے کہ مغلظ اجزاء ہونے کی وجہ سے بھوک بند ہو جاتی ہے لیکن اس دوا میں خاصیت ہے کہ مقوی مغلظ ہونے کے باوجود اعلیٰ درجہ کی مقوی معدہ و جگر بھی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ ورق نقرہ چھ ماشہ۔ سیماب مصفی اڑھائی تولہ۔ کشتہ قشر بیضہ مرغ اڑھائی تولہ۔ سفیدہ کاشغری ایک تولہ۔ اول سیماب اور ورق کو کھرل کریں کہ سفوف بن جائے پھر چٹکی چٹکی کشتہ ڈالیں جب تمام کشتہ ختم ہو جائے۔ تو شیر برگد پانچ تولہ کے ہمراہ کھرل کر کے گولیاں نخودی تیار کر لیں۔

فوائد :۔ سرعت۔ انزال۔ احتلام۔ جریان۔ ضعف باہ کا شافی علاج ہے۔
ترکیب استعمال :۔ دودھ پانچ تولہ۔ شہد پانچ تولہ۔ گھی پانچ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ایک عدد کے ہمراہ ایک گولی روزانہ صبح دیں۔

بادامی

دل و دماغ کو قوت دیتا ہے دماغ کو روشن کرتا ہے بینائی و حافظہ کو ترقی دیتا ہے اور خیالات فاسدہ کو دور کرتا ہے تفریح پیدا کرتا ہے نزلہ اور دردسر فاسدہ کو دور کرتا ہے تفریح پیدا کرتا ہے نزلہ اور دردسر کو کھوتا ہے دماغی محنت کرنے والوں کے لئے نہایت مفید ہے۔
اجزاء و ترکیب ساخت :۔ مغز بادام دس دانہ۔ تخم الائچی خورد چار ماشہ۔ خشخاش سفید پانچ تولہ۔ سونف ایک تولہ۔ مکھن گاؤ پانچ تولہ۔ مصری آدھ پاؤ۔ کشتہ مروارید چار رتی۔ کشتہ عقیق چار رتی تمام ادویہ کو آپس میں ملالیں تیار ہے۔
فوائد :۔ اس کے کھانے سے بدن موٹا۔ رنگ سرخ۔ خوشنماء چہرہ پر حسن اور چمک دکھاتی ہے۔ دل میں راحت اور خوشی اور قوت پیدا ہوتی ہے۔ گردہ اور مثانہ اور پھیپھڑے طاقت ور ہو جاتے ہیں اور مادہ منویہ غلیظ ہو جاتا ہے۔ مقوی دماغ ہے۔
ترکیب استعمال :۔ روزانہ صبح نہار منہ کو استعمال کریں۔

مرہم حیات

پرانے اور خراب ہو جانے والے زخم کو اچھا کرتا ہے اور زخموں کی سوزش اور جلن کو دور کرتا ہے اور پرانے زخموں میں جو جراثیم و کیڑے پیدا ہو جاتے ہیں ان کو ہلاک کر دیتا ہے۔
اجزاء و ترکیب ساخت :۔ پارہ۔ گندھک ڈنڈا۔ گندھک آملہ سار۔ کمیلہ تانبے کا زنگار۔ سہاگہ۔ نوشادر ہر ایک ایک ماشہ۔ نیلہ تھوتھا آدھ ماشہ۔ مکھن سو دفعہ پانی

سے دھویا ہوا دس تولہ۔ پہلی تین دواؤں کو کھرل کریں اور پھر نمبر چار سے نمبر آٹھ تک اسی کھرل میں ڈال کر آدھ گھنٹہ اور کھرل کریں۔ مکھن جو کہ سو دفعہ پانی سے دھویا ہوا ہو میں ڈال دیں باہم ملا کر یک جان کر لیں۔

فوائد :۔ ہر ایک قسم کے پھوڑا پھنسی کے لئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔

ترکیب استعمال :۔ کسی کپڑے کے ٹکڑے پر لگا کر ویسے ہی پھوڑا پھنسی پر لگائے۔

نوٹ :۔ احتیاط رہے کہ دھوئے ہوئے مکھن کو آدمی یا جانور نہ کھائے۔

شربت دل بہار

موسم گرما میں اگر کوئی چیز دماغ و دل کو مسرور کر سکتی ہے اور روح میں تازگی لا سکتی ہے تو بلا مبالغہ وہ ''شربت دل بہار'' ہی ہے۔ ایک گلاس صبح ایک شام پی کر ہر شخص گرمی کے اثر سے اپنے آپ کو محفوظ رکھ سکتا ہے لو سے بچا رہتا ہے پیاس کا غلبہ نہیں رہتا کام سے دماغ نہیں تھکتا اختلاج قلب اور سر میں درد نہیں ہوتا۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ روغن بادیان بیس بوند۔ روح کیوڑہ ایک بوتل بازاری چھوٹے سائز کی چار تولہ والی۔ ٹنکچر کارڈیم تین ڈرام۔ شربت صندل ایک بوتل (تین پاؤ) لیموں کا رس دو تولہ۔ تمام یک جان کر کے بوتل کو خوب حرکت دیں سب اجزاء حل ہو جائیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال :۔ بوقت ضرورت ایک گلاس میں نصف پاؤ پانی میں دو ماشہ سوڈا بائیکارب حل کر کے نصف چھٹانک شربت مذکورہ شامل کر کے فوراً پی لیا کریں۔ دن میں دو تین بار یا زیادہ سے زیادہ چار بار تک پی سکتے ہیں۔

فوائد :۔ پیاس کو دور کرتا ہے ہاضم ہے بخار کی گرمی کو دور کر کے دل کو سکون دیتا ہے اور شدت بخار کو رفع کرتا ہے موسمی بخاروں میں بہت مفید ہے اور گرمی کی وجہ سے جو درد سر ہوتا ہے اس کو بھی دور کرتا ہے اور گرمی کی وجہ سے کسی کا دل گھبرا جائے تو سپرٹ

ایمونیا ایرومیٹک اسی نسخہ میں نصف ڈرام شامل کر کے پلایا جائے تو ایک ہی خوراک سے تندرست ہو جاتا ہے۔

نجات

(عطیہ قاضی ممتاز احمد صاحب اجمیر)

یہ دوا قبض کے لئے مفید ہے۔ معدہ اور آنتوں کو فضلوں سے پاک کرتی ہے آنتوں کی قوت دافعہ کو قوی کرتی ہے۔ قبض کشا ہے بلا ضرر ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ شحم حنظل ایک تولہ۔ صبر (ایلوا) چھ ماشے۔ روغن بیدا انجیر چھ تولہ۔ ہر دو ادویہ کو ذرا پانی میں پیس کر روغن میں پکا کر پیٹ پر نیم گرم لیپ کریں۔

فوائد :۔ پندرہ منٹ میں دست آ جاتا ہے چاہے مریضہ حاملہ ہو یا موسم کتنا ہی ناموافق ہو کسی قسم کے نقصان کا خطرہ نہیں۔

مثلث

ذبلے پتلے بدن کے آدمی جو آئے دن کمزوری کی وجہ سے بیمار رہتے ہیں یا وہ اشخاص جو بیماری سے چھٹکارا حاصل کرنے کے بعد اپنی گئی ہوئی طاقت حاصل کرنا چاہتے ہیں تو مثلث کو استعمال کر کے اپنا مقصد پورا کر سکتے ہیں مثلث جسمانی کمزوری کو دور کرنے کے لئے بہترین تحفہ ہے وزن بڑھاتا ہے اور پاکیزہ خون پیدا کرتا ہے عورت مرد دونوں کو یکساں مفید ہے اور ہر موسم میں استعمال کیا جا سکتا ہے ایک بوتل بیس روز کے لئے کافی ہوتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ برادہ نقرہ ایک تولہ۔ برادہ ابرک سفید ایک تولہ۔ کشتہ بیضہ مرغ ایک تولہ۔ آب لیموں دس تولہ۔ تمام ادویات کو ملا کر آب لیموں میں کھرل کریں جب تمام آب ختم ہو جائے تو ٹکیاں بنا کر کسی کوزہ گلی میں ڈال کر دس

اپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ برنگ خاکی ہو جائے گا۔

ترکیب استعمال :۔ خوراک ایک رتی سے تین رتی تک۔

فوائد :۔ گویا یہ ایک آب حیات ہے ضعف گردہ و دماغ۔ قلب و مثانہ۔ کثرت بول جریان۔ احتلام۔ سستی۔ نامردی۔ بخار وغیرہ وغیرہ کے لئے اکسیر اعظم ہے۔ یہ میرا خاندانی نسخہ ہے۔

مانعی

بیمار کمزور اور نازک عورتیں جو حمل کی تکالیف برداشت نہ کر سکتی ہوں وہ یہ دوا استعمال کریں۔ تندرستی اور جوانی کا لطف اٹھائیں اس دوا کے استعمال سے حمل قرار نہیں پاتا اور استعمال کرنے والی عورتیں ہمیشہ تندرست اور جوان رہتی ہیں مانعی صرف ان عورتوں کو استعمال کرنی چاہیئے جو اولاد کی کثرت حمل اور زچگی کی تکلیف کی متحمل نہ ہو سکیں یا اپنی جوانی اور خوبصورتی کو قائم رکھنا چاہتی ہوں استعمال کر سکتی ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ شنگرف۔ موچرس۔ افیون ہر ایک چار ماشہ۔ سہاگہ ایک ماشہ سب کو پیس کر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر نخود تیار کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال :۔ ایک گولی قبل جماع عورت کو کھلائیں اور ایک گولی بعد جماع کھلائیں۔ ایک ماہ تک اثر رہے گا۔

نقرئی

(عطیہ حکیم سید فضل حسین شاہ صاحب)

نقرئی بفضلہٖ تعالیٰ بیس سالہ پرانے جریان کو بیخ و بن سے اکھاڑ دیتا ہے مریض کا دل کمزور ہو چکا ہو بھوک نہ لگتی ہو پیشاب بار بار آتا ہو ضعف جگر غرض یہ مجسم مریض کیوں نہ بن چکا ہو ہفتہ عشرہ کے استعمال سے ہر قسم کی کمزوری کو رفع کر دیتا ہے

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ اصلی مصطگی رومی پانچ تولہ۔ ورق نقرہ ایک تولہ۔ زہر مہرہ خطائی ایک تولہ۔ ایک کوڑی ہنڈیا لے کر اس میں پانی ڈالیں اور اس کے منہ پر جالی باریک کا کپڑا باندھیں اس پر مصطگی پانچ تولہ رکھ کر اوپر اچھی طرح سر پوش دیں۔ تاکہ بھاپ نکلنے نہ پائے اور ہنڈیا کو چولھے پر رکھ کر نیچے آگ جلائیں مصطگی یہ شدھ ہو گی مصطگی کے شدھ کرنے کا یہ وہ طریقہ ہے جسے شاید ہی کوئی جانتا ہو ورنہ ویسے تو کئی اصحاب مصطگی شدھ کرتے ہیں اور کئی اطباء نے مجھ سے یہ طریقہ دریافت کیا آج یہ راز افشا کرتا ہوں۔

ورق نقرہ اور زہر مہرہ خطائی کو اچھی طرح کھرل کریں جب چمک ماری جائے شدھ مصطگی ڈال کر نرم ہاتھوں سے کھرل کریں بس اکسیر تیار ہے۔

فوائد :۔ جریان منی۔ کثرت بول۔ ضعف قلب۔ معدہ جگر کو دور کر کے رنگ کو سرخ کرتی ہے۔

ترکیب استعمال :۔ ایک ماشہ سے دو ماشہ تک ہمراہ دودھ گاؤ یا آب بہو پھلی بچوں کو جب پیشاب بکثرت آتا ہو تو دو رتی ہمراہ شیر مادر دیں۔ چند روز کے استعمال سے پیشاب کے بار بار آنے کو دور کرتی ہے نیز کثرت لعاب دہن میں مستعمل ہے۔

زحیرین

پیچش۔ مروڑ۔ آؤں۔ خون وغیرہ کے لئے معجزہ بن کر اثر دکھاتی ہے سدہ کو خارج کرتی ہے آنتوں کے ورم کو دور کر کے سوزش کو تسکین دیتی ہے۔ پیچش کاذب ہو یا صادق دونوں صورتوں میں اس کا استعمال مفید ہے اور جو لوگ پرانی پیچش میں مبتلا ہیں وہ لگا تار استعمال کریں تو شفا یقینی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : افیون تین ماشہ۔ سہاگہ تین ماشہ۔ مصطگی تین ماشہ۔ شنگرف۔ زعفران۔ پوست ہلیلہ زرد ہر ایک تین ماشہ۔ کڑا چھال چھ ماشہ۔ بل کتھ چھ ماشہ سب کو باریک کر کے پانی کی مدد سے گولیاں نخودی بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ہمراہ آب صبح وشام دیں۔ اگر پیچش ہوتو روغن بید انجیر چار تولہ پہلے پلا کر پیٹ صاف کریں۔

خون صفا پوڈر

(عطیہ حکیم ٹیک چند صاحب)

امراض خون پھوڑے پھنسی شری خارش وغیرہ کا حکمی علاج ہے۔ اس کے استعمال کرنے سے تازہ خون پیدا ہوتا ہے جسم میں طاقت آتی ہے ہاضمہ تیز ہوتا ہے بھوک خوب لگتی ہے آتشک والے کے لئے نعمت غیر مترقبہ ہے چالیس روز استعمال کرنے سے آتشک خواہ موروثی ہو یا غیر موروثی خراب مادہ کا قلع قمع کرنا اس کے دائیں ہاتھ کا کرشمہ ہے گویا کہ امراض جلد کا اکسیری علاج ہے علاوہ مصفی خون ہونے کے قابض نہیں ہے اجابت کھل کر آتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: تخم کوڑتمہ دوتولہ۔ چرائتہ دوتولہ۔ سنا مصفی نو ماشہ۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ ثعلب پنجہ دار۔ مغز چہار۔ گل بنفشہ۔ شاہترہ۔ ہر ایک دوتولہ۔ مغز بادام تین تولہ۔ ترپھلہ تولہ۔ کشتہ سم الفار و ثمر کنار چار رتی روغن زرد پانچ تولہ۔ ادویات مذکورہ کوٹ چھان کر روغن زرد میں بھون لیں بعدہ کشتہ مذکور ملا کر بحفاظت شیشی میں رکھیں بہت اعلیٰ چیز ہے۔

ترکیب استعمال: تین ماشہ کی مقدار میں صبح تازہ پانی سے دیں۔

فوائد: خارش۔ آتشک۔ جذام۔ پھوڑے۔ پھنسی صالح خون ہے۔ غرض یہ کہ امراض جلدی میں اس قدر مفید اور نافع ہے کہ استعمال کرتے ہی اپنا دکھانے لگتی ہے۔

غذا: مرغن روغن زرد کا استعمال کافی کریں جس قدر کھا سکیں خوب پیٹ بھر کر کھائیں روغن زرد کا استعمال حد سے زیادہ نہ کریں۔

پرھیز: لال مرچ۔ تیل۔ گڑ۔ آچار۔ ترش اشیاء نمک بہت کم کھائیں۔

چائیلڈر کیور

(عطیہ حکیم ٹیک چند صاحب)

امراض اطفال میں مفید ہے بوجھ بھار سینہ۔ کھر کھراہٹ۔ نمونیہ۔ کھانسی وغیرہ میں کافی اثر رکھتا ہے بچہ ماہی بے آب کی طرح تڑپ رہا ہو۔ ایک خوراک دینے سے آرام کی نیند سو جاتا ہے قے۔ اسہال بوجہ بخار وغیرہ رفع ہو جاتے ہیں بوجھ بذریعہ اجابت خارج ہوتا ہے بندہ نے اس ہی نسخہ سے بچوں کے امراض میں مشہوری حاصل کی ہے۔ ایک دن کے بچہ سے لے کر چار سال کے بچہ تک یکساں فائدہ کرتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ملٹھی ڈیڑھ ماشہ۔ بادیان دو ماشہ۔ بانسہ دو ماشہ۔ گل سرخ دو ماشہ۔ بہیدانہ دو ماشہ۔ الائچی کلاں بمعہ پوست دو ماشہ۔ شکر تیغال دو ماشہ۔ فلفل سیاہ دو رتی۔ مصری چھ ماشہ۔ پانی آٹھ تولہ۔ موسم کے لحاظ سے جوشاندہ یا خیساندہ بنا کر رات دن پلائیں۔ یہ خوراک ایک سال کے بچہ کے لئے ہے حکما وزن میں کمی بیشی بھی کر سکتے ہیں۔

فوائد : امراض سینہ۔ نمونیہ۔ تپ۔ بوجھ۔ کھر کھراہٹ۔ بے چینی۔ قبض۔ اپھارہ۔ ام الصبیان۔ کھانسی وغیرہ میں مفید ہے۔

پائلزون

(عطیہ حکیم ٹیک چند صاحب)

خونی بواسیر کی لاثانی دوا ہے ایک خوراک دینے سے بواسیر کا خون بند ہو جاتا ہے اگر چالیس روز متواتر استعمال کیا جائے تو بواسیر کو جڑ سے اکھیڑ دیتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : تخم نیم۔ تخم بکائن۔ رسوت۔ چاکسو۔ طباشیر۔ گوگل۔ الائچی خورد۔ مصبر۔ کچور۔ جفت بلوط۔ تمام ادویہ ہم وزن لے کر کوٹ چھان کر

آب بھوکل بوٹی (گندنا۔ پیازی) میں حب بقدر نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال : دو گولی تا چار گولی ہمراہ آب تازہ یا آب خرفہ (خیساندہ) تخم خرفہ تین ماشہ ایک پاؤ گرم پانی میں رات کو بھگو کر صبح مل چھان کر استعمال کریں۔

فوائد : ہر دو قسم بواسیر (خونی و بادی) میں مفید ہے۔

قناعتی

یہ دمہ کی لاجواب دوا ہے۔ دمہ تر ہو یا خشک دونوں حالتوں میں یکساں بجلی کا اثر دکھاتی ہے دم کشی اور تشنجی کیفیت دو تین خوراک میں بند ہو جاتی ہے بلغم بآسانی خارج ہونے لگتا ہے اور مریض کی جان میں جان آ جاتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : نمک مدار۔ نمک تمباکو۔ نمک بانسہ۔ سجی سرخ۔ زعفران۔ نمک سیاہ۔ ہر ایک تولہ۔ شیر مدار پانچ تولہ۔ تمام ادویات کو باریک کر کے ایک ناریل میں داخل کر دیں اور خوب لیپ کر کے دس سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ بعد ازاں نکال کر ادویات کو باریک کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : دو چاول ہمراہ مکھن یا بالائی دیں۔

فوائد : دمہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ کھانسی اور نزلہ دائمی کی حکمی دوا ہے۔

پرزور

نہایت ہی کیف سرور آگیں اور غائیت درجہ مقوی و ممسک معجون ہے اس کی ضرورت عام طور پر شادی شدہ مرد کو رہتی ہے اور ہم نے شوقین حضرات کے لئے خاص طور پر اسے ترتیب دے کر بنایا ہے۔ اس کے استعمال سے سلسلہ مباشرت دیر تک قائم رکھا جا سکتا ہے اور تھکن بالکل محسوس نہیں ہوتی جلوت کی باتیں خلوت میں نہیں لانی چاہئیں ورنہ ہم بتا دیتے کہ پرزور کیا چیز ہے بس یونہی سمجھ لیجئے کہ فریقین کی محبت بحال اور گئی ہوئی طاقت کو دوبارہ حاصل کرنے کا ایک کامیاب اور بہترین ذریعہ "پرزور"۔

ہی ثابت ہوگا۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مغز کدو شیریں۔ مغز کاہو۔ تخم خشخاش۔ خولنجاں۔ مغز بادام۔ مغز فندق ایک تولہ۔ مغز چلغوزہ۔ افیون۔ جوز بوا۔ جاوتری۔ دار چینی ہر ایک ایک تولہ۔ چرس آٹھ ماشہ۔ زعفران چھ ماشہ۔ مشک پانچ ماشہ۔ عنبر تین ماشہ۔ مناسب طریقہ سے کوٹ پیس کر شہد جملہ ادویہ سے سہ چند لے کر باہم ملا کر معجون تیار کریں۔

فوائد : مقوی باہ۔ ممسک۔ محمر لون۔ سرعت کو دور کر کے بے حد قوت و امساک پیدا کرنے والی اکسیر ہے۔

ترکیب استعمال : ایک ماشہ ہمراہ دودھ مقاربت سے ایک گھنٹہ پیشتر استعمال کریں اور قدرت خدا کا مشاہدہ کریں۔

لولوی

آج لاکھوں انسان ہیں جو جریان جیسی مہلک بیماری میں مبتلا ہیں۔ مگر وہ اپنا صحیح علاج نہیں کر سکتے وہ غیر مفید ادویات استعمال کر کے اپنی صحت کو اور بھی برباد کر لیتے ہیں ہم جریان کے مرض کو دور کرنے کی بڑی عجیب اور حیرت انگیز دوا پیش کر رہے ہیں اس کے استعمال سے سر چکرانا۔ دل دھڑکنا۔ دماغ کی کمزوری۔ آنکھوں کے سامنے اندھیرا آنا مادہ کا پتلا پڑ جانا۔ پیشاب کے پہلے یا بعد قطرہ کا گرنا۔ وقت پر شرمندگی اٹھانا۔ خواہش کا ختم ہو جانا وغیرہ یہ سب سخت جریان کی علامات ہیں۔ مگر ان سب شکایتوں کو لولوی دوا تمام عمر کے لئے دور کر دیتی ہے جریان کے مرض کو دور کرنے میں اس دوا سے فائدہ اٹھایئے آپ کی کایا پلٹ جائے گی زندگی بدل جائے گی چہرہ گلنار ہو کر جوانی کی امنگیں پیدا ہوں گی مادہ میں اولاد کی قابلیت پیدا ہو جائے گی یہ دوا چند دنوں میں مردہ دل مریضوں کو زندہ دل اور ہوشیار کر دیتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : موصلی سنبل ایک تولہ۔ ست بھوپھلی۔ ست برگد ایک تولہ۔ ست گلو۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خورد۔ پوٹاشیم برومائیڈ ہر ایک تولہ۔ کشتہ قلعی۔

کشتہ عقیق۔ کشتہ خبث الحدید۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ نقرہ ہر ایک چھ ماشہ۔ دودھ برگد دس تولہ۔ سب کو ملا کر شیر برگد سے کھرل کر کے چار رتی کی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ہمراہ دودھ گاؤ صبح وشام۔

فوائد: احتلام۔ جریان۔ پیشاب کے پہلے یا بعد سفید قطرہ منی کا گرنا۔ وقت خاص شرمندگی کا باعث ہونا۔ ان سب امراض کو دور کر کے جسم میں توانائی پیدا ہوتی ہے اور چہرہ پر رونق ہو جاتی ہے آنکھوں کی بینائی تیز ہو جاتی ہے۔ غرض یہ کہ ہر ایک قسم کی جریان اور احتلام کے لئے مفید ہے۔

خماسی

آتشک کی بے نظیر اور مجرب المجرب دوا ہے اس کے استعمال سے خون کی حدت اعتدال پر آ جاتی ہے زخم خشک ہو کر جلد پر سے سب داغ دھبے مٹ جاتے ہیں تجربہ کہتا ہے کہ آتشک اگر تیسرے درجہ پر بھی ہو تو یہی دوا اسے سنبھال سکتی ہے۔ لہذا مریضان آتشک اس نایاب دوا کا تجربہ کر کے اس زندگی کو بلکہ آئندہ نسل کو برباد نہ ہونے دیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: گندھک آملہ سار۔ سیماب۔ رس کپور مدبر۔ ہلیلہ زنگی۔ شحم حنظل ہر ایک چھ ماشہ۔ صبر زرد ایک تولہ۔ مطبوخ برگ نیم و شاہترہ۔ دہلیلہ زرد میں تین دن صلایہ کر کے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک حب ہمراہ روغن زرد دو تولہ کھائیں۔

تدبیر رسکپور: رس کپور۔ کافور ہر ایک چھ ماشہ۔ دونوں کو خوب باریک کر لیں اور گولی بنا کر ایک غوک کلاں کے پیٹ میں ڈال کر سی دیں۔ اس کو گھی میں سرخ کر لیں بعد ازاں نکال کر ایک مولی کلاں لے کر اس میں رس کپور مذکور کو رکھ کر کارک کر کے مٹی سے عمدہ طریق سے لپیٹ کر پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرخ ہونے پر نکال کر داخل ترکیب کریں۔ اس سے مفید آتشک کا نسخہ ملنا محال ہے۔

بندش

پیشاب یا پاخانہ سے بعد سفید قطرہ نکلتا ہو۔ عورت کو دیکھ کر یا عورت کا خیال آتے ہی یا عورت کے سامنے جاتے ہی لیسدار رطوبت خارج ہوتی ہو۔ احتلام ہفتہ میں ہوتا ہو یا روزانہ یا ایک رات میں کئی کئی بار خیال کے ساتھ یا بغیر کسی خیال آنے کے بندش کی پہلی خوراک کھانے سے معلوم ہو گا کہ دریا میں بند لگ گیا ہے مکمل اکیس یوم استعمال کرنے کے بعد عمر بھر جریان یا احتلام کی شکایت نہ ہو گی اس کے علاوہ مقوی باہ مقوی بدن اور مولد خون ومحمر لون ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: فلفل دراز ایک تولہ۔ گندھک ایک تولہ۔ کشتہ قلعی کشتہ بیضہ مرغ۔ بیروزہ مدبر۔ آرد اصل السوس۔ طباشیر۔ ثعلب مصری۔ موم سفید ہر ایک ایک تولہ۔ سم الفار ایک ماشہ۔ شیر برگد دس تولہ۔ اول موم وسم الفار کو شیر برگد کے ہمراہ کھرل کریں۔ کہ یک جان ہو جائیں تو ہاون دستہ سے دو ہزار چوٹ لگا کر اس میں عنبر کی بو پیدا ہو جائے۔ بعد ازاں باقی باریک شدہ ادویات ملا کر خوب یک جان کر کے گولیاں نخود بنائیں۔

فوائد: جریان۔ احتلام۔ سرعت کو دور کر کے قوت باہ پیدا کرتی اور خون صالح پیدا کر کے جسم کو فربہ اور مضبوط بناتی ہیں۔ سرعت انزال کی حکمی دوا ہے۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ صبح وشام ہمراہ دودھ۔

امید

(عطیہ برادرم حکیم عبداللطیف صاحب شہید)

یہ عجیب وغریب دوا عورتوں کے پوشیدہ امراض کے لئے نہایت ہی کامیاب ثابت ہوئی ہے سیلان الرحم کے لئے بالخواص تیر بہدف ہے عورتوں کی عام جسمانی

صحت بحال کرتی ہے ورم رحم۔ ضعف رحم۔ اسقاط حمل۔ اختناق الرحم اور ایام کی بے قاعدگی کو دور کرتی ہے رحم کی خرابیاں رفع کرنے کے لئے اکسیر صفت ہے۔ تندرست عورتیں بھی استعمال کریں تو شباب کی رعنائی عرصہ تک قائم رہتی ہے اور وہ مستعدی کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مالتی بسنت رس۔ کشتہ ابرک سیاہ۔ کشتہ چاندی کشتہ۔ بیضہ۔ مرگانک طلائی۔ قلب الحجر ہر ایک تین ماشہ۔ کشتہ مرجان۔ دوا ڈپٹی صاحب والی ہر ایک چھ ماشہ۔ سفوف مفرح ایک تولہ۔ کشتہ فولاد اڑھائی تولہ۔ جوشاندہ کوکنار دس تولہ میں کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : ایک سے چار رتی ہمراہ بدرقہ مناسب یعنی مکھن یا بالائی یا کسی مربہ کے ساتھ دیں۔

فوائد : ایک عجیب الخاصیت چیز ہے جو عورتوں کو نئی زندگی بخشنے والی اکسیر سیلان۔ ضعف رحم۔ اسقاط حمل کی شکایت اور ہسٹریا کے لئے عجیب الاثر ہے۔ بدن کو طاقتور بنا کر اور خون کو پیدا کرنے میں مفید ثابت ہوئی ہے۔

معجون طلائی

(عطیہ جناب حکیم مولوی سید قبول شاہ صاحب وارثی)

جو لوگ بچپن کی غلط کاریوں اور جوانی کی بے اعتدالیوں سے طاقت مردی ضائع کر چکے ہیں۔ یا زیادتی عمر کے باعث ازدواجی مسرتوں سے محروم ہیں۔ تحریک بالکل نہیں ہوتی۔ یا بہت کم ہوتی ہے۔ بعد فراغت کمزوری اور تھکاوٹ ہو جاتی ہے طاقت جلد کمزور پڑ جاتی ہے تو معجون طلائی استعمال کریں یہ وہ دوائی ہے جو بوڑھوں میں بھی جوانی کا شعلہ پیدا کر دیتی ہے یہ عارضی طور پر محرک نہیں بلکہ اس کا اثر عمر بھر قائم رہتا ہے اس کے استعمال کرنے والے گھر میں ہمیشہ نرینہ اولاد پیدا ہوتی ہے اگر شباب کے ولولے اور

جوانی کی امنگیں سرد ہوگئی ہیں حوصلہ پست اور عزم کمزور ہوگیا ہے جوانی کی رنگین دن اور بہاریں ایک بھولا ہوا افسانہ بن چکے ہیں خواہش ہے کہ پھر جوانی سے طاقت ہو اور وہی دم خم ہو تو معجون طلائی استعمال کریں۔ کبھی ختم نہ ہونے والی طاقت پیدا ہو گی آپ عمر کے لحاظ سے بوڑھے ہو جائیں مگر طاقت جوانوں سے بھی زیادہ قائم رہے گی نہایت مفرح خوش ذائقہ اور ہر موسم میں مفید ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : فلفل دراز۔ فلفل سیاہ۔ فلفل سفید۔ دارچینی چوب چین۔ کباب چینی۔ عود بلسان۔ دانہ الائچی خورد۔ زعفران ۔ عود ہندی۔ آملہ۔ سعد کوفی۔ بالچھڑ۔ نانخواہ۔ بادیان۔ شونیز۔ برادہ صندل سفید۔ ثعلب مصری۔ تودری زرد۔ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ بوزیدان۔ موصلی سفید۔ برگ۔ گاؤ زبان طباشیر ہر ایک ایک تولہ۔ روغن بادام شیریں پانچ تولہ۔ روح عود غرقی اصلی ایک تولہ۔ ست سلاجیت اصلی۔ کشتہ قلعی ہر ایک دو تولہ۔ اکسیر طلائی دو تولہ۔ اسٹرکینا سلف دو ماشہ۔ شہد خالص پچیس تولہ۔ نبات سفید بیس تولہ معجون بنا کر چالیس دن کے بعد ایک ماشہ روزانہ دودھ کے ساتھ صبح اور شام کھلائیں۔

فوائد: یہ بہترین مقوی اعضائے رئیسہ معجون ہے۔ از سر نو تمام طاقتوں کو بحال کرتی ہے جوش جوانی میں اضافہ کرتی ہے مجلوق اور سست انسانوں کو بے حد فائدہ بخشتی ہے۔

نسخہ اکسیر طلائی

ورق طلاء۔ ورق نقرہ۔ مروارید ناسفتہ۔ زہر مہرہ۔ یاقوت رمانی۔ زعفران۔ مشک خالص۔ عنبر اشہب ہر ایک تین ماشہ کوٹ پیس کر چار دن عرق کیوڑہ میں کھرل کر کے خشک کر لیں تیار ہے نسخہ میں شامل کریں۔

برش عنبری

یہ دوا جامع النفع کثیر فوائد اور ہر مطب میں رہنے کے قابل اکسیر تحفہ ہے جس مطلب

میں یہ ایک دوا ہے کئی باری بھر کم بوتلوں سے افضل ہے فالج۔ رعشہ۔ جنون۔ مالیخولیا۔
بے خوابی۔ نزلہ۔ زکام۔ وجع المفاصل۔ سوزاک۔ اوجاع۔ جملہ اقسام کے لئے نہایت
مفید نسخہ ہے قابل طبیب اس کو مناسب بدرقہ سے بے شمار امراض پر استعمال کر سکتا

ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : رب اجوائن۔ رب دھتورہ۔ رب بھنگ۔ ہر ایک
چھ ماشہ۔ سنبل الطیب۔ زعفران۔ فرفیون۔ مرچ سفید ہر ایک ایک تولہ۔ کافور۔ عنبر ہر
ایک تین ماشہ۔ عقرقرحا۔ قرنفل۔ دانہ الائچی خورد۔ مصطگی ہر ایک نو ماشہ۔ پوٹاشیم
برومائیڈ ایک تولہ۔ افیون ڈیڑھ تولہ سب ادویات کو ملا کر پانی کی مدد سے گولیاں بمقدار
ڈیڑھ رتی بنائیں۔

فوائد : اوجاع ہر قسم کے لئے مسکن۔ مخدر۔ احتلام۔ سرعت۔ جریان۔ نزلہ۔ زکام۔
فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ سوزش۔ سوزاک وغیرہ امراض پر جہاں تسکین کی ضرورت ہو یہ دوا
فوری اثر دکھاتی ہے۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح وشام ہمراہ پانی۔

ٹانک سیرپ

ایک حیرت انگیز اور معجز نما نسخہ جو مقوی ادویات کا سرتاج ہے دل و دماغ جگر کو طاقت
دیتا ہے گلے سے اترتے ہی خون میں حل ہو کر جسم میں ایک بجلی کی لہر پیدا کرتا ہے قوت
باہ بے حد بڑھاتا ہے خون پیدا کر کے طاقت دیتا ہے دودھ گھی مکھن خوب ہضم کرتا ہے
یہ ایک قابل قدر نسخہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : محلول کچلہ۔ (ٹنکچر نکسوا میکا) تین تولہ۔ عرق سم
الفار (لائیکوار آرسینک) نصف اونس (سوا تولہ یا ڈیڑھ تولہ) کیلسیم ہائیو سائیمس چھ
ماشہ۔ کونین فولادی آٹھ ماشہ۔ ٹنکچر ہائیو سائیمس آٹھ ماشہ۔ ٹنکچر کارڈیمیم ایک تولہ۔
شربت سادہ ایک پاؤ۔

فوائد : مقوی باہ۔ مولد خون۔ محمر لون۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال کو مفید ہے۔
خوراک : تین ماشہ صبح وشام بعد از غذا دیں۔ خالی معدہ استعمال نہ کریں۔

اعلیٰ

دل و دماغ معدہ جگر کی تقویت کے لئے ایک اعلیٰ پایہ کی اکسیر جس کے ہوتے ہوئے طبیب دوسری دواؤں سے بے نیاز ہو جاتا ہے فوری طور پر دل و دماغ عضلات کو پوری حرکت دیتی ہے طبیعت میں فرحت اور تازگی پیدا کرتی ہے دماغی کام کرنے والوں کے لئے اکسیر پر تاثیر ہے باہ کو تقویت دیتی ہے دل و دماغ معدہ جگر کو بالاصہ اگر کوئی چیز تقویت پہنچانے والی ہوسکتی ہے تو وہ یہ ہماری دوائی ''اعلیٰ''۔ ہی ہے۔ جس نے اپنے بجلی نما اثرات سے مایوس مریضوں کو محو حیرت کر دیا لطف یہ کہ قلیل الخوراک اور خوش ذائقہ چیز ہے جس نے اسے ایک بار استعمال کیا ہے اس کے اثرات کا قائل ہو گیا ہر قسم کی تھکان کو چند منٹ میں دور کر کے جسم میں پھرتی اور چالاکی پیدا کرنا اس کا خاصہ ہے ضعف قلب۔ خفقان وغیرہ امراض کا قلع قمع کر دیتی ہے غرض یہ کہ اس کا استعمال آپ کو اس کا گرویدہ بنا دے گا اس کی خصوصیات نے ایک بڑے حلقہ میں مقبولیت حاصل کی ہے۔ ''اعلیٰ''۔ اپنے فوائد کے لحاظ سے فی الواقع اعلیٰ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ طلاء۔ کشتہ نقرہ۔ مشک خالص ہر ایک تین ماشہ۔ کشتہ مروارید۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ فولاد۔ شنگرفی ہر ایک چار ماشہ۔ کشتہ سنگ یشب کشتہ عقیق۔ کشتہ یاقوت۔ کشتہ قلعی ہر ایک چھ ماشہ۔ جائفل۔ جاوتری۔ عقرقرحا۔ کہربا۔ کشنیز۔ صندل سفید ہر ایک ایک تولہ۔ رب برہمی دو تولہ سب ادویات علیحدہ علیحدہ خوب باریک کریں کہ مانند سرمہ ہو جائے بعد ازاں باہم ملا کر روح گلاب پانچ تولہ۔ روح بید مشک پانچ تولہ روح کیوڑہ پانچ تولہ میں کھرل کریں گولیاں بنانے کے لائق ہو جائیں تو گولیاں بمقدار ایک رتی بنائیں۔

فوائد : دل۔ دماغ۔ معدہ۔ جگر۔ کے تمام امراض کا قلع قمع کرنے والی بے نظیر اکسیر

ہے بھوک بڑھاتی ہے قوت باہ پیدا کرتی ہے بدن کو موٹا اور سرخ وسفید بناتی ہے طبعی ممسک اور مولد منی ہے طب یونانی کی مایہ ناز چیز ہے۔ آزمائیں اور دیکھیں کہ کیا گوہر نایاب ہے۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح وشام ہمراہ دودھ یا مناسب بدرقہ۔

اکسیر جاوید

تمام مردانہ کمزوریوں کو ہٹا کر طاقت مردمی بخشنے والی بے نظیر دوا ہے۔ بدن میں خون و جوہر مردمی کو کمال درجہ بڑھاتی ہیں۔ دل ودماغ وجسم میں نئی طاقت بخشتی ہیں۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت وکم طاقتی کو ہٹا کر اصلی قوت مردانگی پیدا کرتی ہیں۔ حتی کہ وہ لوگ بھی جو بے سمجھی کی غلط کاریوں سے اپنی طاقت مردمی کو نہایت کمزور یا بالکل ضائع کر چکے ہیں ان گولیوں کے استعمال سے دوبارہ پوری قوت مردمی ولطف جوانی حاصل کر سکتے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: کونین۔ زعفران۔ افیون۔ سلاجیت ہر ایک چھ ماشہ۔ ست اجوائن۔ ست پودینہ۔ ست لوبان۔ روغن دار چینی۔ جائفل۔ عقرقرحا۔ ایکسٹریکٹ بیلاڈونا ہر ایک تین ماشہ۔ کشتہ فولاد (فاسفورس والا) ایک تولہ۔ ست کچلہ۔ روغن سم الفار ہر ایک دو ماشہ۔ شنگرف مدبر چار ماشہ سب ادویات کو باہم ملا کر حبوب بقدر نخود بنائیں۔

فوائد: مقوی باہ۔ ممسک۔ مغلظ۔ دافع جریان۔ احتلام۔ کمزوری وکمی باہ کو دور کر کے خون پیدا کرتی ہے رنگ کو سرخ بناتی ہے۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

ذالك فضل الله

کیمیا وریمیا وسیمیا   کس نداند جز بذات اولیا

یہ صرف فضل الٰہی ہے کہ کس شخص کی قسمت یاوری کرے تو یہ نسخہ بالکل سو فیصدی درست ہے بنائیں اور دولت دینا سے اپنے آپ کو مالا مال کریں آپ فرمائیں کہ آپ بخل شکنی میں ہمارا ساتھ دیں تو آپ کو کیا عذر ہے یہ صرف آپ کے لئے تحفہ پیش خدمت ہے ایک طلائی نسخہ حاضر ہے جو ہمارے کرم فرما دوست حکیم جمیل احمد صاحب سہانپوری کا عطیہ ہے اور آپ نے ہماری مشکلات سے متاثر ہو کر ہمیں عطا فرمایا جو اپنے پیارے ناظرین کی خدمت میں پیش کرتے ہیں۔اب قدر کرنا آپ کا کام ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سیماب مصفی چار تولہ۔نمک لاہوری پانچ تولہ۔ نیلا تھوتھا آٹھ تولہ۔ایک کڑاہی میں ڈال کر دس سیر پانی ڈال دیں اور سات بار دھوئیں پھر املی کے پانی سے چار دفعہ دھوئیں زرد رنگ کی گولی کو برگ شیاوشاں دو تولہ۔ برادہ سینگ گاؤمیش چار تولہ۔ برادہ جست چار تولہ کے درمیان دے کر منہ اچھی طرح بند کریں اور خشک کر کے گڑھے میں دو من پختہ اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں چھ تولہ عمدہ مال تیار ہوگا۔

زیورات بنائیں کسوٹی پر رنگ پورا برتن بنائیں۔ سیاہی نہیں آئے گی صرف ایک عیب اس میں رہ جاتا ہے وہ یہ کہ تیزاب فاروقی میں ڈالنے سے رنگ میں فرق آجاتا ہے نکال کر صاف پانی میں دھوئیں۔ پھر شوخ ہو جائے گا۔

قدرت

قدرت خداوندی کا کرشمہ جو بے شمار امراض کا واحد علاج بفضل رب العالمین بے شمار بدقسمت انسانوں کی صحت کا موجب ہے اگر قسمت یاوری کرے تو دولت عزت

شہرت کا موجب یہی نسخہ ہوسکتا ہے یہ نسخہ ایک قابل اخفا تحفہ ہے جو نذر ناظرین کرام ہے۔ اس کے عوض میں کیا چاہتا ہوں صرف طالب دعا ہوں بہر حال یہ تحفہ پیش خدمت کرتا ہوں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : نمک لاہوری عمدہ سفید ایک تولہ۔ بلخی تمبا کو پانچ تولہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے پانچ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ نمک مذکور نکال کر اس میں ریوند چینی پانچ تولہ۔ روغن السی چار تولہ۔ دس روز دھوپ میں رکھ کر کھرل کریں۔ بعدہ پتال جنتر سے روغن کشید کریں روغن مذکور میں سم الفار دو تولہ۔ رس کپور چھ ماشہ۔ دار چکنا دو ماشہ۔ کافور چار ماشہ۔ کھرل کریں۔ طوطیا سبز دو تولہ کی ڈلی پر لیپ کریں ایک کڑاہی میں اجوائن دیسی پندرہ تولہ نیچے اوپر دے کر چولھے پر رکھ تین گھنٹہ نرم آگ دیں۔ کشتہ طوطیا سفید رنگ برآمد ہوگا سنبھال کر رکھیں یہ اکسیر ہے۔

فوائد : نامردی۔ بواسیر۔ آتشک۔ سوزاک۔ ناسور کہنہ اور وجع المفاصل غرض یہ کہ امراض خبیثہ کا مکمل علاج ہے۔

ترکیب استعمال : بقدر دانہ باجرہ مکھن یا بالائی کے ہمراہ کھلائیں۔

اکسیر : پارہ ایک تولہ میں کشتہ مذکور دو رتی ڈال کر عرق لیموں دو تولہ سے کھرل کر کے کٹھائی میں رکھ کر کھلی آنچ دیں۔ اور خدا کے فضل کے امیدوار رہیں۔ آگے آپ کی قسمت۔

روح نایاب

قدرت خداوندی کا کرشمہ اگر دیکھنا ہو تو اس بے نظیر نسخہ کو بنائیں اور اپنی قسمت کو آزمائیں ہزاروں اطباء کرام اس لاجواب نسخہ کے شائق ہیں اور حقیقتاً اس نسخہ اس کی تعریف تو خود اس نسخہ کو بنانے والا اور استعمال کرنے والا ہی کرے گا۔ یہ نسخہ بھی میرے کرم فرما حکیم جمیل احمد صاحب سہانپوری جو ایک مشہور سیاح ہیں نے ازراہ کرم عطا فرمایا جو نذر ناظرین ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : گوگرد آملہ دو تولہ۔ مروار سنگ دو تولہ۔ زنجفر دو تولہ۔ سیماب دو تولہ۔ زرنیخ دو تولہ۔ سم الفار سفید دو تولہ۔ تمام ادویات کو باریک کر کے عرق لہسن پختہ تین پاؤ میں کھرل کر کے خشک کریں بعدہ عرق لیموں کاغذی تین پاؤ میں رگڑیں جب جذب ہو جائے تو شیر تدھارا تھوہر پانچ تولہ میں کھرل کریں اور گولیاں بنا کر بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں سرخ رنگ کا نہایت عمدہ تیل ہو گا۔

فوائد : نامرد مایوس العلاج کو نئی زندگی بخشنے والی اکسیر ہے۔

روغن مذکور میں تانبہ لاظل ہو جاتا ہے صاحب بصیرت اس کے فوائد سے بخوبی واقف ہیں کہ یہ ایک اکسیر کیسی نایاب ہے۔

ترکیب استعمال : ایک تنکہ بھگو کر مکھن میں کھلائیں اور ایک قطرہ طلا کریں دمہ کے لئے دو چار چاول ہمراہ بالائی دیں۔

تازگی

ہر مزاج والے کو ہر موسم میں مفید ہے دل و دماغ کی کمزوری رفع کرتی ہے حافظہ اور بینائی کو تیز کرتی ہے نزلہ و زکام کی زیادتی کو روکتی ہے جو لوگ روز و شب دماغ سے کام لینے کے عادی ہیں تازگی ان کے لئے نعمت سے کم نہیں ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: مغز بادام مقشر دس تولہ۔ پانی میں گھوٹ کر باریک کر لیں قوام شربت سے گاڑھا رکھیں۔ پھر زردی بیضہ مرغ بیس عدد ابال کر خمیرہ میں ملائیں اور گھوٹیں بعد ازاں ادویہ ذیل ملا کر خوب یک جان کریں۔

کشتہ مرجان۔ کشتہ صدف مروارید ی۔ کشتہ عقیق۔ کشتہ یشب۔ ورق نقرہ۔ مومیائی خالص ہر ایک ایک تولہ۔ ورق طلاء تین ماشہ۔ زعفران ساڑھے چار ماشہ۔ عنبر اشہب مشک خالص ہر ایک ایک ماشہ۔ روح کیوڑہ۔ گلاب و بید مشک میں شامل کریں۔

فوائد : دماغی کام کرنے والوں کے لئے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ مقوی اعضاء رئیسہ و بدن و باہ ہے تمام قلبی امراض کی بیخ کنی کر دیتا ہے۔ طاقت باہ بڑھانے کے لئے

اکسیر چیز ہے۔

ترکیب استعمال : بقدر چھ ماشہ کھا کر اوپر سے عرق گاؤ زبان پی لیں۔

لال شربت

یہ مرکب شربت کی صورت میں پیش کیا جاتا ہے جو ہوائی نالیوں سے بھرے ہوئے بلغم کو فوراً نکال دیتا ہے نزلہ کی آمد کو روک دیتا ہے پھیپھڑوں سے خون جاری ہو تو بند کر دیتا ہے حلق کی سوزش کو رفع کرتا ہے گلے کے غدود پھولے ہوں تو انہیں مناسب حالت پر لے آتا ہے نمونیہ اور دمہ جیسے خوفناک مرض میں اس کا استعمال آب حیات سے کم نہیں ہے لہذا نزلہ وزکام کھانسی وغیرہ میں اسی دوا کا استعمال کر کے فوری شفا دیتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : عناب۔ لسوڑیاں ہر ایک چار تولہ۔ خطمی۔ خبازی۔ پرسیاؤشاں ہر ایک تین تولہ۔ بنفشہ۔ ملٹھی زوفہ ہر ایک پانچ تولہ۔ بہیدانہ ڈھائی تولہ۔ انجیر پچیس عدد۔ پانی چھ سیر حسب دستور چھ بوتل عرق کشید کریں۔

عرق مذکور پچیس تولہ۔ کیلیم ہائیو فاسفیت اٹھارہ گرین۔ رنگ گلابی حسب ضرورت شربت بنالیں۔

فوائد : بعینہ وہی اثرات وفوائد اپنے اندر رکھتا ہے جو ولائیتی لال شربت میں پائے جاتے ہیں کھانسی نزلہ زکام وغیرہ امراض صدر کو نافع ہے۔ خصوصاً امراض سینہ اور کھانسی کے لئے مفید ہے۔

ترکیب استعمال : ایک تولہ روزانہ۔

سرمہ اکسیر

یہ وہ سرمہ ہے جس کی کوئی نظیر نہیں ملتی اور آپ نے ایسا سرمہ بہت کم دیکھا ہو گا بڑے بڑے قیمتی سرمے اس کے آگے ہیچ ہیں۔ آنکھوں کی جملہ شکایات کو رفع کرنے میں لاثانی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سرمہ سیاہ پانچ تولہ۔ کافور تین ٹکیہ۔ نمک شیشہ دو ماشہ۔ قلمی شورہ۔ سرد چینی۔ سمندر جھگ ہر ایک تین ماشہ۔ سفید مرچ دو ماشہ۔ پھٹکڑی بریاں چھ ماشہ۔ ان سب کو عرق گلاب میں کھرل کر کے پھر تین ماشہ رسوت ملائیں پھر رس لیموں پانچ تولہ۔ رس کیلہ دس تولہ۔ رس سرس دس تولہ۔ رس نیم دس تولہ میں سلسلہ وار کھرل کریں۔

فوائد : دھند۔ غبار۔ جالا۔ پھولا۔ کمی بصارت کو دور کر کے نظر کو از حد تیز کرتا ہے غرض یہ کہ آنکھوں کی ہر بیماری کے لئے اکسیر ہے۔

ترکیب استعمال : بطور سرمہ استعمال کریں۔

نرالی گولی

عمر طفولیت میں ناشائستہ حرکات کی وجہ سے سستی اور کمزوری فوطوں میں کھجلی دل کی دھڑکن۔ قوت مردمی کا ناکارہ ہو جانا۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ رقت۔ آتشک۔ سوزاک منی کا خشک ہو جانا۔ کمزوری۔ بے رونقی چہرہ۔ امراض مثانہ کے رفع کرنے کے لئے یہ نایاب تریاق ہے اور مجرب المجرب ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ فولاد شنگرفی تین ماشہ۔ سلاجیت چھ ماشہ۔ ست برگد ایک تولہ۔ ست بہوپھلی ایک تولہ۔ نک چھکنی چھ ماشہ۔ جلوتری چھ ماشہ۔ زعفران چھ ماشہ۔ افیون چھ ماشہ۔ دار چینی چھ ماشہ۔ عقرقرحا چھ ماشہ۔ ست کچلہ ایک ماشہ۔ تمام چیزوں کو اچھی طرح باریک کر کے آب کو کنار پندرہ تولہ سے کھرل کر کے نخودی گولیاں تیار کریں اور اوپر گولیوں کے ورق لگا کر محفوظ رکھیں۔

فوائد : گمشدہ طاقت کے بحال کرنے میں اکسیر صفت ہیں۔ کمزوری کے دیگر عوارضات سرعت۔ رقت۔ جریان۔ وغیرہ کا فوری ازالہ ہو جاتا ہے اور چند ہی روز میں مسلوبہ طاقت عود کر آتی ہے۔

شربت مفرح

یہ ایک لاثانی تحفہ ہے جو اپنے اثرات میں بہتر مانا جاچکا ہے۔ تقویت دل کے علاوہ نزلہ زکام ہر قسم کو نافع ہے تپ جملہ اقسام۔ بواسیر وغیرہ امراض کو بھی نافع ہے۔ پرانا تپ تو اس سے کوسوں بھاگتا ہے عین مایوسی کی حالت میں یہ نہایت مفید ثابت ہو چکا ہے لطف یہ کہ ہر بچہ بوڑھا جوان کے لئے یکساں مفید ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: گل بنفشہ۔ خطمی۔ خبازی۔ مکو خشک۔ اصل السوس اسطو خو دوس۔ ابریشم خام۔ گل گاؤ زبان۔ بادر نجبویہ۔ بادیان خطائی۔ گل زوفہ۔ گل مولسری۔ برادہ صندل سفید۔ برادہ اگر۔ سازج ہندی۔ بالچھڑ۔ اشنہ۔ سعد کوفی۔ پانڑی خس۔ پدماکھ ہر ایک دو دو تولہ۔ عود ایک تولہ۔ الائچی خورد چار تولہ۔ مویز منقی دس تولہ۔ عناب پچیس دانہ۔ عرق گاؤ زبان۔ دو سیر۔ شکر سفید ایک سیر۔ سب کو حسب دستور شربت بنائیں۔

فوائد: مفرح قلب۔ تپ کہنہ۔ بواسیر۔ نزلہ۔ زکام۔ کھانسی کو نافع ہے۔

ترکیب استعمال: تین سے چار تولہ روزانہ صبح ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

مونس

جزو ہر بدن طاقت بدنی اور قوت باہ کے بڑھانے کے لئے اکسیر صفت اور بے نظیر دوا ہے چند ہی خوراکوں میں بدن میں نمایاں طاقت پیدا ہونی شروع ہو جاتی ہے منی بکثرت پیدا کرتا ہے پرلے درجہ کا مغلظ ہے جریان۔ سرعت۔ رقت۔ احتلام وغیرہ امراض جو کمزوری کا لازمی نتیجہ ہے ہمیشہ کے لئے رک جاتی ہیں قدرتی رکاوٹ پیدا کر کے انسان کو طاقتور بنا دیتا ہے صفراوی مزاج والوں کے لئے اکسیر ہے۔ الغرض از حد مقوی بدن اور مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔ جریان اور سرعت کی شکایت جاتی رہتی ہے لاجواب نسخہ ہے۔

Hakeem Shoukat Ali

اجزاء و ترکیب ساخت : موصلی سفید۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ مغز تخم کونچ بریاں۔ تالمکھانہ۔ بیروزہ۔ شیر برگد ہر ایک تین تولہ۔ کشتہ سہ دھاتہ تین ماشہ۔ کشتہ قلعی تین ماشہ۔ شکر سفید سب کے برابر کوفتنی اشیاء کو باریک، کوٹ چھان کر کشتہ جات اور شکر سفید ملائیں بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال : بقدر چھ ماشہ لے کر ایک پاؤ شیر گاؤ کے ہمراہ صبح کے وقت دو ہفتہ بلکہ تین ہفتہ تک بلا ناغہ کھائیں اور فائدہ اٹھائیں۔

نوٹ : دوران استعمال گرم غذا اور قربت سے پرہیز لازمی ہے۔

ماہتابی

یہ اکسیر دل دھڑکے کے لئے نہایت مفید ہے۔ مرض خواہ کتنا پرانا ہو ایک ماہ کے متواتر استعمال سے ہمیشہ کے لئے نجات ہو جاتی ہے۔ ابتدائی مرض ایک ہفتہ کے اندر جاتا رہتا ہے جائز و ناجائز سے جبکہ اخراج منی ہو کر دل جو اعضائے رئیسہ میں سے ایک خاص اعضاء ہے کمزور ہو گیا ہو اور قوت باہ میں سخت فرق آ گیا ہو اختلاج۔ دھڑکا۔ ہول دل تکلیف دے ہر وقت خوف سا طاری رہتا ہو تو ایسی حالت میں یہ اکسیر خاص طور پر مفید اور فوری اثر دکھانے والی چیز ہے اس کا دو ہفتہ کا استعمال کمزور دل اور دیگر تمام قلبی امراض کو نیست و نابود کرتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مروارید ناسفتہ۔ بسد احمر۔ یشب سفید۔ عقیق سرخ۔ زہر مہرہ اصلی۔ شاخ مرجان ہر ایک ایک ماشہ لے کر نہ گھسنے والے کھرل میں باریک پیسیں بعدہ مشک خالص چار رتی اور زعفران اصلی ایک ماشہ شامل کر دیں۔ اور دو تولہ عرق کیوڑہ ڈال کر گھوٹنا شروع کریں حتی کہ خشک ہو کر مثل سرمہ ہو جائے پھر اس میں دانہ الائچی خورد۔ طباشیر کبود۔ ہر ایک دو ماشہ علیحدہ علیحدہ گھوٹ کر شامل کریں پھر اچھی طرح گھوٹ کر شیشی میں بند کر لیں۔ اور صبح و شام چار چار رتی چھ چھ ماشہ میں ملا کر چٹائیں۔

Hakeem Shoukat Ali

فوائد : یہ سفوف دل و دماغ جگر کو قوت پہنچانے اور معدہ کو طاقت بخشنے میں اکسیر ہے اس کے چند روز کے استعمال سے بھوک بڑھتی اور جسم میں خون پیدا ہونے لگتا ہے ہر بیماری سے صحت یاب ہونے کے بعد اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتی ہے۔

اکسیر خاص

وقت خاص پر کام دینے والی اکسیر اور سرعت انزال کے دفعیہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔ یہ امر مسلمہ ہے کہ توافق۔۔۔۔۔ نہ ہونے سے اولاد کی پیدائش ناممکن ہے اور اس لئے جو لوگ اس میں مبتلا ہیں وہ اولاد کے حصول سے محروم رہتے ہیں اس اکسیر کے استعمال سے یہ شکایت یقینی رفع ہو جاتی ہے رکاوٹ پیدا ہوتی ہے پہلے سے کئی گنا طاقت بڑھاتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : جوہر کچلہ ایک ماشہ۔ افیون خام۔ تخم دھتورہ۔ برگ قنب۔ شنگرف۔ مشک خالص۔ عنبر اشہب۔ مروارید ناسفتہ۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ۔ ہر ایک دو ماشہ۔ کائپھل۔ نک چھکنی۔ کشتہ مرجان ساڑھے چار ماشہ۔ آب برگ حنا سبز ڈیڑھ تولہ۔ آب ادرک تین تولہ۔ عرق گلاب خالص تین تولہ۔ بقدر دانہ ماش گولیاں تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت قبل ایک دو گولی دودھ کے ہمراہ دیں۔

فوائد : گمشدہ طاقت کو بحال کر کے از سر نو عالم شباب کا جلوہ دکھاتی ہیں۔ رقت۔ سرعت۔ احتلام۔ جریان وغیرہ شکایات کو دور کر کے رکاوٹ پیدا کرتی ہے مولد و مغلظ منی ہے۔

ملیریل

یہ اکسیر سردی اور لرزہ لگ کر چڑھنے والے بخار اور نوبتی۔ تیہ۔ چوتھیہ۔ رک جاتا ہے۔ چند خوراک میں بخار کافور ہو جاتا ہے غرض یہ کہ ہر ایک قسم کے بخار کے لئے تریاق

صفت دوا ہے خواہ کوئی بخار ہو بلا دھڑک دیجئے چند خوراک میں اتر جائے گا اگر قبض ہو تو پہلے قبض کشائی کر لیں پھر انشاء اللہ یہ فوری نفع دکھائے گی۔

اجزاء و ترکیب ساخت: کافور تین تولہ۔ فلفل سیاہ چھ ماشہ۔ زعفران تین تولہ۔ کوئلہ مدار۔ جدوار خطائی تین ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی تین ماشہ۔ طباشیر سفید تین ماشہ۔ قلمی شورہ ایک تولہ۔ کشتہ ہڑتال ورقی ورنیم چھ ماشہ سب کو خوب کھرل کریں اور بقدر نخود گولیاں تیار کریں ورق نقرہ میں ملفوف کر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال: بچوں کو آدھی گولی اور جوان آدمی کو دو گولی تک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے عرق گاؤ زبان یا بادیان یا مکو دو تولہ کے ہمراہ دیں۔ جب تک بخار کم نہ ہو برابر دیتے رہیں۔

فوائد: اس سے تیز بخار اتر جاتا ہے بخار کی گرمی۔ پیاس کی شدت۔ جلن۔ گھبراہٹ کم ہو جاتی ہے ہذیان وغیرہ میں نہایت تسکین ہوتی ہے۔

کڑوی اکسیر

یہ عجیب وغریب دوا نئے اور پرانے سوزاک کے لئے اکسیر صفت ہے ادھر ایک خوراک حلق سے اتری اور ادھر شفا حاصل ہونے لگی اس لئے اس کا نام کڑوی اکسیر ہے سوزاک کا مریض جو شدت درد سے تڑپ رہا ہو۔ پیشاب میں جلن ہو۔ مثانہ میں ٹیس ہو اور ریم بکثرت بہتی ہو۔ اس کی خوراک دے کر تجربہ کر لیجئے کہ کس قدر سکون حاصل ہوتا ہے یہ انمول اور نایاب دوا سراج الاطباء عالی جناب حکیم حاجی محمد سراج الدین خان صاحب کا عطیہ ہے اور ہزاروں مریض اس دوا کی بدولت سوزاک جیسے موذی مرض سے نجات حاصل کر چکے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: روغن بیروزہ۔ ست لوبان ایک ایک تولہ۔ سپرٹ ریکٹی فائدہ دو تولہ۔ روغن صندل درجہ اعلیٰ اڑھائی تولہ۔ جوکھار سفید چھ ماشہ۔ سونٹھ چھ ماشہ۔ جوکھار اور سونٹھ جدا جدا کوٹ چھان کر پہلے روغنوں کو سپرٹ میں حل کریں بعد

ازاں دوسری ادویات ڈال کر بوتل کارک سے خوب بند کر کے زور سے ہلا دیں جب روغن حل ہو کر پانی سفید ہو جائے تو بوتل میں اور پانی ڈال کر بھر دیں اور بیس نشان کاغذ کاٹ کر بوتل پر لگائیں یہ سب بیس خوراک دوا تیار ہے۔

ترکیب استعمال : ایک خوراک صبح ایک دوپہر ایک شام کو پلائیں خواہ کتنا ہی پرانا یا نیا سوزاک ہوگا انشاء اللہ العزیز آرام ہوگا۔

عصائے پیری

یہ مفید و عجیب القوت معجون طاقت بڑھانے کی خاص دوا ہے۔ جو لوگ قبیحہ عادات کے باعث اپنے آپ کو تباہ و برباد کر چکے ہوں اور ہزاروں علاج سے بھی کامیاب نہ ہوئے ہوں ان کو یہ معجون خصوصیت سے فائدہ دے گی جبکہ کمزوری اور ناطاقتی کے علاوہ بدن کا کوئی کل یا پرزہ درست نہ ہو۔ تمام اعضائے بدن جواب دے چکے ہوں مایوسی اور ناامیدی کی کوئی انتہا نہ رہی ہو تو اس حالت میں اس کا استعمال پورا اور فوری اثر دکھائے گا قوت باہ پیدا کر کے ضعف اعصاب وغیرہ کو بہت جلد دور کر دیتی ہے خون کی حرکت تیز کر کے روح کو شگفتہ کرتی اور بڑھاتی ہے حرارت عزیزی کو ترقی دیتی ہے اور بدن اور جسم کو بارعب اور طاقتور بناتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : فلفل دراز۔ فلفل سفید۔ دارچینی۔ چوب چینی۔ جائفل۔ مصطگی رومی۔ عود بلسان۔ زعفران اصلی۔ قرنفل۔ عود ہندی۔ ساذج ہندی۔ آملہ خشک۔ بالچھڑ۔ دانہ الائچی خورد۔ نانخواہ۔ بادیان۔ سیاہ دانہ۔ برادہ صندل سفید مرچ سیاہ۔ ثعلب مصری پنجہ دار۔ تودری زرد۔ بوزیدان۔ موصلی سفید۔ برگ گاؤ زبان۔ طباشیر سفید ہر ایک ایک تولہ لے کر باریک کوٹ کر کپڑے میں چھان لیں اور اس میں پانچ تولہ روغن بادام خانہ ساز آمیز کریں اس کے بعد اکسیر طلائی ست سلاجیت اصلی احراق قلعی ہر ایک دو تولہ علیحدہ کھرل کر کے اس میں ملائیں جب یہ سب کچھ کر چکیں تب شہد خالص پچیس تولہ۔ اور قند سفید تین پاؤ لیں اور ان کو ایک پاؤ عرق کیوڑہ میں ملا

کر قوام معجون پکائیں جب قوام بن جائے تو نیچے اتار کر تمام ادویہ اس میں اچھی طرح ملا کر کسی چینی کے برتن میں بند کر لیں۔

ترکیب استعمال : اور اس میں سے دو گولی جنگلی بیر کے برابر بنا کر صبح کو اور دو گولی رات کو کم از کم ایک پاؤ دودھ جوشیدہ کے ساتھ چالیس یوم برابر استعمال کریں اگر کسی روز اتفاق سے دودھ دستیاب نہ ہو تو پانی کے ساتھ استعمال کر لیں لیکن اس دن روغن غذا کھائیں اور اگر ممکن ہو تو کسی وقت ایک تولہ چھ ماشہ مکھن مصری کے ساتھ ملا کر کھالیں جن لوگوں کو دودھ دستیاب ہونا قطعی ناممکن ہے وہ اس کو روزانہ پانی کے ہمراہ استعمال کر سکتے ہیں ایام استعمال میں ان کو پورا پورا فائدہ حاصل کرنے کے لئے مرغن اشیاء اور مرغن آمیز غذا کھانا ضروری ہے چالیس یوم با پرہیز استعمال کرنے کے بعد آپ دیکھیں گے کہ اس نے کیا کیا کرشمے اور جوہر دکھائے کن کن خرابیوں کو دور کیا ہے۔

فوائد : سب سے پہلا کام اس کا یہ ہے کہ حلق سے اترتے ہی معدہ میں پہنچ کر اس کی قوتوں کو بحال کرتا اور ہاضمہ کو بڑھاتا ہے جس کی وجہ سے بھوک زیادہ ہو جاتی ہے اور غذا جو کچھ کھائی جاتی ہے وہ ٹھیک طور پر ہضم ہو کر جزو بدن بننے لگتی ہے۔
دوسرا کام یہ ہے کہ جگر میں وہ صلاحیت اور طاقت پیدا کرتا ہے جس کی وجہ سے خون و دیگر اخلاط اور مادہ رجولیت صالح وکافی مقدار میں پیدا کرنے کے لئے جگر کو از حد ضرورت رہتی ہے یہی وجہ ہے کہ اس کے استعمال سے جسم کے سارے حصوں کو اندرونی و بیرونی طاقت بڑھ جاتی ہے اور قوت مردمی ہیجان میں آ جاتی ہے جن لوگوں نے اس کو استعمال کیا ہے وہ اس امر کے شاہد ہیں کہ واقعی ایک عجیب و غریب چیز ہے جو جسم میں سب طرح کا زور پیدا کر دیتی ہے اور بہت سی بیماریوں جیسے سستی۔ کاہلی۔ زردی۔ کند ذہنی۔ پیشاب کی زیادتی۔ مثانہ کی کمزوری۔ نزلہ۔ زکام۔ دائمی کھانسی۔ بلغمی دمہ۔ آنکھ۔ ناک۔ منہ سے رطوبت بہنا۔ درد گنٹھیا۔ درد کمر۔ حیض کی۔ بے قاعدگیوں۔ رحم کی

کمزوری اور اسقاط حمل کی خرابی وغیرہ کی بیخ کنی کر دیتی ہے۔
یوں تو عصائے پیری بشرط ضرورت ہر موسم میں قابل استعمال ہے لیکن موسم سرما میں اگر اس کو بغیر کسی ضرورت کے استعمال کر لیا جائے تو حفظ ماتقدم کا باعث ہوتا ہے جوانی کو تا دیر ٹھہراتا ہے نوجوانوں کے جوش کو ابھارتا ہے اور قوت جسمانی و مردمی کی مدد کرتا ہے۔

نوبہار

یہ ایک حاذق حکیم کا ہفت پشتی نسخہ ہے۔ جو تقریباً ڈھائی سو سال سے سینہ بسینہ چلا آ رہا ہے۔ جو ہدیہ ناظرین ہے اگر اس کی ایک گولی وقت سے پہلے کھائی جائے تو امساک پیدا کرتی ہے اور اگر منہ میں رکھی جائے تو لذت پیدا کرتی ہے اور اگر بعد میں کھائی جائے تو از سر نو طاقت بخش ہے ضعف و تھکان دور کرتی ہے۔
اجزاء و ترکیب ساخت : دانہ الائچی خورد۔ دارچینی۔ جائفل۔ تیلیہ ہر ایک دو ماشہ۔ گل سرخ کی پتیاں۔ سپاری چکنی ہر ایک ایک ماشہ۔ مشک خالص صندل سفید ہر ایک دو رتی۔ ورق طلاء دو عدد۔ عرق گلاب دو آتشہ ایک تولہ عرق اور ورق کے علاوہ سب کو باریک پیس کر پھر عرق و ورق شامل کر کے کھرل کریں۔ جب خشک ہونے پر آئے تو دانہ نخود کے برابر گولیاں باندھ رکھیں۔
بوقت ضرورت ایک گولی دودھ سے کھائیں اور ایک یا دو ہفتہ کھا کر طاقت بدنی کا ملاحظہ فرمائیں۔ تمام جسمانی طاقتوں کو بحال کر کے قوت باہ اور امساک پیدا کرتا ہے عجیب و غریب تحفہ ہے۔
پرھیز : گرم خشک اور ترش اشیاء سے پرہیز لازمی ہے۔

مفرح شباب

مقوی باہ ہے جریان۔ سرعت۔ رقت۔ احتلام وغیرہ جسم کو طاقت بخشنے بدن کا رنگ صاف اور سرخ کرنے اور جسم کو موٹا تازہ کرنے میں اکسیر ہے۔ نیز مقوی اعضائے

رئیسہ دل و دماغ۔ معدہ جگر کو طاقت بخشے۔ نسیان۔ خفقان۔ مالیخولیا۔ ضعف گردہ و مثانہ۔ کمی بھوک۔ دائمی بھوک۔ زکام نزلہ دائمی۔ آنکھوں سے پانی جانا۔ نظر کا کمزور ہونا۔ سر درد اور سر کا گھومنا۔ بے چینی۔ بے خوابی۔ اٹھتے بیٹھتے آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جانا۔ ہاتھ پیر کا تپنا اور ایڑیوں کا جلنا یاد داشت کا کمزور ہو جانا۔ دانتوں کا بے وقت ڈھیلا ہو جانا جسم کے کسی حصہ یعنی پیٹھ کمر یا ٹانگ وغیرہ میں درد ہونا۔ دل کا بیزار رہنا۔ طبیعت کا پراگندہ خیالات منتشر کسی کام پر دل نہ لگنا۔ پیشاب کا بہت آنا اور بے ارادہ نکل جانا۔ کانوں میں شائیں شائیں ہونا منہ اور ناک سے بدبو آنا۔ ہاتھ پاؤں بکثرت پسینہ آنا۔ فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ ضیق النفس یعنی دمہ اور کھانسی دور کر کے آدمی کو تمام عمر دیگر امراض سے بچائے رکھنا۔ اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔

اجزاء وترکیب ساخت: اول مروارید ناسفتہ۔ کہربا شمعی۔ بسد احمر۔ ورق نقرہ۔ ورق طلاء ہر ایک چھ ماشہ۔ عنبر ایک ماشہ۔ زعفران کشمیری خاص ساڑھے چار ماشہ۔ مشک خالص ایک ماشہ۔ کو عرق کیوڑہ سہ آتشہ میں کھرل کر کے مثل غبار باریک کریں پھر چھڑ گڈی۔ عقرقرحا۔ سونٹھ کلیجن بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ تیز پات۔ آملہ خشک۔ ہر ایک چھ ماشہ۔ گل سرخ چار ماشہ۔ جوز بوا ساڑھے چار ماشہ۔ دار چینی عود بلسان۔ جدوار خطائی۔ ناگرموتھ۔ فلفل گرد۔ فلفل دراز۔ ہر ایک چار ماشہ۔ اجوائن خراسانی۔ اجوائن دیسی ہر ایک سات ماشہ۔ لے کر کوٹ چھان کر رکھ لیں اور مغز پستہ۔ مغز بادام مقشر۔ مغز نارجیل۔ مغز گردگان ہر ایک دو تولہ کو علیحدہ پیس کر رکھ لیں جب یہ کام کر چکیں تب رب کو کنار ایک پاؤ کو کچھ پانی میں پکا کر صاف اور قابل آمیز رقیق قوام بنا لیں۔ پھر شہد خالص تین سیر کو قلعی دار برتن میں پکائیں جب شہد کا قوام منجمد ہونے کے قابل ہو جائے تب شہد کو نیچے اتار کر رب کو کنار صاف شدہ اور دیگر ادویات مغزیات کے ڈال کر چالیس یوم غلہ گندم میں دفن کر رکھیں۔ بعدہ نکال کر ایک ایک ماشہ صبح و شام نیم گرم دودھ سے استعمال کر کے کرشمہ قدرت دیکھیں۔ مصفی خون بھی ہے جس سے جسم کے ہر

قسم کے پھوڑے داغ دھبے وغیرہ دور ہو کر جسم صاف اور خوشرنگ ہو جاتا ہے۔

عشرت

قوت باہ کی لاجواب اور تیر بہدف دوا ہے۔ ان گولیوں کے استعمال سے مجلوقوں کے تمام عوارضات مثلاً ضعف باہ و معدہ و دماغ و گردہ وغیرہ دور ہو کر جسم از حد طاقتور ہو جاتا ہے جملہ اعضاء کو تقویت دینے ہر قسم کی کمزوری کرنے میں بالخصوص مفید ہے جو نوجوانوں خام عقل اور غلبہ نفس کا نادانسہ شکار ہو جاتے ہیں ان کے لئے خاص الخاص اکسیر دوا ہے جو مفلوج عضو میں از سر نو ایک زندگی اور طاقت پیدا کرتی ہے اور غلط کاری کے نتائج بد سے خرابیاں ہو جاتی ہیں ان کی اصلاح میں اپنی طاقت کا کرشمہ ظاہر کرتی ہیں کمزور سے کمزور انسان بھی اس سے یقینی طور فائدہ حاصل کر سکتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : زعفران خالص۔ عقرقرحا۔ فرنجمشک۔ جاوتری۔ صندل سفید۔ لوبان کوڑیہ ہر ایک تولہ تولہ۔ مشک خالص۔ عنبر اشہب ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ باریک کر کے نصف بوتل شراب برانڈی قسم اول میں ڈال کر تین ہفتہ تک بند کر کے محفوظ رکھیں پھر چھان کر بحفاظت رکھیں۔

ترکیب استعمال : ایک ماشہ ایک تولہ مصری میں ملا کر اوپر سے دودھ گائے نیم گرم پئیں چند یوم میں بے انداز قوت اور سرور پیدا ہو گا۔

فوائد : سرعت۔ ضعف باہ اور نامردی کے لئے اس کا ہر ایک قطرہ برقی طاقت رکھتا ہے جو جسم میں داخل ہوتے ہی چستی و چالاکی پیدا کرتا ہے خون کو بڑھاتا اور چہرہ کو سرخ کرتا ہے۔

اکسیر عنبری

اکسیر عنبری سے نہ صرف دماغی بلکہ جسمانی اور جنسی کمزوریوں کا ازالہ ہو کر جسم لوہے کی لاٹھ بن جاتا ہے وہ لوگ جو جوانی کی بے اعتدالیوں اور بچپن کی غلط کاریوں سے اپنا

سرمایہ حیات برباد کر چکے ہیں اور مردانہ قوتوں سے محروم ہو کر زندہ درگور ہو چکے ہیں یہ دوا ان کے لئے اکسیر حیات ثابت ہو گی۔ جریان احتلام۔ سرعت انزال۔ مردانہ کمزوری اور مادہ منویہ کی تمام خرابیوں کو دور کر کے پھر ایک بار مردوں کی صف میں لا کھڑا کر دے گی۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مشک خالص۔ عنبراشہب۔ مروارید ناسفتہ۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ۔ زہر مہرہ اصلی۔ زعفران۔ یاقوت سرخ ہر ایک تین ماشہ۔ جوہر کچلہ (سٹرکنیا) جس کو کھرل میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا روح کیوڑہ ڈال کر کھرل کرتے جائیں یہاں تک پانچ تولہ روح ختم ہو جائے اور باریک سرمہ خشک کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : ایک رتی مکھن تازہ میں رکھ کر دیں۔

صفائی

خون کی صفائی کے لئے ہمہ صفت موصوف فساد خون کی تمام بیماریوں کے لئے اکسیری دوا ہے۔ خارش یعنی کھجلی خشک ہو یا تر تمام بدن میں یا کسی خاص عضو میں داد۔ چنبل۔ گنج۔ برص (پھلبھری) چھاجن (اگزیما) اور چھائیں۔ کیل۔ مہاسے۔ پتی (چھپاکی) گرمی دانے۔ ہر قسم کے پھوڑے پھنسی اور زخم۔ بدبودار پسینہ۔ آنکھوں دکھنا۔ سوزاک۔ آتشک۔ گنھٹیا۔ عرق النساء۔ رینگھن باد۔ ایڑی کے درد۔ بواسیر۔ بھگندر۔ جذام (کوڑھ) وغیرہ بیماریوں کو دور کرتی ہے۔ ان کے علاوہ بچوں کی زیادتی پیشاب اور بستر پر پیشاب کرنے کی عادت کو بھی زائل کر دیتی ہے۔ پرانے ملیریائی بخاروں میں جبکہ ملیریا کا زہر خون میں قائم ہو جاتا ہے اس کا استعمال حیرت انگیز اثر دکھاتا ہے مرض پائیوریا جس میں مسوڑھوں کے اندر پیپ پیدا ہو جاتی ہے اس کے استعمال سے جاتا رہتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : صندل سرخ۔ چوب چینی۔ نیل کنٹھی۔ برگ حنا۔ شاہترہ۔ سرپھوکا۔ منڈی۔ عناب۔ ہلیلہ سیاہ۔ عشبہ۔ برگ نیم۔ برہمڈنڈی۔ برادہ شیشم سناء مکی ہر ایک تیس تولہ۔ چرائتہ تین پاؤ۔ کمیلہ بیس تولہ۔ نرکچور ساٹھ تولہ۔ قند

سفید دو چند۔
بجز کمیلہ کے اور تمام ادویات کو بوقت شب گرم پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دے کرمل لیں اور چھان کر شکر ملائیں اس وقت کمیلہ شامل کریں پھر بدستور شربت بنا کر استعمال کریں۔

رئیسی

ضعف قلب۔ خفقان۔ جریان۔ ضعف اعضائے کی شرطیہ دوا ہے یہ اکسیر جو بغیر کسی وقت و مشقت کے فورا تیار ہو جاتی ہے اس لئے دیگر ادویات میں سے امتیازی شان رکھتی ہے یہ نسخہ مفرحات اور یاقوتیوں سے کم نہیں اور پھر لطف یہ کہ قدر خوراک قلیل ہونے کی وجہ سے چھوٹی شیشیوں میں بند ہو کر صندوقچہ کی زینت بن سکتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ فولاد انگریزی طریقہ سے بنا ہوا۔ کشتہ مرجان عمدہ۔ مشک ولایتی (یہ دوا مسک آڑتی فیشل کے نام سے انگریزی دوا فروشوں سے مل سکتی ہے۔ ہر سہ ادویات ہم وزن لے کر کھرل کر کے شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔

ترکیب استعمال : خوراک چار رتی صبح و شام محض پانی یا مناسب شربت یا دودھ سے دیا کریں۔

فوائد : دل۔ جگر۔ معدہ۔ امعاء۔ دماغ کی کمزوری کو رفع کرنے کے لئے عجیب خوشگوار دوا ہے۔

کراماتی حلوہ

ایک غذائی ٹانک ہے جس کے اجزاء نفیس و خوش ذائقہ ہونے کے اور سولہ خوبیاں صاحب نسخہ نے ارشاد فرمائی ہیں جو واقعی قابل تسلیم ہیں۔ بارہا کا تجربہ شدہ معمول مطب ہے۔

(۱) تندرستوں کو ہر روز اپنا اثر دکھاتا ہے (۲) مقاربت کے بعد استعمال کرنے سے پھر

ویسی قوت قائم ہو جاتی ہے (۳) دماغ کو ضعف ہونے نہیں دیتا (۴) نزلہ زکام کا بھاری پن روکنے والا ہے (۵) قوت باہ کو بڑھانے والا (۶) مفرح اور مقوی دل اور جگر کو نہایت قوت بخشتا ہے (۷) خون پیدا کر کے بدن کو فربہ اور قوی کرتا ہے (۸) امساک بغیر افیون اتنا کرتا ہے کہ افیون سے ممکن نہیں (۹) نہایت مغلظ اور ممہی ہے (۱۰) یبوست یعنی خشکی مطلق نہیں ہونے دیتا (۱۱) مقوی بصر ہے (۱۲) کثرت پیشاب کو روکتا ہے (۱۳) مقوی اعصاب ہے (۱۴) ہر مزاج کو موافق ہے (۱۵) ضعیفوں کو موسم سرما میں سردی نہیں لگنے دیتا (۱۶) کسی قسم کی بدبو یا بدمزگی اس سے نہیں ہوتی۔

اجزاء و ترکیب ساخت: تندرست گائے کا گھی ایک سیر پختہ لے کر اسے قلعی دار یا سٹیل کے دیگچہ میں یہاں تک گرم کیا جائے کہ جھاگ سرخی مائل ہو جائے بس اتار لیں کیونکہ جھاگ جل کر سیاہ ہونے سے گھی بدمزہ ہو جاتا ہے بعد ازاں جس وقت سرد ہو جائے اس میں مصری پسی ہوئی یا بورہ چینی نہایت مصفی چمچہ سے خوب حل کر دیں اور اسی طرح پچیس عدد زردی وسفیدی مرغ کو پہلے علیحدہ پھینٹ کر یک جان کر کے گھی والے دیگچہ میں ڈال کر سب کو ملائیں۔

پھر زعفران بقدر تین ماشہ لے کر پانچ تولہ دودھ میں نہایت باریک پیس کر آمیز کر دیں اور الائچی خورد بھی اکیس عدد ذرا منہ کھول کر ڈال دیں۔ اس کے ساتھ ہی پانچ تولہ دانہ الائچی خورد مسلم اور پندرہ تولہ مغز بادام مقشر شیریں بھی دو ٹکڑے کر کے ملائیں۔ پھر چھالیہ یعنی سپاری خوردنی اور چھوہارہ کی گٹھلی یعنی خستہ خرما ہر ایک دو تولہ لے کر اگر ہو سکے تو سل پر دودھ گاؤ میں مثل صندل باریک رگڑ لیں مگر یہ از حد مشکل ہے ورنہ ان کو باریک پیس کر پتھری کو کونڈی میں ڈال کر قدرے قدرے دودھ ڈال کر رگڑیں جب انگشت کے نیچے بالکل مسکہ کی طرح ملائم معلوم ہوں تو کسی علیحدہ دیگچی میں ڈال کر نرم آگ پر پکائیں جب مثل حلوا ہو جائے تو آدھ پاؤ گھی میں نرم آنچ پر بریاں کریں۔

جب مائل سرخی ہو جائے اسی مجموعہ مذکور میں شامل کریں اوراب اس دیگچہ کوآگ پر رکھ دیں اور کفچہ سے ہلاتے رہیں آگ درمیان رکھنی ایک گھنٹہ کے بعد گھی اس میں سے الگ ہونے لگے گا پھراس وقت پانچ تولہ ساگودانہ جو پہلے آب ریش بوہر (برگد) میں تر کر کے خشک کیا ہوا ہو اس میں ملائیں پانچ منٹ اور کفچہ سے حل کر کے نیچے اتار کر مندرجہ ذیل اجزاء ملائیں مروارید ناسفتہ تین ماشہ۔ عرق کیوڑہ میں پیس کر خشک کئے ہوئے مربا سیب پانچ تولہ پسا ہوا کھیل نخود بریاں پانچ تولہ۔ خمیرہ گاؤزبان پانچ تولہ۔ کستوری خالص ایک ماشہ۔ موصلی سفید دکھنی دس تولہ۔ مربہ گذر پانچ تولہ۔ مغز نارجیل پانچ تولہ۔ مغز اخروٹ پانچ تولہ۔ شہد مصفی خالص دس تولہ۔ ورق نقرہ ایک دفتری۔ ورق طلاء سولہ عدد۔ سب کو علیحدہ علیحدہ ملا کر پھر آگ پر رکھ کر صرف ایک دومنٹ کفچہ سے زیر وزبر ملا کر اتار لیں بس حلوا تیار ہے۔

ترکیب استعمال : صبح یا تیسرے پہر بوقت اشتہاء اور رات کو بوقت اشتہاء اور رات کو بوقت خواب بقدر دو تولہ حسب برداشت نوش کریں۔

فوائد : اس کے استعمال کے بعد اس کے ظاہری باطنی اثرات سے خود بخود واقف ہو جائیں گے۔

حلوہ خاص

یہ نسخہ غذائی اجزاء پر مشتمل ہے۔ سہل الحصول۔ بے عدیل طاقت کا خزانہ ہے۔ جو ضعف باہ کے مایوسین کے لیے بلاشبہ مژدہ جانفزاء ہے۔ اس کے چند دنوں کے استعمال سے ہی اعصاب میں ناقابل برداشت قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ مغلظ منی و اعلیٰ مقوی باہ ہے۔ یہ نسخہ بارہا کا تجربہ شدہ اور معمول مطب ہے۔

اجزاء و ترکیب و ساخت: بیضہ مرغ ساٹھ عدد۔ روغن گاؤ ایک سیر۔ کھویا دودھ ایک سیر۔ مصری یا چینی چار سیر۔ سم الفار دو تولہ۔ مغز بادام شیریں۔ مغز چلغوزہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز نارجیل۔ مغز پستہ ہر ایک ایک پاؤ۔ موصلی سفید آدھا پاؤ۔ ثعلب

مصری۔ تالمکھانہ ہر ایک سات تولہ۔ تج ۔ الائچی خورد۔ دار چینی ہر ایک پانچ تولہ۔
زعفران ایک تولہ۔عرق گلاب حسب ضرورت اگر میسر ہو سکے تو مشک خالص تین ماشہ۔

اول سم الفار دو تولہ کو باریک کر کے پانی میں ڈالیں اور بیضہ ہائے مرغ ساٹھ عدد کو اس میں رکھ کر آگ پر چڑھا دیں تقریباً پندرہ بیس منٹ تک ابال آنے پر اتار لیں اور بیضہ مرغ کو چھلکا دور کر کے سفیدی الگ اور زردی الگ کریں سفیدی اور پانی کو گرا دیں بقیہ زردیوں کو روغن گاؤ میں بھون لیں سرخ ہونے پر کھویا شامل کر کے مزید بھونیں کہ سرخی مائل ہو جائے پھر مصری کا قوام بنا کر یہ آمیزہ رس میں خوب حل کریں بعد ازاں جملہ درج بالا ادویہ کا سفوف شامل کریں زعفران اور مشک عرق گلاب میں حل کر کے داخل کریں۔

مقدار خوراک: دو تولہ صبح و شام۔

فوائد: مقوی اعصاب۔ مقوی باہ۔ مسمن بدن۔ دافع جریان و احتلام۔ مغلظ و مفرط ہے ایک اعلیٰ غذائی بے ضرر ٹانک ہے۔

نوبتی

جو حمیٰ نائبہ کی جملہ اقسام کے لئے مفید ہے باری سے اور لرزے سے آنے والے بخار کو دور کرتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: ہڑتال زرد دو تولہ کو ریزہ ریزہ کر کے عرق لیموں کاغذی میں ایک ہفتہ تک تر رکھیں پھر نکال کر بیخ کیلہ پانچ تولہ میں کھرل کر کے خشک کریں اور بقدر دانہ ماش گولیاں بنا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: بخار یا باری آنے سے ایک گھنٹہ پیشتر تین گولیاں پانی سے کھالیں۔

روغن گندھک آتشی اکسیری

ایک گیہوں کی روٹی کے درمیان ایک پتھر کی کٹوری رکھیں اور کٹوری کے اردگرد

گندھک آنولہ سار روٹی کے اوپر رکھیں پتیلہ کو چولھے کے اوپر چڑھا کر گول پینڈے والا برتن پانی ڈال کر پتیلہ کے اوپر رکھ کر لبوں کا منہ گیہوں کا آٹا لگا کر بند کر دیں نیچے کوئلوں کی نرم آگ کریں۔ جب اوپر کا پانی گرم ہو جائے تو تبدیل کر کے ٹھنڈا پانی ڈال دیں۔ (تجربہ درکار ہے) تیل برآمد ہو گا ہزاروں بیماریوں کی ایک دوا تیار ہے۔

ترکیب استعمال : خوراک دو قطرہ بتاشہ میں دیں یا بدرقہ بہ رائے طبیب دے سکتے ہیں۔

فوائد : نامردی۔ ضعف باہ۔ ضعف دماغ۔ ضعف ہاضمہ۔ ضعف معدہ۔ ضعف جگر۔ گردہ۔ کھانسی۔ نزلہ و زکام۔ دمہ۔ آتشک۔ سوزاک۔ بواسیر۔ ذیابیطس۔ استسقاء۔ تقدق۔ وسل وغیرہ امراض کے لئے مجرب ہے خوراک ہضم ہو کر صالح خون پیدا ہونا تمام امراض رفع ہو کر جسم تندرست ہو جاتا ہے۔

پائیوریا کیور

پائیوریا کی بہت بہتر دوا پائیوریا کیور ہے۔ مسوڑھوں سے پیپ نکلتی اور غذا کے ساتھ معدہ میں پہنچ کر طرح طرح کے امراض کا سبب ہو جاتی ہے اس کے لئے یہ نہایت کامیاب اور حیرت انگیز دوا ہے ڈاکٹر تو اس مرض کا یہ علاج کرتے ہیں کہ دانت نکلوا دیتے ہیں مگر آپ آئینہ سامنے رکھ کر اور منہ کے مسوڑھے دبا دبا کر دیکھئے اگر کچھ پیپ نکلتی ہے تو دانت نکلوانے میں جلدی نہ کیجئے اس دوا کو استعمال کر لیجئے مرض کو فائدہ ہو گا۔ اور دانت بھی محفوظ رہیں گے اور اس طرح وہ تمام بیماریاں جو مسوڑھوں کی اس گندھی بیماری سے پیدا ہوتی ہیں۔ آپ سے دور رہیں گی دانت مضبوط اور صحت محفوظ رہے گی۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ہڑتال ورقی ایک۔ سرکہ خالص ایک بوتل۔ برگ سداب پانچ تولہ۔ ہڑتال ورقی کو سرکہ خالص میں خوب کھرل کر کے حل کر لیا جائے بعد ازاں اڑھائی تولہ برگ سداب ایک ہانڈی میں ڈال کر اس کے اوپر یہ سرکے اور ہڑتال

کے محلول ڈال دیں اس کے بعد اڑھائی تولہ برگ سداب ڈالیں اور ہانڈی کو گل حکمت کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں پھر ہانڈی کو خالی کریں اور تمام اشیاء کو نکال کر سفوف کر لیں یہ سیاہ رنگ کا سفوف تیار ہو جائے گا اس کو کوئلے پر ڈال کر دیکھئے اگر دھواں نہ دے تو تیار ہے ورنہ ایک دفعہ پھر سرکہ میں حل کر کے اور آنچ دیں جب دھواں نہ دے تیار ہے۔

ترکیب استعمال : ایک رتی انگلی پر لگا کر دانتوں اور مسوڑھوں پر لگائیں سات منٹ تک منہ کو بند رکھیں اور بعد میں منہ کھولدیں اور کلی کریں پندرہ دن کے استعمال سے پرانے سے پرانا پائیوریا رفع ہو جاتا ہے۔

فوائد : پائیوریا کے لئے نافع ہے اگر مکھن میں دو چاول ملا کر کھائیں اکسیر باہ ثابت ہوگی۔

معجون عشرت افزاء

یہ معجون دماغ و گردہ کو قوی کرتی ہے۔ مادہ منویہ کو گاڑھا اور زیادہ پیدا کرتی ہے جریان اور ضعف باہ کو دور کرتی ہے خوش ذائقہ ہے بہت سے فوائد رکھتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : زعفران ایک تولہ۔ ثعلب مصری ایک تولہ۔ مغز بادام مقشر مار۔ قرنفل ڈیڑھ تولہ۔ الائچی ڈیڑھ تولہ۔ دارچینی ایک تولہ۔ تخم زردک بریاں سات تولہ۔ مصری ڈیڑھ پاؤ۔ شہد خالص ڈیڑھ پاؤ۔ ورق نقرہ چھ ماشہ سب کو باریک پیس کر شکر اور شہد کا قوام تیار کر کے اول زعفران کو گلاب میں حل کر کے ملالیں پھر مغزیات میں پیس کر مخلوط کریں اور قوام سرد ہو جانے پر ادویہ مسحوقہ اور ورق نقرہ ملالیں۔

مقدار خوراک : ایک تولہ صبح بعد از غذا یا سہ پہر کو ہمراہ آب تازہ یا دودھ نیم گرم۔

جوانی

امساک کی بہت بہتر دوا ہے۔ تمام مضر صحت اجزاء سے پاک ہے مگر امساک پیدا کرنے

میں تو کمال ہی کر دیتی ہے تیر کا نشانہ خطا کر جائے مگر اس دوا کا اثر خالی نہ جائے بے شمار انسانوں نے اس دوا کی تائید کی ہے اور روزانہ قائل ہوتے چلے آ رہے ہیں کہ واقعی امساک کے لئے خوش وقتی سے بہتر کوئی دوا نہیں ہے شرمندگی ندامت اور خجالت سے بچانے میں یہ دوا بڑا کام دیتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مغز تخم تمر ہندی کلاں (تخم املی)۔ دار چینی۔ عقرقرحا ہر ایک چھ ماشہ۔ افیون۔ اجوائن دیسی مصفی ہر ایک تین ماشہ۔ گندھک آملہ سار۔ جاوتری۔ نک چھکنی۔ لونگ۔ مشک خالص۔ جائفل۔ مصطگی رومی۔ زعفران کشمیری ہر واحد تین ماشہ۔ رس برگ پان سبز سات تولہ۔ شہد خالص اڑھائی تولہ۔ اول پارہ چار ماشہ لے کر پکی اینٹ میں گڑھا کر کے پارہ اس میں ڈال کر اینٹ کے دستہ سے کھرل کریں تا کہ پارہ مصفا ہو جائے پھر تین ماشہ پارہ مصفی میں دو ماشہ آنولہ سار پتھر کے کھرل بٹہ سے اس قدر حل کریں کہ پارہ آنولہ سار میں جذب ہو جائے اور بالکل سیاہ ہو کر چمک نہ دے پھر افیون ملا کر رس پان سات تولہ ڈال کر حل کریں حتی کہ خشک ہو جائے پھر سب دوائیں کو جدا جدا کھرل کر کے ملا کر شہد ڈال کر اس قدر کھرل کریں کہ گولیاں بنانے کے قابل ہو نخود کے برابر بنالیں۔

ترکیب استعمال : صبح و شام ایک ایک گولی نیم گرم آدھ سیر دودھ سے جس میں دو تولہ گائے کا گھی اور میٹھا ملا ہوا پلائیں پرہیز گرم خشک اشیاء سے ضرور کریں۔

فوائد : امساک اور قوت کے لئے نہایت مفید ہے۔

اکسیر ہاضم

قلیل المقدار کثیر المنفعت ہونے کے باوجود غایت درجہ کی خوش ذائقہ کم قیمت چیز ہے ثقیل سے ثقیل غذا کو فوراً ہضم کرتی ہے بھوک بڑھاتی ہے اور کل امراض معدہ مثل درد پیٹ۔ کمی اشتہا۔ کھٹے یا جلے ہوئے ڈکاروں کا آنا۔ منہ سے پانی بہنا۔ نفخ۔ پیچش۔ اسہال۔ ہیضہ۔ قراقر شکم وغیرہ کے دفعیہ کے لئے معجز نما تیر بہدف دوا ہے اکثر امراض

مثانہ کو بھی مفید ہے بچوں کے پیشاب کے جو سفید رنگ آ کر جم جاتا ہے چند خوراک سے آرام ہو جاتا ہے اور ہیضہ وغیرہ کی اکثر شکایات پاس نہیں آنے پاتیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : نمک لاہوری چار تولہ۔ الائچی خورد ایک تولہ۔ فلفل گرد۔ فلفل دراز۔ پودینہ۔ دارچینی۔ پوست سماق۔ سنڈھ۔ نوشادر۔ قلمی شورہ۔ پوست بیرون پستہ۔ عود خام۔ سونف۔ اجوائن دیسی۔ مصطگی رومی۔ زیرہ سفید ہر ایک ایک ماشہ۔ ست پودینہ ست اجوائن ست سونف اور ست لیموں روغن دارچینی۔ روغن لونگ۔ سوڈا بائیکارب۔ زہر مہرہ۔ ورق نقرہ ہر ایک دو رتی۔ نمک سانبھر دو ماشہ سب کو باریک کر کے سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک : نصف سے ایک ماشہ بعد از غذا۔

فوائد : کل جہازی امراض پانی لاگ۔ مخالف آب و ہوا کے لئے اکسیر ہے۔ سفر تکلیف اور حجاج اور سیاحوں کو ہمیشہ اپنے ساتھ رکھنی چاہئے۔

شجاعت

شجاعت قوت مردمی کی ایک نہایت ہی مجرب المجرب بے خطا اکسیری دوا ہے جو اپنی امتیازی خصوصیتوں کی وجہ سے تمام مقوی باہ دواؤں کی سرتاج کہلانے کی مستحق ہے دل و دماغ اور معدہ و جگر اس کے استعمال سے ایک نئی زندگی حاصل کرتے ہیں۔ اعضائے رئیسہ کو تقویت حاصل ہونے سے باہ کو بنیادی طور پر طاقت پہنچتی ہے اور اس طریقہ سے حاصل کی ہوئی طاقت بہت پائیدار ہوتی ہے ایک موسم سرما میں اس کا استعمال کر لینا کئی سالوں تک جسم کو قوت مردمی سے بھرپور رکھتا ہے جسم میں باہ کو بنیادی طور پر طاقت دینے کے علاوہ مرکز تناسل پر اس کا براہ راست بھی غضب کا محرک اثر پڑتا ہے جس سے چند ہی روز میں قوت باہ کا اس قدر زور پڑتا ہے کہ سنبھالنا دشوار ہو جاتا ہے چند ماہ کا استعمال کئی سال کے لئے قوت مردمی کا بیمہ کر دیتا ہے اور سرعت انزال کی شکایت بیخ و بنیاد سے اکھڑ جاتی ہے دودھ گھی اور دیگر مقوی غذائیں اس کے استعمال سے کافی مقدار

میں ہضم ہو کر جزو بدن بنتی ہیں اور جید اور صالح خون کثیر مقدار میں پیدا ہو کر چہرے کا رنگ لال گلنار بن جاتا ہے۔ سست اور کاہل اس کے استعمال سے چست اور چالاک بن جاتے ہیں قسمت کو رونے والے اس کے استعمال سے اپنی قسمت پر ناز کرتے ہیں۔ یہ وہ اکسیری دوا ہے جس میں صحت اور جوانی کی لذتوں کے خزانے پوشیدہ ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ شنگرف ایک ماشہ۔ کشتہ سم الفار ایک ماشہ۔ افیون مصفی پختہ دو ماشہ۔ چرس مصفی دو ماشہ۔ زعفران دو ماشہ۔ کستوری خالص دو ماشہ۔ جائفل۔ جلوتری۔ بیر بہوٹی ہر ایک تین ماشہ۔ کچلہ مدبر مسفوف چار ماشہ۔ مروارید خالص چار ماشہ۔ عقرقرحا چھ ماشہ۔ خراطین مصفی مسفوف آٹھ ماشہ۔ تمام اجزاء کو باریک پیس کر زردی بیضہ مرغ کی آمیزش سے خوب زوردار ہاتھوں سے کھرل کرتے رہیں۔ جب دوا سخت ہونے لگے تو زردی بیضہ اور شامل کر لیں کم از کم ایک ہفتہ اور زیادہ سے زیادہ بارہ روز تک کھرل کریں اور گولیاں چنے کے دانے کے برابر بنا لیں اور اوپر چاندی یا اوراق سونا لگائیں بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال : ایک گولی حلوا ساختہ دیسی گھی میں دیں۔

تذویب

یہ دوا بڑی سے بڑی طحال کو دس یوم میں تحلیل کر دیتی ہے اور بدن میں اصلی سرخ خون کی تولید شروع ہو کر توانائی آجاتی ہے۔ رات دن اس کے اکسیری فوائد کا مشاہدہ ہوتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : عرق لیموں کاغذی صاف شدہ ڈیڑھ سیر۔ نوشادر معدنی ڈیڑھ پاؤ۔ جوا کھار۔ چنا کھار ہر ایک تین تولہ۔ تمام ادویہ کو ملا کر کسی چینی کے برتن میں ڈال کر تین ہفتہ تک شب و روز زیر آسماں رکھیں روزانہ ایک دفعہ ضرور ہلائیں۔

فوائد : طحال کے لئے نافع ہے دہی۔ سرخ مرچ۔ شرینی سے پرہیز۔

ترکیب استعمال : ایک تولہ صبح نہار منہ دیں۔

زھری

''آخر آرزپس پردہ تقدیر ندید۔۔۔۔ یہ وہی کشتہ ہے جو مبصداق ''خاطری خواست۔۔ شائقین کیمیا اور طالبین اکسیر ورسائن کی امیدوں اور آرزؤں کا منتہائے مقصود ہے جو لوگ اکسیر گری کے خبط میں مبتلا ہیں۔ پہلے وہ اسے تیار کرلیں اسی طرح جن اصحاب کو فوق الانسان قوت باہ کا مظاہر مدنظر ہو وہ بھی اس کی خدمات سے فائدہ اٹھائیں۔ ان سب کی دلی مرادیں پرآئیں گی۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ناریل سلام معہ پوست ایک عدد لے کر ایک طرف سے ٹکڑا کاٹ کر نکال لیں اس میں ایک پیسہ یا دو پیسہ سطر نانک شاہی یا عام شاہی جو چپٹے کر لئے گئے ہوں ڈالیں (ناریل میں پہلے دو تین مرتبہ شیر عشر بھر کر اسے خشک کریں اور سوراخ میں وہی ٹکڑا جو پہلے اس سے نکالا گیا ہے لگا کر بند کر دیں اور پختہ سی گل حکمت کر کے خاکستر کو میدہ بیر سے چھان کر اس میں پانی ڈال کر خوب ہلا جلا کر زلال علیحدہ کر کے ناریل کو ایک گلی ہانڈی میں رکھ کر اس کے اردگرد ثقل خاکستر خوب بھر کر گز پٹ کی آگ دیں۔ اگر کمھاروں کے آدے یا چونہ کی بھٹی میں آگ دیں گے تو اور بہتر ہوگا تین دن کے بعد نکال کر تولیں انشاء اللہ بفضلہٖ سفید رنگ کا کھلا ہوا کشتہ نکلے گا۔

ترکیب استعمال : ایک خس مسکہ وغیرہ میں استعمال کریں۔

فوائد : پہلی ہی خوراک ناقابل ضبط اور ناگفتہ بہ قوت پیدا کرتی ہے۔

تحفہ سنیاس

یہ دوا ملیریا کو بیخ و بن سے اکھیڑ دیتی ہے کونین سے بدرجہا بہتر چیز ہے اور بے ضرر ہے اس کے سوا پرانے اور ہٹیلے بخاروں جن میں ورم الکبد ورم الطحال وغیرہ بھی ہو ان کے لئے بہت مفید ہے کئی بار کا آزمودہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مغز کرنجوہ ایک تولہ۔ پھٹکڑی بریاں ایک تولہ۔ نوشادر ایک تولہ۔ کشتہ گاؤ دنتی ہڑتال دوتولہ۔ کشتہ ابرک سفید ایک تولہ۔ اتیس دوتولہ۔ کوڑ دوتولہ۔ قلمی شورہ دوتولہ۔ گندھک آملہ سار مدبر ایک تولہ۔ سوائے کشتہ جات اور قلمی شورہ کے باقی چھ دواؤں کو اول باریک پیس لیں پھر کھرل میں ڈال کر باقی ادویہ ملا کر ایک روز آب مولی میں کھرل کریں بعد ازاں تین روز تک آب گھیکوار (کنوار گندل) میں کھرل کر کے گولیاں دانہ نخود کے برابر بنالیں۔ بس تپ توڑ تیار ہے یہی تحفہ سنیاس ہے۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح دوپہر شام تین وقت دیں۔ پہلے ہی روز فائدہ ہوگا انوپان (بدرقہ) عرق گلاب عرق گاؤزبان یا آب سادہ ہے۔

فوائد: پرانے بخاروں کے لئے جو جگر کی طرف سے ہوں عرق مکو۔ عرق گلاب۔ عرق گاؤزبان تینوں عرق ملا دیا کریں سینکڑوں مریضوں پر تجربہ شدہ ہے زیادہ سے زیادہ پانچ گولی دن میں دے سکتے ہیں چڑھے ہوئے بخار میں پسینہ آ کر بخار اتر جاتا ہے ملیریا بخاروں کے لئے یہ افضل چیز ہے۔

کلید عشرت

یہ گولیاں اعصابی کمزوری اور سستی کو دور کر کے قوت باہ بڑھانے میں عجیب الاثر ہیں خواہش جماع بڑھانے اور نعوظ وغیرہ کی زیادتی کا باعث ہوتی ہیں اعلیٰ درجہ کی ممسک اور سرعت انزال کے رفع کرنے میں بے حد موثر ہیں۔ وقتی ضرورت کے لئے بھی کام آسکتی ہیں مستقل تقویت بھی حاصل کی جاسکتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: تخم حرمل ولائتی چار تولہ۔ افیون خالص چھ ماشہ۔ رب گانجہ چھ ماشہ۔ رب کچلہ چھ ماشہ۔ جوہر شیلم (گندم صحرائی) اڑھائی تولہ۔ تخم باریک پیس کر افیون کو تھوڑے عرق گلاب میں حل کر لیں پھر ادویہ کو ملا کر یک جان کر لیں اور چنے کے برابر گولیاں بنا کر تیار کر کے ورق نقرہ میں ملفوف کریں۔

ترکیب استعمال : ایک گھنٹہ پہلے پانی سے ایک یا دو گولی کھائیں مستقل فائدے کے روزانہ ایک گولی پانی سے کھائیں۔

نوٹ : اگر رب گانجہ۔ کچلہ اور جوہر شیلم تیار نہ کر سکیں تو ان کی بجائے ایکسٹریکٹ کینے بس انڈیکا۔ ایکسٹریکٹ نکسوا میکا۔ ارگوٹین انگریزی دوا فروشوں سے حاصل کر لیں۔

شربت ملین جدید

یہ شربت تھوڑی مقدار میں صاف اجابت لاتا ہے بچے بوڑھے سب بلا تکلف استعمال کر سکتے ہیں دائمی قبض کا قلع قمع بھی کر دیتا ہے۔ حاملہ کو بخار کی حالت میں بھی دے سکتے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سناء مکی چالیس تولہ۔ مویز منقی بیس تولہ۔ شکر ایک سیر۔ کاسکارا کالوسنتھ (رب حنظل) ایک اونس۔ سنأ اور مویز کو چار سیر گرم پانی میں رات کو بھگو کر رکھیں۔ صبح خوب جوش دے کر چھان لیں اور شکر ملا کر شربت کا گاڑھا قوام درست کر لیں سرد ہونے کے بعد کاسکارا اچھی طرح مخلوط کر کے شیشیوں میں بھر لیں۔

ترکیب استعمال : ایک چائے کا چمچہ بھر شربت دو تولہ دو تولہ پانی ملا کر بوقت شب سونے سے پہلے پی لیں صبح بلا تکلیف نہایت صاف اجابت ہوگی بچوں کو مناسب مقدار میں مناسب کمی بیشی کر کے دے سکتے ہیں۔

فوائد : پیٹ صاف کرتا ہے دافع قبض بے ضرر ہے۔

تریاق الاطفال

یہ سفوف بچوں کے کثیر الواقع امراض معدہ کے لئے تریاق کا کام دیتا ہے۔ بدہضمی۔ نفخ شکم۔ ضعف معدہ۔ قے۔ مفرط۔ اسہال مفرط۔ قبض۔ کرم شکم وغیرہ عوارض کی اصلاح کرتا ہے اور بوجہ فعل انہضام کے درست اور ہو جانے کے تندرست و توانا ہو جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : نمک طعام۔ نمک لاہوری۔ نمک منہاری۔ سہاگہ۔ بریان۔ نوشادر معدنی۔ چاکسو۔ بادیان۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست بلیلہ۔ پودینہ خشک۔ الائچی سفید۔ الائچی سرخ۔ باؤبڑنگ۔ گل سرخ۔ زیرہ سیاہ۔ آملہ خشک۔ عود خام۔ نرکچور۔ زیرہ سفید۔ ہر ایک ایک تولہ۔ سناء مکی دو تولہ سب دواؤں کو پیس کر سفوف بنا لیں۔

ترکیب استعمال : شیر خوار نو مولود بچوں کو ایک چٹکی شیر مادر میں ملا کر دیں ایک سال سے بڑی عمر تک کے بچوں کو نصف ماشہ سے دو ماشہ حسب موقعہ و عمر دودھ یا پانی سے دیں۔

آفتابی

بواسیر خونی کا عارضہ خواہ جتنا ہی پرانا ہو اور جس قدر خون آ رہا ہو۔ قبض و خارش کی تکلیف ستا رہی ہو۔ ان گولیوں کے استعمال سے یقینی کامیابی ہوتی ہے تین چار دن میں خون بند ہو جاتا ہے اور پھر مرض عود نہیں کرتا جسم ہلکا ہو جاتا ہے خون بند ہو جاتا ہے غرض نہایت مفید گولیاں ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : گندھک آملہ سار مصفی۔ مغز ریٹھہ۔ جوا کھار۔ ہر ایک تولہ۔ مغز تخم نیب۔ مغز تخم بکائن ڈیڑھ تولہ۔ کشتہ سونا مکھی نو ماشہ۔ سب دواؤں کو باریک کر کے ڈیڑھ پاؤ مولی کے پانی اور پاؤ بھر گکروندہ کے پانی میں کھرل کر کے پانچ پانچ رتی کی گولیاں بنا لیں اور روزانہ ایک گولی ہمراہ مکھن پانچ تولہ۔

فوائد : بواسیر کا بہترین علاج ہے جو صاحب اس کے شاکی ہیں کہ بواسیر جاتی نہیں وہ ضرور اس نسخہ کو بنا کر تجربہ کریں ہر قسم کی بواسیر کے لئے اکسیر ہے چالیس دن کے استعمال سے پوا فائدہ ہوتا ہے اور انشاء اللہ ہمیشہ کے لئے اس موذی مرض سے نجات ملے گی۔

راز شباب

جو لوگ مفرحات کے پیچھے مارے مارے اپنا قیمتی وقت ضائع کرتے ہیں۔ وہ بلا خوف و خطر اس کو استعمال کر کے اس کے معجز نما اثرات سے ضرور فائدہ حاصل کریں کیونکہ یہ تمام مفرحات کا شہنشاہ ہے اور خاص طور پر اشخاص گرم مزاج ہوں۔ اور ان لوگوں کے لئے جو کہ امراض مزمنہ سے شفا پانے کے بعد مقویات بدن اور مولدات خون کی تلاش میں سرگرداں رہتے ہیں۔ اکسیر اعظم سے بڑھ کر ثابت ہوا۔ جن لوگوں کے قبل از وقت بال سفید ہو گئے ہیں وہ اس کے کچھ عرصہ تک استعمال سے خون کی اصلاح کر کے اپنے بالوں کو سیاہ کر سکتے ہیں۔

اس سے بیس سالہ رقت۔ سرعت۔ جریان۔ خفقان حار اور سوزاک کے ہر سہ درجات میں مفید ہے۔ غرض موسم گرما کے لئے خاص شاہی تحفہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : آب افشرہ ثمر یا برگ نورستہ جامن مروق۔ آب افشردہ انار شیریں برگ مروق ہر ایک آدھ پاؤ۔ آب افشردہ آملہ مردق ایک پاؤ۔ جوہر برزگ نورستہ برگد ریش برگد نورستہ و بہو پہلی و پھول ببول خام شیر دار ہر ایک پاؤ پاؤ۔ برادہ صندلین ہر ایک ڈھائی تولہ۔ عناب عمدہ ساڑھے سات تولہ۔ ترپھلہ ہم وزن ہر ایک تین تولہ۔

موخرالذکر ہر سہ اشیاء کو بوقت شب ڈیڑھ سیر آب گرم میں جوش دے کر صرف اڑھائی پاؤ رہ جائے اس کے تھوڑی دیر اس کا زلال لے کر اس اول الذکر ہر دو آب ملا کر کسی شیشے کے برتن میں آدھ اونس۔ فیری اٹ ایمونیا سائیٹر اس سفوف شدہ ڈال کر تین چار دن تک تیز دھوپ میں رکھ کر روزانہ تین چار بار ہلا دیا کریں بعدہ اس میں آب آملہ تین پاؤ۔ قند سفید قوام شدہ میں جوہر مذکورہ ملائیں اور خوب مل جانے پر اتار کر اس میں دو ڈرام فاسفورس اور دو اونس ایسٹرن سیرپ شامل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: مقدار خوراک ایک ڈرام تا چھ ماشہ بعد از غذا شیر گاؤ حسب

منشاء تازہ موسم گرما میں پئیں۔

سرخ گولی

جریان اور ذکاوت حس کی چوٹی کی دوا ہے۔ یہ دوا ہماری مشہور و معروف ادویات میں سے ایک ہے۔ اس کے استعمال سے جریان۔ احتلام۔ اور ذکاوت حس یقیناً دور ہو جاتے ہیں جریان اور احتلام کے مریضوں کو تنہا یہی گولیاں بھی استعمال کی جاتی ہیں کبھی بے اثر ثابت نہیں ہوئیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سلاجیت اصلی مصفی۔ افیون خالص۔ رب بھنگ یا بزرالبنج ولائیتی۔ کشتہ بیضہ مرغ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ سہ دھاتہ۔ کشتہ خبث الحدید یا فولاد ہر ایک ایک تولہ۔ پوٹاشیم برومائیڈ ڈھائی تولہ۔ سب دواؤں کو کھرل کر کے پانی مدد سے چنے کے برابر گولیں بنالیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی صبح یا ایک گولی شام کو یا دو گولیاں رات کو سوتے وقت پانی یا پاؤ سیر گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

فوائد : یہ ضعف باہ میں نہایت مفید ہے۔ جریان احتلام کی شکایت بہت جلد دور ہو جاتی ہے۔ معدہ قوی اور قوت امساک اور باہ بہت بڑھ جاتی ہے ذیابیطس کو مفید ہے۔

نوٹ : دائمی قبض اور ناقص انتشار کے مریضوں کو اس کا استعمال جائز نہیں۔

زرد گولی

۷۰۱۸

ان گولیوں کے متعلق صرف اتنا لکھ دینا کافی ہے کہ یہ اپنے خواص میں تعریف کی محتاج نہیں تجربہ خود ثابت کر دے گا کہ باہ کی اعانت اور تقویت میں کیسی لاثانی اور بے نظیر ہیں۔ ان گولیوں کے اجزاء بیش بہا نفع بخش ہیں۔ یہ گولیاں جسم میں اس قسم کا انقلاب پیدا کرتی ہیں جس سے تمام کمزوریاں رفع ہو جاتی ہیں اور حسرت زدہ انسان از سر نو اپنے دامن کو مراد کے پھولوں سے بھر کر شادمانی کی زندگی بسر کرنے لگتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : جوہر کچلہ ولایتی (سٹرکنیا ہائیڈرو کلورائیڈ ایک ماشہ۔) گندھک آملہ سار مصفی ایک تولہ۔ مغز تخم تمر ہندی دو تولہ۔ تمام ادویات کو باریک کر کے یک جان کر لیں اور دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں زرد گولی تیار ہے۔

ترکیب استعمال : ایک گولی آدھ سیر گائے کے دودھ کے ہمراہ روزانہ ایک مرتبہ استعمال کریں۔

فوائد : جب جریان اور احتلام سے معدہ ہضم اور پٹھوں میں ضعف پیدا ہو گیا ہو اور اس کی وجہ سے قوت باہ بھی کم ہو گئی ہو انتشار ناقص بالکل ڈھیلا ہو جاتا ہے اس کے ساتھ دائمی قبض کی شکایت رہتی ہو۔ ایسی حالت میں یہ گولیاں نہایت مفید ثابت ہوتی ہیں جریان۔ احتلام اور کمزوری باہ کو دور کرتی ہیں۔ پٹھوں کو مضبوط اور قوت باہ میں اضافہ کرتی ہیں عام غلط کاریوں کے بعد جب یہ شکایات پیدا ہوں تو اس وقت اکسیر اعظم ثابت ہوتی ہیں۔

نروین

ان زندہ درگور مریضوں کے لئے آب حیات کا حکم رکھتا ہے جو خود اپنی خدا داد قوت ضائع کر کے صحت سے جواب پا چکے ہوں اس کے استعمال سے دماغی ذہنی اور اعصابی غرض یہ کہ ہر قسم کی کمزوری کا خاطر خواہ ازالہ ہو کر بدن میں رونق آ جاتی ہے اگر آپ تھوڑے کام سے تھک جاتے ہیں تو اس کے استعمال سے زیادہ کام کرنے پر بھی نہ تھکیں گے جو لوگ مادہ تولید کو خود تباہ و برباد کر چکے ہوں اس وجہ سے نہ ان کی عقل درست رہتی نہ ذہن اور نہ ہی معدہ۔ جگر گردے صحیح کام کرتے ہیں۔ تھوڑے کام سے سر درد اور آنکھوں کے آگے اندھیرا آ جاتا ہو۔ اٹھتے بیٹھتے چکر آتے ہوں۔ چہرہ بے رونق۔ طبیعت پژمردہ رہے۔ اس کے استعمال سے تمام امراض کا دفعہ ہو کر طبیعت شگفتہ ہو جاتی اور طبعی طاقت دوبارہ عود کر آتی ہے جس سے چستی و چالاکی اور افعال و خواہشات طبعی کی ترغیب پیدا ہوتی ہے دماغ کے تخیلات بیہودہ دور ہو جاتے ہیں۔ طبع ذہن عقل یکسر

درست ہو جاتے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کچلہ مدبر پندرہ تولہ۔ دارچینی ایک تولہ۔ بسباسہ۔ ایک تولہ۔ سورنجاں شیریں ڈیڑھ تولہ۔ زنجبیل پانچ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ایک تولہ۔ تین ماشہ اول کچلہ مدبر کریں جس کا طریقہ یہ ہے کچلہ گودہ گھیکوار میں بھگو دیں پانی اس قدر ہو کہ کچلہ ڈوب جائے جب آب گھیکوار جذب ہو جائے تو نکال کر پانی سے دھو کر چھلکا دور کریں اندرونی پتہ بھی نکال دیں۔ اور اسی قدر ادرک کے رس میں بھگو رکھیں جس سب شیرہ جذب ہو جائے تو نکال کر باریک پیس کر چھان لیں اور دوسری تمام ادویہ بھی کوٹ چھان کر سب کو ملا کر تین گنا شہد میں ملا کر رکھیں تین ماہ کے بعد استعمال شروع کریں۔

فوائد : جو اعصاب کو تقویت دیتی ہے جسم کے دردوں اور سردی کے اثرات کو دور کرتی ہے بدن میں چستی اور چالاکی پیدا کرتی ہے۔ قوت باہ بڑھاتی ہے بڑھاپا جوانی سے بدل جائے گا ترش اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔

ترکیب استعمال : ایک ماشہ سے دو ماشہ تک۔ دوران استعمال دودھ گھی بہت زیادہ کھائیں۔

اذنی

کان کے درد کو روکتا ہے ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ کم سننا۔ اونچا سننا۔ اور کانوں کا بجنا۔ وغیرہ شکایات کو دور کرتا ہے۔ علاوہ ازیں ورم گوش اور کان سے پیپ بہنے کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ ثقل سماعت اور بہرہ پن کو بھی مفید ہے۔ بشرطیکہ پیدائشی نہ ہو۔ اگر کان میں پیپ اور پھنسیاں زیادہ ہوں تو کان میں ٹپکائیں۔ امراض گوش کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کافور چھ ماشہ۔ روغن کنجد دس تولہ۔ ٹنکچر اوپیم چھ ماشہ۔ آب برگ دھتورہ سبز پانچ تولہ۔ سرکہ انگوری پانچ تولہ۔ آب برگ مدار سبز پانچ

تولہ۔آب پیاز سفید پانچ تولہ۔اول روغن و پانی کو اتنا پکائیں کہ پانی جل جائے روغن باقی رہ جائے پھر کافور اور اوپیم حل کر دیں۔اذنی تیار ہے۔

فوائد : درد گوش۔ٹھیس۔پھنسی۔بہرہ پن۔کان بہنا۔غرض یہ کہ جملہ عوارض کے لئے نہایت مفید ہے کان کی تقریباً تمام تکالیف کے لئے بے حد مفید دوا ثابت ہوئی ہے۔

ترکیب استعمال : دو تین قطرہ نیم گرم کان میں ٹپکائیں۔

فناسٹین طبیہ

یہ دوا انگریزی فناسٹین کے مقابلہ میں تیار کی گئی ہے دل کو کمزور کرنے کی بجائے طاقتور کرتی ہے ہر وقت رہنے والے اور لازمی بخاروں نیز باری سے آنے والے بخاروں کے لئے بمنزلہ تریاق ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ہڑتال گئو دنتی مار کو کیکر کے سبز پتوں کے نغدہ میں رکھ کر ٹاٹ میں لپیٹ کر چالیس ثار اوپلوں میں کشتہ کر لیں سفید براق پھولی ہوئی برآمد ہو گی پیس کر شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔

ترکیب استعمال : ایک سرخ دوا ہمراہ شربت بزوری معتدل دو تولہ شربت نیلوفر مرکب دو تولہ میں عرق گاؤزبان یا مکویا گلاب چار تولہ ملا کر صبح و شام کھلائیں۔

فوائد : ہر قسم کے بخار خواہ نیا ہو یا پرانا کے لئے از حد مفید ہے۔

کیف

اس ملذذ دوا کے استعمال سے جو حظ حاصل ہوتا ہے۔تھوڑی دیر کے لئے یہی معلوم ہوتا ہے کہ پوری اقلیم نشاط و عشرت آگئی۔

اجزاء و ترکیب ساخت : عنبر۔مشک خالص ہر ایک تین ماشہ۔عقرقرحا زعفران۔دارچینی۔کافور۔مصری خانہ زنبور ہر ایک ایک تولہ۔خشک اشیاء کو خوب میدہ کی طرح باریک کر کے عطر ملا کر کھرل کر کے یک جان کر لیں اور محفوظ رکھیں۔

فوائد : بے حد کیف و سرور کا بے نظیر مرکب ہے عیش و عشرت اور لطف و سرور کا خزانہ۔ امراؤ روسأ کے استعمال کے قابل لاجواب تحفہ ہے۔ بنایئے اور دنیا جہان کی لذتوں سے لطف اٹھایئے۔

ترکیب استعمال : وقت ضرورت قدرے کام میں لائیں۔ ملذذ ہے۔

خوشحال

بچوں کو خوش وخرم وخوش حال رکھنے والی اکسیر ہے۔ دنیا میں اس وقت بہت سی جنم گھٹیاں موجود ہیں لیکن ان سب سے بڑھ کر بچوں کے لئے آب حیات ہے۔ کمزور بچے اس کے استعمال سے موٹے تازے ہو جاتے ہیں دانت بآسانی نکلتے ہیں نیز درد شکم اپھارہ۔ بدہضمی۔ دودھ گرانا۔ دست۔ قبض۔ رال ٹپکانا۔ منہ پکنا۔ پھوڑے پھنسی۔ کھانسی۔ بخار ڈبہ۔ مرگی۔ ہچکی وغیرہ کے لئے اکسیر ہے۔ سوکھا مسان یعنی بچوں کا سوکھ جانا یا مختلف امراض کا شکار رہنا وغیرہ کے لئے نایاب تریاق ہے ایک دن سے بارہ برس کی عمر تک کے بچے جملہ امراض سے محفوظ رہنے کی شرطیہ اور لاثانی دوا ہے اس کی ایک دو بوند ہفتہ وار پانی میں ملا کر پلا دی جائے تو بچہ تندرست رہے گا اور کوئی بیماری اس کے پاس نہ آئے گی۔ چنانچہ بچوں کے برص چیچک اور موتی جھرہ پر تجربہ کرنے سے بھی نہایت سودمند ثابت ہوئی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مدار یعنی آک کے تازہ پتے لے کر پانی میں دھو لیں پھر پوست ہلیلہ زرد کے جوشاندہ میں چار پہر بھگو رکھیں بعدہ آگ پر سینک کر ہر ایک پتے کو دونوں ہاتھوں سے دبا دبا کر عرق نچوڑتے جائیں کچھ دیر عرق کو رکھ کر اس کا زلال لے کر تلچھٹ پھینک دیں۔ جتنا عرق ہو۔ اس کا نصف وزن مصری اور نصف وزن شہد ملا کر آگ پر مثل شربت کے ذرا گاڑھا قوام کر کے بوتلوں میں بھر لیں اور بوقت ضرورت استعمال میں لائیں۔

ترکیب استعمال : ایک سال کے بچے کو ایک بوند دو سال کے بچے کو دو بوند تک

تین سال کے بچے کو پانچ بوند تک اس سے اوپر بارہ مال کے کے بچے کی عمر تک دس بوند تک۔

موسم کے موافق سرد یا گرم اور تازہ پانی سے استعمال کرنی پڑتی ہے اس کی مداومت بچے کو موٹا تازہ بنا دیتی ہے۔

الاحمر

دیسی طب کا مفید نسخہ ہے۔تک نوبت کو رفع کرتا ہے۔خوشرنگ قلیل المقدار مرکب ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : نوشادر معدنی ایک تولہ۔شورہ قلمی تین ماشہ۔گل ارمنی چار سرخ سب کو باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔

ترکیب استعمال : بقدر دو رتی ہمراہ آب تا گزہ۔یا دو رتی کے کیپ سول تیار کر کے ایک ایک کپسول پانی سے نگل لیں۔

فوائد : مسکن درد ہر قسم اور دافع بخار ہے۔پسینہ لاتی ہے۔

سکونی

ہر قسم کے نوبتی بخار کو اس کی پہلی خوراک ہی روک دیتی ہے۔کم قیمت۔کثیر الفوائد اور خوشرنگ مرکب ہے۔کثرت اسہال کو روکتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کو کنار مسلم پانچ عدد۔شب یمانی ایک تولہ۔کوٹ چھان کر سفوف بنا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال : دو ماشہ سے پانچ ماشہ تک عرق گاؤزبان سے بخار ہونے کے وقت سے ایک گھنٹہ پہلے دیں۔

اکسیر الاثر

اجزاء و ترکیب ساخت : کافور دیسی تین تولہ۔جدوار خطائی تین تولہ۔بیش

مدبر ایک تولہ۔ زعفران اصلی ایک تولہ ہر اجزاء کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر باہم ملالیں اور دو روز تک پان کے عرق میں خوب کھرل کرتے رہیں اور جب گولی بنانے کے قابل ہو جائے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: تین گولیاں تازہ پانی یا دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: یہ گولیاں گردن توڑ بخار کا بہترین دوا ہے۔

سفوف شفا

یہ سفوف میعادی بخار مثل ٹائیفائڈ نیز کہنہ اور مزمنہ حمیات کے لئے بے حد مفید ثابت ہوا ہے خوش ذائقہ اور قلیل المقدار ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: ست گلو اصلی خانہ ساز پانچ تولہ۔ یوکونین تین تولہ۔ کشتہ مرجان دو تولہ سب کو ملا کر کھرل میں یک جان کریں تیار ہے۔

ترکیب استعمال: دو رتی سے چار رتی تک مگر میعادی بخار میں ایک ماشہ صبح و شام شربت انار دو تولہ۔ عرق کاسنی یا عرق گلاب چار تولہ۔

شعبدہ

ایک کثیر الفوائد اور نایاب نسخہ جو سنیاسیوں اور حکماء کامل کا معمول ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: کافور بیس تولہ۔ آب لیموں ایک سیر۔ پختہ شراب دیسی ایک بوتل۔ شیر عشر چالیس تولہ۔ میں کھرل کر کے خشک ہونے پر آتشی شیشی میں ڈال کر بذیعہ پتال جنتر تیل کشید کریں لائق طبیب سینکڑوں امراض پر اس سے قابو پاسکتا ہے۔

ترکیب استعمال: خوراک ایک قطرہ پتاشہ میں ڈال کر ہمراہ شیر بوقت صبح کھالیا کریں ایک قطرہ مکھن میں ملا کر بطور طلاء عضو پر مالش کریں)۔

فوائد: ہیضہ۔ بدہضمی۔ ضعف ہاضمہ۔ قراقر معدہ۔ پیچش۔ سنگرہنی۔ قے کے لئے مفید

ہے۔ اسہال میں ایک قطرہ مربہ آملہ میں ملا کر دینا کافی ہے۔
عضو کی تمام خرابیوں کو درست کرنے کا لاجواب طلاء ہے۔

اکسیر بے نظیر

یہ اکسیر سل۔ دق۔ دمہ۔ ضیق النفس۔ فالج۔ لقوہ۔ ضعف۔ ضعف امعاء۔ سنگرہنی۔ اسہال کبدی۔ درد گردہ۔ زیادتی بول۔ ذیابیطس۔ پتھری۔ ریگ۔ ریح البواسیر اور ضعف باہ وغیرہ کو مفید ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار سفید چار تولہ۔ کلس خرمہرہ زرد چار تولہ۔ شلجم کے پتوں کے عرق میں کھرل کرو۔ تاکہ سولہ تولہ عرق جذب ہو جائے پیسے کے حجم کے موافق قرص پتلے پتلے بنا کر سایہ میں خشک کریں پھر ایک بڑے شلجم سرخ رنگ کو درمیان میں واک کر کے اور قشور برآوردہ سے پر کر کے گل حکمت کریں خشک ہونے پر دس سیر پاچک دشتی میں آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں سفید ٹکیاں برآمد ہوں گی سنکھیا اڑ جائے گا۔

ترکیب استعمال: ایک چاول۔ سل کے لئے خمیرہ خشخاش ایک تولہ میں رکھ کر دمہ (ضیق النفس) میں شہد یا آب ادرک کے ہمراہ۔ فالج۔ لقوہ۔ کزاز میں مویز تخم بر آوردہ میں رکھ کر دیں۔ بٹیر۔ تیتر یا بکری کی یخنی پلائے اور ضعف امعاء کے لئے ہمراہ جوارش جالینوس تین ماشہ۔ سنگرہنی اور اسہال کبدی میں ہمراہ جوارش آملہ تین ماشہ۔ درد گردہ خرابی گردہ۔ ریگ و پتھری میں شربت بزوری۔ ذیابیطس اور سلسل البول کے لئے ہمراہ جوارش مصطگی بہ نسخہ کلاں۔ ریاحی بواسیر کے ہمراہ قاش لیموں کاغذی کے ساتھ دیں۔ مقدار خوراک ہر مرض میں ایک چاول ہے۔

لیکسٹول

ایک ایک خوراک میں اعجاز کا اثر پوشیدہ ہے۔ لیکسٹول نئے اور پرانے قبض کے متعلق

تمام شکایات کا ازالہ کرتی ہے ہضم کی تمام خرابیاں صرف چند یوم میں دور ہو جاتی ہیں۔
پاک و ہند کی جڑی بوٹیوں سے تیار ہونے والی یہ ایک اکسیری دوا ہے۔
اس موذی مرض جو سینکڑوں بیماریوں کو جنم دیتی ہے کے لئے کامیاب نسخہ حاضر ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ہلیلہ زرد تین ماشہ۔ سناء مکی ایک تولہ۔ گل سرخ ڈیڑھ تولہ۔ ملٹھی دو تولہ۔ بادیان دو تولہ۔ زنجبیل چھ ماشہ۔ گندھک خوردنی ایک تولہ۔ الائچی کلاں نو ماشہ۔ سورنجاں شیریں دو تولہ۔ قند سیاہ نیم پاؤ تمام دواؤں کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے ملالیں ایک بے نظیر دوائی ہے۔

ترکیب استعمال : چھ ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ دودھ رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔

فوائد : واقعی یہ نسخہ قبض سے ہونے والے تمام امراض کے لئے تریاق ہے۔

سفوف برش

اجزاء و ترکیب ساخت : افیون خام ایک تولہ۔ جدوار خطائی نو ماشہ۔ کافور دیسی دو ماشہ۔ آرد قشر بیخ مدار ایک تولہ سب کو نشاستہ کی مانند باریک کر لیں پھر باریک پسی ہوئی سفید شکر سولہ تولہ ملا کر خوب کھرل کریں تا کہ یک جان ہو جائے بس تیار ہے حفاظت سے شیشیہ میں رکھیں۔

ترکیب استعمال : جوان آدمی کے لئے حسب مزاج اور قوت مریض دو رتی سے لے کر آدھا ماشہ تک ہے۔ اس سے زیادہ ہرگز نہ دیں۔

ھدایات استعمال : اس دوا کے استعمال کے لئے بڑی حذاقت کی ضرورت ہے دوا کے خواص و تاثیرات کو خوب ذہن نشین کر لینا چاہئے تا کہ ضرورت اور محل استعمال سے بخوبی فائدہ اٹھایا جا سکتے خوب سوچ سمجھ کر قلیل مقدار میں استعمال کرائیں۔ اس کی مداومت نہ کریں ورنہ عادت ہونے کے بعد ترک کرنا مشکل ہو جائے گا۔

تاثیرات بالاختصار : یہ دوا مسکن۔ مخدر اعصاب۔ منوم۔ قابض اور حابس ہے۔

مواقعہ استعمال بالتفصیل :

)1(شدید اور درد ناک امراض میں آدھا ماشہ دیں۔ مثلاً اعصابی درد۔ شدید وجع مفاصل شدید قولنج (بشرطیکہ) امعاء میں سدہ نہ ہو۔

)2(بڑے بڑے اورام اور زخموں کی تکلیف کی صورتوں میں جو بدن پر ہوں۔ اورام باطنی اعضاء کی صورت میں مثلاً ورم خناق۔ ورق امعاء۔ دمامیل و دبیلات وغیرہ میں بھی آدھا ماشہ خوراک کافی ہے۔ مگر ورم معدہ سرطان اور درد معدہ و قے مفرط وغیرہ میں دو رتی کی مقدار میں دو چار خوراکیں استعمال کرائیں یہ بھی خیال رہے کہ اگر معدہ میں غیر منہضم غذا موجود ہو یا نفخ اور قبض ہو تو یہ دوا ہرگز نہ دیں۔ ایسی صورت میں اول معدہ اور امعاء کو بذریعہ قے یا اسہال صاف کرلیں اور اس غرض کے لئے روغن بیدانجیر (کسٹرائیل) بہت مناسب اور موزوں ہے یا کسی دوسری مناسب دوا سے کام نکالیں۔ اگر درد اس قدر شدید ہو کہ استفراغ کی مہلت نہ دیتا ہو تو روغن بیدانجیر کے ساتھ ہی یہ دوا شریک کر کے دیں۔ تاکہ اجابت بھی ہو جائے اور درد میں قدرے سکون پیدا ہو جائے اس ترکیب سے دو رتی سے چار رتی سے زیادہ دوا شریک نہ کریں ورنہ اپنی تاثیر مخدرہ کی وجہ سے عمل استفراغ میں رکاوٹ پیدا ہونے کا احتمال ہے۔

)3(نزلہ۔ زکام۔ کھانسی۔ ضیق النفس میں بھی یہ دوا ہے بلکہ بہت ہی سریع الاثر ہے۔ بوجہ مسکن التہاب غشاء مخاطی اور دافع خراش اور حابس نزلات رقیقہ ہونے کے فوری فائدہ دکھاتی ہے۔ مریض فوراً آرام محسوس کرتا ہے لیکن جب بلغم غلیظ اور لیسدار ہو تو اس دوا کے استعمال سے بلغم کا اخراج بند ہو جانے کی وجہ سے مضر ہے کھانسی میں تکلیف اور سانس رکنے لگے گا کیونکہ شش کی نالیں گاڑھے بلغم سے بھر جائیں گی۔ اس لئے خشک کھانسی اور چھینکوں کو روکنے کے لئے یہ دوا بہت مفید ہے مگر لیسدار بلغم موجود ہو تو اس کا استعمال جائز نہیں ہے۔

)4(بے خوابی خمری میں دماغی سکون کے لئے مفید ہے نیند لا کر سکون بخشتی ہے ایسا ہی

جنون اور مالیخولیا وغیرہ میں بھی خواب آور اور مسکن ہونے کے سبب بہت ہی مفید ہے ان حالتوں میں اگر قبض ہو تو قبض کشائی کے لئے حب منقی کے ساتھ دیں۔ حب منقی کا نسخہ تحفہ نایاب مکمل میں درج ہے ورنہ قبض کی حالت میں استعمال کرنے سے بخارات میں زیادتی ہو کر جنون میں شدت پیدا ہو جائے گی۔

5) وجع الکبد وقولنج کبدی۔ وجع الکلیہ۔ وجع الورک۔ عرق النساء۔ درد رحم۔ صرع اور شقیقہ وغیرہ قسم کے دردوں میں بھی اس سے زیادہ فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے یہ یاد رہے کہ امراض حادہ اور نائبہ ہی میں اس کا استعمال کر سکتے ہیں مستقبل یا مزید امراض میں اس کی ضرورت نہیں ایسے امراض کو بہترین فائدہ دینے والی دوائیں مشہور کتاب تحفہ نایاب مکمل میں ملاحظہ فرمائیں۔

6) ذیابیطس۔ بول فی الفراش۔ سلسل بول میں بھی بہت مفید ہے اگر پیشاب رنگین اور رسوب دار ہو تو اس دوا کو استعمال نہیں کرنا چاہیے۔

7) اسقاط حمل کی ابتدائی حالت میں بہت مفید ہے فوراً درد جریان اور سیلان رطوبت موقوف ہو کر مزاج میں سکون پیدا ہو جاتا ہے اسقاط رک جاتا ہے لیکن آخری اور خطرناک حالت میں بجائے فائدہ کے نقصان کا اندیشہ ہے۔

8) استحاضہ (کثرت اور ارحیض) میں اس کا استعمال اکثر مفید ثابت ہوا ہے۔

9) ہیضہ میں بھی یہ دوا مفید ثابت ہوئی ہے۔

10) حمیات (بخاروں) میں جن میں تکسیر اعضاء اور بے چینی ہو اور ہذیان تک نوبت پہنچ گئی ہوں۔ یہ دوا بہت ہی مفید پڑتی ہے خصوصاً جب تپ کے ساتھ مروڑ اور اسہال بھی ہوں اور پیٹ میں سدہ یا غیر منہضم غذا موجود نہ ہو۔

تنبیہ : بہت چھوٹے شیر خوار بچوں کو یہ دوا نہ دینی چاہیئے چھوٹے بچوں میں اگر ذرا مقدار کی زیادہ ہو جائے تو سمی علامات پیدا ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح دودھ پلانے والی عورت کو بھی سوچ سمجھ کر یہ دوا دیں۔ تاکہ بچوں پر اس کا مضر اثر نہ پڑے ضعف قلب

اور ضعف جگر کے مریضوں پر بھی بڑی احتیاط سے استعمال کریں۔

طوطیا غواص

صرف پانچ منٹ میں طوطیا سفید غواص بنانے کی ایک ترکیب درج کی جا رہی ہے۔ عموماً مہوسین کہا کرتے ہیں کہ یہ طوطیا کیمیا کی جڑ ہے کیونکہ یہ ہر چیز کا چھوڑ ہے۔ لیجئے آج ان کا شوق پورا کیا جاتا ہے اور ایک ایسا نسخہ صدر یہ ہدیہ ناظرین کرتے ہیں جو کہ سفید ہونے کے علاوہ غواص بھی ہے یہاں تک ہی تجربہ ہے باقی کام آپ خود کر دیکھیں۔

نمک شیشیہ بیس تولہ۔ سلفیورک ایسڈ ولائیتی ایک پونڈ۔ نمک باریک کر کے تام چینی کی نالی میں ڈال کر تقریباً پندرہ تولہ سلفیورک ایسڈ ڈال کر ہلا دیں۔ تاکہ تر ہو جائے رات بھر شبنم میں رکھ چھوڑیں صبح خمیر ہو گا نرم آگ پر رکھیں۔ اور بقیہ تیزاب تھوڑا تھوڑا ڈال کر خشک کریں مکھن کی طرح ہو گا اسے آگ سے نیچے اتارا جائے تو خشک ہو گا اور آگ تیز پر رکھنے سے پانی کی طرح ہو گا مگر نرم آگ پر مکھن کی طرح رہے گا پس نسخہ تیار ہے اس میں طوطیا پانچ منٹ میں ہی سفید و غواص ہو گا اس کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور درمیان طوطیا دو تولہ کی ڈلی رکھیں جب نمک کی طرح ہو جائے تو طوطیا میں سلائی مار کر دیکھیں اگر اس میں دھنس جائے تو تیار سمجھیں اور نکال کر کام میں لائیں۔

لیورول

جگر و معدہ کی لاجواب دوا پیٹ کی تمام بیماریوں کا مؤثر علاج ہے صاف خون پیدا کرتا معدہ کو مضبوط بنا دیتا ہے خون صالح پیدا کرتا ہے بھوک لگاتا اور قوی۔ سے قوی غذا کو بہت ہی جلد ہضم کر دیتا ہے قوت جسمانی کو ترقی دیتا اور چہرہ کو خوش رنگ و پر رونق کرتا ہے بیماری کے بعد کی کمزوری کو دور کرنے میں حیرت انگیز اثر دکھاتا ہے۔ ضعف معدہ کی وجہ سے جو دست آتے ہوں ان کے لئے تریاق سے بڑھ کر ہے۔ تلی یا جگر بڑھ گیا ہو تو اس

کے استعمال سے اپنی اصلی حالت پر آجاتا ہے غرض یہ عجیب وغریب چیز ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : برادہ فولاد دس تولہ۔ دوغ ترش گاؤ دس تولہ۔ سرکہ انگوری خالص دس تولہ۔ رس جامن تازہ دس تولہ۔ ترپھلہ بیس تولہ۔ الائچی خورد کوفتہ پانچ تولہ۔ گوکھرو۔ کچلہ سوہان کردہ۔ گلو ہر ایک دو تولہ۔ پہلے کسی لوہے کی کڑاہی کو صاف چمکدار بنائیں پھر اس میں برادہ فولاد۔ دوغ۔ سرکہ و رس جامن ڈال کر اور باقی اجزاء بھی کوٹ چھان کر شامل کر کے رکھ چھوڑیں اور دن میں تین دفعہ لوہے کی موصلی سے کڑاہی کی دواؤں کو خوب ہلا دیا کریں آٹھ دن کے بعد کڑاہی میں گائے کا دودھ چھ سیر اور ڈال دیں تین گھنٹے بعد تمام سیال کو کسی قرعہ انبیق میں ڈال کر تین سیر عرق کشید کریں اور اس عرق میں رتن جوت دو تولے ڈال کر دو گھنٹے رکھ دیں پھر صاف کر کے چار سیر قند میں شربت کا قوام بنالیں۔

فوائد : یہ شربت مقوی اعصاب۔ مولد خون صالح اور دافع یرقان ہے موسم گرما و سرما میں بے کھٹکے استعمال کر سکتے ہیں جریان کو دور کرتا ہے وہ لوگ جو خزانہ مردمی جلق سے ضائع کر چکے ہیں انہیں لازم ہے محرک باہ دواؤں سے پہلے یہ شربت استعمال کریں۔

ترکیب استعمال : یرقان کے لئے یہ شربت دو تولہ۔ چھاچھ میں ڈال کر پئیں اور ورم جگر کے لئے دو تولہ شربت فولاد ہمراہ آب برگ کاسنی سبز و برگ مکو سبز دس تولہ کے ساتھ دیں۔ قوت باہ کے واسطے ہمراہ عرق ابریشم یہ شربت دینا چاہیے جریان کے واسطے شربت فولاد ہمراہ لعاب بہیدانہ۔ تلی کے واسطے شربت فولاد ایک تولہ۔ بوند عرق بادیان دس تولہ کے ساتھ ملا کر دیں۔

زوداثر

انسان کے جسم میں دماغ ایک ہی نازک اور شریف عضو ہے اس کی صحت پر زندگی کا تمام دار و مدار ہے دنیا میں جس قدر نام آور ہستیاں گزری ہیں۔ وہ صرف اچھے دماغ کی وجہ سے چمکیں کوئی لیڈر بنا کسی کو سر کا خطاب ملا اور کوئی خان بہادر کہلایا۔ دولت اور فارغ

البالی صرف اچھے دماغ کا نتیجہ ہیں۔ اگر دماغ میں ذرا بھی ضعف آ گیا تو سمجھو کہ زندگی کی ترقیوں میں روڑا اٹک گیا۔ لہذا دماغ کی جس قدر بھی حفاظت کی جائے وہ کم ہے زود اثر صرف اس لئے بنائی گئی ہے کہ اس کے کھانے سے تمام دماغی کمزوریاں دور ہو جاتی ہیں اور اعصاب کو فولاد بنا دیتا ہے نسیان کو دور کرتا ہے مالیخولیا اور صرع کے دورے کو کھو دیتا ہے دن بھر کام کیجئے مگر زود اثر کے استعمال کے بعد کیا مجال کہ ذرا بھی تھکن معلوم ہو نہ کبھی دردسر کی شکایت ہو گی اور نہ چکر ہی آئیں گے ساتھ کے ساتھ نہایت خوشبودار اور خوشذائقہ ہے ہر عمر کا آدمی استعمال کر سکتا ہے۔

ان گولیوں کے استعمال سے دماغ میں ایک خاص تقویت آ جاتی ہے۔ سر چکرانا۔ آنکھوں کے آگے اندھیرا ہو جانا۔ نزلہ زکام وغیرہ کے لئے نافع ہے علاوہ ازیں مبہی اور ممسک بھی ہیں اور اپنے فوائد میں بہترین چیز ہے لطف یہ کہ حابس نہیں ہیں گو قیمتی ہیں لیکن فوائد میں قیمت سے بہت زیادہ بالاتر ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: برہمی بوٹی ساڑھے چھ ماشہ۔ اصل السوس ڈیڑھ تولہ۔ دانہ الائچی خورد چھ ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں چھ عدد۔ زعفران ساڑھے چار ماشہ۔ مشک خالص چار رتی۔ ورق طلاء تین عدد۔ ورق نقرہ چھ عدد۔ شہد خالص حسب ضرورت بمقدار نخود گولیاں تیار کریں۔

فوائد: مقوی دماغ۔ دافع نزلہ۔ مبہی۔ ممسک ہیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ۔

حب طحال

عظم طحال کے لئے یہ گولیاں بہت مفید ہیں۔ تلی خواہ تمام پیٹ میں کیوں نہ پھیلی ہو چند روز میں تحلیل ہو کر اصلی حالت پر آ جاتی ہے بخار جاتا رہتا ہے چہرے پر رونق اور بدن میں خون کی پیدائش شروع ہو جاتی ہے جگر اور معدہ کی اصلاح کر کے ہاضمہ کو درست کرتی ہے بے حد زود اثر اور مفید دوا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : جوہر نوشادر۔ مصبر عمدہ۔ عصارہ ریوند۔ کسیس سبز عمدہ ہر ایک تولہ۔ ہینگ سرخ عمدہ چھ ماشہ۔ تمام ادویہ کو کھرل کر کے خوب باریک کریں بعد ازاں نمک تیزاب پانچ تولہ محلول ماآب (ڈل) ڈال کر اس قدر کھرل کریں کہ گولیاں بنانے کے لائق ہو جائے تب چنے سے ذرا بڑی گولیاں بنا کر چاندی کا ورق چڑھا کر سایہ میں خشک کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : ایک سے دو گولی صبح وسہ پہر ہمراہ عرق بادیان پانچ تولہ عنب الثعلب پانچ تولہ۔ سکنجبین بزوری تین تولہ استعمال کریں۔

فوائد : یہ گولیاں عظم الطحال کے لئے بے حد مفید ثابت ہوئی ہے۔

ذیابیب

ذیابیطس فی زمانہ نہایت ہی عسر العلاج اور خطرناک مرض شمار کیا جاتا ہے مگر ہمارا دعوی ہے کہ صبح سے شام تک کتنا ہی پیشاب کیوں نہ خارج ہوتا ہو پیشاب میں شکر کی بھاری مقدار کیوں نہ آتی ہو ذیابیب کے استعمال سے بفضل خدا بالکل فائدہ ہو جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : قلعی ایک تولہ۔ سیسہ ایک تولہ دونوں کو ملا کر تیز آگ پر پگھلائیں اور اس میں مدار سبز کی لکڑی پھیرتے رہیں۔ یہ کشتہ ہو جائے گی کشتہ مذکورہ دو تولہ۔ صندل سفید ایک تولہ۔ نشاستہ ایک تولہ۔ کتیرا ایک تولہ۔ سلاجیت ایک تولہ۔ گڑ مار ایک تولہ۔ پھلی ببول۔ گلنار۔ سماق۔ افیون۔ ست گلو ہر ایک چھ ماشہ۔ سفوف بنائیں۔

فوائد : ذیابیطس کا کامل علاج ہے۔

ترکیب استعمال : دو ماشہ صبح و شام ہمراہ آب انار یا عرق حب آلاس دیں۔

کافوری

ہر قسم کے دردوں کو مفید ہے یہ ایک عجیب قسم کا تیل ہے جو طلسمی اثر رکھتا ہے اور ہر قسم

کے دردوں کے لئے اکسیر صفت ہے درد خواہ کسی جگہ ہو اسے لگاتے ہی درد اس طرح کافور ہو جاتا ہے کہ گویا تھا ہی نہیں درد خفیف ہو یا شدید پسلی میں ہو یا کمر میں گھٹنے میں ہو یا کسی اور جوڑ میں کافوری سے دور ہو جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ اس کی مانگ عام ہے اور سمجھدار لوگ اپنے گھروں میں بطور حفظ ماتقدم ضرور رکھتے ہیں تا کہ وقت پر کام آئے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کیروسین آئل (مٹی کا تیل) چارتولہ۔ کافور چار تولہ۔ ست اجوائن ایک تولہ۔ کچی ہلدی ایک تولہ۔ سپرٹ میتھیلیٹڈ چارتولہ۔ روغن ارنڈ چارتولہ۔ روغن جمالگوٹہ دوتولہ۔ روغن تارپین دوتولہ۔

فوائد : ذات الجنب۔ نمونیہ۔ فالج۔ لقوہ۔ عرق النسا۔ وجع الورک۔ وجع المفاصل۔ وجع الصدر۔ گنٹھیا۔ ایڑی کا درد غرض یہ کہ جملہ اقسام کے دردوں کو دور کرنے والا تیل ہے۔

ترکیب استعمال : مقام درد پر مالش کریں اور اوپر روئی گرم کر کے باندھ دیں۔

شربت مفرح

اس شربت کے مقابلے میں بڑی بڑی یاقوتیاں حب جواہر۔ جواہر مہرے وغیرہ ہیچ ہیں یہ نسخہ عام مقوی دل نسخوں سے بہتر فائدہ کرتا ہے دل کی تمام امراض کو چند خوراک میں حکماً فائدہ کرتا ہے۔ ضعف نقاہت اس سے کوسوں بھاگتا ہے تمام اعضاء رئیسہ کو قوت دیتا ہے یہاں تک کہ ابتدائے سل و دق میں بھی مفید ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : صندل سرخ۔ صندل سفید۔ گل نیلوفر۔ گل سرخ۔ گل بید مشک۔ گل گاؤ زبان۔ برگ گاؤ زبان۔ فرنجمشک۔ گل سیوتی ہر ایک چھ تولہ۔ بنفشہ چارتولہ۔ نبات سفید دو سیر حسب دستور شربت بنائیں۔

فوائد : ضعف دل۔ نقاہت اور غشی کے لئے نافع ہے۔

استعمال : دو سے چارتولہ تک روزانہ عرق گاؤ زبان کے ہمراہ استعمال کریں۔

اکسیر راحت

دمہ کے واسطے مشہور ہے کہ ''دمہ دم کے ساتھ''۔ اس میں شک نہیں کہ دمہ کے علاج کے لئے ایک مدت درکار ہے لیکن کے تجربوں نے ثابت کر دیا ہے کہ یہ مرض بھی لا علاج نہیں کیونکہ اکسیر راحت کے استعمال سے دمہ کا دورہ خواہ کسی قسم کا ہو رک جاتا ہے اور مداومت ہمیشہ کے لئے آرام کر دیتی ہے۔ بلغمی کھانسی بالکل جاتی رہتی ہے پھیپھڑوں کا بلغم قطعی خارج ہو جاتا ہے۔

دمہ کے لئے قابل بھروسہ دوا ہے یہ ایک معرکہ کا بے نظیر نسخہ ہے ضیق النفس بلغمی کھانسی دم کشی وغیرہ امراض کو نافع ہے اپنے افعال وخواص کے لحاظ سے ایک اکسیر لااثر نسخہ ہے اگر اس کو باپرہیز استعمال کرایا جائے تو انشاء اللہ العزیز دمہ جیسی نامراد مرض کو جڑ سے اکھاڑ دیتا ہے امید ہے کہ اس نایاب گوہر کو حاصل کرنے کے بعد نیاز مند کے حق میں دعائے خیر کریں گے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سنکھیا سفید ڈیڑھ ماشہ۔ شیر مدار پانچ تولہ۔ افیون چھ ماشہ۔ تمباکو کوسورتی۔ مصبر ہر ایک اڑھائی تولہ۔ تخم بھنگ۔ تخم جوز ماثل پانچ پانچ تولہ۔ سیر پانی میں جوش دیں جب صرف دس تولہ رہ جائے ادویہ مذکورہ بالا میں ڈال کر کھرل کریں سب کا سفوف بنا کر رکھیں۔

فوائد : دمہ کے لئے ایک اکسیر النفع بے نظیر دوا ہے۔

ترکیب استعمال :۔ نصف سے دو چاول تک ہمراہ مسکہ تین تولہ یا روغن تین تولہ استعمال کرائیں۔

نوٹ : اگر قے ہو جائے تو صحت کی علامت ہے بہر حال دو ہفتہ سے زیادہ کسی صورت میں استعمال کی نوبت نہیں آتی۔

اذنول

کان سے جو ریم مانند پیپ کے بہتی ہو۔ اس کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے دو تین یوم

کے استعمال سے انشاء اللہ رطوبت خواہ کس قدر بہتی ہو بند ہو جاتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : شہد خاص دو تولہ نو ماشہ۔ شراب خالص دو تولہ نو ماشہ۔ بورا ارمنی دو رتی۔ پھٹکڑی دو رتی۔ زعفران دو رتی سب ادویہ کو خوب اچھی طرح ملا کر حل کریں۔

فوائد : ریم گوش کو نافع ہے۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت کان میں دو قطرہ نیم گرم کر کے ڈالیں اکسیر ہے۔

موتی سرمہ

یہ سرمہ عزیز الوجود جلیل القدر عظیم النفع ہے۔ جو کہ قیمتی اجزاء سے تیار ہوتا ہے بصارت کو پیدا کرنے والا اور بینائی کو بڑھانے والا ہے آنکھوں کی جملہ امراض چشم سے محفوظ رکھتا ہے تمام قسم کی گندی رطوبت جو آنکھ کی بینائی کو نقصان دیتی ہیں دور کرتا ہے جالا۔ دھند۔ غبار۔ بیاض چشم۔ پڑوال۔ سلاق (پھمنی) ابتداء نزول الماء وغیرہ کے لئے اپنا ثانی نہیں رکھتا۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ جست تین پاؤ۔ مروارید ڈیڑھ ماشہ۔ مرجان ایک تولہ۔ فلفل دراز ایک تولہ۔ سمندر جھگ۔ پانچ تولہ۔ پھٹکڑی سفید پانچ تولہ۔ قلمی شورہ۔ طوطیا۔ مرچ سیاہ۔ کافور ہر ایک ایک تولہ۔ مصری کاپی پانچ تولہ۔ آب لیموں ڈیڑھ سیر۔ سوائے جست کے تمام ادویہ کو باریک کر کے لیموں کے رس کے ساتھ کھرل کریں جب آدھا پانی لیموں جذب ہو جائے تو پھر جست ملائیں اور خوب اچھی طرح کھرل کر کے محفوظ رکھیں سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔

فوائد: جالا۔ دھند۔ غبار۔ ڈھلکہ۔ آشوب چشم۔ پڑبال۔ نظر کم ہو جانا۔ ابتدائی نزول الماء وغیرہ کے لئے مفید ہے اور کچھ عرصہ کی مداومت سے عینک کی عادت کو چھوڑا دیتا ہے۔

حملان شمسی

صفتہ : گندھک آملہ سار عمدہ دو تولہ لے کر ٹکڑے ٹکڑے کر کے ایک مٹی کی پیالی میں ڈال دیں پھر اسے موزوں چولھے پر رکھ کر نیچے نرم آگ جلائیں بعدہ ستیاناسی بوٹی سبز کا مقطر پانی دو سیر یعنی ایک سو ساٹھ تولہ لے کر گندھک پر آہستہ ڈالیں اور جذب کریں مگر اس بات کا خیال رہے کہ گندھک پگھلنے نہ پائے جب سب پانی جذب ہو جائے تو تمام فضلہ کی دو دو ماشہ کی پڑیہ بنا کر محفوظ رکھیں۔

اب ایک تولہ خالص چاندی لے کر گلائیں اور اس پر ان پڑیوں کو باری باری ڈالتے جائیں جب تمام پڑیاں صرف ہو جائیں گی تو چاندی کا رنگ ذرا سیاہ ہو جائے گا اب اس چاندی کے ہم وزن خالص سونا ملا کر زیور تیار کرا لیں۔

نوٹ : آب ستیاناسی مقطر کر لینا نہایت ضروری امر ہے۔

کار آمد

اس شربت کے استعمال سے پھیپھڑوں میں قوت آتی ہے زخم مندمل ہونے لگتے ہیں۔ رفتہ رفتہ حرارت اور کھانسی کم ہونے لگتی ہے بلغم بآسانی نکل جاتا ہے یہاں تک کہ مریض کو صحت ہو جاتی ہے اور پچھلی طاقت عود کر آتی ہے شربت کار آمد خصوصیت سے ان کے لئے مفید ہے جن کو کھانسی بار بار شکایت ہو جاتی ہے۔ یا عرصہ سے قائم ہو بلغم بڑی دقت سے خارج ہوتا ہو یا سینہ کمزور ہو اور راستہ چلنے یا ہوا لگ جانے سے کھانسی کا تانتا بندھ جاتا ہے اگر پھیپھڑوں میں سل پیدا ہونے کی استعداد ہو تو ضرور اس شربت کو استعمال کیا جائے چند دنوں میں اس کے استعمال سے پھیپھڑے نہایت صحیح حالت میں ہو جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مغز کدو شریں اڑھائی تولہ۔ رب السوس دو تولہ۔ ست گلو خالص خانہ ساز دو تولہ۔ طباشیر نقرہ دو تولہ۔ تخم خشخاش دو تولہ۔ زعفران ایک ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ایک ماشہ۔ قند سفید بیس تولہ۔ شہد خالص دس تولہ۔ سب دواؤں کو

نہایت احتیاط سے کوٹ چھان کر شہد و قند کے قوام میں ملائیں۔

فوائد : تپ کہنہ۔ دق سل کھانسی اور نزلی عوارض کے دفعیہ کے لئے ایک مایہ ناز مرکب ہے۔ پھیپھڑوں کو طاقت دیتا ہے خون کے سیلان کو روکتا ہے زخم ریہ کو بھرتا ہے اعضائے رئیسہ کی طاقت بحال رکھتا ہے۔

ترکیب استعمال : تین ماشہ سے چھ ماشہ تک مناسب بدرقہ کے ساتھ۔

دلفریب

عورت کے شباب اور حسن کی دلفریبوں اور جاذبیتوں کو عمر بھر قائم رکھنے کے لئے صرف دلفریب کا استعمال رکھئے تا کہ سیلان الرحم (سفید پانی) جیسے مرض سے ہمیشہ محفوظ رہ سکیں جو تمام خرابیوں کی جڑ ہے یہ ایک ایسا نامراد مرض ہے کہ جس سے عورت جلد بوڑھی ہو جاتی ہے اور بدن اور چہرہ زرد پڑ جاتا ہے کمر میں درد۔ دل کی دھڑکن۔ ضعف ہضم۔ پریشان خیالات وغیرہ صد ہا شکائتیں پیدا ہو جائیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : دار چینی۔ موچرس۔ مجیٹھ۔ رال سفید۔ صمغ پلاس میدہ لکڑی۔ سنگجراحت۔ فوفل۔ دکھنی۔ کاغذ سوختہ۔ گل پستہ ہم وزن۔ شکر سفید دس تولہ سب کو سفوف کرلیں۔

فوائد : سیلان الرحم کے لئے اکسیر ہے دو ہفتوں کے استعمال سے اس مرض کا قلع قمع ہو جاتا ہے۔

ترکیب استعمال : نو ماشہ صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسب۔

اکسیر حیات

بوڑھوں۔ کمزوروں۔ بیماروں۔ لاغروں۔ اولاد نرینہ کے طالبوں کے لئے آب حیات ہے۔ یہ وہ چیز ہے کہ جس کے استعمال سے کمزور آدمی بھی از نو طاقت حاصل کر کے زندگی کا واجبی لطف اٹھانے اور گمشدہ طاقت کو پھیر لائے۔ ضعف باہ۔ ضعف اعصاب

ضعف دماغ۔ ضعف بصر۔ ضعف جگر و دل۔ نسیان۔ درد کمر اور دیگر ہر قسم کی کمزوریوں کو دور کر کے صحت اور عمر کو بڑھاتا ہے اعصاب رئیسہ کو حیرت افزا طاقت دیتا ہے مولد خون و دافع بلغم بھوک لگاتا ہے رنگ سرخ کرتا ہے طبیعت کو بشاش اور جنون اور سودا کے دور کرنے میں بے نظیر ہے۔ رعشہ کے واسطے اور دل دھڑکنے کے واسطے اور بیتابی کو دور کرنے کے واسطے بے نظیر ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : صندل سفید۔ منڈی۔ گل سرخ۔ ساذج ہندی۔ بادرنجبویہ۔ ہر ایک پانچ تولہ۔ الائچی سفید۔ ابریشم مقرض۔ پودینہ خشک۔ گل گاؤ زبان دارچینی ہر ایک چار تولہ۔ تخم فرنجمشک۔ کشنیز خشک۔ جاوتری۔ جائفل۔ کپور کچری ہر ایک تین تولہ۔ ان سب کو پندرہ سیر پانی میں ایک رات رکھ کر اس میں گوشت حلوان قیمہ کیا ہوا دو سیر۔ آب گزر دو سیر اور گلاب خالص ایک سیر۔ عرق کیوڑا آدھ سیر۔ اضافہ کریں۔ اور پھر دس سیر عرق کشید کریں عرق کشید کرتے وقت زعفران دو ماشہ۔ مشک خالص دو رتی کی پوٹلی باندھ لیں۔ عرق تیار ہوگا حسب دستور استعمال کریں۔

عصائے پیری

یہ جوہر ایسی حالت میں کارآمد ہے جبکہ بڑھاپے کے باعث تمام اعضاء کمزور ہو کر غذا جزو بدن نہیں بنتی اور اعضا کو کافی غذا نہ پہنچنے کے باعث وہ اپنے فعل کو بخوبی سرانجام نہیں دے سکتے۔ بھوک بالکل نہیں لگتی یا کم لگتی ہے اگر لذیذ غذا ذرا زیادہ مقدار میں کھائی جائے تو ضعف ہضم کے باعث اکثر شکم میں ریاح نفخ وغیرہ پیدا ہو کر کئی تکلیفیں لاحق ہو جاتی ہیں۔ ضعف اعصاب اور ضعف باہ ہو کر مردی قوت سے محروم ہو جاتے ہیں ایسی حالت میں یہ تیر بہدف دوا اکسیر سے کم نہیں بھوک خوب لگاتی ہے دودھ گھی اور اناج ہضم ہونے لگتا ہے غذا جزو بدن ہو کر خون پیدا ہونے لگتا ہے حرارت غریزی بڑھتی ہے چند دنوں میں ہی طاقت مردانہ پر ایسا خوشگوار اثر پڑتا ہے۔ (گویا ایک دفعہ جوانی کی لہر پھر عود کر دوبارہ آتی ہے ضعف باہ ضعف اعصاب اور اس کے متعلقہ شکایات اور وجع

المفاصل وغیرہ دور ہونے لگتے ہیں۔
فوری ضرورت کی چیز ہے شادی کے روز فکر کی ضرورت نہیں ایک خوراک شام کو کھائیں اور اگلی صبح سرخرو وشاد کام مجمع احباب میں آیئے یہ خاص کام کے لئے خاص تحفہ ہے بجلی کی سی قوت اس مرکب میں پیدا کر دی گئی اکثر حکماء جن کو یہ نسخہ معلوم تھا۔ سلاطین مغلیہ کے مقرب ہو گئے تھے اجزاء بھی حیرت انگیز ہیں اور نہایت ہی جانکاہی کے بعد فراہم ہوئے ہیں جواہرات مشک عنبر اس کا خاص جزو ہیں۔ اسی وجہ سے اس پر گو خرچ زیادہ آیا کرتا ہے لیکن یاد رکھنے کی یہ بات ہے کہ اس کی ایک ہی خوراک وہ کام دے گی جو دوسری ادویہ مدتوں کے استعمال کے بعد بھی نہ دے سکیں گی ایک سال میں چودہ خوراک کھا لیجئے اور کمزوری کو اپنے ذہن سے نکال دیجئے۔
اجزاء و ترکیب ساخت فاسفورس ایک رتی۔ عنبر خالص ایک رتی۔ مشک خالص دو رتی۔ جند بیدستر ایک رتی۔ جدوار خطائی چار رتی۔ سٹکنین (جوہر کچلہ) ایک رتی۔ جوہر خصیہ مرغ دو رتی جوہر مغز عصفور دو رتی۔ یوہمبین خالص 1/10 رتی۔ تمام مرکب کی تین گولیاں تیار کر لیں ایک گولی سے خاصی قوت پیدا ہوتی ہے نہایت درجہ کی مقوی باہ گولیاں ہیں بعض طبیعتوں میں ایک گولی کے استعمال سے بلاشک وشبہ فریسموس کی سی حالت پیدا ہو جاتی ہے عجائبات طب سے ہے۔

منجن مروارید ی

یہ منجن نہایت اعلیٰ قسم کا ہے۔ دانتوں اور مسوڑھوں کے جملہ امراض کا واحد علاج ہے۔ دانتوں اور مسوڑھوں کی موذی مرض پائیوریا یعنی ماخورہ کے لئے تریاق ہے۔ یعنی ایسا منجن ہے جو آپ کے دانتوں اور مسوڑھوں کی حفاظت اور صفائی کا واحد ضامن ثابت ہو گا۔ آپ اسی منجن کو حرز جان بنائیں گے جس نے ایک مرتبہ استعمال کیا وہی اس کا گرویدہ ہو گیا غرض یہ کہ دانتوں کی تمام امراض کے لئے ایک نہایت مفید اور لاجواب نسخہ ہے۔ دانتوں کی میل کچیل کو رفع کر کے ان کو موتی کے مانند چمکدار بناتا ہے ملنے

دانتوں کو مضبوط کرتا ہے مسوڑھوں کے ورم کو دور کرتا ہے اپنے فوائد کے لحاظ سے ایک بہترین چیز ہے اس کے علاوہ بدبو تعفن کو دور کر کے منہ کو خوشبودار کرتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : پوست ہلیلہ زرد۔ سعد کوفی۔ پوست انار سوختہ۔ عقرقرحا۔ طوطیا سبز۔ بندق ہندی ہر ایک تولہ تولہ۔ کباب چینی۔ فلفل سیا ہر ایک چھ چھ ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر سنون بنائیں۔

فوائد : مصفی دندان۔ تعفن دہن۔ اور جملہ امراض دنداں کو مفید ہے۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت انگلی سے اچھی مل کر رال ٹپکائیں جب تک ادویات کا ذائقہ رہے تھوکتے رہیں۔ ضرورت پر گرم پانی سے کلی کریں۔

دیرپا

سرور پیدا کرنے کے لئے بے مثال گولیاں ہیں۔ امساک کی کمی ایک نہایت منحوس مرض ہے اور وقت پر اس درجہ ندامت کا موجب ہوتا ہے کہ مریض شرم سے پانی پانی ہو جاتا ہے ایسے مریضوں کے تعلقات ہمیشہ ناخوشگوار رہتے ہیں۔ اور اکثر سیلان الرحم وغیرہ کی تکلیف اس کے نتیجہ کے طور پر ہوتی ہے۔

دل و دماغ کے لئے بہترین دوا دیرپا ہے کیونکہ امساک کے علاوہ پٹھوں کو قوت دیتی ہے جماع کے بعد کمزوری محسوس نہیں ہوتی طبیعت میں فرحت و سرور پیدا کرتی ہے عام جسمانی صحت کو بہتر بناتی ہے بیش قیمت اجزاء کا مرکب ہے امساک کی یہ گولیاں لذتوں کو دیر تک محفوظ رکھنے کے لئے ایک بے نظیر تحفہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : افیون عمدہ صاف۔ عقرقرحا ہر ایک تین ماشہ۔ مشک تبتی اصلی۔ بیر بہوٹی۔ برادہ کچلہ مدبر۔ مروارید ناسفتہ۔ ہر ایک دو ماشہ۔ چرس مصفی۔ برگ تازہ بھنگ۔ جوہر سم الفار ہر ایک ایک ماشہ۔ جائفل۔ جاوتری ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ خراطین مصفی خشک تین ماشہ۔ نک چھکنی چھ ماشہ۔ زعفران کشمیری اڑھائی ماشہ۔ شنگرف رومی چار رتی۔ پہلی مروارید کو کھرل کریں جب مثل غبار ہو جائے تب یکے بعد دیگر

ادویہ ڈال کر خوب باریک کریں بعد ازاں عرق کیوڑہ میں چوبیس گھنٹہ کھرل کر کے مونگ کے برابر گولیاں بنائیں ایک گولی تا دو گولی ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد : درجہ کی مقوی باہ ہیں دماغ اور اعصاب اور اعضاء رئیسہ کو طاقت دینے میں گردوں کو گرم اور قوی کرتی ہیں۔ مادہ تولید بکثرت پیدا کرنے میں لاجواب ہیں۔ سرعت انزال کثرت احتلام کا شرطیہ قلع قمع کرتی ہے نیز نزلہ زکام اور ان سے پیدا ہونے والے امراض میں غایت درجہ مفید ہیں۔

اکسیر ریگ

پیشاب کا باقاعدہ نہ آنا قطرے قطرے یا بار بار آنا تکلیف سے آنا وغیرہ وغیرہ اگر سوزاک کی وجہ نہ ہو تو عموماً اس کا باعث ریگ یا سنگ مثانہ یا گردہ ہوا کرتا ہے یا مثانہ عموماً پیشاب سے پر معلوم ہوتا ہے اور بار بار حاجت ہوتی ہے دورے کی حالت میں درد گردہ الامان اس قدر تکلیف دہ مرض ہے کہ آدمی کسی کروٹ چین نہیں پاتا مرغ بسمل کی طرح تڑپتا ہے اس دوا کا استعمال ریگ کو بھی نکال دیتا ہے اور پتھری کو بھی توڑ بہاتا ہے خواہ مثانہ میں ہو یا گردہ میں اور ہلکا درد جو ہر وقت رہتا ہے زائل ہو جاتا ہے اور ایک معقول مدت تک استعمال کریں تو ہمیشہ کے لئے اس نامراد مرض سے خلاصی مل جاتی ہے جو لوگ پتھری کی حالت میں خوفناک عمل جراحی سے ڈرتے ہوں اور خواہش یہ ہو کہ ہمیشہ کے واسطے اس مرض سے چھٹکارا مل جائے اس دوا کا استعمال کریں علاوہ موجودہ تکلیف رفع ہونے کے لئے اس کا پیدا ہونا بھی بند ہو جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ سنگ یہود مولی والا دو تولہ۔ سنگ سرماہی ایک تولہ۔ خاکستر استخوان بوتیار (بگلہ) ایک تولہ۔ خاکستر عقرب ڈیڑھ تولہ۔ حجر الاسفنج ڈیڑھ تولہ عرق سونف دس تولہ کھرل کر کے خشک ہونے پر محفوظ رکھیں۔

فوائد : پتھری۔ ریگ گردہ اور درد گردہ کے لئے مفید ہے۔

ترکیب استعمال : تین ماشہ ہمراہ شربت ماء العسل دو تولہ دیں۔

حبوب کبریت

یہ دوا نہایت خوش ذائقہ بھوک پیدا کرنے کے لئے بالخصوص مجرب و اکسیر ہے۔ معدہ طاقتور ہو جاتا ہے غذا کو ہضم کر کے ریاح کو خارج کرتی ہے علاوہ ازیں قبض کشا بھی ہے بھوک نہ لگتی ہو یا طویل بیماری کے سبب قوت معدہ کو زائل کر چکے ہیں ان کے لئے نہایت مفید ہے علاوہ ازیں ہیضہ تخمیہ وغیرہ امراض معدہ کو دور کرتی ہے اس کے چند روز کے استعمال سے معدہ طاقتور ہو جاتا ہے نہایت بے نظیر نسخہ ہے عام دواخانوں میں استعمال ہو رہی ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : گندھک آملہ سار مصفی۔ نوشادر دیسی ہر ایک تین ماشہ۔ مرچ سیاہ۔ مگھاں ڈیڑھ تولہ۔ جوکھار۔ گل مدار شگفتہ۔ سوہاگہ بریاں۔ لونگ ہر ایک چھ ماشہ۔ ہینگ بریان تین ماشہ۔ نمک سیاہ اڑھائی تولہ۔ ست لیموں ڈیڑھ تولہ۔ سونٹھ ڈیڑھ تولہ۔ اول ست لیموں کو پانی میں گھول کر باقی تمام اشیاء اس پانی کے ہمراہ خوب کھرل کریں اور گولیاں مقدار جنگلی بیر بنائیں۔

فوائد : نہایت ہاضم۔ خوش ذائقہ مخرج ریاح۔ دافع قبض۔ دافع ہیضہ۔ درد معدہ کو نافع ہے۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت ایک گولی کھائیں دن میں دو تین گولی سے زیادہ استعمال نہ کریں۔

بھاسکر چورن

یہ چورن بھی اکثر امراض معدہ مثلاً درد پیٹ۔ بھوک نہ لگنا۔ کھٹی ڈکاریں آنا۔ باؤ گولہ وغیرہ کو نافع ہے۔ بھوک کو بڑھاتا ہے قراقر نفخ شکم کو از حد مفید ہے۔ علاوہ ازیں خوشذائقہ ہونے کے سبب مرغوب الطبع ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : نوشادر دو تولہ۔ فلفل سیاہ دو تولہ۔ دانہ الائچی کلاں

ایک تولہ۔ گیری ایک تولہ۔ لونگ ایک تولہ۔ ست لیموں چھ ماشہ۔ ست پودینہ تین ماشہ۔ ہرایک کوعلیحدہ علیحدہ پیس کرست پودینہ شامل کریں۔

فوائد : ہاضم۔قراقر۔معدہ۔اور درد شکم کونافع ہے علاوہ ازیں خوش ذائقہ ہے۔

ترکیب استعمال : نصف ماشہ ہمراہ آب استعمال کریں۔

اکسیری گولی

قوت باہ کو بڑھانے اور امساک پیدا کمزوری اور ناطاقتی کو دور کرتی ہے۔ چند ہی دنوں میں بےنظیر طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔ اعصابی کمزوریوں کے دور کرنے کے لئے عجیب الاثر گولیاں ہیں۔ دو ہفتہ کا استعمال ہی وہ طاقت پیدا کرتی ہیں کہ ضبط کرنا مشکل ہو جاتا ہے مولد و مغلظ منی و ممسک ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ فولاد۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ طلاء۔ کشتہ قلعی۔ مشک خالص ہر ایک چھ ماشہ۔ جوہر لوبان ساڑھے چار ماشہ۔ ریگ ماہی۔ زعفران۔ مایہ شتر اعرابی۔ کچلہ مدبر۔ مروارید ناسفتہ۔ طباشیر۔ عقیق۔ کہر شمعی۔ زہر مہرہ۔ خطائی ایک تولہ۔ ریزہ یاقوت احمر۔ زمرد اخضر ہر ایک ایک تولہ۔ ورق نقرہ ایک سو عدد۔ سب ادویہ کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر باریک کر کے ہمراہ عرق بید مشک دانہ نخود کے برابر گولیاں بنائیں۔

فوائد : مقوی باہ۔ مقوی اعضائے رئیسہ۔ مقوی معدہ۔ مغلظ منی اور ممسک ہیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی روزانہ صبح ہمراہ ماءاللحم۔

حب کچلہ عنبری

یہ گولیاں پرلے درجہ کی مقوی باہ ممسک اور ملذذ ہیں۔ سرعت انزال۔ جریان۔ احتلام کو دور کر کے اعصاب کو قوت دیتی ہیں۔ اعضاء رئیسہ اور قوت باہ کے لئے نہایت مفید ہیں۔ کمر۔ گردہ۔ اعصاب اور استخواں کو بے حد مضبوط کرتی ہیں۔ خواہ کسی وجہ سے

طاقت مردمی کم ہو چکی ہو ان گولیوں کے استعمال سے ہر قسم کی کمی دور ہو جاتی ہے اپنے فوائد کے لحاظ لاجواب گولیاں ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ست کچلہ چار رتی۔ عنبراشہب چھ ماشہ۔ خرما آٹھ عدد۔ زعفران کشمیری دو تولہ۔ ورق طلا ایک تولہ۔ مشک تبتی چھ ماشہ۔ اول خرما کو دودھ گائے میں جوش دے کر گٹھلی وغیرہ صاف کر کے کھرل میں ڈال کر دودھ کا چھینٹا دیں اور کھرل کرتے جائیں پہلے روز ورق طلاء دوسرے روز کچلہ اور تیسرے روز جملہ ادویہ ڈال دیں۔ متواتر تین روز کھرل کرنے کے بعد دوصد گولیاں بنالیں۔

فوائد : مقوی باہ مقوی اعضائے رئیسہ اعصاب کو طاقت دیتی ہے اور احتلام کو رفع کرتی ہے۔

ترکیب استعمال : دو گولی صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ بعد از غذا۔

حبوب اقتدار

فی زمانہ قوت باہ کے لئے خاص نسخہ ہے تو یہ ہے ہر مزاج کے گئے گزرے مریضان باہ کے لئے تیر بہدف ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ فولاد تین ماشہ۔ سم الفار تین ماشہ۔ کشتہ قلعی۔ ورق نقرہ ہر ایک چھ چھ ماشہ۔ ورق طلاء دو ماشہ۔ گوند چھوہارہ تین ماشہ۔ زعفران چار ماشہ۔ مشک خالص ایک ماشہ۔ دودھ برگد حسب ضرورت۔ تمام ادویات کو کھرل کر کے حبوب نخودی بنائیں ایک گولی (حب) بوقت صبح ہمراہ مکھن۔

فوائد : مقوی باہ۔ ممسک۔ دافع جریان اور مجلوقوں کے لئے نادر تحفہ ہے۔

شاہ پسند

ملذذات کا سرتاج خاص تعریف کی ضرورت نہیں صرف اس کا نام ہی کافی شہرت کا مالک ہے روساء و امراء کے قابل کمال درجہ کی ملذذ دوا ہے۔ ایک دفعہ کا استعمال عمر

بھر کے لئے شیدا کردے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کافور چار ماشہ۔ سہاگہ آٹھ ماشہ۔ مغز خرگوش ایک تولہ۔ جگنو سولہ عدد۔ سفوف پوست ریٹھ چار رتی۔ عطر گلاب چھ ماشہ۔ سب اشیاء کو باہم ملا کر ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

فوائد : اعلیٰ درجہ کی ملذذ دوا ہے۔

ترکیب استعمال : چار رتی کے قریب لعاب دہن کے ساتھ رگڑ کر مقاربت سے نصف گھنٹہ پیشتر طلاء کریں۔

طلاء الفت

بے نظیر لطف انگیز چیز ہے عیش و سرور کا معدن ہے اور قابل استعمال امراؤ و روساء ہے۔ پتھر دلوں کو مفتون و شیدا بنا لینا اسی کا کام ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مشک خالص۔ عنبر ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ عقرقرحا۔ عطر خس۔ عطر موتیا۔ نائزہ خرس۔ (ریچھ) ہر ایک ایک تولہ سب ادویات کو عطریات میں خوب حل کر کے محفوظ رکھیں۔

فوائد : اعلیٰ درجہ کی ملذذ دوا ہے جو اپنے فوائد کے لحاظ سے ملذذ ذات کی سرتاج ہے۔ مقاربت سے پیشتر چار رتی کا طلاء کریں۔

فرحت افزاء

یہ نسخہ فرحت طرب انبساط ہے اور تفریح طبع و نشاط پیدا کرتا ہے رقت کو غلظت و ناطاقت کو قوت بخشتا ہے خفیف سا نشہ ہوتا ہے۔ جس سے دل و دماغ خوشی پاتا ہے قوت باہ کے لئے بے نظیر اور دل پزیر واقعی بے مثل خواص رکھتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : یاقوت۔ موتی بلا سوراخ۔ کہربا۔ ورق چاندی۔ عنبر اشہب۔ جدوار۔ بھنگ کی جڑ ہر ایک آٹھ ماشہ۔ سونے کے ورق۔ مشک ہر ایک چار

ماشہ۔ گل گاؤ زبان۔ برادہ صندل سفید۔ تخم خرفہ۔ چرس ہر ایک دو تولہ۔ ابریشم کترا۔ ہوا اڑھائی تولہ۔ جائفل بڑے بڑے پانچ عدد۔ زعفران چھ ماشہ۔ ناریل چھلا ہوا۔ مغز خیارین ایک تولہ۔ افیون خالص تین ماشہ۔ مصری۔ عرق بید مشک۔ عرق گلاب۔ عرق گاؤ زبان۔ ہر ایک آدھ سیر جائفل میں سوراخ کر کے افیون اس میں بھر دیں۔ اور جائفل کو آٹے میں لپیٹ کر گھی میں اتنا بھونیں کہ وہ آٹا سیاہ ہو جائے۔ نکال کر آٹا دور کر کے پینے والی دواؤں کو کھرل میں کوٹنے والیوں کو کوٹ کر مصری کا عرق میں قوام کر کے سب دوائیں ملائیں اور حبوب نخود ی تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی۔

کیف

سرعت انزال کے مریضوں کی بہترین دوا ہے یہ معجون رقیق ہے۔ رقیق منی کو گاڑھا کر کے بے حد امساک پیدا کرتی ہے وقت خاص سے پیشتر اس کی ایک خوراک لذتوں اور مسرتوں کو دیر تک قائم رکھنے اور طاقت وانتشار میں ہیجان پیدا کرنے میں بے مثل ہے۔ گویا جریان۔ رقت۔ سرعت کا ایک کامیاب علاج ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: رب کوکنار پاؤ سیر۔ شقاقل دو تولہ۔ ثعلب مصری دو تولہ۔ اجوائن خراسانی۔ تخم خشخاش ہر ایک نو ماشہ۔ بہمن سفید ایک تولہ۔ ڈوڈہ پوست نو ماشہ۔ گوند کیکر۔ کتیرا۔ برگ گاؤ زبان۔ صندل سفید۔ موصلی سفید۔ تخم کاہو۔ طباشیر سفید ہر ایک ایک تولہ۔ تخم سرس نو ماشہ۔ آملہ مصفی دو تولہ۔ جاوتری نو ماشہ۔ گری فندق۔ گری چلغوزہ۔ گری اخروٹ۔ تخم خرفہ۔ تخم کدو۔ مغز تخم پیٹھہ۔ مغز تخم تربوز۔ تخم املی مقشر۔ مغز کھوپرہ ہر ایک دو تولہ۔ دارچینی۔ مصطگی نو ماشہ۔ مومیائی چھ ماشہ۔ مشک چار ماشہ۔ کہربا چھ ماشہ۔ بسد چھ ماشہ۔ زعفران دو تولہ۔ مربہ آنولہ۔ مربہ ہی پانچ عدد۔ عرق کیوڑہ آدھ پاؤ۔ انار شیریں پاؤ سیر کے پانی میں مصری سفید ڈال کر مثل معجون تیار کریں۔

ترکیب استعمال: چار رتی پہلے پھر آہستہ آہستہ تین ماشہ تک استعمال کریں۔

مشروب الصالحین

یہ ایک مقوی مشروب ہے۔ جو کہ جملہ اعضائے رئیسہ ضعف دماغ و دل اور جگر و معدہ کو قوت پہنچائے جسم و ہاتھ پاؤں کو چالاک بنائے قوائے جسمانی و آلات شہوانی میں حرکت بڑھائے۔ فکر و رنج و غم کو بھلائے۔ گنٹھیا وغیرہ کے درد کو گھٹائے جاڑوں میں اس کے پینے کی بہار ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : انگور پختہ پانچ سیر۔ یا منقی کو اچھی طرح پانی سے دھو کر مینہ یا نہر کے یا میٹھے پانی میں بڑے مٹکے کے اندر بھگو دیں پانی چار انگل اوپر رہے۔ سردی کے موسم میں تین دن اور گرمیوں کے موسم میں ایک رات دن بھیگ جانے کے بعد دیگ میں ڈال کر جوش کریں جس وقت پھول کر گل جائے نچوڑ کر کپڑے میں چھان لیں اور پھر چولھے پر رکھ کر نرم آنچ کریں جبکہ تین حصے کے قریب عرق خشک ہو جائے اور ایک حصہ باقی رہے شہد آدھ سیر اس میں ڈالیں اور سونٹھ تین ماشہ۔ لونگ۔ مصطگی۔ دارچینی ہر ایک پونے دو ماشہ۔ زعفران۔ بالچھڑ۔ جائفل ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ چھان کر ایک باریک کپڑے میں ڈھیلی سی پوٹلی مضبوط باندھ کر دیگ میں ڈالیں اور چمچہ بڑے سے خوب ملیں تا کہ اثر دواؤں کا عرق میں مل جائے اور دہی تیسرا حصہ باقی رہے۔ اتار لیں ٹھنڈا ہو جانے پر بوتلوں میں یا کسی چینی و شیشہ کے برتن میں بھر رکھیں۔

ترکیب استعمال : تین مہینے کے بعد ایک چھٹانک لے کر اور پانی ملا کر پیا کریں یا اس سے زیادہ یا کم مقدار سے پی کر اپنے موافق مزاج مقدار مقرر کریں۔

حافظ صحت

موجودہ زمانے کی کشمکش حیات ایسی نہیں جو ہر ایک انسان کی صحت پر برا اثر کئے بغیر رہ سکے مگر دماغی محنت کرنے والے حضرات اور کاروباری لوگ خصوصیت کے ساتھ اس کشمکش سے متاثر ہوتے ہیں ان میں دماغی قوت زیادہ خرچ ہوتی ہے جس کی وجہ سے

سستی کاہلی۔ کمزوری۔ پست ہمتی۔ تھکان۔ دل کی دھڑکن۔ دردسر۔ دوران سر۔ ضعف بصارت۔ آنکھوں کے سامنے اندھیرا آنا۔ قبض دائمی۔ ضعف ہضم۔ ریاح۔ شکم۔ کمی۔ خون اور ضعف باہ وغیرہ کی لا متناہی شکایات کا سلسلہ شروع رہتا ہے اسی طرح بعض لوگ جلق۔ اغلام۔ کثرت جماع۔ وغیرہ غلط کاریوں میں مبتلا ہو کر اپنی صحت کو برباد کر لیتے ہیں عورتوں میں ایام کی خرابی اور سیلان الرحم وغیرہ جیسی نامراد بیماریاں پیدا ہو کر ان کی جوانی اور خوبصورتی کو کھا جاتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : موتی۔ کہربا ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ خوب کھرل میں باریک پیس برادہ صندل سفید۔ گل نیلوفر۔ گل گاؤ زبان۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین۔ تخم کاسنی۔ گل سرخ۔ ہر ایک نو ماشہ۔ کوٹ چھان کر شربت زرشک نو تولہ۔ سیب شیریں کا پانی نو تولہ میں حل کر کے قوام کریں اور مذکورہ دوائیں ملائیں عنبر اشہب ایک ماشہ ان دواؤں کے بعد گھوٹیں۔ قوام ٹھنڈا ہو جانے پر چاندی سونے کے ورق سوا دو دو ماشہ۔ ایک ایک کر کے ایسے گھوٹیں کہ دکھائی نہ دیں۔ پھر زعفران تین ماشہ مشک دو ماشہ عرق کیوڑہ میں الگ الگ پیس کر ملائیں۔

فوائد : تمام مفرح۔ مقوی دل و دماغ۔ مالیخولیا۔ مراق۔ گرم مزاجوں کے ضعف کے اسباب دور کر کے طاقت و توانائی پیدا کرتی ہے۔

ترکیب استعمال : تین ماشہ روزانہ کھائیں جب طبیعت برداشت کرنے لگے دونوں وقت استعمال میں لائیں۔

دوائی عجیب

پرانی اور بلغمی کھانسی جو کسی دوا سے نہ جاتی ہو۔ انشاء اللہ ذیل کی عجیب الاثر دوا سے بہت جلد ہی فائدہ ہو جاتا ہے۔ چند روز میں کھانسی کا نام و نشان نہیں رہتا۔ ہزار ہا مرضا پر تجربہ شدہ ہے۔ ولایتی ادویہ سے ہزار درجہ مفید ثابت ہوئی ہے اور کئی مرتبہ اس کے مقابلے میں استعمال کرا چکا ہوں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : تخم شبت۔ چوب چینی ہر ایک پانچ تولہ۔ افیون ایک تولہ۔ صمغ عربی۔ میعہ سائلہ۔ کندر۔ ہر ایک چار تولہ۔ رب السوس۔ کچلہ مدبر۔ ہر ایک تین ماشہ۔ زعفران ایک تولہ۔ اول چوب چینی اور تخم شبت کو گیارہ گنا وزن پانی میں جوش دیں جب نصف رہ جائے چھان کر افیون ایک تولہ گھول دیں۔ اور کپڑے میں چھان لیں پھر اس میں باقی اشیاء ملا کر اتنا آگ پر پکائیں کہ گولی بنانے کے لائق ہو جائے۔ تو گولی بقدر دانہ باقلہ بنا دیں۔

فوائد : نفث الدم۔ سرفہ کہنہ۔ ضیق النفس مزمن۔ کھانسی۔ سل وغیرہ امراض کو مفید ہے۔

سرخرو

امساک پیدا کرنے کے لئے بہترین دوا ہے مقوی باہ بھی ہے ایک عرصہ کا استعمال قوت باہ۔ امساک حیرت انگیز طریق پر بڑھ جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ست لوبان۔ سلاجیت۔ شنگرف۔ کافور۔ تخم دھتورہ سیاہ ہر ایک چھ ماشہ۔ شیر برگد پانچ تولہ سب کو کھرل کر کے حبوب نخودی تیار کریں اور سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال : عصر کے وقت ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ روزانہ ضرورت کے وقت دو گولی ہمراہ شیر گاؤ دو گھنٹے پیشتر کھلائیں۔

فوائد : قوت باہ بڑھانے اور طبعی امساک پیدا کرنے میں نہایت عجیب الاثر ہے۔

رمز حیات

بعض اوقات رحم کی کمزوری یا دیگر وجوہ سے استقرار حمل نہیں ہوتا جس سے عورتوں کی زندگی افسردہ اور بے لطف ہو جاتی ہے یہ دوا رحم کی تمام شکایات دور کرنے میں کیمیا کا حکم رکھتی ہے۔ کئی ویران گھر پھر آباد ہو گئے وہ عورتیں جو اولاد کے لئے ترستی تھیں وہ خدا

کے فضل سے مائیں بن گئیں۔ واضح رہے کہ "رمز حیات"۔ رحم کو متعدد پرانی بانجھ عورتوں پر بھی آزما کر دیکھا بفضلہٖ تیر بہدف ثابت ہوا۔ اور جن عورتوں کو اسقاط ہو جاتا ہے یا اگر بچہ پورے دن کا زندہ پیدا ہو۔ تو مختلف امراض میں مبتلا ہو کر ضائع ہو جائے تو ایسی حالت میں یہ نہایت ہی مفید دوا ثابت ہوئی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: برگ نیم۔ برگ حنا۔ کچور۔ ہرمچی۔ پکھان بید۔ رتن جوت۔ رسوت۔ ریوند خطائی۔ صندل سرخ۔ صندل سفید۔ دھائیں۔ مشک بالا۔ برگ جہانا۔ برگ سرس۔ کالی زیری۔ مرچ سیاہ۔ کشنیز خشک۔ اجوائن دیسی۔ اجوائن خراسانی۔ افیون۔ گیرو۔ مغز نارجیل۔ چاکسو۔ تخم کاسنی ہر ایک تولہ سب کو کوٹ پیس کر شہد بقدر ضرورت ملا کر گولیاں بقدر دانہ نخود بنائیں۔

فوائد: مرض اٹھرا اور اس کے دیگر عوارضات کی بہترین دوا ہے۔

ترکیب استعمال: حمل قرار پانے سے لے کر وضع حمل تک ہر روز ایک گولی ہمراہ شیر کھلائیں جب بچہ پیدا ہو تو روزانہ حسب عمر شیر مادر میں گھس کر قدرے دیتے رہیں۔ حتیٰ کہ بڑھا کر پوری ایک گولی دیا کریں۔

فرشتہ رحمت

بچوں کے لئے یہ دوا فرشتہ رحمت ہے۔ پیٹ کتنا خراب ہو گیا ہو رنگین دست آتے ہوں۔ ضعف معدہ کی وجہ سے غذا قطعی ہضم نہ ہوتی ہو اور فساد ہضم کی وجہ سے بخار بھی آ جاتا ہے تو یہ دوا فرشتہ رحمت کھلائیں۔ اس سے ہر قسم کے عوارض دور ہو کر بھوک لگے گی خون پیدا ہو گا اور چند ہی دنوں میں ماشا اللہ بچہ موٹا تازہ ہو کر پیارا پیارا ہو جائے گا۔ اس دوا سے رنگ نکھر آتا ہے اور جسم فربہ ہوتا ہے بخار۔ پیچش۔ نیز سنگرہنی وغیرہ کو خصوصیت کے ساتھ فائدہ مند ہے بچوں کو تندرستی کی حالت میں دیا جائے تو حفاظت کرتا ہے بچہ انشاء اللہ کبھی بیمار نہ ہو گا یہ عجیب وغریب اور بے نظیر دوا امراض بچگانہ کے لئے نہایت ہی مفید ثابت ہوئی ہے میرے تجربہ میں بچوں کی امراض کے لئے اس سے بہتر

شاید ہی کوئی نسخہ ہے۔ تمام امراض بچگان کے لئے ایک خاص حکمی اثر رکھنے والا تحفہ ہے جو ہر گھر میں تیار رہنا چاہیئے۔ ام الصبیان۔ کھانسی۔ ڈبہ۔ اسہال۔ پیچش۔ درد شکم۔ قبض وغیرہ امراض کے لئے لاثانی دوا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : الائچی خورد ایک تولہ۔ الائچی کلاں ایک تولہ۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ طباشیر۔ چاکسو۔ مرچ سیاہ۔ نرکچور۔ کپور کچری۔ نمک لاہوری۔ نمک سیاہ۔ نمک سانبھر۔ سداب کا نمک ہر ایک تین ماشہ۔ بادیان۔ زیرہ سفید ہر ایک نو ماشہ۔ پودینہ خشک ایک تولہ سب کو سفوف کر کے آپس میں ملائیں اور دوا فرشتہ رحمت تیار ہے۔

فوائد : جمیع امراض بچگان کے لئے جامع الاثر اکسیر دوا ہے۔

ترکیب استعمال : حسب ضرورت اور حسب عمر ایک رتی سے دو رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ دیں۔

قطرہ رحمت

زندگی کا دارومدار اور قوتوں کا انحصار خون صالح کی تولید پر ہے اور یہی سبب ہے کہ خون خراب ہونے پر صحت خراب ہو جاتی ہے لہذا اس کی اصلاح سے غافل نہیں رہنا چاہیئے۔ اور خون صالح پیدا کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے ورنہ انجام خطرناک ہوتا ہے عرق شیریں فساد خون کی اصلاح کرتا ہے اور ہر قسم کے پھنسی پھوڑے کے لئے اکسیر ہے جوانی کی کیلیں اور مہاسے بھی اس سے جاتے رہتے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : چرائتہ۔ عشبہ ہر ایک دو تولہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ صندل سفید ہر ایک چار تولہ۔ گل منڈی۔ فلفل سیاہ۔ عناب پانچ تولہ ہر ایک۔ بسفائج۔ بارتنگ ہر ایک ایک تولہ۔ کشنیز خشک پانچ تولہ۔ سرپھوکہ۔ برگ حنا ہر ایک بارہ تولہ۔ شاہترہ چودہ تولہ۔ افتیمون۔ چوب چینی ہر ایک تین تولہ۔ برادہ صندل سرخ اڑھائی تولہ۔ دو چند پانی میں شبانہ روز تر کر کے عرق کشید کریں۔

خوراک: دوتولہ۔
فوائد: خارش تر وخشک۔ چھائیں۔ جسم کے سیاہ داغ اور فساد میں مفید ہے۔

حب عجیبہ

یہ گولیاں اپنے فوائد کے لحاظ سے بے حد مقبول عام ہو چکی ہیں۔ سوہضم۔ قبض۔ نفخ۔ ریح البواسیر۔ مالیخولیا۔ مراق کے لئے نہایت سریع الاثر ثابت ہوئی ہیں لطف یہ کہ سہل الحصول اور قلیل الاجزاء ہیں۔
اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ فولاد ایک تولہ۔ ست مصبر ایک تولہ۔ ست اجوائن چار ماشہ۔ ست بادیان چار ماشہ۔ ست پودینہ چار ماشہ۔ تمام ادویات کو کھرل کر کے گولیاں بمقدار نخود بنائیں۔
فوائد: بواسیر۔ ریحی۔ مراق۔ سوہضم۔ قبض دائمی کے لئے بے حد مفید ہے۔
ترکیب استعمال: ایک گولی ہمراہ پانی یا دودھ کے ساتھ رات کو سوتے وقت دیں۔

تسلی

بواسیر مسوں کو گرانے کے لئے کئی نسخہ جات آپ نے دیکھے ہوں گے لیکن اس دوا سے بہتر اور زود اثر نہیں مل سکے گی آپ اسے ایک دفعہ ضرور بنائیں اور دیکھیں گے کہ طب یونانی میں کیسی سریع الاثر ادویات موجود ہیں دارالتجارب کے کارناموں کی داد دیں۔ جس کی طفیل آپ کو گوہر گرانمایہ حاصل ہو رہے واقعی بواسیری مسوں کے گرانے کے لئے قابل تسلی چیز ہے۔
اجزاء و ترکیب ساخت: روغن ارنڈ دیسی بقدر آٹھ تولہ۔ کافور دیسی دو تولہ۔ نوشادر تین ماشہ۔ سہاگہ چھ ماشہ۔ ان ہر چہار اشیاء کو ایک بوتہ مٹی میں ڈال کر مٹی کے سرپوش سے منہ بند کر کے کھڑیا مٹی سے مضبوط کر کے بوقت شام دس سیر پختہ اوپلوں کی

آ گ دیں۔ صبح نکال کر جو بوتہ مذکور میں قدرے چیز لزوجت دار دیکھیں اس کو بحفاظت تمام شیشی میں رکھیں۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت اس میں سے بقدر ایک سرخ یا دو سرخ مطابق مسہ کے گرم کر کے مسہ کے اوپر لگائیں۔

فوائد : ایک ہفتہ کے استعمال سے انشاء اللہ شفا ہو گی۔

پرھیز : ترشی اور بادی و مرچ وغیرہ سے پرہیز لازمی ہے نان مرغن بے نمک استعمال کریں۔

ضعف جگر

اجزاء و ترکیب ساخت : خبث الحدید کہنہ لے کر پہلے گاؤ موتر میں اکیس بار بجھاؤ دیں۔ جب پارہ پارہ ہو جائے تو گودہ گھیکوار زیر و بالا رکھ کر کسی کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے آگ دیں۔ چھ سیر پختہ اوپلوں کی آگ سے درست ہو گا صبح نکال کر خوب صلایا کریں تاکہ سرمہ سیاہ ہو جائے بعد ازاں اس میں یہ دوائی ملائیں۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ پوست آملہ ہر ایک دو تولہ۔ زنجبیل ۔ فلفل گرد۔ اجوائن۔ ہر دو چترہ۔ کنجد سفید ہر ایک تولہ تولہ۔ جوز بوا چھ ماشہ۔ شہد خالص دو چند میں معجون بنائیں۔

ترکیب استعمال : خوراک دو سے پانچ ماشہ تک ہمراہ سکنجبین بزوری کے بہت ہی مجرب ہے۔

غذاء : نخود آب یا شلغم یا لحم بز جس میں گرم مصالحہ نہ ڈالا جائے۔

محبت

محبت فی الواقع اسم بامسمیٰ چیز ہے۔ اس کی تعریف خلاف تہذیب ہے جہاں آزمائش کی گئی اس کو لاجواب پایا۔

اجزاء و ترکیب ساخت : نائزہ خرس دس ماشہ۔ گھونگھچی سفید چھ ماشہ۔ بیر

بہوٹی۔عطر گلاب چھ ماشہ۔ کافور چار ماشہ۔ دار چینی چار ماشہ۔عطر حنا چھ ماشہ۔سم الفار چار ماشہ۔عقرقرحا تین ماشہ۔خطراطین مصفی تین ۔قرنفل ایک ماشہ۔مشک خالص ایک ماشہ ان سب دواؤں کو باریک کر کے بھیڑ کے دودھ میں حل کر کے روغن بدستور معروف کشید کرلیں۔

ترکیب استعمال : اور بوقت ضرورت ایک دو قطرہ حشفہ پر مل کر مقاربت کریں۔

ماءاللحم

پیاز کا عرق دس سیر اس عرق کو آگ پر چڑھا کر پھاڑ لیں۔اب وزن کرلیں مثلاً پانچ سیر عرق ہے۔تو اس میں ایک مرغ نوعمر جس کو چوزا کہتے ہیں اس کا گوشت چار سیر جائفل۔جاوتری۔لونگ۔الائچی سرخ۔تیزپات ہر ایک دوتولہ۔برگ سداب ایک تولہ۔ادرک تین تولہ ڈال کر حسب دستور بذریعہ قرع انبیق کے عرق کشید کریں۔پنچہ پر زعفران چھ ماشہ لگادیں اگر اس زعفران کے ساتھ میں عنبر بھی شریک کریں جس قدر ہو کے اعلیٰ و افضل ہے۔یہ نسخہ مجھ کو ایک باورچی سے پہنچا۔جبکہ میں نواب عبداللہ خاں صاحب مدار المہام ریاست ٹونک کے صاحبزادے کے علاج کے لئے ٹونک میں ایک مہینہ بھر رہا۔اور یہ باورچی مجھے کھانا کھلایا کرتا تھا یہ باورچی نواب صاحب کے واسطے چھٹانک بھر چاول علیحدہ پکایا کرتا تھا پلاؤ پکاتے وقت تھوڑا سا عرق۔روغن میں ڈال کر دیا کرتا عجیب الاثر ہوتا۔

طلاء بلوان

اگر خاص وقت پر پوشیدہ جسم میں نرمی آجانے سے شرمندگی اٹھانی پڑتی ہے تو طلاء بلوان استعمال کیجئے لگاتے ہی جذب ہوکر بجلی سی قوت پیدا کردے گا۔جسم فولاد کی طرح سخت ہوجائے گا نہ باندھنے کی ضرورت نہ نہانے کا پرہیز نہ آبلہ نہ چھالا پڑنے کا ڈر۔شیر کی

چربی ریچھ کی چربی اور بے شمار انگریزی و دیسی ادویات سے تیار شدہ طلاء بلوان کو چند روز متواتر استعمال کرنے سے بچپن کی غلط کاریوں یا بڑھاپے کی وجہ سے سستی نامردی کمزوری۔ ڈھیلا پن۔ ٹیڑھا پن۔ چھوٹا پن یا رگوں کا پھول جانا وغیرہ عضو کی تمام خرابیاں بالکل دور ہو کر کمزور سے کمزور اور گیا گزرا از کار رفتہ بھی قابل فخر مرد بن جاتا ہے فربہی اور درازی کی بہترین دوا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سنی من آئیل (روغن دار چینی) کروٹن آئیل (روغن حب الملوک) یوکلپٹس آئل (روغن سفیدا) پیپر منٹ آئیل۔ لائیکوار اہی سپٹکس عطر صندل یا عطر گلاب ہر ایک ایک تولہ۔ روغن بادام خالص۔ روغن زیتون۔ روغن زردی بیضہ مرغ۔ روغن چنبیلی۔ چربی شیر۔ چربی ریچھ۔ چربی سانڈہ ہر ایک پانچ پانچ تولہ۔ کاڈ لیور آئیل (روغن مچھلی) دس تولہ تمام روغنیات کو ملا کر شیشی میں ڈالیں اور چربیوں و پگھلا کر شامل کر لیں بس طلائے بلوان تیار ہے۔

ترکیب استعمال : رات کو سوتے وقت دو رتی طلا لے کر عضو مخصوص کی پشت اور پہلو پر خوب مالش کریں بعدہ اوپر برگ پان یا ارنڈ لپیٹ کر اور لنگوٹ کس کر سو رہیں صبح کھول کر گرم پانی اور صابون سے دھو کر تولیہ سے صاف کر دیا کریں۔ اسی طرح اکیس دن متواتر استعمال کرنے سے بفضلہٖ نامرد سے نامرد بھی مرد کامل ہو جائے گا۔

فوائد : ایسا سہل الحصول اور کامیاب طلا۔ عضو مخصوص کی تمام خرابیوں کو دور کر کے اس کے رگ و ریشہ کو مضبوط اور توانا بناتا ہے۔

حب کمال

دفتروں میں کرسیوں پر۔ دکانوں میں چوکیوں پر دن بھر جم کر بیٹھنا پڑتا ہے جو فضلات تحلیل نہ ہونے کی وجہ سے غذا جزو بدن نہیں بنتی بلکہ غیر منہضم صورت میں معدہ اور آنتوں میں دیر تک اٹکی رہتی ہے غذا پوری طرح ہضم نہ ہونے سے خون کم بنتا ہے اور دوسرے غلیظ فضلات زیادہ بنتے ہیں جن سے بلغم ریح پھیل کر رفتہ رفتہ پیٹ بڑھتا جاتا

ہے توند نکل آتی ہے کاروبار میں دقت اور جسم بدنما ہو جاتا ہے حب کمال ان تمام شکائیتوں کو دور کر کے پیٹ کو ہموار اور خوشنما بنا دیتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : برگ آڑو سات ماشہ۔ مصبر تین ماشہ۔ برگ نیم پانچ ماشہ۔ کلونجی ایک تولہ۔ کمون نو ماشہ (زیرہ)۔ کمیلہ نو ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ نو ماشہ۔ کچور پانچ ماشہ۔ افسنتین سات ماشہ۔ تمام ادویات باریک کر لیں تیار ہے۔

خوراک : چھ ماشہ ہمراہ آب تازہ دیں۔

فوائد : معدہ اور جگر کے فضلات رویہ کو رفع کرتا ہے۔

لیکورین

اکثر عورتیں اس موزی بیماری میں مبتلا ہوتی ہیں۔ مگر اپنی انتہائی شرم و حیا کی وجہ سے کسی سے اظہار نہیں کرتیں جہاں تک ہمارا تجربہ ہے ہم دعوی کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ نوے فیصدی عورتیں سیلان الرحم میں مبتلا رہتی ہیں۔ یہ ایک ایسا خطرناک مرض ہے کہ عورتوں کی جوانی دلفریب حسن اور قابل رشک صحت برباد کر دیتا ہے ان کا خوشنما دلکش اور سرخ و سفید چہرہ زرد بے رونق مرجھایا ہوا بدنما ہو جاتا ہے۔ غرض یہ موذی مرض ان کے شباب اور دلی امیدوں و تمام امنگوں کو خاک میں ملا دیتا ہے رحم کمزور ہو کر ناکارہ ہو جاتا ہے اولاد کے قابل نہیں رہتی۔ لیکورین حقیقت میں سیلان الرحم کا تریاق ہے جریان منی کے لئے مجرب ہے جو مستورات اس جان لیوا مرض میں مبتلا ہوں۔ زندگی نہایت بے لطفی سے گزر رہی ہو ان کے لئے یہ دوا ایک معجزہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : چکنی سپاری چار تولہ۔ پیپل کی لاکھ چار تولہ۔ طباشیر دو تولہ۔ گیلک ایسڈ نو ماشہ۔ کشتہ مرجان آٹھ ماشہ۔ کشتہ بیضہ مرغ۔ چھ ماشہ۔ اول الذکر ہر سہ ادویہ کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے پھر آپس میں ملا لیں اور خوب کھرل کریں۔ بعدہ گیلک ایسڈ و کشتہ جات شامل کریں اور ایک گھنٹہ نہایت زور دار ہاتھوں سے کھرل کریں۔

ترکیب استعمال : ماشہ صبح اور ماشہ شام ہمراہ شیر بز دیا کریں اگر مریضہ زیادہ بیٹھے رہنے کی عادی اور آرام طلب ہو تو دوران استعمال اس کو صبح و شام نصف میل یا میل تک بطور سیر و تفریح چلنا پھرنا ضروری و لازمی ہے۔

فوائد : سیلان الرحم کے لئے واقعی عجیب تحفہ ہے۔

جامدی

کثرت احتلام ہو یا جریان یا سرعت انزال یہ سب ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے سب کا نتیجہ اور سبب بھی قریب قریب ایک ہی ہوتا ہے۔ انسان کی تندرستی و جوانی کو دیمک کی طرح چاٹ جاتے ہیں فی زمانہ بکثرت نوے فیصدی مرد عورتیں اس مرض کے مریض پائے جاتے ہیں۔ جو مندرجہ ذیل شکایات میں مبتلا ہیں پیشاب سے پہلے یا بعد مادہ تولید کے قطرے نکلنا ادنی خیزش سے رطوبت نکل آنا اور کمر میں درد۔ بدن میں سستی۔ ہاضمہ اور جگر کا خراب ہونا۔ قبض کی شکایات اور بدن میں لاغری۔ ہر روز یا دوسرے تیسرے روز خواب ناپاک (احتلام ہو جانا پٹھوں میں کمزوری ہونا عورتوں کے اندام نہانی سے رطوبت کا آنا (سیلان الرحم) اور درد کمر وغیرہ ہونا یہ دوا پندرہ روز میں مریض مذکورہ بالکل تندرست بنا دیتی ہے سینکڑوں مرتبہ کی مجرب دوا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : زعفران نو ماشہ۔ کشتہ فولاد ابرک والا چھ ماشہ۔ کیکر کا سیاہ رس (مستی) چار تولہ۔ کشتہ چاندی چھ ماشہ۔ سیاہ دھتورے کے بیج روغن بادام میں بریان کئے ہوئے پانچ ماشہ۔ سب کو قدرے شہد ملا کر کھرل کر کے نخود کے برابر گولیاں بنائیں پندرہ روز تک دو گولی سوتے وقت دودھ سے کھائیں آرام ہوگا۔

ترکیب کشتہ فولاد ابرک والا : فولاد ایک تولہ ریتی سے رگڑ کر کسی چینی کی پیالی میں ڈال دیں اور اس میں پانچ تولہ تیزاب جامن ڈال کر سیاہ میں خشک کریں جب خشک ہو جائے تو باریک پیس لیں پھر پانچ تولہ انگوری سرکہ ڈال کو دھوپ میں خشک کریں اور ہر دفعہ پیس لیا کریں اگر لوہے کا کھرل ہو تو بہت عمدہ ہے آخری دفعہ ابرک

سفید جو چار دن تک مولی کے پانی میں کھرل کیا گیا ہو اور چار تولہ قلمی شورہ ملا کر سب کو کھرل کر ڈالیں اور پانچ سیر کی آگ دیں۔ اب کشتہ فولاد ابرک تیار ہو گیا پیس کر کام میں لائیں جملہ بیماریوں کے لئے مجرب ہے۔

حب شاہانہ

یہ خوشنما زاہد فریب دیدہ زیب گولیاں ہر عمر اور موسم میں فائدہ کرنے والی کمزور ناتواں اور بوڑھوں کا سہارا قیمتی جواہرات سے مرکب مشک وعنبر سے معطر۔ سونا چاندی سے مکلف۔ ضعف باہ کا مکمل علاج۔ قوت اور مادہ خاص کے پیدا کرنے میں اکسیر صفت ہے۔ مباشرت کے بعد کی کمزوری تھکان صرف ایک گولی کھاتے ہی دور اور پھر دوبارہ طبیعت تیار اور مستعد ہو جاتی ہے مجلوق و ناکارہ کی کھوئی ہوی طاقت کا مفید ترین نعم البدل ہے۔ نامرد کو مرد اور مرد کو جوانمرد قوی بنانے والی اور تمام شرمناک امراض کے رفع کرنے میں نہایت مجرب گولیاں ہیں ہماری تعریف سے زیادہ آزمائش شرط ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : افیون ایک تولہ۔ شنگرف نصف تولہ۔ سم الفار ایک تولہ۔ عقر قرحا تین تولہ۔ کچلہ دو تولہ۔ جائفل ڈیڑھ تولہ۔ جاوتری ڈیڑھ تولہ۔ بیر بہوٹی ڈیڑھ تولہ۔ خراطین خشک مصفی چار تولہ۔ شہد یا زردی بیضہ مرغ میں سحق و بلیغ کر کے یعنی دو تین روز متواتر سحق کر کے حبوب بقدر ایک رتی بنالیں۔

ترکیب استعمال : ایک ایک گولی روزانہ صبح وشام بیس روز تک چالیس گولیاں کھالیں فوری اثر کے لئے وقت سے تین گھنٹے پہلے کھائیں۔

فوائد : انشاءاللہ آپ کو پھر کبھی جنسی کمزوری نہیں ہوگی۔

شہنشاہی

ایک عجیب وغریب نادر تحفہ ہے۔ بڑی مفرح خوشنما گولیاں ہیں۔ جن میں قیمتی جواہرات اور کمیاب و لاثانی اجزاء ڈالے گئے ہیں۔ بوڑھے کھائیں تو جوان ہو جائیں

اور جوان کھائیں تو قوی پہلوان ہو جائیں خوشبودار۔ لذیذ۔ دل و دماغ کو فوری تفریح و خوشی پیدا کرنے والی تھکان۔ سستی۔ درد کمر کو رفع کرنے والی تمام امراض مردانہ اور ضعف باہ کے لئے تیر بہدف لا ثانی و بے نظیر حبوب ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کونین ایک تولہ۔ زعفران۔ جوہر فولاد (فاسفورس کی قوت دیا گیا ہو) فلفل سیاہ۔ مویز منقی ہر ایک ایک تولہ سب بطریق معروف کوٹ پیس کر عرق کیوڑہ میں کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ مونگ بنا لیں۔ اور ایک گولی میں اسٹرکنیا 1/16 گرین ہونا چاہیئے۔

خوراک : ایک گولی سے دو گولی تک غذا مرغن۔

فوائد : یہ گولیاں مردانہ قوت اور بدن کے علاوہ کثرت بول کے لئے بھی مفید ہیں۔ حسب برداشت مقدار خوراک میں کمی بیشی کر سکتے ہیں۔

حب مسیحی

ہر شخص کی زندگی میں ایسے مواقع آجاتے ہیں جب کہ جسم کی تمام قوتوں اضمحلال اور کمزوری محسوس ہوتی ہے اور عمدہ مقوی غذائیں بھی طاقت بحال کرنے میں ناکام رہتی ہیں کیونکہ غذا سے طاقت اسی وقت حاصل ہوسکتی ہے جب وہ بخوبی ہضم ہو سکے اور جسم کی قوتیں اس قابل ہوں کہ غذا سے مکمل فائدہ حاصل کر سکیں لیکن پیرانہ سالی کی وجہ سے یا متواتر مختلف بیماریوں کے حملے سے یا قوت مردمی کی بربادی سے عموماً ایسی حالت پیدا ہو جاتی ہے جبکہ صرف غذا تلافی نہیں کر سکتی اور ضرورت ہوتی ہے کسی اکسیری دوا کی جو جسم کی بگڑی ہوئی حالت کو درست کر دے اور انسان کو زندگی کا لطف حاصل کرنے کے قابل بنائے ایسی اکسیری دوا جس کے یقینی فوائد کا مجلس اطباء سینکڑوں مواقع پر مشاہدہ کر چکی ہے یہی حب مسیحی ہے جو تمام اعضائے رئیسہ اور جسم کی تمام طاقتوں کو تقویت پہنچا کر گئی گزری حالت میں جوانی کی یاد تازہ کر دیتی ہے اور ان تمام امراض کو زائل کر دیتی ہے جو صرف کمزوری کی وجہ سے آئے دن ستاتے رہتے ہیں۔ اس کے اجزاء نہایت

معتدل ہیں اور اس کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس سے کوئی نقصان نہیں پہنچتا ہے غری محسوس طور پر جسم میں انقلاب عظیم پیدا ہو جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : سافٹ پل آف فاسفورس تین ماشہ۔ ایکسٹریکٹ ڈامیانہ دو ماشہ۔ ایکسٹریکٹ نکسوا میکا دو ماشہ۔ جوہر فولاد۔ جدوار خطائی۔ مومیائی اصلی۔ مشک خالص۔ عنبر اشہب۔ ورق نقرہ۔ ورق طلاء۔ ریگماہی۔ جند بید ستر ہر ایک ایک ماشہ۔ خراطین مصفی دو ماشہ۔ بیر بہوٹی۔ مغز پستہ۔ مغز بادام ہر ایک تین ماشہ۔ مغز کنجشک خانگی۔ ماہی روبیاں۔ زعفران۔ عقرقرحا۔ صدف صادق۔ مرجان ہر ایک دو ماشہ تمام ادویہ کوٹ چھان کر شیر برگد میں گولیاں بقدر ایک ایک سرخ بنائیں اور بوقت صبح ایک گولی ہمراہ دودھ گاؤ دیں۔

اکسیر اعظم

یہ ایک خاص اکسیر ہے جو تمام اعضائے رئیسہ کو قوت دیتا ہے بدن کی اصلی حرارت قائم رکھتا ہے قوت مردانہ کے لئے خاص طور پر ہے عام جسمانی کمزوری دور کر کے نئی طاقت پیدا کرتا ہے باہ کو قوت دیتا ہے خون صالح پیدا کرتا ہے مرغن غذا جزو بدن بناتا ہے چند خوراکیں استعمال کرنے سے رگ رگ میں اس کا اثر دوڑ جاتا ہے تندرستی میں نمایاں تبدیلی مزاج میں شگفتگی اور پٹھوں میں طاقت محسوس ہوتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : ورق نقرہ چار ماشہ۔ سم الفار سفید چھ ماشہ۔ بیش مدبر تولہ۔ جدوار خطائی ایک تولہ۔ افیون تین ماشہ۔ علیحدہ علیحدہ باریک کر کے آب جوز ماثل میں دو روز کھرل کریں پھر ایک دن شیر بز میں کھرل کریں اور گولی بقدر دانہ باجرہ بنائیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی کھانا کھانے کے بعد کھائیں یاد رہے کہ بیش ایسا مدبر کریں کہ اس میں سوئی گزر سکے۔

ماء اللحم انگوری وعنبری

خاص نسخے کی عمدہ اشیاء (اجزاء) سے اعلیٰ درجہ کا کشید کیا ہوا سہ آتشہ موسم سرما کا عجیب وغریب تحفہ ہے یہ ماء اللحم بے حد مفید ہوتا ہے گلے سے اترتے ہی خون میں تبدیل ہو جاتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس کی ایک ہی خوراک پینے سے چند بعد دل کو راحت جسم کو طاقت دماغ میں فرحت آنے لگتی ہے اطباء سلف نے خالص خون کو روح لکھا ہے لہذا ماء اللحم جسم میں تحلیل روح بن کر طبیعت کو پرسرور ہشاش اور توانا بناتا ہے کمزور معدہ کو طاقت بخشتا ہے بھوک صادق پیدا کرتا ہے خون صاف کرتا ہے حرارت غریزی پیدا کرتا بگڑے ہوئے گردوں کو درست کرتا ہے ماء اللحم دل جگر۔ معدہ۔ دماغ۔ بصر۔ پھیپھڑے۔ گردہ خراب شدہ اعصاب مفلوج ومسترخی کے افعال باقاعدہ کر کے ان سے وہی کام لیتا ہے کہ جو قدرت نے اسے سپرد کئے تھے۔ اعضائے بیکار میں بیداری سست کو چست بنانا کمزور اور بوڑھے کا سہارا ہے۔ غافل کو ہوشیار بے حس کو حساس بناتا ہے ماء اللحم خون صالح پیدا کر کے جسم اور خون کی خرابی اور سمیت کو دور کرتا ہے خصوصا اس ردی حالت سے کہ جو آتشک سوزاک وغیرہ وغیرہ کے بعد مختلف رنگوں میں ظاہر ہوا کرتی ہے مثلاً وجع المفاصل چہرہ پر بدنما داغ۔ یبوست کی زیادتی ہاتھ میں جلن جسم اور چہرہ میں سیاہی کے داغ اور بے رونقی اور خارش کھایا پیا کم لگنا۔ کمزوری۔ کھانسی دمہ وغیرہ ان سب عوارض کو روکتا ہے دل میں سرور اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے لاغر کو فربہ کمزور کو توانا بے رونق چہرہ کو بارونق زرد کو سرخ نامرد کو مرد۔ ضعیف کو قوی دائم المریض کو صحیح بناتا ہے۔ دماغ کو قوی اور نسیان کو دور کرتا ہے تحریک نزلہ ہو یا دردسر گلے میں خراش ہو یا آواز کی خرابی ناک سے پانی بہنا شروع ہو جاتا ہے ضیق النفس (دمہ) بدہضمی۔ کھانسی۔ دائمی قبض۔ ہول دل۔ مراق۔ کثرت بلغم سانس کے پھولنے کا شرطیہ علاج ہے۔ ہر قسم کی قوت بحال کرتا ہے وزن بڑھاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : گوشت بٹیر۔ گوشت کبوتر صحرائی۔ ریہ بز۔ شیرہ۔

ماءاللحم انگوری وعنبری

خاص نسخے کی عمدہ اشیاء (اجزاء) سے اعلیٰ درجہ کا کشید کیا ہوا سہ آتشہ موسم سرما کا عجیب وغریب تحفہ ہے یہ ماءاللحم بے حد مفید ہوتا ہے گلے سے اترتے ہی خون میں تبدیل ہو جاتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس کی ایک ہی خوراک پینے سے چند بعد دل کو راحت جسم کو طاقت دماغ میں فرحت آنے لگتی ہے اطباء سلف نے خالص خون کو روح لکھا ہے لہذا ماء اللحم جسم میں تحلیل روح بن کر طبیعت کو پرسرور ہشاش اور توانا بناتا ہے کمزور معدہ کو طاقت بخشتا ہے بھوک صادق پیدا کرتا ہے خون صاف کرتا ہے حرارت غریزی پیدا کرتا بگڑے ہوئے گردوں کو درست کرتا ہے ماء اللحم دل جگر۔ معدہ۔ دماغ۔ بصر۔ پھیپھڑے۔ گردہ خراب شدہ اعصاب مفلوج ومسترخی کے افعال باقاعدہ کر کے ان سے وہی کام لیتا ہے کہ جو قدرت نے اسے سپرد کئے تھے۔ اعضائے بیکار میں بیداری سست کو چست بنانا کمزور اور بوڑھے کا سہارا ہے۔ غافل کو ہوشیار بے حس کو حساس بناتا ہے ماءاللحم خون صالح پیدا کر کے جسم اور خون کی خرابی اور سمیت کو دور کرتا ہے خصوصا اس ردی حالت سے کہ جو آتشک سوزاک وغیرہ وغیرہ کے بعد مختلف رنگوں میں ظاہر ہوا کرتی ہے مثلاً وجع المفاصل چہرہ پر بدنما داغ۔ یبوست کی زیادتی ہاتھ میں جلن جسم اور چہرہ میں سیاہی کے داغ اور بے رونقی اور خارش کھایا پیا کم لگنا۔ کمزوری۔ کھانسی دمہ وغیرہ ان سب عوارض کو روکتا ہے دل میں سرور اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے لاغر کو فربہ کمزور کو توانا بے رونق چہرہ کو بارونق زرد کو سرخ نامرد کو مرد۔ ضعیف کو قوی دائم المریض کو صحیح بناتا ہے۔ دماغ کو قوی اور نسیان کو دور کرتا ہے تحریک نزلہ ہو یا دردسر گلے میں خراش ہو یا آواز کی خرابی ناک سے پانی بہنا شروع ہو جاتا ہے ضیق النفس (دمہ) بدہضمی۔ کھانسی۔ دائمی قبض۔ ہول دل۔ مراق۔ کثرت بلغم سانس کے پھولنے کا شرطیہ علاج ہے۔ ہر قسم کی قوت بحال کرتا ہے وزن بڑھاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : گوشت بٹیر۔ گوشت کبوتر صحرائی۔ ریہ بز۔ شیرہ۔

مغز بادام۔ شیرہ مغز چلغوزہ۔ حلبہ ہر ایک دس تولہ۔ گوشت حلوان پندرہ تولہ۔ مغز سر بز بیس تولہ۔ گوشت چوزہ نر تیس تولہ۔ مغز تخم خربزہ۔ شیرہ خشخاش۔ چوب چینی۔ آب لہسن ہر ایک پانچ تولہ۔ شیرہ کوکنار آٹھ تولہ۔ شکر تیغال۔ صمغ عربی۔ دارچینی ہر ایک چھ تولہ۔ زعفران۔ جلوتری۔ جائفل ہر ایک چھ ماشہ۔ لونگ۔ ثعلب مصری۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ عود ہندی۔ سنبل الطیب۔ زنجبیل۔ وج۔ کباب چینی۔ بہمن سرخ۔ وسفید۔ تیج پات۔ دارفلفل۔ بوزیدان۔ خولنجاں۔ دردنج عقربی۔ عقرقرحا۔ صندل سرخ وسفید۔ موصلی سفید۔ تودری سرخ وسفید۔ زرشک شیریں۔ بہدانہ ہر ایک تولہ۔ گل سرخ۔ گاؤ زبان۔ مغز پستہ۔ نارجیل دریائی۔ شقاقل۔ ابریشم خام ہر ایک اڑھائی تولہ۔ آب سیب پندرہ تولہ۔ رب بہی دس تولہ۔ رب انگوزہ پندرہ تولہ۔ عرق کیوڑہ۔ عرق گلاب۔ عرق گاؤ زبان ہر ایک بیس تولہ۔ آب انار سات تولہ۔ آب پیاز دس تولہ۔ آب باراں نو سیر۔ عرق نکال لیں دوسری بار عرق میں زعفران ایک تولہ۔ دانہ الائچی خورد تین تولہ۔ جلوتری دو تولہ۔ صندل سفید پانچ تولہ۔ ڈال کر تیسری بار عرق نکالتے وقت مشک نو ماشہ۔ عنبر چھ ماشہ۔ کرم انبیق کی نالی کے ساتھ پوٹلی باندھ دیں۔ حب دستور دو تولہ سے پانچ تولہ تک استعمال کریں۔

فوائد : مولد ارواح۔ صالح خون۔ حرارت غریزی۔ مقوی باہ۔ دل و دماغ مقوی اعصاب وسینہ۔ مانع نزلہ زکام وسعال غرض یہ کہ جسم وجان کو مضبوط بناتا ہے۔

اکسیر شاہانہ

مقوی اعضائے رئیسہ اتنا کہ کہہ نہ سکیں۔ قوائے ارواح کو طاقت دینے اور مضبوط رکھنے والا۔ رگوں پٹھوں۔ عضلات۔ ہڈی مجاری۔ دماغ۔ منی سب کو طاقت بخشنے والا یہ نسخہ امراء کے گھروں میں ہر وقت موجود رہنا چاہئے۔ لوگ امساک کو ڈھونڈتے پھرتے ہیں مگر نہیں ملتا۔ قدرتی اس سے پیدا کیا جا سکتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کشتہ طلا۔ مشک نیپالی۔ مروارید ناسفتہ۔ زعفران۔

ست برگد ہر ایک تولہ۔ ست افیون (مارفیا) تین ماشہ۔ ان سب ادویہ کو دودھ برگد میں تھوڑی دیر کھرل کر کے آدھ ماشہ کی گولیاں بنالیں۔

ست برگد : برگد کے زرد پتے لے کر ان کو ہاتھوں سے مروڑ کر مٹکوں میں بھر دیں اور پانی اس قدر ڈالیں کہ ڈوب جائیں دو دن کے بعد کڑاہی ابالیں جب چوتھائی پانی رہے تو مل چھان کر پھر کڑاہی میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں حتی کہ کل پانی جذب ہو جائے شہد کی مانند گاڑھا قوام ہو تو نیچے اتار لیں ست برگد تیار ہے۔

ترکیب استعمال : ایک گولی حسب مزاج ہمراہ دودھ کھلائیں۔ وقتی ضرورت دو گولی بالائی کے ہمراہ تین گھنٹے قبل درمیان کوئی چیز نہ کھائیں۔

مختار

اگر کسی وجہ سے ضبط تولید کی ضرورت ہے۔ کثرت اولاد یا بچوں اور ان کی والدہ کی صحت پر برا اثر پڑنے کے خطرہ سے مجبور ہیں۔ تو آپ پریشان نہ ہوں یہ بے ضرر دوا استعمال کر کے برس دو برس تک حمل سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کاکنج۔ دار فلفل۔ سہاگہ۔ باؤ بڑنگ۔ عود ہندی ہر ایک چھ ماشہ تمام ادویہ باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : چھ ماشہ روزانہ چار روز تک بعد طہر پلائیں۔

فوائد : مانع حمل بے ضرر اور یقینی اثرات کی حامل ہے۔

تریاق خنازیر

خنازیر یعنی ہنجیر ان نہایت بدترین اور بدنما مرض ہے مشکل سے دور ہوتا ہے۔ اس بد ترین مرض کے لئے واقعی تریاق ہے خنازیر خواہ کس قدر بگڑی ہو گلٹیوں کی صورت ہو یا بہتی ہو ہر حالت میں تریاق خنازیر اکسیر ثابت ہو چکی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : کچلہ پانچ تولہ۔ پہاڑی تمباکو تیز قسم سالم معہ پھول

یا بازار میں بکنے والا بلغی تمبا کو سوا سیر ان سب کو دس سیر پانی میں مٹکے میں ڈال کر بھگو دیں۔ منہ بند کر کے آٹھ پہر کی آگ دیں۔ کچلہ نکال کر اوپر کا چھلکا اور اندر کا پتہ دور کر دیں۔ اور اس کے ہم وزن پیپل و مرچ سیاہ شامل کر کے باریک کر لیں اور گولیاں بقدر دانہ مرچ تیار کر لیں ایک یا دو گولی ہمراہ روغن زرد حسب ضرورت استعمال کریں۔

فوائد : دمہ۔ گنٹھیا اور خنازیر کے لئے اکسیر ہے۔ مقوی اعصاب ہے۔

نوٹ : اگر کچلہ کو تمبا کو میں پکانے کے بعد بھینس کے سوا سیر گوبر میں پکائیں تو اور بہتر ہے۔

طب یونانی کے ممتاز نورتن

***

علاج بواسیر

(عطیہ حکیم باغ علی صاحب ابوہری)

ضمادی

گوشت خورہ ایک تولہ۔ لے کر شیر حمار میں تین بار تر و خشک کریں پھر باریک پیس کر محفوظ رکھیں مکھن چار تولہ سو بار پانی میں دھو کر باہم ملالیں اور مسوں پر لائیں۔ انشاء اللہ ہفتہ تک مسے غائب ہو جائیں گے کسی قسم کی تکلیف نہیں ہوگی۔

خوراکی : قلمی شورہ پانچ تولہ۔ گندھک آملہ سار ڈیڑھ تولہ۔ ہر دو کو کسی مٹی کے پیالہ میں آگ پر رکھیں تا کہ شورہ کا پانی خشک ہو جائے پیس کر کھرل میں دس تولہ آب بیخ سہانجنہ ڈال کر خشک کریں جب دو بار سفوف تیار ہو جائے کام میں لائیں۔

خوراك : دو ماشہ صرف صبح کے وقت دیں ایک ہفتہ دونوں دوائیں۔ استعمال کریں

پھر ضمادی ترک کریں اور خوراکی مزید ایک ہفتہ کھائیں۔

علاج صرع

نفوخی

عقرب زندہ آٹھ عدد۔ فلفل سیاہ چالیس عدد ان دونوں کو ایک برتن میں بند کر کے سرگیں اسپ میں چالیس روز دفن کر دیں۔ بعدہ نکال کر باریک پیس کر مصروع کے ناک میں پھونکیں تین چار مرتبہ سیطون دماغ سے آ کر آخر ایک کیڑا نکلے گا بحکم خداوند کریم مریض شفایاب ہو کیڑا خارج ہونے کے بعد خوراکی نسخہ استعمال کریں۔

خوراکی : توتیا سفید چار ماشہ۔ چرائتہ آٹھ ماشہ۔ باریک پیس کر گرین گرین کی گولایں بنالیں ایک گولی پانی کے ساتھ دوسرے یوم دو تیسرے روز تین پھر ہر روز تین گولیاں کھلاتے رہیں۔ انشاء اللہ اس مرض صرع سے عمر بھر کے لئے نجات ہو گی نسخہ کیا ہے ایک تیر بہدف جادو ہے۔

نامردی سستی کا مکمل علاج

خوراکی: گھونگھچی سفید دو تولہ۔ تخم اٹنگن دو تولہ۔ بیخ کنیر سفید دو تولہ۔ تخم چھمک نمول تولہ۔ مالکنگنی دو تولہ۔ ہڑتال ورقیہ چھ ماشہ۔ سب دواؤں کو باریک پیس کر تین سیر دودھ گاؤ میں جوش دیں۔ جب قدرے دودھ جلنے پر ہو اور رنگ سرخ ہو تو نیچے اتر کر ضامن لگا کر رکھ دیں۔ یہ عمل مغرب کے وقت کریں صبح کو بلو کر مکھن نکالیں اور گرم کر کے گھی بنالیں احتیاط سے رکھیں ایک قطرہ لے کر پان پر لگا کر کھائیں دو ہفتہ تک مکمل سستی نامردی کا علاج ہو جاتا ہے۔

طلائی : اسی روغن میں سے چار قطرہ لے کر اس میں نصف رتی پارہ ہتھیلی پر ملا کر مالش کر کے پان کا پتہ باندھ دیا کریں۔ یہ دونوں طریقہ علاج خوراکی و طلائی اکھٹے شروع کرے۔ انشاء اللہ پچاس سالہ مرد دو ہفتوں میں شیر مرد بن جائے گا۔ اندرونی اور

بیرونی تمام نقائص دور ہو کر ہمیشہ کے لئے جسم میں روح دوڑا دے گا۔

مکمل علاج قابل اولاد

معجون مغلظ منی

اجزاء و ترکیب ساخت : بیروزہ خشک مدبر چار تولہ۔ الائچی خورد دو تولہ۔ تخم بھنگ دو تولہ۔ صمغ عربی دو تولہ۔ مصری بیس تولہ۔ مصری کا قوام تیار کر کے دیگر ادویہ باریک شدہ شامل کر کے معجون تیار کر لیں۔ ایک تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ گاؤ دیں۔

فوائد : عورت اور مرد کو یکساں مفید و مجرب ہے اگر عورت اس کو استعمال کرے تو حیض کے بعد جماع سے حاملہ ہو جاتی ہے اگر مرد کھائے تو منی غلیظ ہو کر قابل اولاد ہو بیش قیمت معجونیں اس کے سامنے ہیچ و ناکارہ ہیں تجربہ شاہد ہے۔

مکمل علاج مرض شکم

حب انگوزہ

اجزاء و ترکیب ساخت: ہینگ ایک ماشہ۔ نمک سنگ دو ماشہ۔ داوڑنگ چار ماشہ۔ سنڈھ پانچ ماشہ۔ مرچ سیاہ چھ ماشہ۔ مگھ پیپل سات ماشہ۔ کٹھ آٹھ ماشہ۔ ہلیلہ سبز نو ماشہ۔ چترہ دس ماشہ۔ دلجوائن گیارہ ماشہ۔ ورچ بارہ ماشہ۔ تمام ادویہ کو باریک پیس کر قند سیاہ کے غلیظ قوام میں ملا کر گولیاں بقدر کنار خورد بنائیں ایک گولی بآب گرم ساتھ مرض باؤ گولہ و جمیع امراض شکم میں مفید و مجرب ہے معمول مطب ہے۔

علاج امراض چشم

رفیق چشم

اجزاء و ترکیب ساخت: نوشادر۔ سہاگہ۔ لوٹہ سجی۔ پھٹکری۔ قلمی شورہ۔

مامیراں چینی۔ (مسحوقہ در آب پیاز) نمک حنظل ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو خشک اور باریک کر کے سرمہ تیار کریں۔ اور شیشی میں محفوظ رکھیں بوقت ضرورت آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد : دھند۔ غبار۔ جالا۔ پھولا۔ ککرے۔ پڑوال۔ ضعف چشم۔ جرب۔ خارش کو مجرب و آزمودہ ہے۔ یہ تحفہ عجیب الاثر ہے۔ ہزار ہا نسخہ اس کے ۔ منے ممیرے اور موتیوں کے ہیچ و ناکارہ ہیں۔

نوشادر کا تیل

نوشادر کی ڈلی چونہ یا سنڈھ شورہ میں پکائیں جب نوشادر قائم النار ہو جائے تب آدھ پاؤ نوشادر پانچ تولہ۔ دال گھونگھچی سرخ کی ملا کر بذریعہ پتال جنتر روغن ٹپکائیں۔ جو سرخ خون کبوتر کی طرح ہو گا اور شہد کی طرح گاڑھا تیل نکلے گا جہاں چاہیں کام میں لائیں۔

جست قائم النار مجرب

جست چار تولہ۔ سیماب سوا دو تولہ۔ عقد کر کے سم الفار اڑھائی تولہ۔ سہاگہ اڑھائی تولہ۔ نوشادر اڑھائی تولہ۔ قلمی شورہ اڑھائی تولہ۔ کنوار گندل میں سحق کر کے درمیان عقد دے کر پانچ سیر کی آگ دیں۔ اسی طرح سات بار عمل کریں جست قائم النار ہو گا مہوس لوگوں کے کام کی چیز ہے مجرب و آزمودہ ہے۔

حیرت

یہ بیش بہا ادویات کا مرکب ہے یہ انسانی زندگی کو کامیابی کے ساتھ بسر کرنے کی دعوت دیتا ہے شباب کی مردہ کلی میں جان ڈال دیتا ہے اس طلاء سے خواہ کیسی ہی خرابی پیدا ہو گئی ہو اس کے چند قطروں کی مالش۔ ناطاقتی۔ کمزوری۔ سستی۔ نامردی کو دور کر

کے حیرت انگیز تبدیلی پیدا ہو جاتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : مسکہ میش پانچ تولہ۔ مٹھا تیلیہ۔ خراطین مصفی۔ انبہ ہلدی۔ زرد سنکھیا۔ شنگرف۔ مالکنگنی۔ عقرقرحا۔ دارچینی ہر ایک ایک تولہ۔ تمام ادویہ کو کھرل کر کے شیر مدار میں حل کر کے ایک کپڑے پر لیپ کر دیں اس کا فتیلہ بنا کر لوہے کی سیخ سے لگا کر آگ لگائیں جو روغن ٹپکے محفوظ رکھیں۔ روغن مذکور دو تولہ آب لہسن ایک ایک تولہ ملا کر حل کر کے یک جان کر لیں طلا حیرت تیار ہے۔ ہمیشہ کے لئے مردانہ کمزوری دور ہو کر نئی طاقت اور نئی جوانی کا جوش پیدا کر دے گا۔

ارسٹول

ہر مزاج اور ہر عمر میں اس کا استعمال ہو سکتا ہے۔ ہر قسم کی منشیات سے مبرا ہے نہایت مقوی و مفرح ادویات کا ایک بہترین مرکب ہے جو ایک طویل عرصہ و تجربہ و امتحان کے بعد پیش کیا جا رہا ہے۔ اعضاء رئیسہ کی جملہ کمزوریوں کو دور کرنے اور عام بدنی قوت کو بحال کرتا ہے شباب کی غلط کاریوں کا ازالہ کر کے از سر نو شباب لاتا ہے دل دماغ میں تروتازگی اور طبیعت میں فرحت و انبساط کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں۔ دماغی تھکن اور جملہ شکایت کا خاتمہ ہو جاتا ہے جملہ امراض قلبی کا تریاق ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت : زہر مہرہ خطائی ایک تولہ۔ سنگ یشب۔ بسد۔ طباشیر۔ عقیق سرخ۔ ہر ایک چھ ماشہ۔ کہربا۔ مشک۔ مصطگی رومی۔ عنبر اشہب۔ مروارید ناسفتہ پانچ ماشہ۔ ورق طلاء ایک ماشہ۔ ورق نقرہ چار ماشہ۔ نمک ترپھلہ ڈیڑھ تولہ۔ نمک برہمی چھ ماشہ۔ ست سلاجیت ڈیڑھ تولہ تمام ادویات کو روح کیوڑہ۔ روح گلاب۔ روح بید مشک میں کھرل کر کے خشک کریں۔

نوٹ : زہر مہرہ۔ سنگ یشب۔ بسد۔ عقیق۔ مروارید کو آگ میں گرم کر کے روح کیوڑہ میں بجھاؤ دیں۔ تاکہ پیسنے کے قابل ہو جائیں۔

ترکیب استعمال : چار رتی صبح و شام بعد از غذا استعمال کریں۔

فوائد : معدہ جگر کی طاقت بڑھا کر بھوک بے حد پیدا کرتا ہے خون صالح پیدا کرتا ہے رنگ کو خوب چمکاتا ہے ہر قسم کی دماغی اور بدنی تھکان کا خاتمہ کرتا ہے۔ضعف و نقاہت کمزوری دل دماغ جگر و معدہ اعصاب و اعضائے رئیسہ و شریفہ دور کر کے انہیں خوب طاقتور بناتا ہے۔خون صالح بناتا ہے دماغی کام کرنے والوں کے لئے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔

الغرض قوت باہ۔امساک اور فرحت انبساط جوانی کے ولوے اور خمار پیدا کرنے والی خاص دوا ہے۔جس کی قدر اس کے استعمال کرنے والے ہی جانتے ہیں۔

❀❀❀

رموزِ مطب

میں نے اس باب میں اپنے مطب کے تمام چیدہ چیدہ آزمودہ مجربات درج کر دیئے ہیں جو میرے مطب میں بکثرت تیار ہوتے ہیں۔

یہ نسخہ جات نہ صرف سہل الحصول۔ قلیل الاجزاء۔ کم قیمت اور کثیر المنفعت ہیں بلکہ زود اثر اور تیر بہدف ہیں جو کسی بھی طبیب کے مطب کے لیے ضروری ہیں۔ یہ معجزنما مجربات شفایابی کا مصدقہ ذریعہ ہیں۔

ان نسخہ جات کو استعمال کر کے میرے اور میرے ادارہ کے نام اراکین وممبران کو دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

دعا گو
جمیل

❀❀❀

اکسیر دماغ

اجزاء و ترکیب ساخت: طباشیر چھ ماشہ۔ تخم الائچی خورد چھ ماشہ۔ صدف مروارید چھ ماشہ۔ عرق گلاب خالص دو تولہ۔ تمام اجزاء کو عرق گلاب میں کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: دو رتی ہمراہ مکھن یا بالائی یا صرف دودھ۔

فوائد: تمام مقوی دماغ ادویات سے اعلیٰ۔ انتہائی قلیل اجزاء۔ زود اثر۔ کثیر المنفعت اکسیری نسخہ ہے جو ضعف دماغ کے لیے مجرب و معمول مطب ہے۔

معجون مقوی دماغ

اجزاء و ترکیب ساخت: مغز بادام شیریں پانچ تولہ۔ مغز خیارین پانچ تولہ۔ مغز تربوز پانچ تولہ۔ برہمی بوٹی دس تولہ۔ دار چینی ایک تولہ۔ وج ترکی ایک تولہ۔ فلفل سیاہ ایک تولہ۔ مویز منقی بیس تولہ۔ انجیر زرد دس تولہ۔ چینی سفید دو کلو۔ ورق نقرہ پانچ ماشہ۔ مغریات کو قدرے دودھ میں گھوٹ لیں۔ بقیہ ادویہ الگ سفوف بنا کر رکھیں۔ مویز منقی اور انجیر زرد کو جوش دے کر مل چھان لیں اور چینی کے ساتھ قوام درست کریں۔ بعد ازاں بقیہ ادویہ کا سفوف شامل کر کے ورق نقرہ ایک ایک کر کے ملا لیں۔

مقدار خوراک: دس ماشہ ہمراہ دودھ روزانہ۔

فوائد: ضعف دماغ۔ سدر و دوار (سر چکرانا) ضعف بصر۔ نسیان۔ مالیخولیا کے لیے مجرب و مستند انتہائی مؤثر اور معمول مطب نسخہ ہے۔ دواخانہ میں کثیر مقدار میں تیار کی جاتی ہے۔

معجون نجاح

اجزاء و ترکیب ساخت: ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ ہر ایک ایک تولہ۔ بسفائج فستقی۔ افتیمون ولائیتی۔ اسطخو دوس۔ تربد سفید ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ تمام ادویہ کا سفوف بنا لیں اور وزن سے تین گنا شہد ملا کر حسب دستور معجون تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: پانچ ماشہ سے دس ماشہ روزانہ رات کو عرق بادیان یا ہمراہ دودھ۔

فوائد: مالیخولیا۔ توحش۔ وہم۔ اختناق الرحم۔ جنون سوداوی کے لیے بھروسہ کا نسخہ ہے۔

اطریفل اسطخو دوس

اجزاء و ترکیب ساخت: اسطخو دوس دس تولہ۔ افتیمون دس تولہ۔ آملہ خشک دس تولہ۔ بسفائج دس تولہ۔ پوست بہیڑہ دس تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد بیس تولہ۔ گل سرخ دس تولہ۔ سنا مکی دس تولہ۔ ہلیلہ سیاہ دس تولہ۔ مویز منقی دس تولہ۔ چینی سفید تین سیر۔ ست لیموں تین ماشہ۔ گھی دیسی بارہ تولہ۔ پانی ایک سیر۔ مویز منقی کو دھو کر پانی ایک سیر میں جوش دیں جب گل جائے اتار کر مل چھان لیں اور چینی ست لیموں ملا کر قوام درست کریں اور نیم گرم میں ادویات کا سفوف شامل کر لیں۔

مقدار خوراک: پانچ ماشہ سے دس ماشہ تک رات کو سونے سے قبل ہمراہ دودھ۔

فوائد: یہ اطریفل دماغ کا تنقیہ کرتا ہے۔ غلیظ فضلات سے دماغ کو پاک کرتا ہے۔ معدہ اور آنتوں کو تقویت پہنچا کر قبض دور کرتا ہے۔ دائمی نزلہ و زکام میں انتہائی مفید ہے۔ مسلسل استعمال بالوں کو قبل از وقت سفید ہونے سے روکتا ہے۔ اور سفید بالوں کو سیاہ کرتا ہے۔ طب یونانی کا مستند نسخہ ہے جو دماغی امراض میں عرصہ دراز سے معمول مطب ہے۔

اطریفل کشنیزی

اجزاء و ترکیب ساخت: آملہ خشک ایک پاؤ۔ پوست بہیڑہ ایک پاؤ۔ پوست ہلیلہ زرد آدھا سیر۔ دھنیا خشک ایک پاؤ۔ گھی دیسی بیس تولہ۔ چینی ساڑھے چار سیر۔ ادویات کا سفوف بنا کر گھی میں چرب کرلیں اور چینی کا قوام درست کرلیں آگ سے نیچے اتار کر گرم قوام میں ادویات کا سفوف ملالیں۔

مقدار خوراک: دس ماشہ ہمراہ آب سونے سے قبل روزانہ استعمال کریں۔

فوائد: دماغ اور معدے کو تقویت دیتا ہے۔ قبض دور کرتا ہے۔ لگاتار استعمال سے دائمی نزلہ۔ دردسر نزلی۔ سرخی چشم۔ درد کان و ناک میں مفید ہے۔ بواسیر اور تبخیر معدہ کے لیے بھروسہ کا نسخہ معمولِ مطب ہے۔

اطریفل مقوی دماغ

اجزاء و ترکیب ساخت: آملہ خشک پانچ تولہ۔ پوست بہیڑہ پانچ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد دس تولہ۔ تخم خشخاش پانچ تولہ۔ گل خبازی پانچ تولہ۔ گل سرخ پانچ تولہ۔ دھنیا خشک پانچ تولہ۔ مغز بادام شیریں دس تولہ۔ دیسی گھی یا روغن بادام دس تولہ شکر سفید ڈھائی سیر۔ ورق نقرہ پانچ ماشہ۔ مغز بادام الگ سفوف بنا کر بقیہ ادویہ کے سفوف میں شامل کرکے گھی سے چرب کرلیں۔ چینی کا قوام درست ہونے پر سفوف تھوڑا تھوڑا شامل کرکے ہلاتے جائیں بعد ازاں ورق نقرہ شامل کرلیں۔

مقدار خوراک: دس ماشہ سونے سے قبل ہمراہ دودھ۔

فوائد: پرانے سردرد۔ نزلہ و زکام۔ ضعفِ بصارت اور ضعفِ دماغ کے لیے مطب میں کثیر مقدار میں تیار رہتا ہے۔

کحل صدفی

اجزاء و ترکیب ساخت: صدف سوختہ سات تولہ۔ پھٹکڑی بریاں تین تولہ۔

مصری تین تولہ۔ عرق گلاب خالص ساڑھے سات تولہ۔ تمام ادویہ کا سفوف بنا کر تھوڑا تھوڑا عرق گلاب شامل کر کے کھرل کرتے رہیں تا کہ عرق گلاب تمام ختم ہو جائے شیشی میں محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: صبح اور شام دو سلائی آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد: انتہائی مجرب سرمہ ہے۔ قلیل الاجزاء۔ کثیر المنفعت۔ زود اثر۔ سہل الحصول معمول مطب سرمہ ہے جو بینائی کو قوی کرتا ہے۔ آنکھوں کی سرخی کو دور کرنے میں مجرب ہے۔

کحل کنجد

اجزاء و ترکیب ساخت: پھٹکڑی بریاں ڈیڑھ تولہ۔ فلفل سفید ڈیڑھ تولہ۔ گل چنبیلی بارہ تولہ۔ گل کنجد بارہ تولہ۔ عرق سونف دس تولہ۔ تمام اجزاء کو عرق سونف میں کھرل کریں تا کہ تمام عرق جذب ہو جائے۔ پھر کپڑ چھان کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: صبح دوپہر شام ایک ایک سلائی آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد: دھند۔ جالا۔ پھولا اور ناخونہ کو کاٹتا ہے۔

روغن وجع الاسنان

اجزاء و ترکیب ساخت: کافور دیسی۔ ست اجوائن۔ ست پودینہ۔ روغن لونگ جملہ ادویہ ہموزن شیشی میں ملا کر رکھیں۔ تھوڑی دیر میں تمام اجزاء سیال ہو جائیں گے۔

ترکیب استعمال: روئی کی پھریری یا انگلی سے متاثرہ دانت میں لگائیں۔ ورم کی صورت میں مسوڑھوں پر ملیں۔

فوائد: مسوڑھوں کی سوجن۔ درد دانت۔ کھوڑ اور کیڑا لگنے کے لیے انتہائی مؤثر روغن ہے۔ بہت سے دیگر امراض میں امرت دھارا کی طرح کھانے اور لگانے کے لیے جملہ

امراض کا تیر بہدف علاج ہے۔ دواخانہ میں کیڑے مکوڑے۔ بچھو۔ بھڑ۔ شہد کی مکھی کے کاٹنے۔ درد دانت۔ سر درد۔ ہیضہ۔ جوڑوں کے درد میں کثرت سے مستعمل ہے۔

سنون مجرب (موتی منجن)

اجزاء و ترکیب ساخت: پھٹکڑی بریاں ایک تولہ۔ سوڈا بائیکارب ایک تولہ۔ فلفل سیاہ آدھا تولہ۔ چھال نرم کیکر دو تولہ۔ چاک پاؤڈر پانچ تولہ۔ یوکلپٹس آئل (روغن سفیدہ بیس قطرے) روغن لونگ دس قطرے۔ انتہائی باریک کپڑ چھان سفوف بنالیں اور روغنیات شامل کر کے ملالیں۔

ترکیب استعمال: بطور منجن صبح و شام استعمال کریں۔

فوائد: دانتوں کی میل کچیل کو دور کر کے انہیں موتیوں کی طرح چمکاتا ہے۔ دانتوں کی جڑوں کو مضبوط بناتا اور کیڑا لگنے سے محفوظ رکھتا ہے۔

شفائی

اجزاء و ترکیب ساخت: گلیسرین ایک تولہ۔ سپرٹ ایک تولہ۔ روغن شفاً ساٹھ قطرے تمام کو اچھی طرح ملا کر ہلا لیں۔

ترکیب استعمال: متاثرہ کان میں روزانہ تین مرتبہ دو تین قطرے ڈال کر روئی کی پھریری رکھیں۔

فوائد: کان کا درد۔ پھوڑا پھنسی۔ پیپ آنا۔ کانوں کا بجنا۔ ضعف سماعت کے لیے معمول مطب ہے۔ ہر گھر میں تیار رہنا چاہیے ہر عمر کے لیے یکساں مفید و مجرب ہے۔

روغن شفاً

اجزاء و ترکیب ساخت: ست پودینہ ایک تولہ۔ ست اجوائن ایک تولہ۔ کافور دیسی دو تولہ۔ تمام اجزا کو الگ الگ کھرل کر کے ایک شیشی میں باہم کرلیں سیال ہو

جائے گا۔ یہی روغن شفاءً درج بالا نسخہ میں استعمال ہوتا ہے۔

حب کبد نوشادری

اجزاء و ترکیب ساخت: باؤ بڑنگ دس تولہ۔ باؤ کھمبہ دس تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد بیس تولہ۔ زنجبیل دس تولہ۔ فلفل سیاہ دس تولہ۔ سہاگہ بریاں دس تولہ۔ نرکچور دس تولہ۔ نمک سانبھر دس تولہ۔ نمک سیاہ دس تولہ۔ نوشادر دس تولہ۔ ہلیلہ سیاہ دس تولہ۔ ست لیموں تین تولہ۔ گوند کیکر ڈھائی تولہ۔ تمام ادویہ کا سفوف بنا کر گوند کو پانی میں گھول کر کے حبوب بقدر ایک ماشہ بنالیں۔

مقدار خوراک: دو حبوب بعد از غذا صبح و شام۔

فوائد: امراض جگر یعنی ورم جگر۔ عظمِ جگر میں مفید ہیں۔ غذا کو ہضم کرتی ہے اور بھوک لگاتی ہیں۔ غلیظ ریاح کو خارج کرتی ہیں۔

حب حلتیت

اجزاء و ترکیب ساخت: اجوائن دیسی دو تولہ۔ الائچی خورد دو تولہ۔ آملہ خشک دو تولہ۔ بہیڑہ دو تولہ۔ پیپل کلاں دو تولہ۔ پپلا مول دو تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد دو تولہ۔ خولنجاں دو تولہ۔ زنجبیل دو تولہ۔ فلفل سیاہ دو تولہ۔ لونگ دو تولہ۔ کباب چینی دو تولہ۔ کلونجی دو تولہ۔ مصطگی دو تولہ۔ نمک سیاہ چار تولہ۔ نمک سانبھر چار تولہ۔ ہینگ خالص آٹھ تولہ۔ آب ادرک تازہ پندرہ تولہ۔ آب لیموں پندرہ تولہ۔ لعاب گھیکوار پندرہ تولہ۔ مصطگی الگ باریک سفوف بنالیں۔ ہینگ کو آب ادرک آب لیموں اور لعاب گھیکوار میں حل کر کے چھان لیں اور ادویات کا سفوف شامل کر کے حبوب بقدر آدھا ماشہ تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: دو گولیاں صبح شام بعد از غذا۔

فوائد: زبردست ہاضم طعام مشتہی اور غلیظ ریاح کو خارج کرتی ہیں۔ بادی جسم والے مریضوں کے لیے انتہا درجہ مفید و مجرب ہیں۔

جوارش جالینوس

اجزاء و ترکیب ساخت: بالچھڑ۔ الائچی خورد۔ تج قلمی۔ دارچینی۔ خولنجاں۔ قرنفل۔ ناگرموتھا۔ قسط شیریں۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ زنجبیل۔ عود بلسان۔ تگر۔ تخم مورد۔ چرائتہ شیریں۔ زعفران ہر ایک سات ماشہ۔ مصطگی ایک تولہ ساڑھے پانچ ماشہ۔ قند سفید ہم وزن ادویہ۔ شہد خالص ادویہ سے دوگنا۔ شہد اور قند سفید کا قوام بنا کر۔ ادویہ کا سفوف شامل کریں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ سے چھ ماشہ تک ہمراہ عرق بادیان بعد از غذا گرم مزاجوں کے لیے دوگنا خمیرہ گاؤزبان سادہ میں ملا کر دیں۔

فوائد: صدیوں سے مروجہ طب یونانی کا فقید المثال نسخہ جو کہ معدہ اور جگر کی تمام امراض میں مجرب ہے۔ مقوی اعضاء رئیسہ۔ ریاح کی زیادتی۔ پیشاب کی کثرت۔ تبخیر معدہ۔ کھانسی۔ بواسیر۔ درد کمر۔ دردنقرس۔ ریگ گردہ و مثانہ۔ قاطع بدبوئے دہن۔ دردسر بوجہ ضعف معدہ۔ جنون۔ مالیخولیا کے علاوہ بالوں کی سیاہی کو برقرار رکھنے کے لیے ہر گھر اور ہر مطب کی ضرورت ہے۔

جوارش معدی

اجزاء و ترکیب ساخت: پودینہ خشک۔ صعتر فارسی۔ قرنفل کلاہ دار۔ دانہ الائچی کلاں۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک چار ماشہ۔ زنجبیل۔ بیخ کرفس۔ سنبل الطیب۔ ناگرموتھا ہر ایک چھ ماشہ۔ فلفل دراز سات عدد۔ نرکچور۔ بادیان۔ زیرہ سیاہ زیرہ سفید۔ سنگدانہ مرغ۔ دارچینی۔ تج قلمی۔ پوست آملہ۔ ساذج ہندی ہر ایک نو ماشہ۔ فلفل سیاہ ایک تولہ۔ زعفران تین ماشہ۔ چینی ایک پاؤ۔ ست اجوائن تین ماشہ۔ ست پودینہ تین ماشہ بطریق معروف جوارش تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ ہمراہ عرق بادیان وعرق گاؤزبان صبح وشام بعد از غذا۔

فوائد: تمام امراض معدہ کا لاثانی معالجہ ہے۔ قراقر شکم۔ منہ سے پانی آنا۔ تبخیر معدہ۔ دردمعدہ۔ ضعف ہضم۔ ڈکار وغیرہ کے لیے بھروسہ کی دوا ہے۔

سفوف شیریں

اجزاء و ترکیب ساخت: کشنیز خشک۔ بادیان۔ تخم الائچی خورد۔ تخم الائچی کلاں۔ پودینہ خشک۔ اجوائن دیسی ہر ایک ایک تولہ۔ چینی سفید بارہ تولہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ بعداز غذا۔

فوائد: فشارالدم قوی کے مریضوں میں ضعف ہضم۔ تبخیر معدہ۔ جلن۔ تیزابیت وغیرہ میں مفید ہے۔

طحالی

اجزاء و ترکیب ساخت: سوہاگہ بریاں۔ ایلوا۔ نوشادر۔ رائی۔ فلفل سیاہ ہر ایک چھ ماشہ۔ فیری ایٹ کونین سائیٹراس چار ماشہ۔ سفوف بنا کر حبوب نخودی تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح وشام ہمراہ آب تازہ بعداز غذا۔

فوائد: عظمِ طحال۔ بھس۔ یرقان سادہ کے لیے مفید ہے۔

اکسیر الکبد

اجزاء و ترکیب ساخت: ریوند خطائی پانچ تولہ۔ قلمی شورہ۔ نوشادر۔ فلفل سیاہ بانجھڑ۔ سازج ہندی ہر ایک ایک تولہ۔ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: آدھا ماشہ سے ایک ماشہ تک ہمراہ عرق مکووکاسنی۔

فوائد: امراض جگر میں ازحد مفید ہے۔

کشتہ خبث الحدید

اجزاء و ترکیب ساخت: خبث الحدید کہنہ دس تولہ کو آگ پر سرخ کریں۔ اور آب ترپھلہ میں بجھاؤ دیں یہ عمل سات بار کریں۔ پھر کوٹ کر لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے چھوٹی ٹکیہ بنائیں سایہ میں خشک کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ یہ عمل تین بار دہرائیں پھر باریک پیس کر محفوظ رکھیں اعلیٰ درجہ کا کشتہ خبث الحدید تیار ہے۔

مقدار خوراک: دو سے تین رتی روزانہ ہمراہ چھا چھ۔ شربت بزوری یا عرق بادیان۔

فوائد: ضعف جگر۔ بواسیر خونی میں ازحد مفید ہے۔

اکسیر جگر

اجزاء و ترکیب ساخت: خبث الحدید مصفیٰ ایک پاؤ۔ سفوف ہلیلہ زرد۔ سفوف بہیڑہ۔ سفوف آملہ خشک۔ چاروں اجزا کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر اوپر گائے کا دہی ایک کلو ڈال دیں روزانہ ہلاتے رہیں جب تک خشک ہو جائے اور خبث الحدید کی رڑک ختم ہو جائے دہی ایک سیر اور ڈال دیں، یہ عمل تین بار کریں پھر باریک سفوف بنا کر۔ ترکٹہ (پیپل۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ)۔ تین تین تولہ باریک پیس کر ملا دیں تیار ہے۔

مقدار خوراک: تین ماشہ ایک پاؤ دہی میں میٹھا ملا کر کھائیں۔

فوائد: کمی خون۔ ضعف جگر۔ یرقان کی نہایت مفید دوا ہے۔ دو ہفتوں کا استعمال تمام عوارضات کو ختم کرتا ہے۔

کشتہ فولاد

اجزاء و ترکیب ساخت: ہیرا کسیس سبز اعلیٰ حسب ضرورت آٹھ گنا پانی میں الگ برتن میں گھول لیں۔ سوڈا بائیکارب ہیرا کسیس سے آدھا وزن الگ برتن میں آٹھ

گنا پانی میں گھول لیں۔ پھر دونوں اور آہستگی سے لوہے کی کڑاہی میں ملالیں۔ کیمیائی عمل ہوکر سرخ ذرات تہ نشین ہو جائیں گے۔ اوپر کے پانی کو آہستگی سے گرادیں اور کڑاہی کو ہلکی آنچ پر رکھیں۔ اور ہلاتے رہیں نہایت سرخ رنگ کا کشتہ فولاد تیار ہو جائے گا۔ اس طرح منوں کے حساب سے کشتہ فولاد تیار کیا جاتا ہے۔ جہاں کشتہ فولاد کی ضرورت ہو اس کشتہ کو استعمال کریں۔

فوائد: بھس۔ یرقان۔ ہاتھ پاؤں کی جلن۔ خون کی کمی وغیرہ میں مفید ہے۔

دوائے منڈور

اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ فولاد مذکور ایک تولہ۔ سنگ جراحت بائیس تولہ دونوں کو باریک کھرل کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے تین ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

فوائد: مالیخولیا۔ وہم۔ جنون۔ اختناق الرحم۔ ضعف جگر۔ ضعف دماغ۔ ہاتھ پاؤں کا جلنا۔ دست۔ پیچش۔ اختلاج قلب۔ کثرت طمث۔ نکسیر۔ جریان الدم بواسیری کے لیے انتہائی کم قیمت۔ سہل الاجزاء کثیر المنفعت۔ زود اثر نسخہ ہے جس کو کئی آیورویدک فارمیسیاں مختلف ناموں سے مشتہر کر رہی ہیں۔

سفوف مغلظ

اجزاء و ترکیب ساخت: سمندر سوکھ۔ بیج بند۔ تخم سریالہ۔ تخم بھنگ ہر ایک پانچ تولہ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ چاندی۔ ہر ایک تین ماشہ سفوف بنا کر کشتہ جات شامل کرلیں۔

مقدار خوراک: دو ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ انتہائی حالتوں میں تین ماشہ تک دے سکتے ہیں۔

فوائد: جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال کے لیے مجرب ہے نیز مغلظ مادہ تولید ہے۔

سفوف مؤلف

اجزاء و ترکیب ساخت: تالمکھانہ دس تولہ۔ ثعلب مصری آٹھ تولہ۔ سنگھاڑا خشک پندرہ تولہ۔ گوند کیکر پندرہ تولہ۔ مازو سبز ساڑھے سات تولہ۔ مصطگی رومی ساڑھے سات تولہ۔ نشاستہ گندم دس تولہ۔ شکر سفید ہموزن ادویہ۔ مصطگی کو الگ پیس لیں۔ نشاستہ اور گوند کیکر قدرے گھی میں الگ الگ بریاں کر کے سفوف بنا کر بقیہ ادویہ شامل کرلیں۔

مقدار خوراک: پانچ ماشہ ہمراہ دودھ روزانہ۔

فوائد: جریان۔ کثرت احتلام۔ رقت وغیرہ میں مفید ہے نیز مغلظ ہے۔

معجون جریانی

اجزاء و ترکیب ساخت: طباشیر پانچ تولہ۔ ثعلب مصری دس تولہ۔ تودری زرد دس تولہ۔ دارچینی تین تولہ۔ سنگھاڑا ساڑھے بارہ تولہ۔ مغز پنبہ دانہ دس تولہ۔ مصطگی رومی ڈھائی تولہ۔ کشتہ قلعی پانچ ماشہ۔ ورق نقرہ پانچ ماشہ۔ گھی پانچ ماشہ۔ چینی ڈیڑھ سیر بطریق معروف معجون تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: دس ماشہ روزانہ ہمراہ دودھ یا پانچ ماشہ صبح وشام۔

فوائد: جریان کے لیے انتہا درجہ مفید ہے۔ مادہ تولید کو بکثرت پیدا کرتی ہے۔ اوراس کی تغلیظ کرتی ہے۔

طلائے مشک والا

اجزاء و ترکیب ساخت: عاقرقرحا سولہ ماشہ۔ فرفیون آٹھ ماشہ۔ مشک خالص تین رتی۔ روغن چنبیلی پندرہ تولہ۔ بطریق معروف طلا تیار کرلیں۔

ترکیب استعمال: سر اور سیون بچا کر آدھا ماشہ عضو پر مالش کریں اوراوپر برگ

پان باندھیں۔

فوائد: عضو کی رگوں اور پٹھوں کو مضبوط کرتا ہے۔ ان میں تحریک پیدا کر کے دوران خون کو بڑھاتا اور اس میں فربہی لاتا ہے۔ کجی لاغری اور سستی کے لیے مفید ہے۔

نوٹ: میں مشک خالص کی نایابی پر تین ماشہ جند بیدستر شامل کر لیتا ہوں۔

اکسیر البدن جمیلی

اجزاء و ترکیب ساخت: اگر ڈھائی تولہ (عود)۔ الائچی خورد ڈھائی تولہ۔ آملہ خشک ڈھائی تولہ۔ صندل سفید ڈھائی تولہ۔ بادیان ڈھائی تولہ۔ بالچھڑ ڈھائی تولہ۔ پیپل کلاں ڈھائی تولہ۔ جائفل ڈھائی تولہ۔ جائفل ڈھائی تولہ۔ جوز بوا ڈھائی تولہ (جائفل) دار چینی ڈھائی تولہ۔ سونٹھ ڈھائی تولہ۔ قرنفل ڈھائی تولہ۔ سعد کوفی ڈھائی تولہ۔ عود بلسان ڈھائی تولہ۔ فلفل سیاہ ڈھائی تولہ۔ فلفل سفید ڈھائی تولہ۔ کلونجی ڈھائی تولہ۔ مصطگی رومی ڈھائی تولہ۔ کچلہ مدبر پانچ تولہ۔ زعفران پانچ ماشہ۔ عرق گاؤزبان حسب ضرورت۔ شہد خالص ڈیڑھ سیر۔ چینی سفید ڈیڑھ سیر۔ چینی اور شہد کا قوام درست کریں زعفران عرق گاؤزبان میں حل کر کے شامل کریں اور ادویہ کا سفوف نیم گرم قوام میں شامل کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے تین ماشہ تک بعد از غذا صبح و شام۔

فوائد: تمام امراض باردہ کا شافی معالجہ ہے۔ مقوی اعصاب ہے ضعف اعصاب سے پیدا شدہ فالج۔ لقوہ۔ وجع المفاصل۔ اختلاج قلب۔ قبض کے علاوہ تمام جسمانی دردوں میں زوداثر ہے۔ بوڑھوں کے لیے عصائے پیری ہے۔

جوارش مفرح

اجزاء و ترکیب ساخت: زنجبیل ایک تولہ۔ ساذج ہندی چھ ماشہ۔ دار چینی چھ ماشہ۔ قرنفل ایک تولہ۔ خولنجاں چھ ماشہ۔ سنبل الطیب چھ ماشہ۔ جوز بوا چھ ماشہ۔ درونج

عقربی تین تولہ۔ ورق نقرہ ایک ماشہ۔ مشک چار رتی۔ ورق طلا (اگر ممکن ہوتو) دو رتی۔ شہد خالص سہ چند ادویہ بطریق معروف جوارش تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: دو ماشہ سے چھ ماشہ تک ہمراہ دودھ۔

فوائد: اس جوارش کو اگر اکسیر البدن کہا جائے تو بے جانہ ہوگا۔ مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ حرارت عزیزی کو قائم رکھتی ہے۔ دل۔ دماغ۔ جگر اور معدہ کو تقویت دیتی ہے۔ مقوی باہ ہے۔ نظام اعصاب کو تقویت پہنچا کر اسے تحریک دیتی ہے۔ کند حواسی۔ سستی دماغ۔ ہاتھ پاؤں کا ٹھنڈا ہونا۔ فشار الدم ضعیف کے لیے اور عام جسمانی قوت کے لیے عرصہ دراز سے معمول مطب ہے۔

معجون مقوی باہ

اجزاء و ترکیب ساخت: موصلی سفید۔ تودری زرد۔ تودری سفید۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ جدوار۔ دارچینی۔ خولنجاں ہر ایک ایک تولہ۔ لونگ چھ ماشہ۔ ریگ ماہی نر ڈھائی ماشہ۔ بالچھڑ دو ماشہ۔ تج دو ماشہ۔ مغز نارجیل ایک تولہ۔ زعفران دو ماشہ۔ مشک ایک ماشہ۔ عنبر ایک ماشہ۔ مروارید ایک ماشہ۔ ترنجبین پانچ تولہ۔ شہد خالص بیس تولہ۔ حسب دستور معجون بنالیں۔

مقدار خوراک: پانچ ماشہ ہمراہ دودھ نیم گرم۔

فوائد: کھوئی ہوئی قوتوں کو بحال کرتی ہے مقوی اعصاب و مقوی باہ ہے۔ چند روزہ استعمال بدن میں چستی و طاقت پیدا کرتا ہے۔

معجون خاص جمیلی

اجزاء و ترکیب ساخت: عاقر قرحا ڈھائی تولہ۔ لونگ ڈھائی تولہ۔ سونٹھ ڈھائی تولہ۔ خولنجاں دو تولہ۔ دارچینی سوا تولہ۔ زردی بیضہ مرغ بیس عدد۔ شہد خالص پینتیس تولہ بطریق معروف معجون تیار کرلیں۔

Hakeem Shoukat Ali

مقدار خوراک: نو ماشہ ہمراہ دوردھ روزانہ۔
فوائد: قوتِ خاص کو تحریک دیتی ہے۔ وقت خاص سے ایک گھنٹہ قبل استعمال کرنے سے خاص لذت سے ہمکنار کرتی ہے۔ بے حد مقوی غذائی اور بے ضرر قدرتی ٹانک ہے۔ روزانہ استعمال طبیعت میں بشاشت پیدا کرتا ہے۔

روغن سم الفار

اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار ایک تولہ۔ مال کنگنی آدھا پاؤ۔ سم الفار سفوف بنا کر مالکنگنی جو کوب کر کے بذریعہ پتال جنتر ہلکی آگ پر روغن کشید کریں۔ اس روغن کے برابر روغن ماہی (کارڈ لیور آئل) شامل کر کے بطریق معروف مالش کریں۔
فوائد: چند دنوں کے استعمال سے عضو کی تمام خرابیاں کجی لاغری سستی وغیرہ کے لیے مفید ہے دوران استعمال اگر پت نکل آئے تو استعمال موقوف کر کے دیسی گھی نیم گرم لگائیں۔ ٹھیک ہونے پر دوبارہ استعمال کریں۔ پندرہ روز کا استعمال کافی ہے۔

طلائے سہل

اجزاء و ترکیب ساخت: روغن سانڈہ ایک تولہ۔ جند بیدستر تین ماشہ۔ دونوں کو اس قدر کھرل کریں کہ جند بیدستر حل ہو جائے۔
مقدار خوراک: عضو کو نیم گرم پانی سے دھو کر اچھی طرح خشک کریں اور چار پانچ قطرے بطریق معروف مالش کریں۔
فوائد: محرک و مقوی ہے جملہ عوارض عضو کو دور کرتا ہے۔

طلائے لوبان

اجزاء و ترکیب ساخت: روغن چنبیلی اصلی ایک تولہ۔ جوہر لوبان چھ ماشہ۔ دونوں کو خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: تین چار قطرے بطریق معروف مالش کرکے اوپر برگ پان باندھیں۔

فوائد: دوران خون کو تیز کرکے عضو میں تحریک پیدا کرتا ہے۔ لاغری و سستی میں مفید ہے۔

طلائے نفیس

اجزاء و ترکیب ساخت: روغن ماہی چھ ماشہ۔ روغن بیضہ مرغ چھ ماشہ۔ روغن دارچینی چھ ماشہ۔ روغن لونگ چھ ماشہ۔ جند بیدستر چھ ماشہ۔ زعفران تین ماشہ۔ فرفیون ایک ماشہ۔ روغنیات ملاکر بقیہ اجزاء کھرل کرلیں۔

مقدار خوراک: روزانہ رات کو بطریق معروف چار پانچ قطرے مالش کریں۔ اور صبح نیم گرم پانی سے دھولیں۔

فوائد: عضو کی جملہ خرابیوں کے لیے مفید ہے۔

حب خاص جمیلی

اجزاء و ترکیب ساخت: کچلہ مدبر ایک تولہ۔ کشتہ فولاد ایک تولہ۔ تریاق خالص (افیون) ایک تولہ۔ جوز بوا چھ ماشہ۔ قرنفل چھ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ تین ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ۔ زعفران اور مروارید کو عرق گلاب میں باریک پیس کر بقیہ ادویہ شامل کرکے شہد کی مدد سے حبوب نخودی بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ وقت خاص سے ایک گھنٹہ قبل۔

فوائد: مقوی اعصاب۔ مقوی باہ۔ محرک و ممسک ہیں۔ نزلہ وزکام۔ امراض مفاصلیہ جسمانی کمزوری۔ کمر درد کا مجرب اور معمولِ مطب نسخہ ہے۔

حب محرک

اجزاء و ترکیب ساخت: مال کنگنی چودہ ماشہ۔ تخم گاجر چودہ ماشہ۔ عاقرقرحا

چودہ ماشہ۔ قرنفل سات ماشہ۔ زعفران سات ماشہ۔ اسپند ایک تولہ۔ خشخاس سفید چھ تولہ۔ کنجد چھ تولہ۔ روغن گاؤ۔ شہد ہر ایک پانچ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ پانچ عدد ملا کر جائفل کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی ہمراہ دودھ ایک گھنٹہ قبل۔ روزانہ کا استعمال ایک ماشہ ہمراہ دودھ۔

حب فولادی عنبری

اجزاء و ترکیب ساخت: کچلہ مدبر پچیس ماشہ۔ پیپل کلاں پچیس ماشہ۔ فلفل سیاہ پچیس ماشہ۔ کشتہ فولاد تین ماشہ۔ عنبر ایک ماشہ۔ گھی دو ماشہ۔ ورق نقرہ حسب ضرورت ادویہ کا باریک سفوف بنا کر عنبر کو گھی میں پگھلا لیں اور حبوب بقدر ایک رتی تیار کرلیں خشک ہونے پر ورق نقرہ چڑھالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ یا ہمراہ خمیرہ گاؤزبان چھ ماشہ۔

فوائد: مقوی اعصاب ہے۔ دائمی نزلہ وزکام اور محافظ حرارت عزیزی ہے۔

حب اذراقی خاص

اجزاء و ترکیب ساخت: کچلہ مدبر پانچ تولہ۔ کشتہ فولاد چار تولہ۔ ست سلاجیت تین تولہ۔ فلفل سیاہ دو تولہ۔ زعفران اصلی ایک تولہ۔ کشتہ صدف مروارید چھ ماشہ۔ تمام ادویہ سفوف بنا کر شہد کی مدد سے حبوب نخودی تیار کرلیں اور اوپر ورق نقرہ چڑھالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ۔

فوائد: مقوی اعضائے رئیسہ ہیں۔ قوت باہ کو تحریک دیتی ہیں۔ مقوی اعصاب ہیں ماہر طبیب بہت سارے امراض میں استعمال کرسکتا ہے۔ سرعت انزال۔ جریان۔ احتلام۔ ضعفِ ہاضمہ۔ قبض دائمی۔ قلت خون اور تقویت باہ کے لیے مجرب ہیں۔

سپاری پاک

اجزاء و ترکیب ساخت: سپاری دکھنی آدھا سیر۔ چوہارہ (گھٹلی برآوردہ) آدھا سیر مجیٹھ دس تولہ۔ شیر گاؤ دس سیر۔ تینوں کو دودھ میں ڈال کر نرم آگ پر پکائیں جب کھویا بن جائے الگ رکھ لیں۔ آرد مونگ ایک پاؤ۔ نشاستہ گندم ایک پاؤ۔ قدرے گھی میں بریاں کر کے کھویا میں ملا کر ہلکا بریاں کریں سرخی مائل ہو جانے پر تین سیر چینی کا قوام درست کر کے سب کچھ اس میں ڈال کر خوب محفوظ کر لیں۔ یکجا ہونے پر گوند کیکر ایک پاؤ (بریاں در گھی) مغز بادام (سفوف) آدھا سیر بھی ملا لیں۔ بعد ازاں درج ادویہ کا سفوف شامل کریں۔ گوکھرو دکھنی آدھا سیر۔ گوند ڈھاک ایک پاؤ۔ مغز نارجیل ایک پاؤ۔ ثعلب مصری دو تولہ چار ماشہ۔ دار چینی دو تولہ چار ماشہ۔ مونگ دو تولہ چار ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں دو تولہ چار ماشہ۔ زنجبیل دو تولہ چار ماشہ۔ جائفل دو تولہ۔ جلوتری ایک تولہ۔ گل پستہ ڈیڑھ تولہ۔ گل سپاری ڈیڑھ تولہ۔ پوست کچنار چھ ماشہ۔ پوست سنکھا ہولی چھ ماشہ۔ پوست ببول چھ ماشہ۔ سفوف بنا کر شامل کر لیں بعد ازاں زعفران ایک تولہ عرق گلاب میں حل کر کے داخل کریں۔

مقدار خوراک: ایک تولہ روزانہ ہمراہ دودھ۔

فوائد: کمی حیض۔ زیادتی حیض۔ درد حیض۔ بے قاعدگی حیض۔ سیلان الرحم۔ اختناق الرحم۔ عام جسمانی کمزوری۔ کمر درد۔ سستی کے علاوہ دل۔ دماغ۔ جگر اور معدہ کے ساتھ رحم کو مضبوط کرتی ہے۔ حقیقی معنوں میں تریاق امراض نسواں ہے۔

لیکوریہ

اجزاء و ترکیب ساخت: ہیرا کسیس سبز ایک تولہ۔ سوڈا بائیکارب ایک تولہ۔ کشتہ قشر بیضہ مرغ۔ گندھک آملہ سار (مدبر بہ شیر) ایک ایک تولہ باریک سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک: چار رتی صبح وشام ہمراہ دودھ۔
فوائد: سیلان الرحم میں آزمودہ بھروسہ کی دوا ہے۔
نوٹ: دوران استعمال دودھ گھی کا استعمال زیادہ رکھیں۔

حب نسوانی

اجزاء و ترکیب ساخت: ایلوا پندرہ تولہ۔ ہیرا کسیس سبز ساڑھے سات تولہ۔ زعفران خالص ایک تولہ۔ تمام اجزاء کو الگ الگ کھرل کر کے گودہ گھیکوار سے حبوب نخودی تیار کرلیں۔
مقدار خوراک: ایک گولی صبح دوپہر شام ایام سے تین دن بیشتر شروع کریں دوران ایام بند کردیں۔
فوائد: بندش حیض۔ کمی حیض۔ کمر درد۔ پنڈلیوں کا درد کے لیے مفید ہیں۔ ایام کھل کر آجاتے ہیں۔

برائے سیلان الرحم

اجزاء و ترکیب ساخت: سپاری چکنی پانچ تولہ۔ سلاجیت مصفیٰ پانچ تولہ۔ گوند ڈھاک پانچ تولہ۔ گوند کیکر ایک تولہ۔ کشتہ خبث الحدید ڈھائی تولہ۔ کشتہ صدف ڈھائی تولہ۔ چینی برابر وزن ادویہ۔ سفوف بنا کر کیپسول (۵۰۰ ملی گرام) کے بھرلیں۔
مقدار خوراک: ایک کیپسول صبح وشام ہمراہ دودھ۔
فوائد: سیلان الرحم کو دور کرنے میں انتہائی مؤثر ہیں۔

حبوب معین حمل

اجزاء و ترکیب ساخت: برگ بھنگ تین تولہ۔ جائفل ڈیڑھ تولہ۔ چھالیہ بارہ تولہ۔ لونگ پانچ ماشہ۔ تریاق پانچ ماشہ۔ عنبر دو ماشہ۔ زعفران پانچ ماشہ۔ گھی دیسی یا

روغن بادام دو ماشہ۔ قند کہنہ (گڑ پرانا) آٹھ تولہ۔ ورق چاندی حسب ضرورت۔ عنبر کو روغن میں پگھلا کر زعفران الگ سفوف بنالیں اور تمام ادویہ باہم کر کے گڑ میں قدرے قوام بنا کر گاڑھا کرلیں اور حبوب بقدر (آدھاماشہ) چار رتی بنالیں۔

مقدار خوراک: بعد فراغت ایام پاک صاف ہو کر تین دن تک صبح و شام ایک ایک گولی کھا کے مشغول ہوں۔

فوائد: جن خواتین کے ایام درست ہوں لیکن رحم کی پیچیدگی کے باعث حمل نہ قرار پاتا ہو ان کے لیے مجرب ہیں۔ یہ عمل ہر ماہ ایام سے فارغ ہو کر دوہرائیں جب تک حمل نہ قرار پائے انشاءاللہ مراد پوری ہوگی۔

نوٹ: کھٹی اشیاء اور تیز مصالحہ جات تیل سے تلی ہوئی اشیاء سے پرہیز کریں۔

حب اسگند

اجزاء و ترکیب ساخت: اجوائن دیسی دو تولہ۔ اسگند ناگوری چار تولہ۔ بدھارا چار تولہ۔ پپلا مول دو تولہ۔ پیپل کلاں دو تولہ۔ سونٹھ چار تولہ۔ ستاور چار تولہ۔ موصلی سفید دو تولہ۔ قد (گڑ کہنہ) پانچ تولہ۔ ادویات کا سفوف بنا کر گڑ کو قدرے پانی میں ملا کر گرم کریں اور گاڑھا ہونے پر ادویہ کا سفوف شامل کر کے حبوب بقدر ایک ماشہ بنالیں۔

مقدار خوراک: دو گولیاں بوقت شب ہمراہ عرق بادیان۔

فوائد: درد کمر اور جوڑوں کے درد میں مفید ہیں۔

دوائے دمہ

اجزاء و ترکیب ساخت: گھیکوار تین سیر۔ اجوائن دیسی تیس تولہ۔ پیپل کلاں پانچ تولہ۔ نمک کھاری تیس تولہ۔ گھیکوار کے موٹے موٹے ٹکڑے کر کے ادویہ کا سفوف شامل کر کے ایک مٹی کی ہانڈی میں ہلکی آگ پر سوختہ کرلیں اور نکال کر باریک سفوف

بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ شہد چھ ماشہ میں ملا کر صبح دوپہر شام یا لعوق سپستان دس گرام کے ساتھ۔

فوائد: دمہ اور بلغمی کھانسی میں بے حد مفید ہے۔

دوائے سورنجاں

اجزاء و ترکیب ساخت: پوست ہلیلہ زرد سات تولہ۔ سقمونیا دو تولہ۔ سنا مکی سات تولہ۔ سورنجاں شیریں دس تولہ۔ گل سرخ چھ تولہ۔ مغز بادام شیریں سات تولہ۔ چینی ہموزن ادویہ زعفران پانچ ماشہ۔ تمام ادویہ کا سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: پانچ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ بوقت شب۔

فوائد: وجع المفاصل میں بھروسہ کا نسخہ ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔

دوائے سوزاک

اجزاء و ترکیب ساخت: الائچی خورد۔ ریوند چینی۔ سنگ جراحت۔ قلمی شورہ۔ کباب چینی۔ کتھہ سفید۔ جملہ ادویہ ہموزن ایک ایک تولہ باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: پانچ ماشہ ہمراہ دودھ۔

فوائد: سوزاک میں معمول مطب انتہائی مفید نسخہ ہے۔

❀❀❀

تالیفاتِ جمیل

شاھی بیاض مجربات کی بہترین اور انتہائی کتاب اشاعت دوم (جلد اوّل و دوم یک جا کر دی گئی ہیں)

اگر کوئی کتاب یونانی طب کا مستند فارما کو پیا ہونے کی صلاحیت رکھتی ہے تو وہ یہی کتاب ہے۔ اس میں ہر ایک نسخہ شرطیہ و آزمودہ درج کیا گیا ہے۔ جو اس کا آزماتا ہے وہ خود بخود اس کی تعریف میں طِبُ اللّسان ہو جاتا ہے۔

تجارب خوشحالی قدیم کیمیا گری پر بیش قیمت اور مکمل کتاب

اس کتاب میں وہ تمام راز کھول دیئے گئے ہیں جن کے لیے مہوسی حضرات سینکڑوں میل کا سفر اور ہزاروں روپے خرچ کرنے کے علاوہ جان تک کی بازی لگانے سے بھی گریز نہیں کرتے۔ لطف یہ کہ اس میں خط کشی، خون تیرہ، سنڈھ مومیہ، قائم النار علاوہ طرح دینے کی اکسیر، پارہ قلعی، سکہ، جست، تانبہ، سونا چاندی بنانے کے مستند اور سو فیصد درست اجزاء اور طریقے درج ہیں۔

گنج مخفی مصدقہ مجربات کی ایک عظیم اور لاجواب کتاب دوبارہ شائع ہو گئی ہے

گنج مخفی کے پہلے ایڈیشن کی اشاعت کے بعد اس کے مجربات کی تعریف، توصیف میں ہزاروں خطوط موصول ہوئے ہیں۔ اب یہ کتاب بالکل نئی ترتیب کے ساتھ دوبارہ شائع ہو گئی ہے۔ اس نادر روزگار طبی جواہر کو اپنی اوّل فرصت میں حاصل کیجیے یہ ہزاروں طبی مجربات کا لب لباب ہے۔

معمولات جمیل ملک کے عظیم دواساز ادارہ ''دارالعلاج'' کی کامیابی کا راز (جلد اوّل و دوم میں پنہاں ہے)

بُت کدۂ بخل کو مسمار کرنیوالے طبیب اعظم کی خاص بیاض جن کے نسخہ جات ''دار العلاج'' کے زیر اہتمام ہو کر ہزار ہا بندگان خدا کو فیض یاب کر رہے ہیں اس کتاب میں درج کر دیئے گئے ہیں۔ اکسیر البدن عنبری، نسوانی، بکس مردی، اکسیر عشرت فولادی، اکسیر نقرئی، تریاق چشم، موتی منجن، معجون مفرح، محلول کاسنی طلاء جادو وغیرہ۔

شاھکار جمیل (ہزاروں نسخہ جات کی مایہ ناز کتاب)

اس کا ہر ایک نسخہ جواہرات سے تولنے کے قابل اور سو فیصدی مجربات ہے قابل مصنف نے اس میں کوئی نسخہ بھی ایسا درج نہیں کیا جو بارہا کا آزمودہ نہ ہو۔ کئی اطباء ان کی تصادیق کر چکے ہیں۔

ڈسٹری بیوٹر

ادارہ مطبوعات سلیمانی

رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور • فون: 042-37232788

042-37361408 E-mail: idarasulemani@yahoo.com